UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224610

UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—731—28-4-81—10,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱۵۴۳۰۵ Accession No. ۶۷۴۵۹

Author مجلہ عثمانیہ

Title ۱۹۳۱ مجلہ عثمانیہ جلد ۱۰ نمبر ۱ تا ۱۲

This book should be returned on or before the date last marked below



فہرست مضامین مجلہ عثمانیہ

جلد پنجم شمارۂ ۱ و ۲

شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	اظہار واقعی	مرتضی	۱
۲	زندگی (نظم)	جناب ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب پروفیسر فلسفہ (جامعہ عثمانیہ)	۳
۳	ارتقاء اور نظریۂ حیاتیت	,, میرحسن الدین صاحب بی۔اے۔ایل۔ایل۔بی عثمانیہ	۶
۴	افسانے	,, غلام محی الدین صاحب زور ایم۔اے (عثمانیہ) ڈی، فل، پی، ایچ ڈی، (لندن) مددگار پروفیسر اردو (جامعہ عثمانیہ)	۲۵
۵	تیتری (نظم)	جناب سید محمد اکبر وفا قانی صاحب بی۔اے (عثمانیہ)	۳۸
۶	فارسی منظوم ومنثور شاہنامے	سید محی الدین صاحب ایم۔اے (عثمانیہ)	۳۹
۷	محاورہ مابین یزدان وشاعر	جناب محمد عبدالقیوم خانصاحب باقی ایم۔اے (عثمانیہ) ریسرچ اسکالر فارسی جامعہ عثمانیہ	۷۰
۸	ہندی ادب اور اسکا ارتقاء	,, محمد رحمت اللہ صاحب ایم۔اے متعلم ایل۔ایل۔بی	۷۱

۹	لینن اور انقلاب روس	جناب غوث محی الدین صاحب رضوی متعلم ایل - ایل - بی	۱۰۰
۱۰	زندگی (نظم)	,, علی حسنین صاحب زیبا متعلم بی - اے	۱۲۱
۱۱	جمالیات	,, ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب پروفیسر فلسفہ (جامعہ عثمانیہ)	۱۲۴
۱۲	غزل	,, کاظم علی خانصاحب وقار لکھنوی	۱۳۰
۱۳	رپورٹ کارگزاری صدر صاحب	,, صدر صاحب کلیہ جامعہ عثمانیہ	۱۳۱
۱۴	تقریر	ہز اکسلنسی مہاراجہ سر کشن پرشاد یمین السلطنت بہادر صدر اعظم امیر جامعہ عثمانیہ	۱۴۴
۱۵	کلیہ کی خبریں	مدیر	۱۴۷
۱۶	فہرست انعامات		۱۵۲
۱۷	روداد بزم قانون کلیہ جامعہ عثمانیہ		۱۵۶
۱۸	اعلان		۱۵۸

اظہار واقعی

ارباب بصیرت کی جوہر شناسی علمی کارنامون کی قدر و قیمت کا اندازہ کرنے میں مضمون نگار کی شخصیت یا مقام اشاعت سے متاثر نہیں ہوتی بلکہ مضامین کے محاسن اور معائب کو پرکھتی ہے۔ ایسے نقاد ان علم سے یہ بات پوشیدہ نہین کہ مجلہ عثمانیہ نے چار سال کی قلیل مدت میں اپنی علمی خدمات سے سرمایۂ اردو میں کس قدر اضافہ کیا۔

معیاری انشا پردازی اور بلند پایہ شاعری کو قدم قدم پر نام نہاد اہل الرائے (جن کو اکثریت حاصل ہے) کی ادبی چیرہ دستیون کا شکار ہونا پڑتا ہے۔ جب صاحب فکر اور بالغ النظر ارباب علم ایسے تنگ نظر نقادون کی زد سے نہیں بچ سکتے تو ظاہر ہے کہ طلباء کے ساتھ کیا سلوک ہوتا ہوگا۔ باوجود ان مشکلات کے اس تھوڑی سی مدت مین طلبائے جامعہ نے جدت طبع کے نمونے پیش کرکے جو "ذوق نمو" کا ثبوت دیا ہے اس کا اندازہ جوہر شناس طبائع کر سکتے ہین۔

اس حقیقت کے اظہار کے بعد مین سال نو کے آغاز پر اپنی و تمنائے نو، برادران کلیہ کے گوش گزار کئے بغیر نہین رہ سکتا ہے۔

طلبم نہایت ان کہ نہایتے ندار

اس مین شک نہین کہ مجلۂ عثمانیہ ہندوستان کے ان معدودے چند رسائل مین شمار کیا جاسکتا ہے جو صحیح معنون مین معیاری کہے جاسکتے ہین لیکن اس سال ارکان ادارت کی سعی پیہم کا مقصد یہ ہوگا کہ مجلہ کو اس سے و بلند تر، معیار پر پہونچائین۔ ہم اسی وقت اپنے مقصد مین کامیاب ہوسکتے ہین جب برادران کلیہ ہمارا ہاتھ بٹائین۔ لیکن اگر گذشتہ سال کی طرح مجلہ طلبائے جامعہ کی لاپروائی کا شکار ہوجائے تو عجب نہین کہ موجودہ معیار بھی قایم نہ رہ سکے۔ ہمین توقع ہے کہ برادران کلیہ ہمارے پیش رو جناب رشید سبحانی صاحب کی ہمنوائی کا موقع نہ دینگے۔ حصول مضامین میں جہان تک

ترغیب اور کوششون کا تعلق ھے ، ھم اپنی مستقل مزاجی کا امکانی ثبوت دینگے ، لیکن مضامین نگار اگر ھماری مستقل مزاجی کی آزمائش پر تل جائین تو یہ ممکن ھے کہ وقتی کامیابی کا سہرہ انہین کے سر رھے لیکن ھماری توقعات مین کوئی کمی نہ ھوگی - ھمارے مجلہ کے معیار کو و بلند تر ، بنانے کے لئے ضرورت اس امر کی ھے کہ برادران کلیہ نہ صرف کتب خانہ سے کما حقہ مستفید ھون بلکہ اپنے شفیق اساتذہ کی رھبری مین اپنے علمی کارنامون کی تکمیل کرین - ان کی علم دوستی سے ھمین توقع ھے کہ وہ ھر موقع پر اپ کی امداد کرینگے - اگر خلاف امید ایسے حالات پیدا ھوجائین جن سے آپ یہ محسوس کرنے لگین کہ آپ رھنمائی سے محروم ھو رھے ھین تو آپ اس لطیف اور محبت آمیز رشتہ کے تحت جو استاد اور شاگرد کے درمیان ھوتا ھے انہین مجبور کر سکتے ھین کہ وہ آپ کی اعانت کرین

اس مین شک نہین کہ اس "ترجمان علمی" کے ذریعہ تحقیقات کے سرمایہ مین اضافہ تو ھو رھا ھے لیکن ھمین اس کا اعتراف کرنا پڑتا ھے کہ بہت کم ایسے موضوعات کی طرف ھمارے قلمی معاونین نے توجہ کی ھے ، جس مین جذبات نگاری اور نفسی کیفیات کی تصویر کشی کو زیادہ دخل ھے - ھماری زبان مین ناول اور ڈرامہ کا جو فقدان ھے وہ نہایت افسوس ناک ھے - دوسری قومین اس صنف ادب سے حیات انسانی کی تفسیر اور تہذیب و تمدن کی اصلاح کے لئے جو کام لے رھیں ھیں ون پر یہان روشنی ڈالنے کی گنجائس نہین - اس کوچہ مین قدم رکھنے سے قبل برادران کلیہ کو موجودہ مسموم فضاء سے متاثر نہ ھونا چاھیے اور ان ناولون اور ڈرامون کو نمونہ نہ بنانا چاھیے جو برسات کے کیڑون کی طرح ھندوستان کی ادبی دنیا مین پھیلے ھوئے ھین -

---

ختم سخن پر ھم جناب عبد الرحمن خان صاحب صدر کلیہ جامعہ عثمانیہ اور دیگر اراکین انتظامی کے سپاس گزار ھین کہ بغیر ان کی دلچسپی کے اس ادارہ کی تنظیم و ترتیب قائم رکھنا نہایت مشکل ھے -

مرتضی

افسانے

از

جناب غلام محی الدین صاحب زورؔ ایم ۔ اے (عثمانیہ)
ڈی، فل ، پی ، ایچ ڈی، (لنڈن) مددگار پروفیسر اردو (جامعہ عثمانیہ)

(۱)

ہماری زبان میں ادب کی اس اہم اور مفید صنف کی طرف ابھی ابھی توجہ شروع کی گئی ہے ۔ اور اگر چہ دو چار اچھے فسانہ نگار پیدا ہو گئے ہیں لیکن عام طور پر اردو رسالوں میں جس قسم کے فسانے شایع ہوتے رہتے ہیں ان کا مطالعہ ایک ایسے شخص کو ضرور مایوس کر دیگا جو روسی ، فرانسیسی یا انگریزی فسانوں کا مطالعہ کر چکا ہو ۔ ضرورت ہے کہ ہمارے نئے نئے انشا پرداز اور کالجوں کے طالب علم اپنی پوری ادبی قوتوں کے ساتھ اس کی طرف بڑھیں ۔

مختصر قصہ یا فسانہ میں عام طور پر صرف ایک ہی واقعہ پیش کیا جاتا ہے ۔ انگلستان کے ایک کامیاب فسانہ نگار آر ۔ ایچ ۔ ڈیویس (Davis) نے فسانہ پیدا کرنے کا ایک عجیب لیکن کارآمد نسخہ پیش کیا ہے ۔ وہ لکھتا ہے کہ ،،مختصر قصہ میں روز مرہ کی زندگی کا کوئی نہ کوئی پہلو ضرور ہونا چاہئے ۔ مثلاً اخباروں ہی کی خبروں میں سے کسی ایک پر قصہ لکھا جاسکتا ہے،، چنانچہ اس فسانہ نگار کی عادت تھی کہ روز ناموں سے خبریں لیکر ان کے اطراف تفصیل، مکالموں ، اور واقعات کو اس طرح کھڑا کرتا تھا کہ وہ خبر ایک اچھا خاصہ فسانہ بن جاتی تھی ۔

ایک اور انگریز مقبول فسانہ نگار آپن ہیم (E. P. Oppenheim) کا خیال ہے کہ وہ قصہ بنانے کی کبھی کوشش نہیں کرتا بلکہ اس کو بننے کے لئے چھوڑ دیتا ہے ۔ جہاں کسی معمور چاء خانہ یا مجمع عام میں وہ دو تین آدمیوں کو علیحدہ دیکھ پاتا ہے تو اُن پر سونچنے لگتا ہے، اور ساتھ ہی اس کے ذہن میں قصہ بننا شروع ہو جاتا ہے جس کو وہ قلمبند کر لیتا ہے ۔

(۲)

آپ کہیں ہوں فسانوں کے خاکے آپ کے اطراف آپ کے سایہ کی طرح موجود رہتے ہیں۔ وہ انشا پرداز جس کو کائنات کی پامال سے پامال اشیاء میں بھی فسانے نظر آتے ہیں اگر چاہے تو پھولوں کے ایک گجرے یا پان کے ایک بیڑے (گلوری) ہی پر ایک زندہ قصہ بنا سکتا ہے۔ اس کی نظر ین ان چیزوں کو چیرتی ہوئی آگے کو نکل جاتی ہیں، اور وہ ان مردوں اور عورتوں پر سونچنے لگتا ہے جو انہیں استعمال کرتے ہیں، اور پھر ان کی امنگیں اور قلقیں یا ان کی مسرتیں اور پژمردگیاں اس کے تخیلی آئینہ پر منعکس ہونے لگتی ہیں۔

دنیا کے بعض مشہور ترین مختصر قصے صرف معمولی اور پامال واقعات یا کسی بے دھڑک فقرے یا کسی کتاب یا اخبار کے کسی جملہ پر مبنی ہیں۔ اپنے اطراف واکناف کی چیزوں پر نظر ڈالتے وقت ہمیں اس بات کا ہمیشہ خیال رکھنا چاہئے کہ ہم کس طرح ان پر قلم اٹھا سکتے ہیں۔ اگر ہم ایسا کریں تو ہمارے یہاں فسانوں کے خاکوں اور اجزا کا ایک ایسا ذخیرہ جمع ہو جائے گا جس کو ہم کبھی نہ کبھی کسی نہ کسی طریقہ سے استعمال کر سکیں گے۔

اگر ہم شہر کے کسی روزنامہ میں یہ خبر پڑھیں کہ "ایک شخص چرائے ہوئے ہتیار فروخت کرنے کے جرم میں چالان عدالت کیا جانے والا تھا لیکن کل پولیس کی حوالت سے فرار ہو گیا"، تو کیا ہمارے ذہن میں قصہ کا ایک ایسا خاکہ نہیں بن سکتا کہ:—

ضلع کا ایک نوجوان تعلیم کے لئے شہر آتا ہے۔ توقع کے خلاف کالج سے وظیفہ نہیں ملتا۔ ضعیف بیوہ ماں کی محنت مزدوری کی کمائی تھوڑے ہی عرصہ میں ختم ہو جاتی ہے۔ طالب علم ماں کو منا پر چا کر خاندانی بیکار پڑے ہوئے ہتیار فروخت کرنے کے لئے شہر لے آتا، اور انہیں سب سے بڑے و رمعتبر اسلح فروش کو دکھاتا ہے۔ دوکاندار مرعوب کرنے اور ہتیاروں کو کم قیمت مین خریدنے کی خاطر اس پر چوری کا الزام لگا کر ہتیار رکھ لیتا ہے اور کہتا ہے کہ جب تک اطمینان نہ ہو لے کہ یہ واقعی تمہاری ملک ہیں نہ انہیں خرید سکتا ہوں اور نہ تمہیں واپس دے سکتا ہوں۔

طالب علم کالج کا پتہ دیکر واپس آتا ہے اور فکر مین ہے کہ اپنی ملکیت ثابت کرے۔ دوسرے دن صدر کالج بلا بھیجتے ہیں۔ ڈرتا ہوا اجلاس پر پہنچتا ہے اور جب وہاں اسلح فروش کو بھی دیکھتا ہے تو سمجھ جاتا ہے کہ چوری کا الزام ثابت ہو گیا۔

اسلح فروش طالب علم کے خاندانی حالات دریافت کرتا ہے۔اس کو تصدیق ہو جاتی ہے کہ یہ ہتیار واقعی اس کے مرحوم دادا کے ہیں جو سالار جنگ اول کے زمانہ میں سرکاری کام سے روانہ کیا گیا تھا اور پھر لا پتہ ہو گیا یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ طالب علم اسلح فروش کا بھتیجا ہے۔

کچھ عرصہ کے بعد یہ غریب طالب علم اسلح فروش کا داماد بن کر اسی عالی شان دوکان کا مالک ہے جس میں اس پر چوری کا الزام لگایا گیا تھا۔

اس قصہ کو یوں بھی ختم کیا جا سکتا ہے کہ۔

اسلح فروش جب مختلف ذریعوں سے طالب علم پر ظاہر کرتا ہے کہ اسکی اکلوتی لڑکی سے شادی کرے جو ہوشیار اور خوشرو ہونے کے علاوہ تعلیم یافتہ بھی تھی تو نوجوان صاف انکار کر دیتا ہے کچھ تو اس کو اسلح فروش سے اوس کے ابتدائی برتاؤ کی وجہ سے نفرت ہو گئی تھی اور پھر ہندوستان کے اکثر جدید خیال نوجوانوں کی طرح اس کا عقیدہ تھا کہ صرف شادی ہی ایک ایسا معاملہ ہے جس میں انسان کو کامل آزادی خیال اور غور و فکر سے کام لینا چاہئے۔

روزمرہ کے حالات و واقعات سے فسانوں کے خاکے حاصل کرنے کی ایک اور مثال یہ ہو سکتی ہے کہ ہم اپنے ایک دوست کی شادی میں محفل رقص و سرود کے مزے اڑا رہے ہیں۔ دیکھتے ہیں کہ، منی جان ہمارے وضعدار ہم جماعت حامد کے ساتھ بے تکلف ہو گئی ہے۔ اور ساتھ ہی ہمارے ذہن میں ایک اچھا خاصہ فسانہ تیار ہو جاتا ہے کہ :—

سدی عنبر بازار کی ایک مہ لقا بارہ سال سے مالدار طبقہ کے ہر نوجوانون کے تیر عشق کا ہدف بن چکی ہے اور ہر ایک کے ساتہ کچہ دنون عہد وفا باندہ کر اس کے مال و دولت اور عنفوان شباب کی بہار لوٹ لینے کے بعد ایسے وقت مین اس کو ٹہکرا دیا کرتی ہے جب کہ اس کی خاطر داریون کے باعث نوجوان کی جائیداد کورٹ مین داخل ہو گئی ہو یا اس کے املاک ساہوکارون کے یہان رہن ہو گئے ہون اور اس کے پاس سوائے مہ لقا کی الفت کے اور کچہ باقی نہ رہا ہو۔

حیدرآباد کے شریف قدیم اور متمول خاندان کا ایک چشم وچراغ امجد بہی آخر کار اسکے پہندے مین پہنس جاتا ہے۔ ملک کے شریف ترین اور اعلی سے اعلی خاندان اس سے اپنی لڑکی بیاہ دینے تیار ہین لیکن وہ مہ لقا کے سوا کسی کی طرف رخ نہین کرتا۔ اس اثنا مین اسکے باپ کا بہی انتقال ہو جاتا ہے اور اب امجد بغیر کسی روک ٹوک اپنی تمام دولت، عزت، اور شباب کو مہ لقا پر سے نثار کرنے کا تہیہ کرتا ہے۔ وہ اس وقت امجد کو کامل طور پر لوٹ لے سکتی ہے۔ لیکن اپنے سینہ مین ایک غیر معمولی جذبہ محسوس کرتی ہے۔ گھنٹون اس سوچ مین رہتی ہے کہ آخر کیون نہ دوسرے بوالہوس اور عیاش نوجوانون کی طرح اس شکار کو بہی تباہ کر ڈالون، لیکن نہین! اس کو ایک حیرتناک انکشاف ہوتا ہے، اس دفعہ وہ خود بہی اس شکار کی محبت مین گرفتار ہو گئی ہے، اور نہین چاہتی کہ اپنی وجہ سے امجد کو کسی طرح کا نقصان پہنچے، امجد جیسے شخص کے خود جیسی ایک کسبی کے ساتہ ناجائز تعلقات بہی آسے بہلے نہین معلوم ہوتے، خیال کرتا ہے کہ اس کے ساتہ نکاح کر لے، لیکن وہ دیکہتی ہے کہ امجد ایک ایسے خاندان کی تنہا یادگار ہے جو شرافت اور اعلی کردار کے لحاظ سے یگانۂ وطن تہے اور مین ایک ایسی عورت کی اولاد ہون جو شاید یہ بہی نہین بتا سکتی کہ میرا باپ کون تہا، امجد ایک انتہائی تعلیم یافتہ ہونے کے علاوہ اپنے اخلاق کی وجہ سے ہم عمرون مین نظیر کی طور پر پیش کیا جاتا ہے اور ملک کو اس کی ذات کے ساتہ ہزارون امیدین وابستہ ہین، اور مین ایک ایسی پیدائشی فاحشہ ہون کہ اگر اپنے آشناؤن کی فہرست لکہنے بیٹہون تو اس ملک کے بیسیون

ہزاروں اور سیکڑوں پیشوں میں سے ہر فرقے ہر پیشے میں اگر سو پچاس نہیں تو دس بیس تو ضرور نکلیں گے۔

آخر کار وہ امجد جیسے عزیز اور گران بہا شخص کو اپنی وجہ سے تباہ کرنے کی جگہ خود ایثار کرتی ہے، اور اس کی بے انتہا دولت اور اٹھتی ہوئی جوانی کے مزے لوٹنے کی خواہشوں کو اپنی پہلی اور غالباً آخری محبت کی خاطر قربان کر دیتی ہے۔

امجد نشہ محبت میں سرشار شادی کی تیاری کر چکنے کے بعد نکاح کا دن مقرر کرنے کی درخواست کرتا ہے، اور مہ لقا صد ہزار ہمت کے ساتھ سخت دل ہو کر جواب دیتی ہے کہ مجھے تم سے محبت نہیں۔ میں ایک اور شخص پر مرتی ہوں، امجد سمجھتا ہیکہ مہ لقا کو اس کی محبت پر اعتماد نہیں۔ دوسری دفعہ ایک کاغذ لکھ لاتا ہے جس کی رو سے مہ لقا اس کے تمام مال و دولت اور جائداد کی مالک قرار پاتی ہے۔

مگر دھن کی پکی مہ لقا اپنے صحیح جذبات کو روکنے کی کوشش کر کے امجد کو اسطرح دھتکارتی ہے کہ میں تم سے کسی طرح شادی نہیں کر سکتی کیونکہ میں تمہیں مرد نہیں سمجھتی۔

یہ خاکے صرف اس لئے لکھے گئے ہیں کہ ان کو دیکھکر ہمارے نوجوان فسانہ نگار اندازہ کر سکیں گے کہ واقعی وہ اپنے گرد و پیش کی اشیاء اور روزمرہ کے واقعات ہی میں سے کسی پر دلچسپ فسانہ لکھ سکتے ہیں۔ یہ ایسی پونجی ہے جس سے ہر کس و ناکس مستفید ہو سکتا ہے، اور مجھے بڑا اطمینان حاصل ہوا جب میں نے دیکھا کہ کالج کی جماعتوں کے بعض طلبہ نے اس اشارے سے فائدہ اٹھا کر ایسے قابل تعریف فسانے بھی لکھے جن کے خاکے روزناموں کی خبروں یا کالج کی زندگی سے حاصل کئے گئے تھے۔ یقین ہے کہ اگر اس طرح مشق جاری رہے اور متعدد فسانے لکھے جائیں تو اکثر نوجوان دماغ اس قابل ہو جائیں گے کہ اپنے ماحول کی ہر چیز میں سے کوئی نہ کوئی فسانہ پیدا کر سکیں گے۔

(۳)

مختصر قصوں اور فسانوں کے خاکے حاصل کرنے اور انہیں پیدا کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ہمارے نئے فسانہ نگار ترقی یافتہ زبانوں (خصوصاً فرانسیسی، جرمن، روسی، اور انگریزی) کے بہترین فسانوں کا گہرا اور نتیجہ خیز مطالعہ کریں، خاص کر حسب ذیل انگریزی اور فرانسیسی انشاپردازوں کے کارنامے اس ضمن میں قابل ذکر ہیں۔

انگریزی۔(۱) اڈگر الن پو، (۲) آر۔ال۔اسٹیونسن، (۳) رڈیارڈ کپلنگ، (۴) او۔ ہنری، (۵) اچ۔جی۔ویلس، (۶) لیونرڈ میرک، (۷) ڈبلیو ڈبلیو جیکبس، (۸) اف۔برٹن آسٹن۔

فرانسیسی۔(۱) والٹیر، (۲) بالذاک، (۳) ژولا، (۴) دودے، (۵) الیگزنڈر دوما، (۶) موپاسان۔

(۴)

اکثر نوجوان اپنی فسانہ نگاری کی ابتدا عشقیہ قصوں سے کرتے ہیں۔ اور عام طور پر ان کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ خاتمہ خیر وخوبی پر مبنی ہو۔ وہ اس مقصد کے حصول کے لئے نہایت سادہ اور پامال طریقہ اختیار کرتے ہیں۔ یعنے خراب کردار یا رجال داستان کو میدان سے بھگا دیتے ہیں۔ (اکثر کسی موٹر کے حادثہ کے ذریعہ سے یا قانونی سزا سنا کر یا کوئی فوق فطری سبب پیدا کر کے) یا اپنے غریب ہیرو یا ہیروین کی قسمتوں میں ایک حیرت انگیز اور اچانک تبدیلی پیدا کر دیتے ہیں۔ (گہر کے کسی مدفون خزانے کے ذریعہ سے یا بالعموم کسی قدیم وراثت کی بے انتہا مال و دولت دلا کر)۔

واقعہ یہ ہے کہ ایسا قصہ لکھنا دشوار ہے جو عام اور پامال خاکوں سے علیحدہ اور بلند و برتر ہو۔ اسکے حصول کا صرف ایک ہی طریقہ ہے۔ ہمارے انشاپردازوں کو ہمیشہ اس امر کا خیال رکھنا چاہئے کہ ایسے خاکوں کو ترجیح دیں جن میں انسانی زندگی کا کوئی

ایسا معمولی واقعہ پیش کیا گیا ہو جو عام نظروں کے لئے ایک سربستہ راز کی حیثیت رکھتا ہو اور جس کی طرف اُس کے ساتھیوں کی توجہ شاید ہی منعطف ہو سکتی۔

ترقی یافتہ زبانوں میں آج کل روز مرہ کی زندگی کی نفسی کیفیتوں ہی پر خاص طور پر توجہ کی جا رہی ہے۔ اور وہاں وہی فسانہ نگار زیادہ مقبول ہو رہے ہیں جو اپنے فسانوں کے ذریعہ سے نہ صرف تھوڑی دیر کے لئے دلچسپی کا سامان پیدا کر دیتے ہیں بلکہ خیال کے لئے کچھ غذا بھی بہم پہنچاتے ہیں۔

(۵)

مختصر قصہ کی زیادہ تر کامیابی ایک خیال اور محض ایک خیال کو واضح طریقہ سے منضبط کرنے پر منحصر ہوتی ہے۔ اگر دنیا کے بہترین مختصر قصوں کا کوئی تجزیہ کرے تو معلوم ہوگا کہ اُن میں انسان یا انسانوں کی زندگی کا ایک اہم واقعہ یا کوئی انقلابی دور پیش کیا گیا ہے جو اپنی اپنی حد تک مکمل ہوتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ وہ واقعہ پہلے اتنا اہم نہیں دکھائی دیتا تھا اور نہ وہ دور فسانہ نگار کا موضوع بننے سے پہلے در اصل انقلابی سمجھا جا سکتا تھا۔

ہر قصہ انسان کے کسی خیال، جذبہ، تیور، برتاؤ یا عمل کی ترجمانی کرتا ہے۔ اس لئے فسانہ نگار کو اپنے قصہ کے لئے ایک ایسا کردار منتخب کرنا چاہئے جس کی خصوصیتوں کو وہ اچھی طرح سمجھ سکتا ہو ورنہ اس کی تخلیق بے اثر رہے گی اور پڑھنے والے اسکو مصنوعی سمجھیں گے۔ مثلاً کالج کا ایک طالب علم اس رشک و حسد کو کبھی چبھتے ہوئے طریقے پر نہیں بیان کر سکتا جو اُسی محدود دسترخوان پر ظاہر ہو سکتا ہے جسکے اطراف ہمارے ملک کے چند اہم قومی رہبر جمع ہوں اور جہاں کچھ سنجیدگی اور کچھ ظرافت کے ساتھ ہندوستان کے متعدد فرقوں کی نسبت رائے زنی فرمائی جا رہی ہو۔ ہاں اگر کسی شخص کو اس قسم کی اہم مجلسوں کی نسبت راست معلومات ہوں تو اس کی کامیابی پر شاید ہی شبہ کیا جا سکے۔

ایک طالب علم اسی قسم کے جذبات کسی شادی کی دعوت ، طلبہ کے کسی اقامت خانہ کے ڈنر ، یا کالج کی کسی تقریب کے عصرانہ کے متعلق نہایت شگفتگی اور زندہ طریقہ پر ترتیب دے سکیگا۔

(۶)

فسانہ نگاری شروع کرنے والوں کو سب سے پہلے یہ گر سمجھ لینا چاہئے کہ کامیاب فسانہ نگار لکھنا شروع کرنے سے پہلے اکثر پورا قصہ اپنے ذہن میں دھرا لیتے ہیں یا سوچ لیتے ہیں۔ اور مختصر سا خلاصہ قلمبند کئے بغیر کبھی کام شروع نہیں کرتے۔ نو آموزوں کے لئے تو خلاصہ کا قلمبند کر لینا نہایت ضروری ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کے لئے ابتدا میں صبر اور محنت کی عادت ڈالنے کی کوشش کرنی پڑے گی۔ مگر یہ یاد رکھنا چاہئے کہ یہ طریقۂ کار اختیار کئے بغیر نئے فسانہ نگار اپنے قصوں میں بہت کم تناسب باقی رکھ سکتے ہیں۔ اس کے بغیر نہ تو اشخاص قصہ اپنی اپنی موزوں جگہ حاصل کر سکیں گے ، نہ یہ معلوم ہو سکے گا کہ کہاں کہاں خیال میں تبدیلی یا اضافہ کی ضرورت ہے ، اور نہ تو قصہ ہی صحیح و مناسب حالت اور موقعہ پر انجام پذیر ہو سکے گا۔ ساتھ ہی یہ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ موضوع کچھ ہی کیوں نہو اس کا دلچسپ ہونا لازمی ہے۔ پژمردگی ہر چیز کی موت ہے۔

اسی سلسلہ میں یہ بتا دینا بھی ضروری ہے کہ فسانہ نگار قصہ لکھتے وقت اپنے قلمبند کئے ہوئے خلاصہ کی وفاداری کے ساتھ پیروی کرنے پر مجبور نہیں ہے۔ اکثر دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ دوران کار میں مصنف کا قلم فطری رجحانات کے مطابق ایسے ایسے خیالات اور واقعات لکھ جاتا ہے جن کا اسے ابتدا میں کبھی گمان بھی نہیں ہو سکتا تھا۔ کوئی تعجب نہیں اگر قلم کی یہ آزاد رفتاری بعض وقت ابتدائی سوچے ہوئے خاکے سے بہتر قصہ پیدا کر دے۔

(۷)

قصہ کا خلاصہ قلمبند کر لینے کے بعد اپنے مواد کو موثر ترین طریقہ پر استعمال کرنے کی ترکیب پیدا کرنا کامیاب فسانہ نگاری کا دوسرا گر ہے۔ ادبی کارناموں کی سب سے اہم

خصوصیت ان کی خوش ترتیبی ہوا کرتی ہے۔ نئے نئے انشاپردازوں کی تحریرین اپنے مصنفوں کا فوراً پتہ دیتی ہے۔ ایک ہی نظر مین معلوم ہوجاتا ہے کہ لکھنے والا اپنے سرمایہ کو خوبی وخوش اسلوبی سے استعمال نہین کرسکا۔ اس گر کے مدنظر فسانہ نگار کو حسب ذیل امور کا ہمیشہ لحاظ رکھنا چاہئے:—

۱۔ آغاز فسانہ کے آغاز کے لئے ایسے اسلوب یا واقعہ کا انتخاب کرنا چاہئے جو پڑھنے والے کو فوراً متوجہ کرلے۔ نئے فسانہ نگار متوجہ کرلینے والے آغازی جملوں سے فائدہ اٹھانے کی جگہ اکثر اس ترغیب کے شکار ہوجاتے ہیں کہ ابتدا مین کوئی طویل اور دلچسپ سماں پیش کیا جائے۔ یا فلسفیانہ اخلاقی جملے نذر کئے جائین۔ اس کے برخلاف دنیا کے ایک دو مشہور فسانہ نگاروں کے ان چند آغازی جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوجائے گا کہ کامیابی کس طریقۂ کار کی قسمت مین لکھی ہے:—

موپاساں کا قصہ مالا اس طرح شروع ہوتا ہے:—

"وہ آن حسین اور دلکش لڑکیوں مین سے تھی جو گویا قسمت کی غلطی کے باعث نامورون طبقہ مین پیدا ہوتی ہیں۔ اس کے یہاں نہ تو جہیز تھا نہ توقعات، اور نہ ہی اس کے یہاں ایسے ذریعہ تھے کہ وہ کسی دولت مند یا مشہور آدمی سے تعارف حاصل کرسکتی، قدر کراتی، منظور نظر ہوتی، یا بیوی بن سکتی۔ چنانچہ انہین اس نے محکمہ تعلیمات کے ایک معمولی منشی کے ساتھ اپنی شادی کرنے کی اجازت دیدی۔"

اوہنری کا قصہ بیرک ڈسٹرو کے آغازی جملے یہ ہیں:—

بینکر ناراض ہوگیا تھا۔ ایک ایسا آدمی جو تربیت، مرتبہ، اور دولت مین اس سے کم ہوگالی دے بیٹھتا۔ مگر بینکر نے ہمیشہ ملحوظ رکھا تھا کہ وہ ایک بھلا مانس ہے۔

اور یہ ایسی بات تھی جو بھلے آدمی سے سرزد نہیں ہوتی۔ غرض اس کے چہرے پر صرف رنجیدگی کے آثار نمایاں ہو گئے اور وہ مداخلتوں کے وسط یعنے اولڈ پورٹ وکیل (جو بینکر کی جائداد کا ایجنٹ بھی تھا) کے براڈوے آفس میں دوڑا "میں نہیں سمجھتا" بینکر نے کہا "کہ کیوں میں ہمیشہ پیچ در پیچ کاغذات پر دستخط کرتا رہوں ....."

انتون چیخوف کا فسانہ "ہمسائے" اس طرح شروع ہوتا ہے:—

"پیٹر ایورشین بے حد رنجیدہ تھا۔ اس کی بہن ایک نوجوان دوشیزہ ایک شادی شدہ شخص ولاسیچ کے ساتھ بھاگ گئی تھی۔ مکان ہو یا کھیت ہر جگہ ایک طرح کا ملال اور خاص پستی اس پر طاری تھی۔ ان کو دور کرنے کے لئے اس نے اپنی منصف مزاجی اور پر خلوص اعلیٰ خیالات سے مدد حاصل کرنے کی کوشش کی کیوں کہ وہ ہمیشہ آزاد محبت کی مدافعت کرتا تھا۔

مگر سب لاحاصل تھا۔ وہ ہر گھڑی اسی نتیجہ اور اس کے ماخذ تک پہنچتا رہا کہ اس کی بہن نے غلطی کی۔ نیز یہ کہ ولاسیچ اسکی بہن کو بھگا لے گیا۔ اور یہ خیال تکلیف دہ تھا۔"

۲۔ وسط قصہ صورت حالات یا کردار سے پڑھنے والے کو واقف کرنے اور اسکی دلچسپی حاصل کر لینے کے بعد فسانہ نگار کو اپنے خاکہ کے ارتقاء کی طرف بڑھنا ضروری ہے۔ یہاں اس امر کی لحاظ رکھنا پڑتا ہے کہ ناظرین شبہ میں رہیں۔ یہ وہ خصوصیت ہے جو نئے اہل قلم کے قصوں میں مفقود ہوتی ہے۔ نتیجہ کے متعلق پڑھنے والے کو بے تابی کے ساتھ منتظر بنا دینا اور اس کے اس اضطراب کو آخر تک برقرار رکھنا فسانہ کی عظیم ترین کامیابی ہے۔

اگر کوئی شخص کسی کامیاب فسانہ نگار کا قصہ پڑھا ہو تو وہ دیکھے گا کہ خاکہ ایک ایسے نقطۂ عروج کی طرف بڑھتا جا رہا ہے جو کردار اور موضوع کے مطابق ہے اور جو آخر میں جا کر قصہ کے عمل کو فطری طریقہ پر ختم کر دیتا ہے۔ جو فسانہ نگار تجربہ کار نہیں ہوتے وہ بیکار اور پامال باتوں کا ذکر اور توضیح کرنے کی وجہ سے نقطۂ عروج پر پہنچنے کے بعد بھی خاکہ قایم رکھتے ہیں اور اس طرح قصہ کی خوبی ملیامیٹ ہو جاتی ہے۔

مشہور فرانسیسی فسانہ "مالا" میں (جس کے آغازی جملوں کا ترجمہ ابھی گذر چکا ہے) ڈرامائی اختصار اور ارتقائے خاکہ کی ہمیں ایک قابل تعریف و تقلید مثال حاصل ہوتی ہے۔ اس قصہ میں ایک خاتون کا ذکر کیا گیا ہے جو اپنی ایک مالدار سہیلی کے یہاں سے کسی تقریب میں پہننے کے لئے الماس کا ایک مالا مستعار لے آتی ہے جو اتفاقاً اس کے یہاں سے کھو جاتا ہے۔ خاتون بدقت تمام ایک بہت بڑی رقم قرض لیتی ہے اور بالکل اسی وضع کا نیا مالا خرید کر اپنی سہیلی کو واپس دیتی ہے۔ اسکے بعد وہ اور اسکا میاں دونوں قرض کا بوجھ اتارنے کیلئے رات اور دن سخت محنت کرتے ہیں۔ ایک عرصہ کے بعد جب تمام قرض ادا ہو جاتا ہے، خاتون اتفاقاً اپنی اسی سہیلی سے ملتی ہے اور سارا قصہ بیان کرتی ہے۔ اس کے بعد فسانہ صرف اس جملہ پر ختم ہوجاتا ہے:-

آہ، میری پیاری میتھلڈ، مگر میرے الماس تو جھوٹے تھے، زیادہ سے زیادہ وہ پانچسو فرانک کے ہونگے۔

۳۔ خاتمہ

اس میں کوئی تعجب خیزبات ضرور ہونی چاہئیے۔ اس کی ایک اچھی مثال مالا مذکورہ بالا کا خاتمہ پیش کرتا ہے۔ اگر کوئی سمجھدار پڑھنے والا خاتمہ پڑھنے سے پہلے اس کو سمجھ لے تو آپ کا مختصر قصہ بالکل ناکام رہا۔ فسانہ نگار کے یہاں آخر تک کوئی

نہ کوئی غیر متوقع چیز پوشیدہ رہنی چاہئے ۔ اور جہاں راز ظاہر کر دیا قصہ کو ختم کر دینا ضروری ہے۔

بعض دفعہ قصہ کو نامکمل حالت میں ختم کر کے آخر میں نقطے ..... ڈال دینے سے اس کی دلچسپی اور فن کارانہ خوبی کمال کو پہنچ جاتی ہے۔لیکن اس کے استعمال کے لئے اعلیٰ درجہ کا ذوق اور حد درجہ احتیاط کی ضرورت ہے ۔ اگر کہیں کسی نے ایسے موقعہ پر فسانہ ختم کر کے نقطے ڈال دئے جہاں پڑھنے والے آخری حقیقت کی نسبت ابھی کوئی اندازہ لگانے کے قابل نہ ہوے ہوں تو پورا قصہ ناقص رہجاتا ہے۔

۱۴۔ مکالمہ

اکثر نئے انشا پرداز ،، اس نے کہا ،، وغیرہ جیسے جملے کثرت سے استعمال کرتے ہیں وہ پریشان رہتے ہیں اور انہیں اپنے مکالموں میں اس قسم کے جملوں سے بچنے کی تدبیریں بن نہیں پڑتیں ۔ اس کا بہترین علاج یہی ہے کہ مکالمہ اس طرح مرتب کیا جائے کہ گفتگو کرنے والا ہر وقت اس کی طرف اشارہ کئے یا اس کی شخصیت واضح کئے بغیر ظاہر ہو سکے ۔ جہاں تک ہو سکے اس قسم کے الفاظ یا فقرے استعمال کئے جائیں جو پڑھنے والے کو خاص خاص اسلوب اور طریقۂ اظہار معلوم کراتے ہوں۔

،، اسنے شکایت کی ،، یا ،، وہ فوراً مان گیا ،، جیسے جملے یقیناً « اسنے کہا » سے زیادہ موثر اور دلچسپ ہیں ۔ اسکے علاوہ حسب ذیل مثالیں بھی اس بارے میں سبق آموز ثابت ہونگی۔

۱۔ شوکت نے اپنی کتاب میز پر دے ماری « آج سبق کیوں نہیں یاد آتا » وہ جھلایا۔

۲۔ « کیا آپ کی خاطر؟ » اس نے طنزاً پوچھا۔

۳۔ ایک حقارت آمیز مسکراہٹ اسکے ہونٹوں پر نمودار ہوی « بعض لوگ اپنی غلطیوں کو آخر تک محسوس نہیں کرینگے » اسکی زبان سے نکلا۔


۴۔ احمد چلا اٹھا « اور آپ خود کیا جانتے ہیں » ۔

اگر کسی کو سادہ اور فطری مکالمہ نگاری مشکل معلوم ہوتی ہو تو پہلے اردو اور دوسری زبانوں کے مشہور فسانہ نگاروں کے طریقۂ کار پر غور کرنا چاہئے۔ اور پھر عوام کی بات چیت کو توجہ سے سننے کی عادت ڈالنی چاہئے۔ ایک اوسط درجہ کا آدمی کبھی اپنی گفتگو میں کوئی خاص اسلوب پیدا کرنے کا خیال نہیں رکھتا۔ وہ سادہ اور سیدھے طریقہ پر اپنا مطلب ادا کر دیتا ہے، اپنے جملوں کو بغیر غور و خوض کے پیدا کرتا چلا جاتا ہے اور اس کی باتیں زبان کے روز مرہ، محاوروں، اور انفرادی اثر سے پر ہوتی ہیں۔ لیکن اعلیٰ درجہ کے انشا پرداز ان تمام باتوں کو بعینہٖ نہیں لکھ لیتے۔ انتخاب کرتے رہتے ہیں اور انہی جملوں کو لکھتے ہیں جو ان کے قصہ کے لئے موزوں ہوتے ہیں یا جن کے ذریعہ سے وہ اپنے رجال کا کردار واضح کر سکتے ہیں۔

تیتری

از

جناب سید محمد اکبر وفا قانی صاحب بی اے - (عثمانیہ)



رنگ چمن بہار کی روح طرب سے ملگیا　　سبزے میں جان پڑ گئی غنچہ جو تھا سو کھل گیا

ڈالیاں جھومنے لگیں وجد میں سرو باغ ہے　　نور کے ارتعاش سے پھول جو ہے چراغ ہے

برگ شجر میں نغمہ ریز سارا چمن ہے عطر بیز　　کرنوں سے سطح آب کی موجیں ہوئی ہیں تیز تیز

راگ بھی ہے نیا نیا رنگ بھی ہے جدا جدا　　نغمہ و رنگ کے ساتھ ساتھ بو ہے مئے دو آتشہ

ایسی بہار دیکھکر پھول کا دل مچل گیا　　غنچہ تڑپ کے گل بنا گل جو بنا سنبھل گیا

رنگ و نوا و بو کو اب شوق نمو کے پر لگے　　انکا وصال روح سے ہوتے ہی تیتری بنے

کہتے ہیں جس کو تیتری جان چمن ہے پر فشاں

روح ہے شوق جستجو رنگ بہار یہ جہاں

فارسی منظوم و منثور شاهنامے

از

سید محی الدین صاحب بی ۔ اے (عثمانیہ)

(اس سے قبل شاہنامہ کے جنم بھوم والے مبسوط مضمون میں عربی تصانیف ,, سیر الملوك ،، اور اسلامی مؤلفین کی دیگر اہم کتابوں سے جو اشاعت اسلام کے بعد ایران کی ملی داستانوں کے نشوونما پر روشنی ڈالتی تھیں بحث کیگئی ہے اور مختصراً بتلایا گیا ہے کہ کس طرح عربی کی منظوم داستانوں اور قصوں سے فارسی میں منظوم داستانیں اور قصے پیدا ہوئے۔

اب یہاں سے فارسی منثور اور منظوم قومی داستان کا سلسلہ شروع ہوتا ہے جسے حقیقت میں فردوسی کے شاہکار کی بنیاد کہہ سکتے ہیں۔مترجم)

منظوم داستان سرائی کی طرف تو ایرانیوں کی توجہ قدیم زمانہ سے پائی جاتی ہے۔ جاحظ متوفی سنہ ۲۵۵ھ نے ساسانی سلاطین کے درباروں میں نوروز وغیرہ کے موقع پر نغموں اور لحنوں کے گائے جانے کا ذکر کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایرانیوں میں اس طرب جوئی کا بیج ساسانیوں کے زمانہ ہی میں بویا گیا تھا۔ اگر ہم اس سے بھی زیادہ پچھلے زمانہ پر نظر ڈالیں تو گاتھا کے قطعات کو بھی منظوم داستان کہہ سکتے ہیں، لیکن ہمارا اصلی مقصد اسلامی دور سے بحث کرنا ہے۔

عربی رسم الخط کی اشاعت

اسلام کی ابتدائی صدیوں میں زردشتی ایرانی پہلوی زبان (یعنی پہلوی رسم الخط میں ہُزوارش کے ساتھ ملی ہوئی زبان) لکھتے تھے۔ اور آج جو پہلوی کتابیں پائی جاتی ہیں اسی زمانہ کی ہیں لیکن اکثر ایسی کتابیں اور نوشتہ جات

مذہبی ہین - عربی رسم الخط جو شروع مین مسلمانون مین رائج ہوا اور جو صرف عربی زبان کے لکھنے یا اسلام کے مذہبی مطالب کو فارسی مین بیان کرنے کے لئے مخصوص تھا رفتہ رفتہ غیر مذہبی مضامین مین بھی مستعمل ہونے لگا - اور آن زردشتیون میں بھی کچھ کچھ رائج ہوگیا جو مسلمانون سے میل ملاپ رکھتے تھے یا عربی زبان اور اسلامی علوم سے واقف تھے - اس طرح پہلوی خط کا استعمال جو نہایت مشکل اور بے ڈھنگا تھا موبدون اور ہیربدون کے لئے محدود ہوکر مذہبی امور کے ساتھ مخصوص ہوگیا -

دوسری طرف سے عربی جملے بتدریج فارسی زبان میں آنے لگے - اگرچہ یہ گمان ہوتا ہے کہ ان جملون کی مقدار ساسانیون کے زمانہ میں فارسی زبان میں داخل ہوگئی ہوگی جنکا پایہ تخت سامی اور ارامی اقوام کے وسط میں اور حیرہ کے عربون کے پڑوس میں واقع تھا جہاں ایرانی و سریانی ملے ہوئے تھے - لیکن عربی زبان کا نفاذ فارسی میں اُس وقت زیادہ ہوا جب کہ ایرانی علما خود عربی زبان، ادب و قواعد اور اسلامی علوم کے سیکھنے کی طرف متوجہ ہوئے - اور حقیقت میں اسلامی علوم مثل حدیث، تفسیر، لغت، نحو، حکمت وغیرہ کے بڑے بڑے علما بھی ایرانی تھے - جس وقت ان علما نے عربی سے فارسی میں ترجمہ شروع کیا ہے، سیاق اور اسلوب کلام اس قدر عربی آمیز تھا کہ ان پر موجودہ زمانہ کے جاہل ترکی اور فرانسیسی تحت اللفظ ترجمہ کرنے والون کا دھوکہ ہوتا ہے باوجودیکہ عربی عبارت مین مفردات کم ہوتے لیکن ترکیب کلام میں تمام عربی جملہ بندی ہوتی تھی - اور عربی زبان اپنا نقش فارسی تحریر میں خوب جماتی - اور اپنے رنگ مین ڈبو دے رہی تھی -

عباسیون کا ظہور اور انکی سلطنت کا استحکام جنکا مرکز مداین کے اطراف تھا حقیقت میں ایرانیون کی ترقی کا باعث ہوا - خصوصاً مامون اور خراسان کے طاہری امرا کے زمانہ میں زبان اور قومی احساسات میں ترقی شروع ہوئی - مرو، نیشاپور، بلخ اور طوس میں ایرانی روایات اور قدیم زمانہ کے حالات کا اب بھی پتہ چلتا ہے - خراسان و جبال (عراق عجم)

آذربائجان وطبرستان کی سیاسی اور مذھبی ترقی اور قومی انقلابات اور فرقہ شعوبیہ کا ظہور اور انکے کارنامے جنکی تفصیل بیان کی جائے تو ایك کتاب بن سکتی ھے اس قومی بیداری کے آثار کے ظہور کی ایك واضح دلیل ھے ۔

جب کہ ھم (آقای سید حسن تقی زادہ) نے کہا ھے کہ نثر کی کتابوں اور منثور قطعات کی اطلاع تین صدی ھجری سے قبل کی نہین ھے اور نہ صرف یہی کہ یہ ھم تك نہین پہونچے ھیں بلکہ ان کے ھونے میں بھی ھم کو شك ھے ۔ کیونکہ ایسی چیز کے موجود ھونے کی صورت میں قدیم کتابوں میں اور خصوصاً کتاب الفہرست میں ضرور اس کا ذکر ھوتا ۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی کہ نثر سے بہت پہلے نظم وجود میں آئی ھے قریب الفہم ھے اور شعر (شعر عروضی) بظاھر تیسری صدی کے نصف آخر سے رائج ھونے لگا ۔

اس تاریخ سے قبل کے فارسی اشعار کے نمونے یا وہ اشعار جن کی اطلاع ھمکو ھے بہت کم دستیاب ھوئے ھین ۔ بعض اشعار کی صرف اطلاع ھے اگر چہ یہ خود مفقود ھین اور بعض کے نمونے ملے ھین ۔

پہلی قسم کے فارسی اشعار سے محمد بن البعیث بن حلیس متوفی سنہ ۲۳۵ ھ کے اشعار ھیں جن کا طبری نے اپنی تاریخ مین (چاپ لیدن ۔ سلسلہ ۳ صفحہ ۱۳۸۸) ان اشعار کی اطلاع دی ھے ۔ چنانچہ لکھتا ھے ۔ ,, حکایت کرد ..... مر اکہ در مراغہ جمعی از پیران آنجا اشعار فارسی از ابن البعیث برای او خواندند ..... ,, ۔

دوسرے ابو الاشعث قمی کے اشعار ھین ۔ معجم الادبا نے (چاپ لیدن جلد ۶ صفحہ ۴۲۱) اسکی اطلاع دی ھے کہ ابو مسلم محمد بن بحر اصفہانی (۲۵۴ - ۳۲۲) ان فارسی اشعار کی خصوصیت مین چند عربی ابیات کہے ھین ۔

ابو الا شعث کی تاریخ حیات معلوم نہین۔ اسی طرح مسعودی ،، کتاب التنبیہ والا شراف ،، (چاپ لیدن صفحہ ۷۴) مین رود خانہ زاینده رود کے متعلق کہتا ہے کہ ،، نہر زرنرود در اصفہان رود خانہ قشنگی است من آنرا دیدم و ایرانیہا در خصوص آن خیلی اشعار گفتہ اند ،، اگرچہ یہ ضعیف احتمال ہوسکتا ہے کہ ایرانیون کے اشعار ممکن ہے کہ عربی مین ہون لیکن یہ عادت کے خلاف ہے کہ عربی اشعار کا ذکر کرتے وقت آن کی نسبت ایرانیون کے ساتھ کرین کیونکہ اس وقت ایرانی معمولی طور پر عربی مین شعر کہتے تہے اس قدر صراحت کے ساتھ نسبت کی ضرورت نہیں تہی۔ لیکن ہمین یہ خوب یاد رکھنا چاہئے کہ فارسی کے اکثر و بیشتر اشعار اصطلاحی اور عروضی اشعار نہین تہے کیون کہ جاحظ نے جو خود تیسری صدی کے نصف اول مین بقید حیات تہا کتاب البیان والتبین (چاپ مصر جلد اول صفحہ ۱۴۰) مین عرب و عجم کی مفاخرت اور فرقہ شعوبیہ کے مسلک کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس سے ظاہر ہے کہ ایرانیون کی منظومہ چیزون کو شعر نہین کہتے تہے۔ اور یہ یونانی اشعار اور (Blank verse) کے مساوی سمجھے جاتے تہے۔ مشارالیہ کی عبارت کا فارسی ترجمہ یہ ہے ،، ..... وچیست فرق بین اشعار عرب وآن کلامی کہ آنرا ایرانیان و رومیان شعر مینامند ،،۔

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ جاحظ کے زمانہ مین اور اس سے پیشتر بہی ایرانی شعر کہتے تہے۔ لیکن ان کا کلام عربی فن عروض کے لحاظ سے شعر کی تعریف مین داخل نہین ہوسکتا۔

دوسری قسم ان شعار کی ہے جو اشعار رجائی یا بقول برہان قاطع ،، نثر مسجع ،، کہلاتے ہیں اس قسم کے اشعار دستیاب ہوتے ہیں۔ (آقای سید حسن تقی زادہ کے ان مضامین کے شایع ہونے کے بعد سے کئی قدیم ترین اشعار کے تازہ نمونے محققین کے دقیق مطالعہ مین آئے ہیں جو ایک حد تک آقای موصوف کے مضمون کو پورا کرتے ہیں۔

عالی جناب ڈاکٹر محمد نظام الدین صاحب صدر شعبہ فارسی کلیہ جامعہ عثمانیہ بالقابہ نے ۲ م۔اے کی جماعت کے سلسلہ درس میں ادبیات ایران کے موضوع کے تحت ,,قدیمترین شعر ایران،، پر اچھوتے اور تازہ معلومات کو سپرد قلم کروایا ہے ان میں اسلامی عہد کے شعر فارسی کے متعلق غلط روایتوں کی تردید فرماکر اصلی خـونوں کو آقایان میرزا احمد خان قزوینی و عباس اقبال آشتیانی کی تحقیقات کے مطـابق پیش کیا ہے۔ان کو یہاں اس مضمون کی مناسبت کی وجہ درج کیـا جاتا ہے۔

,,قدیم ترین شعر ایران،،

پہلوی و اسـلامی

تاریخ ادبیات ایران کے اہم مسایل میں سے ایک مسئلہ سب سے پہلے شاعر یا قدیم ترین شعر فارسی کا پتہ چلانا ہے۔اس کی تحقیق میں قدیم اور حالیہ تذکرہ نویس اور ناقدین نے ٹھوکریں کھائی ہیں اور ان میں سے ہر ایک نے فارسی شـاعری کا ایک نیا آدم یا موجد یا بانی تراشا ہے۔ چہار مقالۂ نظـامی عروضی سمرقندی، لباب الالباب عوفی، تذکرۂ دولت شاہ، مجمع الفصحاء رضاقلیخان اور ان کے بعد کے تذکروں میں جو نئے اصول پر مبنی ہیں، مثلاً(۱) ایتھ، اور (۲) پول ہارن کے مضامین ,,(۳) گرنداس ڈر ایرانشین فیلالوگے،، میں اور (۴) اڈورڈ براون کی تاریخ ادبیات ایران، اور (۵) بیبرسٹین کازمرسکی کے مقدمہ دیوان منوچہری اور شبلی نعمانی کی شعر العجم اور (۶) پروفیسر اے۔وی۔ولیم جاکسن کی حـالیہ تصنیف (سنہ ۱۹۲۰ عیسوی) ,ابتدائی فارسی شـاعری، اور (۷) مسٹر لیوی کی ,پرشین لٹریچر، اور ڈاکٹر ھـادی حسن کی «(۸) اسٹڈیز ان پرشین لٹریچر» اور مولوی عابد حسن فریدی کی «مجمل تاریخ ادب فارسی» میں اسی قسم کی روایاتی معلومات درج ہیں جو اکثر افسانوں سے مشابہت رکھتی ہیں۔یہاں ایسے تذکرہ نویسوں کا ذکر نہیں کیا گیا ہے جو ایک

(۱) Ethe (۲) Paul Horn (۳) Grundriss der Iranischen Philologie (۴) Lit. His. Persia by Browne (۵) Biberstein Kazimirski (۶) Prof. A. V. W. Jackson's Early Persian Poetry (۷) Levy, Persian Lit. (۸) Studies in Persian Lit.

دوسرے سے من و عن نقل کرتے اور ایک ہی راگ الاپتے چلے جاتے ہین۔ اسکے متعلق مذکورۂ بالا علماء نے جو کچھ لکھا ہے اسکا خلاصہ ایک نہایت سلیس پیرایہ میں شعرالعجم میں موجود ہے۔ پروفیسر اے۔ وی۔ ولیم جاکسن نے اپنی دلچسپ تصنیف «ابتدائی فارسی شاعری» میں اس قسم کے روایتی معلومات بہم پہنچائے ہین۔ اس کتاب کے دوسرے باب کا عنوان فارسی شاعری کا نیا جنم یا ایران مین موسیقی کی بیداری ہے۔ یہ خاصکر طاہری اور صفاری دور کی شاعری کے حالات پر مشتمل ہے۔ اسمین دوسری صدی ہجری (۸۰۰ء) کے آخر سے تیسری صدی ہجری (۹۰۰ء) کے آخر تک کے شعراء کا چیدہ چیدہ ذکر ہے۔ ولیم جاکسن نے پرانی روایتوں ہی کو جو فارسی شاعری کی ابتداء کے متعلق رائج تھین ایک خوبصورت لباس پہنایا ہے۔

ایران کی قدیم شاعری

اگر ایرانی اپنی قومی اور مذہبی شاعری کی ابتداء زرتشت کے زمانہ سے بتائین تو نا واجب نہ ہوگا۔ اوستا کا وہ حصہ جس کو گاتھا کہا جاتا ہے اوستا کا قدیم ترین جزو ہے اور زرتشت کی اصلی تصنیف سمجھا جاتا ہے۔ گاتھا یا سرودھا ہے مقدس ہندوؤں کے بھجنوں کی طرح ایک خاص مذہبی رنگ مین لکھے ہوئے ہین۔ ان میں سجع بھی پایا جاتا ہے اور یہ کئی حیثیتوں سے وید سے مشابہت رکھتے ہیں۔ اسی طرح یشت میں بھی شعریت پائی جاتی ہے اور ان کی بحر آٹھہ ہجاء (Syllable) کی معلوم ہوتی ہے۔ گو اوستا کے لکھنے والے کے مدنظر شاعری نہ تھی مگر گاہ گاہ موزوں مصرع بھی نکل جایا کرتے تھے جو درحقیقت اسلام سے ایک ہزار سال قبل کی شاعری یا موسیقی کا اصلی نمونہ بن سکتے ہیں۔ اسی طرح فخا منشیوں کے عہد میں بھی دارا (۱) خشایارشا و (۲) ارتخشتر کا پائے تخت اصطخر موسیقی سے گونجا کرتا تھا غالباً "یادگار زریران" اسی وقت کی ادبی یادگار ہے جس کا نمونہ فردوسی کے شاہنامہ میں پایا جاتا ہے۔

(۱) Xerxes. (۲) Artaxerxes.

اس لحاظ سے قدیم ایران میں دو طرح کی شاعری پائی جاتی تھی ایک تو مذھبی دوسری رزمی۔اشکانی دور میں ایران کا تمدن پس پشت ڈالدیا گیا اور بد قسمتی سے اس عہد کی کوئی ادبی یادگار ھم تک نہ پہنچ سکی۔ یاتو اشکانیوں نے کچھہ چھوڑا ھی نہیں یا اگر چھوڑا بھی تھا تو ایرانیوں نے ساسانی عہد میں وطنیت کے جوش میں اسکو تباہ و برباد کردیا۔ مگر اشکانی دور ھی وہ دور ھے جس میں ساسانی پہلوی کی ابتدا ھوئی اور قومیت کا احساس پیدا ھوا۔

ساسانی دور

ھر حیثیت سے یہ ایران کا عظیم الشان دور ھے، اس دور میں، داستان سرائی کا بڑا چرچا رھا۔ نو روز اور دوسرے جشنوں کے موقع پر شاھی محفلیں نغمہ وسرود سے خوب گرم رھا کرتی تھیں۔ اکاسرہ اور خاصکر خسرو پرویز کے دربار میں موسیقی کا بول بالا تھا۔ کئی ایک مطرب، نوا سنج، اور موسیقی دان ساسانی دربار میں موجود رھتے تھے۔ سرکس اور باربد جیسے مغنی اسی زمانہ کے شہرۂ آفاق موسیقی نواز تھے۔ نوا ھائے باربد جنکی تعداد (۳۶۰) بتائی جاتی ھے بادشاھوں کے سامنے سال بھر ھر روز تازہ تازہ گائے جاتے۔ اسی طرح ،،سی لحن باربد،، جو مہینہ کے ھر دن کے ساتھہ مخصوص تھے اور ،، طروق الملوکیہ ،، جن کی تعداد سات ھے اور ھفتہ کے سات روز کے لئے بنائے گئے تھے وہ بھی باربد کی ایجاد بتائے جاتے ھیں۔ بعض عربی اور فارسی کی پرانی کتابوں میں باربد کی نواؤں کے نام درج ھیں جنکو عام طور پر نواھاء خسروانی کہا جاتا ھے اور جو نثر مسجع سے مشابہ ھیں۔

پہلوی شاعری کے نمونے

بد قسمتی سے ایرانیوں نے اپنے غیر مذھبی ادب کی پروانہ کی اور اسے محفوظ نہ رکھا اس وجہ سے یہ بتلانا مشکل ھے کہ ان نواؤں کی کیا نوعیت تھی۔ کس خاص وزن اور بحر میں بنائے گئے تھے اور پہلوی زبان کا عروض کیا تھا۔ اور اس زمانہ میں ایران کی شاعری کس قسم کی تھی۔ قرائن سے یہ بات ثابت ھے کہ اسلام سے قبل ایران میں پہلوی شاعری ضرور موجود تھی۔ گو اس وقت ھمارے پاس اس کا کوئی مکمل نمونہ

موجود نہیں مگر چند اثار اس زمانہ کے ایسے پائے جاتے ہین جن سے ہم ایک حد تک ایران کی پہلوی شاعری کے وجود کو ثابت کر سکتے ہین مثلاً :—

(۱) ابن المقفع نے مقدمہ کلیلہ و دمنہ مین دو جگہ اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ جس وقت برزویہ طبیب نے ہندوستان سے کلیلہ و دمنہ کی کتاب حاصل کی اس موقع پر نوشیروان عادل نے ایک جشن مقرر کیا جس مین تمام شعراء و خطباء مملکت حاضر تھے، اس نے ان کو حکم دیا کہ اس خوشی کی تقریب مین کچھ نہ کچھ کہیں -

(۲) عام طور پر بہرام گور کو فارسی کا پہلا شاعر تصور کیا جاتا ہے لیکن از روئے تحقیق نہ تو وہ پہلا شاعر ہی تھا اور نہ وہ مشہور شعر جو اسکی طرف منسوب کیا جاتا یعنی

منم آن پیل دمان و منم آن شیر یلہ
نام من بہرام گورو کنیتم بو جبلہ

اسکا کہا ہوا ہے - مگر اس سے ساسانی عہد مین شاعری کا پایا جانا ثابت ہوتا ہے -

(۳) قصہ شیرین والی بیت:—

ہژ برابگیہان انوشہ بدی جہان رابدیدارتو شہ بدی (۱)

کا قصہ گو صحیح نہین ہے مگر اس زمانے مین شاعری کا وجود تو مسلم ہے -

(۴) ادباء عرب نے اپنے کلام مین ساسانی دور کے شعراء اور انکی شاعری کی کثرت کے متعلق کئی کئی حوالہ دئے ہین جس سے ساسانی عہد مین شاعری کا پایا جانا ثابت ہوتا ہے -

(۵) ساسانی عہد کی موسیقی اور شاعری کے اقسام کے نام جو ہم تک پہنچے

---

(۱) فردوسی نے بھی اسکو شاھنامہ مین کانہ نقل کیا ہے -

هین یعنی الحان مثل خسروانی، ادرامن، لاسکوئی، پہلوی یا فہلوی، اور جن مین سے بعض کو اسلام کے ابتدائی زمانے مین رواج حاصل تہا خود اس بات کی دلیل ہے کہ ساسانی عہد میں شاعری اور موسیقی دونوں ساتھ ساتھ چل رہی تہیں -

(۶) اس کے علاوہ (۱) پروفیسر اندریاس نے حاجی آباد کے شاپور اول کی تیراندازی والے میخی کتبہ کے خاتمہ کی ابیات جو ہمارے لئے محفوظ کر دی ہیں سند قطعی ہیں -

کی چیذاغی اَلنُدَری چیذی کی دَمتی نیوی است
ہان پاذی پَذاینْ دَرَکی ایونہا اذی وْتیری
اَوہانْ چیذاغی ایواُتی پَسکی تیری اُوہانْ چیذاغ
اَوکَمْدی اُوی دَستی نیوْ

جس کا مطلب یہ ہے-جس شخص نے اس کی بناء مغرب کی طرف ڈالی ہے اور جس کا ہاتھ نیک ہے اس نے اس درہ میں قدم رکھا اور اس عمارت کی طرف تیر پھینکا- پس جس شخص نے کہ تیر اس عمارت کی جانب پھینکا ہے اس کا ہاتھ نیک ہے -

یہ بادشاہ کا کلام ہے اور یہ ابیات پہلوی زبان میں ہیں جنکی بحر ہشت ہجائی ہے-

(۷) آتشکدۂ کرکویہ کا سرودجو زرتشتیوں کے زبان پر جاری تہا اور جسکو تاریخ سیستان کے مصنف نے اپنی کتاب میں درج کیا ہے-

فُرْخُتْ بادا روش خُنیدہ گرشاسْبْ ہوش
ہمی پرسْتُ از جُوش نوش کن مِی نوش
دُوسْتْ بدا گُوش بآفرین نہادہ گوش
ہمیشہ نیکی گوش دی گذشت ودوش
شاہا خدایگانہ بآفریں شاہی

(1) Prof. F. C. Andreas

یہ ساسانی عہد کی شاعری کا ایک بیش بہا نمونہ ہے یہ تمام مصرعے ہفت ہجائی ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کی پہلی صدی میں زرتشتیوں نے قدیم ساسانی شاعری کی وضع و ترکیب پر گھڑ لیا ہے۔ یا یہ کہ پرانے ساسانی سرود کو نئے رنگ میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

(۸) مانی کے قدیم نوشتہ جات پارچائی جو ترکستان کے شہر طرفان سے حال میں برآمد ہوئے ہیں بعض تو شمال مغربی اور بعض جنوب مغربی پہلوی میں لکھے ہوئے ہیں۔ ان میں بعض ٹکڑے منظوم نظر آتے ہیں اور اکثر کی بحر ہشت ہجائی ہے۔ مثلاً

آبزیر وانغ اشنو خرغ ہیم
چی آز بابیل زمیغ وسپریخت ہیم

یعنی میں مرد ابزیر وانغ ہوں کہ تیری مرضی کے مطابق عمل کرتا ہوں کیوں کہ میں بابل سے ہوں۔ اس نمونہ سے تو ساسانی عہد کی شاعری کا وجود قطعی طور پر ثابت ہے۔

پہلوی شاعری کے وجود کے متعلق بحث

عصر ساسانی میں شاعری کے وجود کی تردید جو کی گئی ہے تو غالباً اس بناء پر ہے کہ وہ متداول عربی شاعری کی صورت میں نہیں تھی یعنی مسلمانوں اور عربوں کے نزدیک اس قسم کی نثر مسجع یا ہجائی بحریں وزن عروضی پر نہیں اترتی تھیں اس وجہ سے انہوں نے قطعاً ساسانی شاعری کے وجود سے ہی انکار کر دیا حالانکہ جو نمونے ہم نے پیش کئے ہیں وہ اس بات کی قطعی دلیل ہیں کہ ایک قسم کی شاعری ایران میں ساسانی عہد میں ضرور موجود تھی جس میں قافیہ اور وزن (بمفہوم موجودہ) نہیں پائے جاتے

تھے مگر ان کی بحر ضرور ہوا کرتی تھی جو دانت ، مشت اور یازدہ ہجا کی صورت مین ظاہر ہوا کرتی تھی ۔

اسلامی فارسی شاعری کی ابتدا

ایران مین اسلام کے شایع ہونے اور عربی زبان کے رائج ہونے کی وجہ سے اسلامی فارسی یا جدید فارسی کی ترکیب و تشکیل مین دو یا تین سو سال کی دیر ہو گئی یعنی پہلوی کے عوض فارسی زبان ایران مین دوسری اور تیسری صدی ہجری مین رواج پائی ۔ اس اثنا مین عربی ہی کو فروغ رہا ۔ بڑے بڑے محدث ، مفسر ، ادیب ، مورخ ، شاعر اور عالم ایران کی سر زمین سے اٹھتے تھے اور عربی علم و ادب اور حکمت و فلسفہ کو روز بروز مالا مال کرتے جاتے تھے جب تک کہ ایرانی نژاد خاندانوں کا ایران پر تسلط نہین ہوا اس وقت تک فارسی کی ایک پیش نہین گئی ۔ عربی و پہلوی کی آمیزش سے روز بروز نئے لغات کا اضافہ ہوتا گیا یہان تک کہ شعراء نے اس مین شعر کہے ادیبون اور عالمون نے اپنے مطالب کی باتین اس زبان مین لکھین ۔ اسلامی فارسی شاعری کی ابتدا حقیقی طور پر کس شاعر سے ہوئی اور اس کی نوعیت کیا تھی یہ بتانا بہت دشوار ہے ۔ ہم سب سے پہلے ان تمام روایتون کی تردید کرینگے جو فارسی شاعری کی ابتداء کے متعلق مشہور ہوگئی ہین پھر حاصل شدہ نمونون مین سب سے پہلا فارسی شعر کیا ہو سکتا ہے اور وہ کس شاعر کا ہے بیان کرینگے ۔

پہلے فارسی شاعر کے افسانے

روایت اول بہرام گور

سب سے مشہور روایت بہرام گور کے پہلے فارسی شاعر ہونکی ہے ۔

منم آن پیل دمان و منم آن شیر یلہ نام من بہرام گور و کنیتم بوجبلہ

جن قدیم عربی اور فارسی کتابون مین بہرام گور کا ذکر آیا ہے وہان اس شعر کی مختلف قرآتین موجود ہین پہلے مصرعہ کے الفاظ مین اکثر ردوبدل پایا جاتا ہے ۔

اس شعر کی ابتدائی صورت یہ ہے :—

منم شیر شلنبہ و منم ببر تلہ

جو در حقیقت ہفت ہجائی دو ٹکڑے ہیں۔ قطع نظر اس اختلاف قرآت کے تاریخی اور عروضی تحقیق کی بناء پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ شعر قطعاً بہرام گور کا نہیں ہوسکتا۔ بہرام گور نے سنہ ۴۲۰ء سے سنہ ۴۳۸ء تک سلطنت کی اسوقت غالباً عربی شاعری بالکل اپنی ابتدائی حالت میں ہوگی پھر فارسی شاعری کا وجود کیا معنی رکھتا ہے اور وہ فارسی شاعری جو عربی عروض کے قواعد پر بالکلیہ مبنی ہو۔ یعنی جس میں وزن اور قافیہ ہو اور جو عربی بحروں کی پابندی میں لکھی گئی ہو۔ جیسا کہ شعر مابہ البحث واقع ہوا ہے۔

مانا کہ بہرام گور نے لخمین حیرہ کے ہاں عربوں میں تربیت پائی۔ مگر اسوقت جب کہ عربی شاعری منظم و مدون صورت میں نہ تھی تو بہرام گور کا عربی میں شعر کہنا اور طرفہ تماشا یہ کہ مروجہ اسلامی فارسی میں شعر کہنا کسطرح ممکن ہے۔ جاحظ نے کتاب الحیوان میں عربی کے سب سے پرانے شعر کی تاریخ اسلام سے ڈیڑھ سو سال پیشتر بتلائی ہے۔ ممکن ہے کہ اسلام سے دوسو یا تین سو سال پیشتر عربی شاعری کی ابتدا ہوگئی ہو مگر کسی طرح اسلام سے دوسو سال قبل بہرام گور کا اسلامی فارسی میں شعر کہنا قرین قیاس نہیں۔

روایت دوم عباس مروزی

دوسری عامیانہ روایت میں عباس مروزی کو فارسی شاعری کا آدم قرار دیا گیا ہے۔ اور وہ قصیدہ جس کا مطلع ذیل میں درج کیا جاتا ہے سند میں پیش کیا جاتا ہے۔

اے رسانیدہ بدولت فرق خود تا فرقدین گسترانیدہ بجود و فضل در عالم یدین

مر خلافت را تو شایستہ چو مردم دیدہ را دین یزداں را تو بایستہ چو رخ را ہر دو عین

اسی قصیدہ میں کہتا ہے :—

کس بر این منوال پیش از من چنیں شعری نگفت مرزبان پارسی را هست تا این نوع بین

لیك ازاں گفتم من این مدحت ترا تا این لغت گیرد از حمد و ثنائے حضرت تو زیب و زین

عوفی اور دیگر تذکرہ نویس جن میں اکثر مستشرقین بھی شامل ہیں بیان کرتے ہیں کہ عباس مروزی نے اس قصیدہ کو خلیفہ مامون الرشید کی خدمت میں اسوقت پیش کیا تھا جبکہ خلیفہ مرو میں وارد ہوا تھا۔ تاریخ سے قطعی طور پر ہمیں معلوم ہے کہ مامون جمادی الاول سنہ ۱۹۳ھ میں مرو میں داخل ہوا اور سنہ ۱۹۸ھ تك وہیں مقیم رہا (یعنی جبکہ طاہر ذوالیمینین نے امین کو قتل کیا اور لوگوں نے مامون سے بیعت کی) خلیفہ ہارون الرشید کی زندگی میں عام طور پر لوگ امین و مامون کو امام کہا کرتے تھے اور خلیفہ کے لقب سے کبھی یاد نہیں کرتے تھے۔ اس قصیدہ کی تحریر کی تاریخیں جو عام طور پر بیان کی جاتی ہیں وہ سنہ ۱۷۰ھ و سنہ ۱۹۳ھ ہیں۔ آخری تاریخ عوفی کے تذکرہ لباب الالباب میں صراحتاً مذکور ہے۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ اس قصیدہ میں مامون کو بطور خلیفہ کے مخاطب کیا جارہا ہے۔ اور در حقیقت سنہ ۱۹۳ھ میں خلیفہ ہارون الرشید کا انتقال ہوا اور امین کی خلافت شروع ہوئی۔ مامون نے سنہ ۱۹۸ھ میں خلافت شروع کی۔ اس لحاظ سے اگر یہ شعر کہا بھی گیا ہے تو سنہ ۱۹۸ھ اور سنہ ۲۰۲ھ کے درمیان کہا گیا ہوگا جبکہ مامون کو عوام نے بہ حیثیت خلیفہ کے تسلیم کیا۔ ان اشعار کے جعلی ہونے میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا کیونکہ اثناء قصیدہ میں شاعر یہ کہتا ہے کہ ابتك کسی نے اس رنگ کا قصیدہ فارسی میں نہیں لکھا۔ ان اشعار کو خاصکر اولیت و اقدمیت ثابت کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

تیسرا اہم نکتہ اشعار کی ساخت، دروبست، قافیہ بندی اور وزن عروضی ہے۔ جب یہ اشعار سنہ ۱۹۳ھ میں لکھے گئے ہیں تو ان کی مماثلت اور دوسرے کلام سے

ہونی چاہئے جو اسی زمانہ کی پیداوار ہو ۔ یعنی اسلوب مین قدامت اور دوسری صدی کی خو بو پائی جائے ۔ اس لحاظ سے یہ نمونہ تیسری چوتھی صدی کے کلام کا بھی نہین ہے بلکہ پانچوین اور چھٹی صدی کے کلام سے مشابہت رکھتا ہے جب کہ فارسی شاعری مکمل ہو چکی تھی اور نامور شعرا نے قصیدہ کوئی اپنا پیشہ قرار دے لیا تھا اور خاقانی وغیرہ کا رنگ جم چکا تھا ۔ ان اشعار مین رودکی ، یا حنظلہ باد غیس یا ابو المؤید بلخی تک کا رنگ نظر نہین آتا تو پھر یہ کیسے دوسری صدی کا کلام ہو سکتا ہے ۔ ان کے جعلی ہونے کا قطعی ثبوت یہ ہے کہ واضع عروض عربی خلیل بن احمد نحوی نے سنہ ۱۷۰ھ مین انتقال کیا تو کیا اٹھارہ سال مین ایرانیون نے عربی عروض کو اپنا بنا لیا ۔ اور اس مین ترمیم و تبدیل ، حذف و اضافہ شروع کر دیا ؟ ان کی بحر رمل مثمن مقصور (و محذوف) ہے عربون کے ہان رمل مسدس ہے ۔ ایرانیون نے اس کو مثمن کیا اور اس مین مختلف زحافات استعمال کئے ہین ۔ اس عروض کی ترمیم کا سلسلہ تقریباً ایک صدی تک جاری رہا تب کہین ایرانیون نے اپنی طبیعت کے موافق بحرین بنائین اور ان میں شعر کہنے لگے ۔ اس مدت سے قبل ان اشعار کا پایا جانا محال ہے ۔

ایک اور طرح سے یہ بات بالکل صاف ہو جاتی ہے کہ یہ اشعار ہرگز دوسری صدی کے نہین ہین اس واقعہ کو سب سے پہلے عوفی نے لباب الالباب (سنہ ۶۱۰) مین درج کیا ہے دیگر قدیم تذکروں مین کہیں اسکا پتہ نہین چلتا ۔ مگر چار سو سال تک تمام تذکرہ نویسون یا عروضیون کا خاموش رہنا اور پہلے شاعر کے پہلے قصیدہ کا ذکر نہ کرنا کسی طرح بھی سمجھ مین نہین آتا ۔ دوسری اور تیسری صدی مین فارسی زبان مین عربی کے لغات اسقدر ہرگز داخل نہین ہوئے تھے ۔ فردوسی کی زبان کا مطالعہ کرین تو معلوم ہو جائیگا کہ اس وقت تک عربی نے فارسی پر اسقدر تسلط حاصل نہین کیا تھا ۔ اس قصیدہ مین تو اکثر الفاظ عربی پائے جاتے ہین اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے قصداً اپنے کلام کو باندپایہ کرنیکی کوشش کی ہے جو کسی طرح بھی پانچوین یا چھٹی

صدی کے کلام سے پہلے کا نہیں ہو سکتا۔ دوسری تیسری صدی کے نمونے جو ہم آئندہ پیش کرینگے اور جنمین سادگی اور فارسیت غالب۔ ان سے یہ فرق واضح ہو جائیگا۔

تیسری روایت ابو حفص حکیم بن احوص سغدی سمرقندی

بعضوں نے ابو حفص کو قدیم ترین شاعر قرار دیا ہے اور اس بیت کو اس کی جانب منسوب کیا ہے۔

آہوی کوهی در دشت چگونه دودا یار ندارد بے یار چگونه رودا

شمس قیس اپنی مشہور کتاب المعجم فی معائیر اشعار عجم میں فارابی کے توسط سے یہ بیان کرتا ہے کہ ابو حفص حکیم تقریباً سنہ ۳۰۰ ھ تک زندہ رہا ہے۔ اگر اس تاریخ کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو اس شعر کو کسی طرح قدیم ترین شعر تصور نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ خود رودکی متوفی سنہ ۳۲۹ ھ اس وقت زندہ تھا اور اس سے قبل کئی ایک شاعر گذر چکے تھے حنظلہ بادغیس کے متعلق نظامی عروضی سمرقندی نے چہار مقالہ میں یہ بیان کیا ہے کہ احمد بن عبداللہ الخجستانی کی امارت کا سبب حنظلہ کی ایک رباعی ہے۔ احمد خجستانی سنہ ۲۶۸ ھ میں مارا گیا تو پھر ابو حفص حکیم کو کس طرح قدیم ترین شاعر قرار دیا جا سکتا ہے اس کے علاوہ طاہری و صفاری دور کے کئی ایک شاعر اس سے پیشتر گذر چکے ہیں۔

بعض اور روایتیں پسر یعقوب بن لیث صفار

یعقوب بن لیث صفار کا بیٹا ایک روز جوزوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ باپ بھی کچھ دیر تک بیٹے کے کھیل کا تماشا دیکھتا رہا۔ بیٹے نے سات جوز اغل میں ڈال دئے آٹھواں اچٹ گیا مگر حسن اتفاق سے لوٹ کر پھر اغل میں آپڑا۔ اس پر یعقوب کے بیٹے نے خوشی کے عالم میں ایک شعر کہا جس کا ایک مصرعہ ہم تک پہنچا ہے۔

غلطان غلطان ہم رود تالب کو۔

امیر کو یہ کلام بہت پسند آیا اس نے اپنے ندما۔ اور وزراء سے کہا کہ یہ شعر تو خوب معلوم ہوتا ہے اس پر ابو دلف عجلی (متوفی سنہ ۲۲۵ ھ یا سنہ ۲۲۶ ھ) اور ابن الکعب ملکر اسکی تحقیق و تقطیع میں مشغول ہوئے۔ یہاں تک کہ انہوں نے اسکو ہزج کا ایک مصرع پایا اور اس پر دوسرا مصرع ہم وزن لگایا اور پھر اور ایک شعر کا اس پر اضافہ کیا گیا اور اس کا نام دو بیتی اور بعد میں رباعی رکھا گیا۔ طرز بیان سے اس قصہ کے من گھڑت ہونے کا فوراً پتہ چلتا ہے اور اس کی تردید کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی۔ ہم آگے چل کر صفاری دور کی شاعری کا تفصیل کے ساتھ ذکر کرینگے یہاں صرف یہ کہدینا کافی ہے کہ یعقوب بن لیث صفاری نے صالح بن نضر کو قید کیا اور رتبیل بادشاہ کابل کو شکست دی اور عمار خارجی کو قتل کرنے کے بعد سنہ ۲۵۳ھ میں ہرات کا رخ کیا۔ طاہرین کے آخری حکمران امیر محمد کو مغلوب کرکے امارت قائم کی۔ اسی وقت سے گویا اسکی حکمرانی کا دور شروع ہوتا ہے۔ اگر یعقوب کی زندگی کے اوایل پر نظر ڈالیں تو فوراً معلوم ہوجائیگا کہ یہ مصرع جعلی ہے۔ ابن الاثیر نے سنہ ۲۵۳ھ کے واقعات میں یعقوب بن لیث کے معاملہ کی ابتدا بیان کی ہے۔ قطع نظر اسکے ابو دلف عجلی کے انتقال کے وقت یعنی سنہ ۲۲۵ھ یا سنہ ۲۲۶ھ میں طاہریوں کے عروج کا زمانہ تھا اور طاہر بن عبداللہ بن طاہر ذوالیمنین خراسان کا حاکم تھا۔ جہاں کہیں ابو دلف کا ذکر آیا ہے وہاں صاف طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ طاہری دور کے نامور شخصوں میں سے تھا۔ اسکو کبھی بھی صفاریوں سے واسطہ نہیں پڑا۔ پڑتا تو کس طرح؟ ابو دلف کے انتقال کے وقت شاید یعقوب بن لیث بانی خاندان صفاریان کا نام بھی کوئی نہیں جانتا تھا۔ بہت ممکن ہے کہ یہ ڈکیتی کرتا پھرتا ہو یا زیادہ سے زیادہ درہم بن نضر بن صالح کی فوج میں شریک ہوگیا ہو۔ ان حالات کے مدنظر یعقوب بن لیث کا وزیروں کو جمع کرنا اور ان کے حکم سے ابو دلف عجلی اور ابن الکعب کا اس مصرع کی تقطیع میں مشغول ہونا قطعاً بے بنیاد اور واہی تباہی باتیں ہیں۔

فارسی شاعری کے قدیم ترین نمونے

عام تذکروں میں اس کے متعلق جو بے سروپا روایتیں مذکور ہیں ان کی تردید تو اوپر ہو چکی ہے اب ہم یہاں چند قدیم ترین نمونوں کا ذکر کرینگے جن کو محققین وقت نے بڑی جانفشانی سے جاحظ متوفی سنہ ۲۵۵ ھ، ابن قتیبہ متوفی سنہ ۲۷۰ ھ اور طبری صاحب تاریخ کبیر متوفی سنہ ۳۰۰ ھ اور ابو الفرج اصفہانی صاحب اغانی متوفی سنہ ۳۵۶ کے تصنیفات کے دقیق مطالعہ کے بعد پیدا کئے ہیں اور علمی دنیا پر احسان کیا ہے۔ ان محققین میں سے دو یہاں قابل ذکر ہیں ایک آقا مرزا محمد قزوینی دوسرے آقا عباس اقبال آشتیانی۔ ان دونوں عالموں نے اپنے وسیع مطالعہ سے فارسی شعر کے قدیم سے قدیم نمونے پیدا کرنے کی کوشش کی اور ان سے ارباب علم کو روشناس کرایا۔

پہلے دو نمونے اموی عہد کے ہیں ایک سنہ ۶۰ ھ کے قریب کا ہے جو یزید بن معاویہ کی خلافت میں واقع ہوا ہے۔ دوسرا سنہ ۱۰۸ ھ کا واقعہ ہے جو ہشام بن عبدالملک کی خلافت میں ظہور پذیر ہوا غالباً ان ہی دو ٹکڑوں کو ہم خلیل بن احمد کے عروض کے رائج ہونے سے پیشتر یا پہلوی و فارسی شاعری کا اصلی نمونہ تصور کر سکتے ہیں۔ ان کی صورت کوئی مدون شاعری کے طور پر واقع نہیں ہوتی صرف ایسے ٹکڑے ہیں جو بیساختہ صادر ہوئے ہیں۔ اور نہ یہ اسلامی عروض پر کسی طرح اتر سکتے ہیں ان کی مثال موجودہ زمانہ کی تصنیف (Ballad) کی سی ہے۔

تیسرا نمونہ قرن زرین کی پیداوار ہے اور برمکیوں کے خاندان سے متعلق ہے اور اس کا وقوع سنہ ۱۸۷ ھ میں ہوا ہے۔ اتفاقاً یہ تین ایسے بیش بہا نمونے برآمد ہوئے ہیں جن کی صداقت کا پورا ثبوت تاریخ دیتی ہے۔

چوتھا نمونہ سنہ ۲۵۳ ھ کا ہے اور یعقوب بن لیث صفاری کی ذات سے وابستہ ہے۔ درحقیقت یہ متداول فارسی شاعری کا نوبادہ کہلانے کا مستحق ہے۔

یزید بن مفرغ

عبّاد بن زیاد، عبد اللہ بن زیاد کا بھائی یزید بن معاویہ کے عہد میں (سنہ ۶۰ ھ سنہ ۶۴ ھ) سبستان کا حاکم مقرر ہوا۔ سبستان کی روانگی کے وقت یزید بن مفرغ ایک شاعر اس کے ہمراہ تھا عبید اللہ اپنے بھائی کی طرز سے واقف تھا اور شاعر کی طبیعت کو بھی خوب سمجھتا تھا اس لئے اس نے پیش بینی کے طور پر شاعر سے وعدہ لے رکھا تھا کہ اگر اپنے بھائی عباد کی کوئی حرکت اس کے ناپسند ہو تو اس کی ہجو بر ملا نہ کرے بلکہ خود کو اس سے بروقت مطلع کرے تاکہ اس کا فوری انسداد ہو سکے۔ عباد اپنے کاروبار اور سیاسی امور کی وجہ سے یزید بن مفرغ کی خاطر خواہ دلجوئی نہ کر سکا اس لئے شاعر اس سے بیزار آ گیا اور خلاف معاہدہ جا بیجا حملے شروع کر دئے اور عباد کے خاندان پر لعن طعن کی۔ عباد کے انتقام کی رگ جوش میں آئی اور اس نے موقع پا کر شاعر کے خلاف قرض طلبی کا مقدمہ دائر کر دیا اور نا داری کے جرم میں اس کو قید کر دیا اور اس کا مال و اسباب لٹا دیا اور لونڈی غلام بکوا ڈالے اور اس کو تباہ و برباد کر دیا۔ جب یزید بن مفرغ نے قید سے رہائی پائی تو یہ بصرہ کو بھاگ گیا اور وہاں سے شام کا رخ کیا جن شہروں سے اس کا گذر ہوا وہاں اس نے آل زیاد کی سخت ہجو کی اور اس خاندان کے حالات پوست کندہ بیان کئے۔ عبید اللہ بن زیاد نے بڑی کوشش کے بعد ابن مفرغ کو دوبارہ گرفتار کیا اور بصرہ میں مقید کر کے خلیفہ وقت یزید بن معاویہ سے اس کو قتل کرنے کی اجازت چاہی۔ سیاسی مصالح کے مدنظر یزید نے قتل کی اجازت تو نہیں دی مگر اشارہ کر دیا کہ جس طرح چاہے شاعر کو رسوا کرے۔ ابن مفرغ کے قبیلہ کے اکثر افراد یزید کی فوج میں ماموریتھے اور اسکو ان کا ڈر لگا ہوا تھا ایسا نہ ہو کہ یہ عبید اللہ کو مار ڈالیں اور ملک میں بدامنی پھیلا دیں۔

عبید اللہ بن زیاد نے شاعر کی آبروریزی کا ایک نرالا طریقہ سوچا نبیذ میں بھنگ ملا کر شاعر کو پلوایا جب اسکے سر پر نشہ کا بھوت سوار ہوا تو اس کو ایک بلی ایک سور اور ایک کتے کے ساتھ ایک رسی میں باندھ کر بصرہ کی تمام گلی کوچوں میں پھروایا۔ بازار میں لونڈوں نے اس کا

تماشا بنالیا اور فارسی میں' چلانے لگے ،،این چیست۔ این چیست،، شاعر نے بھی فارسی میں اس طرح جواب دیا :—

آب است نبیذ است

عصارات ز بیست

سمیه روسپید است

(سمیه زیاد کی ماں کا نام ہے جو ایام جاهلیه میں ایك بدکار عورت تھی اس کی جانب اشاره کرنا گویا آل زیاد کے خاندان کا چٹھا کھولنا ہے) جب ابن مفرغ کی حالت خراب ہوگئی تو ابن زیاد کو اس کے مرجانے کا اندیشه ہوا اور اس نے پھر شاعر کو اپنے بھائی کے ہاں سیستان روانه کر دیا۔ یہاں تك که یمن کے قبائل کے سردار اس کے انتقام پر آماده ہوگئے اور یزید سے سفارش کر کے اس کو عباد کے پنجے سے چھڑایا۔

یه تین فقرے جو سنه ۶۰ ھ کے قریب کی یادگار ہیں عربی اوزان سے بالکل معرا ہیں اور اسلام کے بعد کی هشت هجائی کا بهترین نمونه ہے بلکه یه کہنا چاهئے که موجوده زمانه میں بھی یه ٹکڑے فارسی شاعری کے قدیم ترین نمونے ہیں۔ ابن مفرغ کا یه بے ساخته کلام اس بات کی کامل دلیل ہے که اس زمانه میں اس قسم کی ساده ٹوٹی پھوٹی فارسی بول چال میں رائج ہو چکی تھی۔

اسد بن عبد الله القسری الختلانی کی هجو

تاریخ طبری میں سنه ۱۰۸ ھ کے واقعات کے ضمن میں لکھا ہے که اس سال ابو منذر اسد بن عبد الله القسری نے ختلان میں خاقان ترك سے جنگ کی۔ خاقان نے اس کو فاش شکست دی عبد الله بد حواسی کے عالم میں ختلان سے بھاگ کر بلخ پہنچا۔ خراسانیوں نے اس کی خوب گت بنائی اور اس پر شعر کہے۔ بچے گلی کوچوں میں اس کی هجو گاتے پھرتے تھے۔

از ختلان آمدیه به رو تباه آمدیه

ابار باز آمدیه خشك نزار آمدیه

اگر چیکہ ان ابیات کو اصطلاحی معنوں میں شعر تصور نہ کیا جائے مگر یہ ٹکڑے اس زمانہ کی عامیانہ زبان کا حقیقی نمونہ ہیں اور عربی عروض سے بے نیاز ہونے کی وجہ سے خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ ارتھر کرسٹنسن نے ان کو ہشت ہجائی قرار دیا ہے۔ گویا یہ جلد معدوم ہونے والی پہلوی کی آخری میراث ہیں۔

بہر حال یہ دونوں نمونے عربی عروض کے فارسی میں رائج ہونے سے بہت پہلے کے لکھے ہوئے ہیں اور موجودہ زمانہ میں بھی اسلام کے بعد کی ابتدائی فارسی شاعری کے قدیم ترین نمونے قرار دئے جاسکتے ہیں۔

قرن زرین کا نمونہ

اس عبوری دور کا حال بہت کم ملتا ہے اور خصوصاً شاعری کے نمونے تو بالکل نایاب ہیں۔ آقای سید حسن تقی زادہ حال وزیر مختار ایران در لندن نے کچھ نمونے تیار کئے تھے ان میں سے ایک کی نسبت آقای مرزا عباس اقبال آشتیانی نے رسالۂ علم و ہنر بابتہ ماہ اگست سنہ ۱۹۲۰ع میں ایک مبسوط مضمون لکھا ہے۔ یہاں پر ہم ان کی تحقیقات کو مختصر طور پر بیان کرتے ہیں:—

"ابو الینبغی العباس ابن طرخان قدیم فارسی شاعروں میں سے ایک شاعر گذرا ہے جس کے متعلق تاریخ الوزرا والکتاب جحشیاری میں یہ لکھا ہے کہ ابو القاسم ابن المعتمر الزھری کا بیان ہے کہ ایک دن میں یحیٰی ابن خالد برمکی اور اس کے دونوں بیٹوں فضل و جعفر کے ساتھ ایک راستہ سے گزر رہا تھا کہ اتنے میں ابو الینبغی بن طرخان دکھائی دیا جو راستہ پر کھڑا ہوا تھا اس نے مجھے اپنے پاس بلایا جب میں اس کے نزدیک پہنچا تو اسنے یہ شعر سنایا:—

صحبت البرامکہ عشرا ولا ویبتی کراء و خبزی شراء

یعنی دس سال میں نے برامکہ کی صحبت میں بسر کئے اب تک کرایہ کا گھر اور بازار کی روٹی مجھسے نہیں چھوٹی۔

یحییٰ نے یہ بات سنی اور جعفر و فضل سے مخاطب ہو کر اسے ابو الینبغی کی بیوقوفی پر محمول کیا۔ جب دوبارہ میری اور ابو الینبغی کی ملاقات ہوئی تو مین نے اس سے کہا کہ کل تو نے کیا حماقت کی اور خواہ مخواہ اپنی جان خطرہ مین ڈال لی۔ ابو الینبغی نے کہا کہ جب میں گھر پہونچا تو جعفر و فضل کی طرف سے ایک ایک سونے کی تھیلی اور ایک مکان مجھے سرفراز ہوا اور یہ بھی سرفرازی ہوئی کہ یحییٰ کے داروغہ خانہ سے میری غذا مجھے گھر بیٹھے پہنچ جایا کرے۔

اس حکایت سے صاف یہ پتہ چلتا ہے کہ ابو الینبغی کا زمانہ برامکہ کے زوال سے پیشتر یعنی سنہ ۱۸۷ ھ سے کچھ پہلے کا ہے۔ اور جب دس سال تک اسنے برامکہ کی صحبت اٹھائی تو لازماً خلیفہ ہارون الرشید کی خلافت کے پہلے دورہ سنہ ۱۷۰ ھ تا سنہ ۱۹۳ ھ مین زندہ رہا ہوگا۔ ابو الینبغی کنیت بھی عجیب طرح کی واقع ہوئی ہے۔ سب سے پہلے اسپرنگو (Degoje) کی نظر پڑی اور اسنے یہ خیال کر کے کہ یہ کتاب کی غلطی ہے اسکو صحیح کرنیکی کوشش کی چنانچہ وہ کتاب المسالک و الممالک، تالیف عبداللہ ابن خرداذبہ کے مطبوعہ نسخہ مین اس لفظ کی قرآت ابو التقی بجائے ابو الینبغی قرار دی ہے حالانکہ دو تین مقامات پر عبارت مین صاف ابو الینبغی لکھا ہے۔ یہ معلوم نہین شاعر نے کس مناسبت سے یہ کنیت اختیار کی۔ عربون کی کنیت کی ترکیب ایسے مہمل طریقہ پر نہین ہوا کرتی تہی یعنی فعل مضارع پر الف لام داخل کر کے ابو کا اضافہ کرین۔ ہر حالت مین یہ مضحکہ خیز ہے۔ بہرحال جب تک اسکی صحیح وجہ معلوم نہ ہو ہمین اس غلط کنیت ہی کو تسلیم کرنا پڑیگا۔ طرفان کا لفظ اس بات کا اشارہ کرتا ہے کہ شاعر سمرقندی الاصل ہے کیونکہ طرفان یا طرفون عام طور پر سمرقند کے بادشاہون کا لقب ہوا کرتا تہا جو اسلام کے قبل وہان کے حکمران تہے اور جب سنہ ۹۱ ھ مین اسلام وہان پہنچا تو یہ لوگ قتیبہ ابن مسلم فاتح اسلام کے باجگزار بن گئے۔

اس شاعر کے کلام کے صرف ایک جزو کا پتہ قدیم جغرافی اور تاریخی کتابون مین ملتا ہے جو سمرقند سے متعلق ہے اور جسکا مطلب بھی واضح نہین۔

سمر قند کند مند　　بزینت کی افگند

از شاش نه بهی　　همی شه نه جهی

بہر حال یہ تیسرا ٹکڑا ہے جو اس عبوری دور سے متعلق ہے جس میں کسی قسم کی عربی آمیزش نہیں اور نہ یہ کسی عربی وزن و قافیہ و بحر کے تحت آسکتا ہے ۔"

محمد بن وصیف سیستانی

تاریخ ادبیات ایران کا یہ ایک عجیب واقعہ ہے کہ تذکروں، بیاضوں اور سفینوں میں مختلف شعرا کو فارسی شاعری کا ابوالآبا قرار دیا گیا ہے اور حقیقی قدیم ترین شاعر کا کہیں بھی ذکر نہیں۔ یہ قدیم ترین شاعر محمد بن وصیف سیستانی ہے جو یعقوب بن لیث کا منشی اور درباری نامہ نگار ہونیکے علاوہ بلند پایہ شاعر گذرا ہے۔ اس کا ذکر صرف تاریخ سیستان میں آیا ہے۔ تاریخ سیستان بھی ایک ایسی گمنام کتاب ہے کہ جسکے مصنف کا نام اور حال اسوقت تک کسی کو معلوم نہیں۔ بہر حال تاریخ سیستان میں محمد بن وصیف کے متعلق یہ حالات درج ہیں ۔

سنہ ۲۵۳ ھ میں جس وقت یعقوب بن لیث صفاری نے صالح بن نضر کو گرفتار کرلیا، کابل کے سردار رتبیل کو شکست دی، عمار خارجی کو قتل اور ہرات کو طاہریوں کے قبضہ سے نکالکر اپنی حکومت میں داخل کرلیا اسوقت نہایت ہی تزک و احتشام کے ساتھ فتوحات کے نشہ میں اپنے وطن سیستان کو لوٹا۔ اہل سیستان نے یعقوب کا بڑی دھوم دھام سے استقبال کیا اور امام ابو احمد عثمان بن عفان سنجری نے جمعہ کی نماز میں یعقوب کے نام کا خطبہ پڑھا۔ اور شعرا نے لمبی چوڑی تعریفیں لکھیں مدحیہ قصائد کہے۔ چونکہ اس زمانہ میں عربی ہی کا رواج تھا شعرا نے عربی میں قصیدے کہے۔ یعقوب بن لیث عربی سے بالکل ناواقف تھا اس نے کہا کہ اس سے کیا فائدہ کہ لوگ میری تعریف ایسی زبان میں کریں جسکو میں سمجھ نہیں سکتا۔ اس پر محمد بن وصیف نے فارسی زبان میں سب سے پہلی دفعہ

اشعار کہے - اکثر اشعار کے معنی ایک تو پرانی زبان اور غلط کتابت کی وجہ سے صاف نہیں - مگر انکا عام مطلب سمجھ میں آجاتا ہے -

اے امیر یکه امیران جهان خاص و عام بنده و چاکر و مولائی و سگ بند و غلام
از لی خطی در لوح که ملکی بدهید به ابی یوسف یعقوب بن اللیث هام
بسام آمد و رتبیل لتے خورد به لنگ لتره شد لشکر رتبیل و هبا گشت کنام
لمن الملك بخواندی تو امیرا به یقین با قلیل الفئه کت داد در آن لشکر کام
عمر عمار ترا خواست و زو گشت بری تیغ تو کرد میانجی به میان دد و دام
عمر او نزد تو آمد که تو چون نوح بزی در آکارتن او سر او باب طعام

ان اشعار میں محمد بن وصیف نے جو واقعات و فتوحات بیان کئے ہیں اور یعقوب کی جن خوبیوں کا ذکر کیا ہے ان کی صحت حرف بحرف تاریخ سے ہوتی ہے - اس نمونہ سے یہ بات بھی واضح ہے کہ فارسی زبان میں اس وقت تک سلاست اور روانی بھی پیدا نہیں ہوئی تھی -

تاریخ سیستان کا مصنف اس سلسلہ میں ایک اور شاعر کا ذکر کرتا ہے جس کا نام محمد ابن مخلہ ہے جو سیستان کا باشندہ اور عالم و شاعر تھا اس نے بھی یعقوب کی مدح کی ہے

جز تو نزاد حوا و آدم نگشت شیر نهادی بدل و بر منشت
معجز پیغمبر مکی توئی بکنش و بمنش و بگوشت
فخر کند عمار روزے بزرگ کو هما نم من که یعقوب کشت

تاریخ سیستان سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد بن وصیف یعقوب کے انتقال (سنہ ۲۶۵ ھ) کے بعد بھی ایک طویل زمانہ تک زندہ رہا ہے - رافع بن هرثمہ (سنہ ۲۸۳ ھ) کے مارے جانے پر بھی محمد بن وصیف نے دو شعر کہے ہیں جنکا مطلب اب تک واضح نہ ہوسکا -

ای دل مکریں از طیران که بیروں نمای از صدف مرجان
بو رافع اگر آن که شدش خفه از فعل ابی حفص شد جیشان

اور پھر جب امیر اسمٰعیل سامانی نے عمرو بن لیث کو بلخ میں گرفتار کیا ہے اس وقت (سنہ ٦٨٧ ھ) بھی محمد بن وصیف نے اس کی خدمت میں اشعار روانہ کئے تھے جو قابل ملاحظہ ہیں۔

کوشش بندہ سبب رنجش است کار قضا بود ترا عیب نیست
بود و نبود از صفت ایزد است بندۂ درماندۂ بیچارہ کیست
اول مخلوق چو باشد زوال کار جہاں اول و آخر یکیست
قول خداوند بخواں فاستقم معتقدی شعر و بران بر بایست

اس کے بعد تاریخ سیستان کے مصنف نے خاندان صفاریہ کی کمزوری (سنہ ٢٩٦ ھ) کا حال بیان کرتے ہوئے محمد بن وصیف کے پر درد اشعار لکھے ہیں۔

مملکتی بود شدہ بے قیاس عمرو بران ملک شدہ بود راس
از حد ہند تا بحد چین و ترک از حد زنگ تا بحد روم و کاس
راس ذنب گشت و بشد مملکت زرّ زدہ شد زنحوست نُحاس
دولت یعقوب درینا برفت ماند عقوبت بہ عقب بر حواس
عمرو عمر رفت و زو ماند باز مذہب روباہ بنس و نواس
اے چہ غما آمد و شادی گذشت بود دلم دایم ازین پر هراس
ہر چہ بکردیم بخواہیم دید سود ندارد از قضا احتراس
ناس شدند نسناس آن که همه و زهمه نسناس بگشتند ناس
دور فلک گردان چون آسیا لاجرم ایں آس همه کرد آس
ملک ابا هزل نه کرد انتساب نور زظلمت نکند اقتباس
جهد و جد یعقوب باید همی تا که زجدّہ بدر آید ایاس،،

جو چیز ہمارے موضوع سے تعلق رکھتی ہے وہ اسلامی دور میں فارسی کے داستانی اور رزمی اشعار ہیں۔ اس قسم کے اشعار ایران میں اسلام کی ابتدائی صدیوں میں پائے جاتے تھے۔ چنانچہ مسعودی کتاب مروج الذہب میں قلعہ الالان (آلان) کے متعلق یہ لکھا ہے "این قلعہ یکی از قلاع معروف باستحکام در عالم است و حکایت بنای آنرا از طرف اسپندیار ایرانیان در اشعار خود ذکر کردہ اند"، چون کہ کتاب مروج الذہب سنہ ۳۳۶ ھ کی تالیف ہے اس لئے یہ اشعار بھی جنہیں مسعودی نے بیان کیا ہے قدیم ترین داستانی اشعار ہوں گے جن میں اسفندیار (شاید ہفت خوان) کی سرگذشت بھی گائی گئی ہوگی۔ لیکن اسلام کے بعد فارسی میں قدیم ترین داستانی نظم جو ہمیں ملتی ہے وہ مسعودی مروزی کا شاہنامہ ہے۔ ذیل میں اس پر روشنی ڈالی جائیگی۔

مسعودی مروزی جس حد تک ہمیں مسعودی مروزی کے متعلق علم ہے وہ یہ ہے کہ وہ قدیم ترین شاعر ہے جس نے ملی داستان اور ایرانی تاریخ کو کیومرث سے آخری یزدجرد ثالث تک نظم کیا ہے۔ اس شاعر کے متعلق ہمیں معلومات دو جگہ ملتے ہیں ایک ثعالبی کی کتاب غرر ملوک الفرس ہے جس میں دو جگہ مسعودی کا نام آیا ہے طہمورث کے حالات بیان کرتے ہوئے ثعالبی لکھتا ہے۔

"وزعم المسعودی فی مزدوجتہ بالفارسیۃ ان طہمورث بنی قہندز مرو"، یعنی مسعودی در مثنوی فارسی خودش آوردہ کہ طہمورث قلعہ (کہندز) مرو را بنا نہاد۔"

دوسرے زال پدر رستم کے خاتمہ میں لکھتا ہے۔

"مسعودی مروزی در مثنوی فارسی خود ذکر کردہ کہ او (یعنی بہمن) ویرا (زال را) کشت و باحدی از کسان و خویشان او ابقا نہ کرد۔"

چونکہ ثعالبی کی کتاب سنہ ۴۰۸ ھ اور سنہ ۴۱۲ ھ کی تالیف ہے اس لئے مسعودی کا ذکر اسکے زمانہ کی قدامت کو ثابت نہیں کرتا۔ لیکن ایک دوسرا ماخذ جس میں اس شاعر کا ذکر آیا ہے ثعالبی کی کتاب سے قدیم تر ہے۔ اور وہ کتاب البدء والتاریخ ہے جو مطہر بن طاہر المقدسی کی تالیف ہے جو سنہ ۳۵۵ ھ میں لکھی گئی۔ اس کتاب میں تاریخ ایران کے باب کے شروع اور آخر میں دو بیت ابتدائی اور انتہائی مسعودی کی نظم سے اس طرح دیئے گئے ہیں۔ کیومرث کے احوال میں کہتا ہے۔

"ایرانیان را در کتب خود شان عقیدہ بر آن است و خدا دانا تر است بحق و باطل آن کہ اولین کسی کہ از بنی آدم سلطنت کرد اسمش کیومرث بود و وی عریان بود و در زمین میگشت و سلطنتش سی سال بود و مسعودی در قصیدہ مزین خود بفارسی گفتہ (ہزج)

نخستین کیومرث آمد بشاہی کہ فتش بگیتی درون بیش گاہی
چو سی سال بگیتی پادشا بود کی فرمانش بہر جائی روا بود

و من این ابیات را ذکر نہ کردم مگر برای آنکہ دیدم ایرانیان این ابیات و قصیدہ را بزرگ می شمارند و آنرا تصویر میکنند و مانند تاریخی برائے خود میپندارند"، اسی کتاب میں ساسانی بادشاہوں کے خاتمہ میں لکھا ہے۔

"کار پادشاہان ایران بآخر رسید و خدا دین خود را ظاہر کرد و بوعدۂ خود وفا نمود و در این باب گوید ابن الجہم (سریع)

والفرس والروم لہا ایام یمنع من تقحیمہا الاسلام

و مسعودی در آخر قصیدہ فارسی خود گوید :—

سپری شد نشان خسروانا چو کام خویش راندند در جہانا

ہم اس شاعر کا زمانہ ٹھیک ٹھیک نہیں بتا سکتے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ کتاب البدء والتاریخ یعنی سنہ ۳۵۵ ھ کی تالیف نہایت قدیم کتاب ہے کیونکہ مقدسی جو خود اہل فلسطین

سے تھا اور ایران آیا تھا ان اشعار کو ایرانیوں میں اس طور پر شایع اور رائج پایا ہے کہ ہر جگہ اس قصیدہ کی تعظیم کی جاتی تھی۔ اور موجودہ شاھناموں کی طرح اسکو مصور کیا جاتا تھا۔ الف زایدہ بھی جو اخیر مصرعوں کے آخر میں ہے قدیم زبان کی علامت ہے۔ جیسا کہ نولدکہ نے دقیقی کے اشعار میں بتلایا ہے۔ یہ راقم (آقای سید حسن تقی زادہ) بھی اس شاعر سے واقف نہیں۔ مسعودی ایک نسبت ہے جو عبداللہ بن مسعود ھذلی (اصحاب حضرت رسول کریم صلعم) متوفی سنہ ۳۲ ھ اور عبداللہ بن عتبہ بن مسعود (جو تابعین سے تھے) کے ساتھ منسوب کی جاتی ہے۔

پہلی جماعت بہت بڑی اور کثیر الافراد ہے اور جس طرح اس وقت طبا طبائی تمام شہروں میں پھیلے ہوئے ہیں ان کی بھی ایک بڑی تعداد تیسری چوتھی پانچوین صدیون میں مختلف شہروں میں پھیلی ہوئی تھی۔ بغداد۔ بلخ۔ مرورود اور مرو میں مشہور مشہور اشخاص ہین جو اس نسبت کے ساتھ منسوب کئے جاتے ہیں اور خصوصاً بلاد خراسان مین اس سلسلہ کے بہت سارے افراد پھیلے ہوئے ہیں اور خاص کر مرو مین اس جماعت کا ایک شعبہ ہے اور مختلف کتابوں میں ان کے بعض نام بھی دئے ہیں۔ مرو جو سنہ ۲۱۵ ھ تک خراسان اور ماوراء النہر کی فرمانفرمائی کا مرکز اور ظاہری امراکا مقر تھا حقیقت مین ایرانی نہضت کا بھی مرکز تھا۔ حتی کہ تیسری صدی کے آخر اور چوتھی صدی کے اوایل مین ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس جگہ کا مرزبان احمد بن سہل اپنے نسب کو ساسانیوں کے نسب سے ملا دیتا ہے اور خود مختاری کا دعوی کرتا ہے۔ اور وہ شخص جو رستم کے قصہ مین فردوسی کی روایات کا ماخذ تھا یعنی آزاد سرو اسی احمد بن سہل کے ہاں تھا۔ اسلئے یہ عجب نہیں کہ ایرانی قومی داستان کا ترانہ اس شہر سے "جومرو شاھجہان" سے ملقب تھا بلند ہوا ہو۔

مسعودی کے اشعار میں ایک نکتہ اور ہے یعنی تاریخ اور قصہ سرائی کے لئے مثنوی کی صنف کا استعمال اور نظم تاریخی کے لئے بحر ہزج کا انتخاب یہ دونوں باتیں قابل توجہ ہیں۔

منثور شاهنامے

داستان اور تاریخ ایران کی منثور کتابیں جن کا ہمیں پتہ چلتا ہے وہ منثور شاہنامے ہیں جو دقیقی اور فردوسی سے پہلے لکھے گئے ہیں اس میں تو کوئی شک ہی نہیں کہ فردوسی سے پیشتر منثور شاہنامے پائے جاتے تھے ان کا پتہ مختلف ماخذوں سے ملتا ہے۔ لیکن ان کی اصلیت اور وجود کے متعلق اس وقت تک ہمارے ہاں کوئی ذریعہ معلومات نہیں صاف طور پر یہ معلوم نہیں ہے کہ جن شاہناموں کا ذکر مختلف شاہناموں میں آیا ہے وہ ایک دوسرے کے نقل تھے یا علٰحدہ علٰحدہ مستقل تصانیف تھے۔

شاہنامہ ابو المویّد بلخی

ابو المویّد بلخی مشہور شاعر کے شاہنامہ کا جو ابو منصور بن عبد الرزاق طوسی کے حکم سے لکھا گیا تھا اور بعد میں (بموجب روایت دیباچہ شاہنامہ فردوسی) فردوسی نے اسکو نظم کیا ہے مختلف طریقوں سے پتہ چلتا ہے۔

اسکے علاوہ ابو علی محمد بن احمد بلخی کا بھی شاہنامہ ہے جسکی اطلاع ثعالبی نے کتاب غرر ملوک الفرس میں دی ہے۔

ابو المویّد بلخی کا شاہنامہ اس قسم کی کتابوں میں قدیم ترین ہے قدیم ترین ماخذ جس میں اس کتاب کا ذکر آیا ہے وہ تاریخ طبری کا فارسی ترجمہ ہے جسے بلعمی نے سنہ ۳۵۲ھ میں ترجمہ کیا ہے۔ اس میں جمشید کے خاتمہ اور اسکی اولاد و اعقاب کے نامون کے بیان میں اس طرح لکھا ہے۔ ”و پارسیان گویند بیرون از کتاب کہ بگریخت بزاولستان شد بحدیثی دراز و گویند دختر پادشاہ زاولستان بزن شد و پدر نداشت و پدرش امر بدست او کردہ بود پس چون دست بدختر دراز کرد پسری آمدش تور نام.....و حدیثها و اخبار ایشان بسیار گویند و ابو المویّد بلخی، بشاہنامہ بزرگ“

عنصر المعالی کی تالیف کتاب قابو سنامہ میں جو سنہ ٤٧٥ ھ کی تالیف ہے اس کتاب کا ذکر اس طرح آیا ہے کہ مقدمہ کتاب میں اسکے لڑکے گیلان شاہ کو خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے ۔ ,, و چنان زندگانی کن کہ سزای تخمہ پاك تو باشد کہ ترا ای پسر تخمہ واصل بزرگ است واز هر دو اصل کریم الطرفین و پیوستہ ملوك جہانی جدت ملك شمس المعالی قابوس بن وشمگیر کہ نبیرۂ آغش و ہادان است و آغش و ہادان ملك گیلان بودہ بروزگار کیخسرو و ابو المویّد بلخی ذکر او در شاہنامہ آوردہ و ملك گیلان باجداد تو از او یادگار ماندہ ۔,,

کتاب مجمل التواریخ کے مقدمہ میں جو سنہ ٥٢٠ ھ کی تالیف ہے ابو المویّد کی کتاب کا ذکر اس طرح آیا ہے ۔

,, ... ما خواستیم کہ تاریخ پادشاہان عجم و نسب و رفتار و سیرت ایشان در این کتاب علی التوالی جمع کنیم بر سبیل اختصار از آنچہ خواندہ ایم در شاہنامہ فردوسی کہ اصل است و کتابہای دیگر کہ شعبہای آنست و دیگر حکما نظم کردہ اند چون گرشاسف نامہ چون فرامرز نامہ و اخبار بہمن و قصہ کوش پیل دندان و از نثر ابو المویّد ..... چون اخبار نریمان و سام و کیقباد و افراسیاب و اخبار ہمہ را اسف و آغش و ہادان و کی شکن و آنچ در تاریخ جریر (طبری) یافتیم و سیر الملوك از گفتار دو روایت ابن المقفع و .....,,

ابن اسفندیار کی تاریخ طبرستان میں جو سنہ ٦١٣ ھ کے قریب میں لکھی گئی ہے ولایت رویان کے بیان کے ضمن میں ,, شاہنامہ مویدی ,, کا ذکر بھی اس طرح کیا ہے ۔

,, بنای این شہر در زمان فریدون بودہ و قتیکہ پسران او تور و سلم برادر خود شان ایرج را کشتند از وی دختری ماند دُرناحیہ کفور در ماوجہ کوہ ۔ فریدون در آن وقت

خیلی پیر بود و از روتهای او چنان افتاده بود که میبایستی آنها را ببندند۔ یگانه دعای او این بود که آن قدر زنده بماند تا انتقام قتل پسر عزیز خود را ببیند و او دختر ایرج را بیکی از برادرزادهای خود بزنی داد وقتیکه دختر طفلی زائید بچه را بفریدون پیر نشان دادند وی گفت : ماندچهرش بچهر ایرج ۔ ولهذا وی منوچهر نامیده شد چنانکه بنظم ونثر در شاهنامهای فردوسی مسطور شرح داده شده ۔

وی انتقام جد خود ایرج را گرفت پیش از آنکه فریدون از دنیا برود ۔،،

ابو المؤید بلخی کے شاهنامه سے متعلق ایک تازه اطلاع اس راقم (آقائی سید حسن تقی زاده) کو دستیاب هوئی هے یعنی اس شاهنامه کی نقل جسے تاریخ فارسی سیستان کے مولف نے کی هے اگرچه شاهنامه کے نام سے نہیں ۔

آقای مرزا عباس خان اقبال آشتیانی معلم دارالفنون طهران نے جو آجکل ایران کے نہایت قابل ستایش فضلا میں سے هیں ایک مقاله ،، شعر و موسقی قدیم ایران ،، کے عنوان سے لکھا هے معظم له نے موسیقی ایران اور سرود ،، کرگوی ،، کی بحث کے ضمن میں اپنے مضمون کے استشهاد میں تاریخ سیستان کی حسب ذیل عبارت درج کی هے ۔

،،و ابوالمؤید اندر کتاب گرشاسپ گوید که کیخسرو باز رباد گان رفت و رستم دستان باوی بود و آن تاریکی و پتیاره دیوان بفرایزد تعالی بدید که آذرگشسپ پیدا گشت ،،۔

جناب منظم له نے حاشیه پاورقی میں بهی جو ابوالمؤید سے متعلق هے لکھا هے که کتاب مزبور یعنی تاریخ سیستان میں کئی جگه ،، نام این ابوالمؤید و کتاب گرشاسب او ،، آیا هے ۔ اور ایک جگه تو صراحت کے ساته اس کتاب میں اسکو ابوالمؤید بلخی لکھا هے۔ اگرچه لفظ شاهنامه کا ذکر نہیں هے تاهم اس میں کچه شبه نہیں هے که اخبار گرشاسب بهی ابوالمؤید کی اس کتاب کا جزو هے جسے بلعمی اور عنصر المعالی اور ابن اسفندیار نے (بظاهر نه که بعنوان

اسم کتاب) شاهنامہ کہتے ہیں ۔ مجمل التواریخ میں اسے " نثر ابوالموید " لکھا ہے ۔ اور تاریخ سیستان میں اسکو یا اُس کی ایک جلد یا خاص فصل کو " کتاب گرشاسب " لکھا ہے ۔ اگرچہ یہ بھی ممکن ہے کہ ابوالموید نے اپنے شاہنامہ کے علاوہ جسکا وجود ثابت ہو چکا ہے کوئی دوسری کتاب اس عنوان سے لکھی ہو ۔

ان تمام قرینوں اور علامتوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابوالموید بلخی نے جو سامانیوں کے عہد کا مشہور شاعر اور قصہ یوسف علیہ السلام کو سب سے پہلے نظم کرنے والا ہے ایک کتاب ایران کے پہلوانوں اور سلاطین کے داستان اور تاریخ میں فارسی نثر میں لکھی تھی جو سنہ ۳۵۲ سے قبل یا اس تاریخ سے ایک عرصہ قبل لکھی گئی تھی کیونکہ اس زمانہ میں کتاب کی نثر و اشاعت کے لئے ایک مدت لازمی تھی تاکہ دوسری کتابوں کے مولفین اس کا تذکرہ کریں اور اس سے نقل کریں ۔ اور اس کتاب میں یقیناً ملک جمشید اور اسکی اولاد اعقاب کے حالات اور آغش دھادان کی داستان اور سام و نریمان و کیقباد ، افراسیاب مہراسف ، کسی شکن کے واقعات اور فریدون ۔ ایرج ۔ سلم و تور منوچہر کے احوال اور گرشاسب کی داستان مندرج تھی ۔

(باقی آئندہ)

محاورہ
مابین
یزدان و شاعر

از جناب محمد عبدالقیوم خان صاحب باقی ایم اے (عثمانیہ)

ریسرچ اسکالر فارسی جامعہ عثمانیہ

زخاک آفریدی گلستانِ عالم — بہشتِ برین را زخواب آفریدم

بہ ہر آفتابے، جہانے کشادی — زہر ذرۂ، آفتاب آفریدم

نہادی بہ سر، فکر گردون خرامے — بہ دل، دیدۂ ینم خواب آفریدم

سحاب آفریدی بہ روئے مہ و مہر — بہ رخہائے روشن نقاب آفریدم

سکونے نہادی بہ ہر موج دریا — بہ ہر لخت دل اضطراب آفریدم

دو عالم بہ تیغ اجل خم نمودی — جہانے بہ کنج خراب آفریدم

چو دیدم کہ طوفاں زدی روئے دریا — زگریہ دو چشم پر آب آفریدم

هندی ادب اور اسکا ارتقاء

از

جناب محمد رحمت اللہ صاحب بی۔ اے متعلم ال ال ، بی

هند آریائی زبانیں یورپ وایشیا کے کسی سرحدی مقام پر وہ قومیں آباد تھیں جو ایک مخصوص بولی بولتی تھیں اور اسی بولی سے مختلف زبانیں نکلی ہیں۔ ان اقوام میں ایک بڑی زبردست جماعت جسکو آریائی قوم کہتے ہیں جیحوں کے راستہ سے مشرقی جانب بڑھی اور جب یہ لوگ آگے بڑھے تو دو فرقوں میں بٹ گئے ، جن کی بولیاں بھی الگ الگ ہوگئیں۔ ان میں سے ایک بولی تو پہلوی و فارسی زبان کی ماخذ بنی اور دوسری اوس فرقہ کے ساتھ کابل کی طرف بڑھی اور وہاں سے شمالی ہندوستان میں پھیل گئی۔ آریائی قوم کا جو فرقہ ہندوستان میں آیا وہ ہند آریائی قوم کہلاتا ہے اور ان کی زبانوں کو ہند آریائی زبانیں کہتے ہیں۔ ہند آریائی زبان دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ایک سنسکرت اور دوسری پراکرت۔

سنسکرت قدیم زمانہ سے ادبی زبان رہی اور پراکرت بول چال کی زبان۔ چنانچہ سنسکرت کے معنی شستہ کے ہیں اور پراکرت کے معنی غیر شستہ کے ہیں ، جنکو مصنوعی و غیر مصنوعی بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس پراکرت یا غیر مصنوعی زبان کے سخت و ثقیل الفاظ رفتہ رفتہ بدلتے گئے لیکن پھر بھی پراکرتیں غیر ترکیبی رہیں۔ مختلف مقامات کی بولیاں آپس میں ایک دوسری سے بدلتی گئیں یہاں تک کے ان پراکرتوں کی ایک (Analytic) ترکیبی شاخ یعنی سنسکرت اتنی شستہ و مہذب زبان بنگئی کہ اوس نے فوراً ادبی صورت اختیار کرلی۔ پراکرتیں اپنے اخیر دور میں قبل اس کے کہ اس سے جدید ہند آریائی زبانیں نکلیں ، اپابھرنسا کہلانے لگیں اور یہی اپابھرنسا شمال ہند کی جدید زبانیں ہندی ، پنجابی اور مرہٹی کی ماخذ بنی۔

ماخوذ از گریرسن

یہ زبانیں تقریباً ۱۰۰۰ ع سے وجود میں آئی ہیں اور اب ترکیبی (Analytic) زبانیں بنگئی ہیں۔

ہندی ہندی کے معنی اچھی طرح ذہن نشین کرنا چاہئے کیونکہ ہندی عجیب و غریب مفہوم میں استعمال کیجاتی ہے مثلاً غلطی سے اس سے مراد پوری شمالی ہند کی بول چال کی زبان لی جاتی ہے، لیکن بقول گریرسن شمالی ہند میں چار بڑی زبانیں بولی جاتی ہیں یعنی (۱) راجستانی، (۲) مغربی ہندی (۳) مشرقی ہندی (۴) اور بہاری۔ ان میں سے ہر ایک زبان کی اصل جدا جدا ہے، بہاری کا تعلق زبانوں کے اوس مجموعہ سے ہے جسکی ایک شاخ بنگالی بھی ہے اور مغربی ہندی کا اسکی اصلیت کے لحاظ سے پنجابی کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ لفظ ہندی کا اطلاق بعض اوقات جدید ادبی اعلی ہندی (Modern literary High Hindi) پر بھی ہوتا ہے جو اردو سے بالکل علیحدہ ہے لیکن اصل میں اعلی ہندی (High Hindi) اور اردو دونوں مغربی ہندی سے ماخوذ ہیں۔ ایک اور لفظ ہندوستانی بھی ہے جس کا اطلاق اون تمام زبانوں پر ہوتا ہی جو شمالی ہند (پنجاب، سندہ اور بنگال) میں بولی جاتی ہیں لیکن ادبی ہندی اور اردو آپس ہندوستانی کی دو مختلف شاخیں ہیں۔ فی الوقت اردو ہمارے موضوع سے خارج ہے کیونکہ اس کا دائرہ عمل جداگانہ ہی، انشاءاللہ اسی سلسلہ میں آئندہ اس پر تفصیل سے روشنی ڈالی جائیگی۔

یہاں صرف راجستانی، مغربی ہندی، مشرقی ہندی اور بہاری سے غرض ہے۔ گو یہ چاروں زبانیں ظاہرا جدا جدا معلوم ہوتی ہیں لیکن در اصل مغربی ہندی، پنجابی کے ساتھ گہرا تعلق رکھتی ہے اور اسپر پنجابی و راجستانی کا گہرا اثر پڑا ہے اور دوسری طرف بہاری و بنگالی آپس میں ایک ہیں، برخلاف اس کے گو اردو مغربی ہندی کی ایک شاخ ہے لیکن وہ اپنے ادبی راستہ پر آپ خود الگ الگ چل رہی ہے اور گو اوس نے ابتدا میں اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ ہی کرلی تھی لیکن چابک دست معماروں نے اس چھوٹی

مسجد کی عمارت کو عالیشان کر کے اسکو اس قدر بلند کر دیا کہ نظر کام نہین کرتی اور عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام نے (خدا اس کے قائم کرنیوالے کو تا دیر قائم و بامراد رکھے آمین) اس اردو کی عالیشان عمارت پر وہ وہ ملمع کاریان کی ہیں کہ نگاہ پھر جاتی ہے سچ پوچھو تو اس وقت دل یہ چاہتا ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے اپنے موضوع سے ہٹ کر دل کھول کر اپنے جذبات کا اظہار کروں لیکن نوعیت بحث اس کے منافی ہے۔ برخلاف اردو کے مذکورۂ بالا چار زبانین ادبی لحاظ سے آپس مین ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہین اور اون رقبون مین جہان یہ زبانین بولی جاتی ہین اور جہان اردو سے کچھ سروکار نہین اعلی ہندی (High Hindi) ادبی زبان بنگئی ہے۔ اور ان زبانون کے استعمال کرنے والے ایک دوسرے کی زبان سمجھ سکتے ہین۔ اردو زبان بھی انہی زبانون مین شامل رہتی اگر اوس پر عربی و فارسی کا اثر نہ ہوتا۔

مغربی ہندی مغربی ہندی مختلف بولیون مین منقسم ہو جاتی ہے مثلاً مانگڑو جو کنگا کے مغربی اور پنجاب کے جنوب مشرقی حصہ مین بولی جاتی ہے۔ دوسری قسم برج بھاشا ہے جو متھرا اور اس کے ملحقہ اضلاع مین بولی جاتی ہے۔ جسطرح ریختہ اردو کی وہ شاخ ہے جو نظم کے لئے مخصوص ہے اسی طرح برج بھاشا مغربی ہندی کی وہ شاخ ہے جو نظم ہندی کے لئے وقف ہے، اور دو زبانین قنوجی و بندیلی بھی مختلف ممالک مین رائج ہین۔

دہلی مسلمانون کا قصر حکومت ہونے سے اس جگہ مختلف زبانون کی آمیزش اور حکومت کے سیاسی، معاشرتی، و ادبی اثر سے وہان ایک نئی زبان نے جنم لیا جس مین فارسی اور اس کے توسط سے عربی کے بے شمار الفاظ اور کچھ پنجابی و راجستانی کے الفاظ بھی شامل ہو گئے ہیں، اور آج کل برطانوی تسلط کی وجہ اردو زبان میں آئے دن انگریزی الفاظ داخل ہوتے جا رہے ہیں اور جو ایک دن زبان کے مستقل اجزا بن جائین گے اس قسم کے سیکڑون الفاظ مثال میں بیان کئے جا سکتے ہیں مثلاً تھیٹر، اسٹیج، سینما، اکٹنگ موٹر، سیکل، سمن، وغیرہ وغیرہ۔

اردو جیساکہ اُس کی پیدائش کے لئے زیبا تھا فارسی رسم الخط مین لکھی جاتی ھے - اردو کے معنی خیمہ یا لشکر گاہ کے ھیں چنانچہ اردو پہلے صرف لشکر کی زبان تھی اور وھیں بازاروں میں سوداسلف لین دین وغیرہ میں مستعمل تھی، مسلمان فتوحات کی وجہ سے اس زبان میں اس سرعت کے ساتھ ترقی ھوئی کہ وہ بہت جلد ادبی زبان بنگئی - جدید اعلی ھندی کو بھی اس طرح کی اردو سمجھو جو رسم الخط کی مغائرت کے علاوہ بجائے فارسی و عربی کے سنسکرت و ھندی الفاظ کی تابع ھے - بعض اوقات "کھڑی بولی" کا لفظ دھلی و میرٹھ کی اصلی زبان جس میں فارسی و عربی کی ھنوز آمیزش نہوئی تھی اور اُس جدید ھندی کے لئے مستعمل ھوتا ھے جو للو جی لال کی رواج دادہ ھے -

مشرقی ھندی کی مشہور شاخ اودھی ھے جو ادبی صورت میں پیش ھے - بھاری بہار میں بولی جاتی ھے - یہ ماگدھی کی ایک شاخ ھے اور ماگدھی کی دوسری شاخین بنگالی اور آسامی ھین -

ھندی کے حروف تہجی سنسکرت کے ھین ، رسم الخط دیوناگری ھے جو سنسکرت کے لئے بھی مستعمل ھے -

ھندی کی لغت یا الفاظ

الفاظ کی تعداد کا ایک بڑا حصہ وہ ھے جو فطرتی اور غیر احساسی طور پر قدیم ھند آریائی زبانوں سے اسمین داخل ھوگیا ھے اور جو زمانہ کے ساتھ ساتھ ترقی کرتا گیا ھے لیکن آجکل کی زبان مین عموماً ایسے الفاظ ملینگے جو براہ راست سنسکرت سے لئے گئے ھین، ان الفاظ کو (۱) تت سمہ الفاظ (The Same as that) کہتے ھین - دوسری قسم کے الفاظ کو (۲) تدبھوہ (of the nature of that) کہتے ھین جو تت سمہ کی طرح بالکل وھی تو نہین بلکہ انمیں قدرے تبدیلی ھوئی ھے - فارسی سے بھی چند الفاظ لئے گئے ھیں جو (۳) غیر ملکی الفاظ کہلاتے ھیں - اس قسم کے غیر ملکی الفاظ کا یہانتک رواج ھے کہ تلسی داس کی تصانیف بھی اس قسم کے الفاظ کی متحمل ھین -

بعض مصنفین "خالص هندی" بھی لکھتے ہین جس مین وہ الفاظ بکثرت ملینگے جو (۴) دیسیا یا دیسی کہلاتے ہین - اور جس مین فارسی یا غیر ملکی الفاظ کی مطلق آمیزش نہین ہوتی ، چند پورچگی الفاظ اور آجکل حکومت کے اثر سے بہت سے انگریزی الفاظ بھی هندی زبان مین داخل ہوتے جارہے ہین -

هندی عروض

عروض و بلاغت کی جتنی ترقی هندی مین ہوئی ہے شاید ہی کسی زبان مین ہوئی ہو ، اسکے اصول شاعری وہی ہین جو سنسکرت شاعری کے ہین - هندی شاعری کا دارومدار انگریزی کی طرح لہجون پر نہین بلکہ یونانی و رومی زبانونکی طرح ٹکڑون (Syllabeles) پر ہے - قافیہ و ردیف کی اسمین سختی کے ساتھ پابندی کی جاتی ہے - هندی شاعری کی سی شیرینی اور گھلاوٹ کسی اور زبان مین نہین پائی جاتی -

یوں تو هندی بحرین بکثرت ہین لیکن عام طورپر حسب ذیل مروج ہین :—


(۱) دوہا یا دوہرا :— دوہا ایک بیت ہے جسکے ہر مصرعہ کے دو دو جز ہوتے ہین اور ہر جز کے بارہ ماترے ہوتے ہین اسطرح پورے چار اجزا یا دو مصرعون مین ۴۸ ماترے ہوتے ہین ، یہ بحر تمام بحرون سے زیادہ مقبول و مروج و مستعمل ہے -

(۲) سورٹھا :— آلٹا ہوا دوہا ہوتا ہے یعنی دوہے کا دوسرا نصف حصہ یا جز سورٹھا مین پہلا ہوجاتا ہے اور پہلا جز دوسرا ہو جاتا ہے -

(۳) چوپائی :— یہ بحر چار مصرعون پر مشتمل ہوتی ہے جن مین سے ہر ایک مصرعہ مین سولہ ماترے ہوتے ہین - چوپائی بھی دوہے کی طرح زیادہ مقبول و مروج ہے -

اور دوسرے مستعمل و مروجہ بحرین کنڈلیا ، چوپائی ، کاویا ، ساویا اور کاوتا ہین -

ہند آریائی زبانوں کا نقشہ



(۲)

ہندی ادب پر ایک عام نظر

راجہ ہرش سنہ ۶۴۶ ء کے بعد جس نے شمالی ہند میں ایک بڑی حکومت قائم کر لی تھی، بد امنی و بد نظمی ایک زمانہ تک پھیلی رہی ، اس بد امنی کے دوران میں یعنی راجہ ہرش کے بعد سے مسلمانوں کی فتوحات تک راجپوتوں نے ہندوستان میں خوب شور مچا رکھا تھا چنانچہ انہوں نے اپنی چھوٹی چھوٹی حکومتیں بھی قائم کر لی تھیں ۔ گو کابل ، پنجاب اور سندھ پہلے ہی سے مسلمانوں کے زیر نگین تھے لیکن مسلمانوں کے اصلی فتوحات سنہ ۱۱۷۵ء سے شروع ہوتی ہیں جبکہ محمد غوری نے اپنے حملہ شروع کئے ۔ ان حملوں اور فتوحات سے خائف اور خانہ جنگیوں سے تنگ ہو کر ہندو راجاؤں نے سنہ ۱۱۹۱ ء میں اجمیر و دہلی کے چوہان راجہ پرتھوی راج کے تحت ایک جتھا قائم کیا ۔ اول اول تو اونہیں فتح ہوئی لیکن سنہ ۱۱۹۲ء میں انہوں نے شکست کھائی اور پرتھوی راج قید کر کے مار ڈالا گیا ۔ دہلی پر فوراً مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا اور انکی حکومت جاری رہی یہاں تک کے سنہ ۱۳۴۰ ء میں محمد بن تغلق کے عہد حکومت میں مسلمانوں کی ترقی ، اون کی قوت اور حکومت کی وسعت معراج کمال پر پہونچگئی تھی ۔ گو یہ سب کچھ تھا لیکن بعض راجپوت فرقے اور انکی حکومتیں پوری پوری طرح محکوم نہیں ہوئی تھیں تا این کے مسلمانوں کو آخر کار مجبوراً ان راجپوت حکومتوں سے بجائے جنگ کے صلح کر لینی پڑی ۔

یہ وہ زمانہ تھا جبکہ ہندوستان کی جدید مروجہ زبانوں کی تشکیل ہو رہی تھی اور ہندوستانی کی قدیم ترین ادبی صورت راجپوتانہ کی درباری شاعری کی شکل میں ظہور پذیر ہو رہی تھی ، راجاؤں کی فیاضانہ سرپرستی نے شاعروں کی ہمتیں بڑھا دی تھیں ۔ اس زمانہ کی ہندی ادبی پیداوار گو زیادہ تر مرثیہ اور افسانہ کی طرف مائل تھی تاہم ان میں واقعیت کا ایک پہلو یہ تھا کہ اسمیں ہندو راجاؤں اور مسلمان فاتحین کے درمیان لڑائیوں کا ذکر کیا گیا جس کے ضمن میں اونہوں نے اپنے ممدوحین کی دلیری ، ہمت ، بہادری ، ایثار ، بے نفسی ،

حب وطن ، اور قوم کی محبت کی راگ راگنیں گائی ہیں ۔ ان شاعروں میں سب سے زبردست و مشہور شاعر ، چند بردئی ، گذرا ہے جو پرتھوی راج کا درباری شاعر تھا اور جس کا تفصیلی ذکر آگے آئیگا ۔ چند بردئی کا معاصر جگ نائک تھا اور اس کے ساتھ ساتھ چودھوین صدی عیسوی کے وسط کا ایک مشہور شاعر سارنگ دھر بھی ہے ۔

رام کی پرستش کے عروج نے ، جو ابتدائی پندرھوین صدی عیسوی سے شروع ہوتی ہے ، مذہبی ادب کو بڑی قوت دی ۔

مسلمانوں کے اثر سے ہندی مین ایک بعد کا دور شروع ہوتا ہے جس کا مشہور ترین شاعر کبیر گذرا ہے ۔ اس تمام عبوری دور میں اون مذہبی تاثرات کے مختلف رجحانات ہیں جو اس زمانہ کے لوگون کے دلون میں پائے جاتے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سبھون نے اپنی بول چال کی زبان کو ادبی قالب میں ڈھال لیا یہ دور سنہ ۱۴۰۰ ء سے شروع ہوتا ہے جس کے مشہور شاعر نام دیو ، کبیر ، ودیاپتی ، میرابائی اور ملک محمد جائسی ہین ۔

راجپوتانہ کے درباری شاعرون نے جو زبان استعمال کی ہے وہ گویا تقریباً پراکرت (غیر شستہ ہندی) ہے اور یہ دور ہندی ادب کا عہد طفولیت کہلایا جاسکتا ہے (سنہ ۱۱۹۱ ء سے سنہ ۱۴۰۰ ء تک) ۔ لیکن دور دوم کے شعرا (ملک محمد ، کبیر وغیرہ) نے جو زبان استعمال کی ہے وہ بہ نسبت دور ماسبق یعنی دور اول کے زیادہ شستہ اور زیادہ ادبی زبان ہے اور یہی زبان آجکل کی ادبی زبان ہے ۔ یہ دور یعنی دور دوم ہندی ادب کا عہد شباب کہلایا جاسکتا ہے جو سنہ ۱۴۰۰ ء سے شروع ہوکر سولھوین صدی کے وسط تک قائم رہتا ہے ۔

ہندی ادب کا عہد زرین دراصل سنہ ۱۵۵۰ ء سے شروع ہوتا ہے ۔ مغل بادشاہون نے نہ صرف ملک کے سیاسی مسائل میں دلچسپی لی بلکہ اونہون نے ملکی ادب کی بھی

زبردست سرپرستی کی، فنون لطیفہ کا ان کے دربار میں خوب عروج رہا چنانچہ اکبر (۱۵۵۶ تا ۱۶۰۵ء) جہانگیر (۱۶۰۵ تا ۱۶۲۷ء) اور شاہجہان (۱۶۲۷ تا ۱۶۵۸ء) کے عہد میں ہندی ادب کو کافی فروغ نصیب ہوا، اس دور میں ہندی ادب کے شعرا ماہتاب و آفتاب کی طرح چمکے جن میں سے مشہور تلسی داس، سور داس اور بہاری لال ہیں۔

ہندی ادب کا تیسرا دور (۱۵۵۰ تا ۱۸۰۰ء) مغل حکومت کے زوال تک قائم رہتا ہے اور مغلوں کے زوال کے ساتھ اس دور کا بھی زوال ہو جاتا ہے۔

اس کے بعد انیسویں صدی کی ابتدا سے یعنی سنہ ۱۸۰۰ء سے حال تک ہندی کا جدید دور ہے یہ آخری اور چوتھا دور مغلوں کی تباہی اور انگریزی سلطنت کی ابتدا سے شروع ہوتا ہے، انگریزی حکومت نے جہاں ہندوستان کی سیاست، معاشرت، تمدن اور میلان طبع کو بدلا وہاں ہندوستانی ادب پر بھی اسکا کافی اثر پڑا، جس اثر کے تحت اردو ادب نے اپنا رخ بدلا وہی اثر ہندی ادب پر بھی پڑا، چنانچہ اردو کی طرح ہندی ادب کے دونوں پہلو ظاہری و باطنی یعنی خیال و طرز ادا (معنی و الفاظ) میں مغربی اثر صاف نمایاں ہے، یہ دور عبوری دور ہے، اس دور کی ابتدا میں للوجی لال نے جدید ہندی نثر کی بنا ڈالی جس کو انہوں نے اظہار خیالات اور واردات کا بہترین حکندار آلہ بنا دیا۔ مطبعوں کی زیادتی نے ادب کو خوب پھیلایا۔ ہندی نظم کا عبوری دور رشچندرا سے شروع ہوتا ہے۔ اس دور میں ہندی ڈرامہ کو بھی کافی فروغ ہوا۔

ہندی ادب کی ابتدا اور اس کے ارتقائی مدارج کے دور حسب ذیل ہو سکتے ہیں:۔

(۱) دور اول (قدیم راجپوتانہ کی درباری شاعری) سنہ ۱۱۵۰ع سے سنہ ۱۴۰۰ع تک۔
اس دور کے مشہور شاعر چند بردئی، جگ نائک اور سارنگ دھر ہیں۔

(۲) دور دوم (مذہبی شاعری کا دور) سنہ ۱۴۰۰ع سے سنہ ۱۵۵۰ع تک۔

اس دور کے مشہور شاعر نام دیو ، کبیر و دیا پتی ، میرا بائی اور ملک محمد جائسی ہیں۔

(۳) دور سوم (مغل سلطنت کا دور) سنہ ۱۵۵۰ع سے سنہ ۱۸۰۰ع تک۔

اس دور کے مشہور شاعر تلسی داس ، سورداس ، اور بہاری لال ہیں۔

(۴) دور چہارم (جدید دور یعنی انگریزی حکومت کی ابتدا سے حال تک)

سنہ ۱۸۰۰ع سے حال تک۔

اس دور کے مشہور ادیب للو جی لال اور مشہور شاعر ہریشچندر ا ہیں۔

قدیم درباری شاعری

دور اول (سنہ ۱۱۵۰ع سے سنہ ۱۴۰۰ع تک)

ان درباری شاعروں نے اپنے ممدوحیں کی دلیری ، بہادری ، جنگجوئی وغیرہ کے قصے اور واقعات بیان کئے ہیں۔ اس دور کے شعرا کی قدیم ترین یا ابتدائی زبان مقامی پراکرت تھی لیکن بتدریج ترقی کرتے کرتے وہ اب ادبی زبان بن گئی ہے۔ سنہ ۱۰۰۱ع مین بسال دیو اجمیر کا راجہ تھا اوس وقت جب کہ محمود غزنوی کا ہندوستان پر پہلا حملہ ہوا تھا۔ اوس زمانہ کی ایک چھوٹی سی نظم ، جس کا نام "بسال دیو ارسو" ہے اور جس مین بسال دیو کی مدح کی گئی ہے ، پائی جاتی ہے۔ لیکن نہ تو اس کے مصنف کے نام کا پتہ چلتا ہے اور نہ اس کو ہندی ادب مین شمار کیا جا سکتا ہے۔ ہندی ادب کا شمار دراصل "پرتھوی راج راسو" کی تصنیف سے ہوسکتا ہے جو سنہ ۱۱۹۱ع میں لکھی گئی ہے اور جو بقول جارج گریرسن خالص اپابھوم ساسور اسینی پراکرت سے مملو ہے۔

چند بردئی پرتھوی راج ، جس کو رائے پتھورا بھی کہا جاتا ہے ، سنہ ۱۱۵۹ع مین پیدا ہوا اور ۱۱۹۲ع مین قتل کیا گیا ، یہ اجمیر و دہلی کا حکمران راجہ تھا ، اس کو علم و ہنر

سے بڑا شغف تھا اور باکمال شاعروں کی فیاضانہ سرپرستی کرتا تھا چنانچہ علاوہ دوسرے شاعروں کے چند بردئی اس کے دربار کا مشہور شاعر تھا جس کو دربار مین راج کوئی (ملك الشعرا) کا رتبہ حاصل تھا، کہا جاتا ہے کہ دورسوم کا سوردا اس شاعر اسی کی اولادون مین سے تھا۔ اس نے پرتھوی راج کے دربار مین رسائی حاصل کی اور اوس کا وزیر اور ملك الشعرا بن گیا۔ اس کی سب سے اہم اور مشہور تصنیف "پرتھی راج راسو" ہے۔ یہ مشہور نظم ۶۹ کتابون پر مشتمل ہے اور اس مین تقریباً ایك لاکھ اشعار ہین جس مین شاعر نے اپنے سرپرست و ممدوح کی زندگی کے حالات و اس کے فتوحات اور اپنے زمانہ کی تاریخ بھی لکھی ہے۔ چند بردئی اور اس کا ممدوح دونون سنہ ۱۱۹۲ع مین تارائن (Tarain) کی جنگ مین کام آئے۔ پرتھی راج راسو مین تاریخ کے ساتھ ساتھ افسانے اور فرضی قصے بھی بیان کئے گئے ہین کیون کہ اس میں بعض لڑائیان پرتھی راج اور سلطان شہاب الدین کے درمیان بالکل غیر تاریخی ہین، کیون کہ اس مین مغلون کا عمل دخل ہندوستان کی تاریخ مین اسوقت سے بتلایا گیا ہے جب کہ اون کا ہندوستان میں قدم تك نہیں آیا تھا۔ مغلون کے ظہور سے تیس سال قبل پرتھی راج کے ساتھ آن کی جنگ ہونا بتلایا گیا ہے لہذا یہ واقعہ بالکل فرضی اور من گھڑت ہے۔ لیکن یہاں ہمین اس کی تاریخی صحت و غیر صحت سے کچھ واسطہ نہین، یہاں اس کی صرف ادبی حیثیت دیکھنی ہے۔ ادبی نقطۂ نظر سے پرتھی راج راسو قدیم ترین ہندی نظم کی کتاب ہے۔

جگ نائك جگ نائك، چند بردئی کا معاصر تھا اور بندیلکھنڈ مین مہوبا (Mahoba) کا درباری شاعر تھا۔ اس کی تصنیفات ہم تك نہین پہونچ سکین، صرف "مہوبا کھنڈ" ملتی ہے اور وہ بھی سینہ بہ سینہ چلی آئی ہے۔ یہ نظمین اب تك پیشہ ور گویون سے گائی جاتی ہیں لیکن ان میں حسب موقع ترمیم کرلی جاتی ہے، اس کے ایك حصہ کا انگریزی میں بھی ترجمہ کیا گیا ہے۔

سارنگ دھر سارنگ دھر، جس نے چودھوین صدی کے وسط مین فروغ حاصل کیا ھے . کہا جاتا ھے کہ چند بردئی کی اولادوں مین سے تھا ۔ اس کی دو نظمیں بہت مشہور ھین ایک ,, ھامیر راسا ،، اور دوسری ,, ھامیر کاویہ ،، جن مین رنتھمبھور کے شاھی دربار کی تاریخ ھے ۔ ان میں علاؤ الدین کے مقابلہ مین ھامیر کی شجاعت و دلاوری کا ذکر ھے ، جو علاؤ الدین کے ھاتھ سے مارا گیا تھا ۔

ان شاعروں کے جانشینوں نے بھی آئندہ ھندی ادب میں نمایاں کام کئے ھین جن کا ذکر آگے آئیگا ۔ ان کی ذھنی پیداوار نہ صرف ادب مین بلکہ تاریخ مین بھی ایک بیش بہا اضافہ ھے ۔

اس دور کے دیگر شعرا بھوپاتی ، تلاسنگھ ، ملا داؤد اور امیر خسرو ھین جن کو چودھوین صدی عیسوی مین فروغ حاصل ھوا ۔

(۲)

ابتدائی مذھبی شاعری

,, دور دوم ،، سنہ ۱۳۰۰ع سے سنہ ۱۵۵۰ع تک

ویشناو تحریک شمالی ھند مین ویشناو تحریک سے ھندی ادب کا ایک نیا ارتقائی دور شروع ھوتا ھے ، مسلمان فتوحات سے ھندو مذھب کو سخت صدمہ پہونچا تھا لیکن پھر بھی وہ معدوم نہین ھونے پایا ، ویشناوا تحریک سے اس کی دبی ھوئی آگ بھڑک اٹھی ، اس تحریک کا مدعا یہ تھا کہ ھندوؤں کے دلوں مین اوتار کا عقیدہ جمائیں ، اس نئی تحریک کو چو طرف بڑی مقبولیت اور ھردل عزیزی حاصل ھوئی اور یہ مقبولیت اس کے ھندی ادب (بجائے سنسکرت کے) کی وجہ دگنی ھو گئی اور اسی ادبی اھمیت سے

یہاں ہمیں سروکار ہے، یہ مان لیا گیا ہے کہ اس تحریک کے اصل بانی رامانندا تھے جن کے بہت سے چیلے پیدا ہوتے گئے، اس تحریک کے اثر سے بھکتی (عقیدتمندی یا مذہبی) شاعری نے جنم لیا۔

اس دور کے مشہور شاعر حسب ذیل ہیں :—

نام دیو یہ مرہٹواڑی علاقہ کے باشندے تھے اور شاید پنڈرپور میں رہتے تھے انکو سنہ ۱۴۰۰ اور سنہ ۱۴۳۰ کے درمیان فروغ ہوا، وہ ذات کے درزی تھے، انکی عمر کا کچھ حصہ اوباشی میں گذرا لیکن بعد میں تائب ہوکر اس زمرہ میں شامل ہوگئے، انکی تصنیفات میں متعدد مرہٹی گیت پائے جاتے ہیں، وہ شمالی ہند میں بڑے زبردست مذہبی لیڈر کی حیثیت رکھتے تھے، انہوں نے ہندی میں بہت سی نظمیں لکھی ہیں جو گرنتھ (granth) میں محفوظ ہیں، اسوقت شمالی ہند میں شاعری کا جو نیا مذہبی دور شروع ہوا تھا اسکے پہلے نمائندے نام دیو ہی تھے۔ نیا مذہب یہ تھا کہ سنہ ۱۴۳۰ء میں رامانندا نے وعظ و تلقین شروع کی کہ رام کے نام سے خدا کو پوجنا چاہئے اور رام جی ہی برائیوں سے نجات دلا سکتے ہیں جن کے متعلق پکا عقیدہ (بھکتی) رکھنا چاہئے۔ رامانندا نے بنارس کو اپنا مرکز بنا کر وہاں سے مذہب کی اشاعت کی اور چو طرف سے قبولیت کی صدا گونجنے لگی، انہوں نے توحید کی تعلیم دی اور کہا کہ صرف ایک خدا کو پوجنا چاہئے جس میں بہ نسبت جسمانیت و مادیت کے روحانیت کا عنصر غالب ہو اور وہ رام جی ہیں۔ رامانندا کے پیروؤں نے سنسکرت کے استعمال کو عملاً ترک کردیا اور یہ ہندی ادب کی ترقی کا زبردست سبب ہوا۔

کبیر (سنہ ۱۴۴۰ء سے سنہ ۱۵۱۸ء تک) خواہ بحیثیت شاعر یا بحیثیت مذہبی پیشوا وہ رامانندا کا سب سے بڑا پیرو تھا۔ وہ ایک مسلمان جولاہہ تھا، اس کی پیدائش کے متعلق عجیب عجیب روایتیں چلی آتی ہیں، ایک روایت یہ بھی ہے کہ وہ دراصل ایک برہمن بیوہ کا

لڑکا تھا لیکن مارے شرم کے اس کی ماں نے اس کو بنارس کے قریب ایک کنڈہ مین ڈالدیا تھا جہان سے ایک مسلمان جولاہہ نیرو اور اس کی بیوی نعمہ نے اس کو اٹھالا کر اپنے گھر مین اس کی پرورش کی اور اپنے بچہ کی طرح اس کو پالا پوسا۔

کبیر کا مذہب ابتدا میں کچھ عجب درمیانی مذہب تھا نہ تو پورا ہندو اور نہ پورا مسلمان بلکہ موحد۔ اس کو جب نگرو (بغیر گرو کے) ہونیکا الزام لگایا گیا تو اس نے بعد آزمائش رامانندا کی پیروی اختیار کی اور ان کے چیلون مین شامل ہوگیا لیکن تلقین، ہدایت اور عقیدت مین وہ اپنے گرو سے بھی دو قدم آگے تھا۔ اس کے خیالات مین مسلمانی اثر بھی پایا جاتا ہے، وہ رام کے ساتھ ہری، گووند اور اللہ کا بھی نام لیتا ہے۔ وہ اپنے مذہب کا بانی ہے جو ''کبیر پنتھ'' کہلاتا ہے۔ وہ اوتار کے عقیدہ کا مخالف تھا اور بت پرستی و دیگر ہندو رسوم کے خلاف وعظ و تلقین کرتا تھا۔ کبیر کا اثر مذہب اور ادب دونوں پر مسلم ہے۔ اس کا مذہبی اثر اس کے فرقہ ''کبیر پنتھ'' تک محدود نہین بلکہ شمالی ہند کے ہندؤں مین اس کا مذہبی اثر عام تھا۔ اوس نے نہ صرف ہندو عقیدون بلکہ بعض مسلمان عقیدون کو بھی چھیڑا ہے اور ان کی مخالفت کی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ سکندر لودھی نے اس کا پیچھا اٹھایا تھا کیونکہ ہندو اور مسلمان دونون نے اس کو قابل الزام ٹھہرایا تھا آخرکار بادشاہ کے حکم سے اوس کو بنارس سے جلاوطن کردیا گیا۔

کبیر کی نظمین تعداد میں بہت ہیں جن کو خود اوس نے مرتب نہیں کیا بلکہ اوس کے چیلون نے اونہین یاد رکھا اور مرتب کیا، اس مجموعہ مین بعض نظمیں اوس کی اصلی نہین معلوم ہوتیں۔ ایک مجموعہ آدی گرنتھ میں محفوظ ہے اور ایک مجموعہ بجک (Bijak) مین ملتا ہے۔ اس کی ایک مذہبی ہدایت کی کتاب کبیر پنتھ بھی ملتی ہے۔ اس کی نظمین مختلف بحرون میں ہیں۔ کبیر کی تصانیف کا ایک اور مجموعہ جس کو خاص گرنتھ کہتے ہیں بنارس میں اس کا مستقر ملتا ہے جس میں کہا جاتا ہے کہ بیس مختلف کتابیں شامل ہیں۔

بیجك مین اوس نے جو زبان استعمال کی ہے وہ ہندی کی قدیم اودھی زبان ہے۔ کبیر کی نظمین کچھ زیادہ شستہ و پاکیزہ نہین اور نہ اسٹائل سادہ و عام فہم ہے، گرامر کا بھی ان مین پورا لحاظ نہین رکھا گیا ہے، لفاظی، ایہام، ضلع جگت اور مغلق ترکیبین، دوراز کار تشبیہات، بعید از قیاس استعارات نے زبان کو نا قابل فہم بنا دیا ہے با این ہمہ کبیر کا درجہ ہندی ادب مین نہایت اہم و اعلی ہے۔ مذہبی نقطۂ نگاہ سے اس کی ادبی پیداوار قابل عزت ہے، اپنے زمانہ کے مروجہ اعتقادات کی جس جوش، قوت اور استقلال سے اوس نے مخالفت کی ہے اور ان کا مقابلہ کیا ہے وہ حقیقت مین قابل داد ہے۔ مذہب کا رخ بدلدینا کوئی آسان کام نہین، کسی سطحی و معمولی قابلیت رکھنے والے کا یہ کام اور یہ دل گردہ نہین ہوسکتا کہ جمہور کے اور خصوصاً جاہلون کے عقیدون پر حملہ کر کے اون کو اپنے اعتقادات کے سانچے مین ڈھال لے۔ اس مہتم بالشان منصوبہ کے لئے اوس نے اپنی شاعری سے بیحد کام لیا۔ ظاہر ہے کہ ہر کام مین جاہے وہ مذہبی ہو یا معاشرتی، جب سیاست، قوت، زور اور زر سے کام نہین چلتا وہان شاعری بے انتہا مفید ثابت ہوتی ہے اور اس کے ذریعہ سے عموماً شاعر بڑے بڑے ارادون مین کامیاب ہوئے ہین۔

کبیر کو ہندی لڑیچر کا باوا آدم کہنا ایک قسم کی ہٹ دھرمی ہے کیونکہ اس سے قبل ہمین معلوم ہوگیا ہے کہ شعراء نے ہندی ادب کا وجود پیدا کر دیا تھا ہان البتہ کبیر کو اس کا پہلا مدون یا یہ کہنا اس سے زیادہ صحیح ہوگا کہ اوس نے مذہبی ادب کو کافی فروغ دیا اور اس لحاظ سے وہ پہلا زبردست مذہبی ادبی شاعر کہلا یا جاسکتا ہے یا اگر مین غلطی پر نہون تو یون سمجھ لیجیئے کہ ہندی ادب مین کبیر کو وہی درجہ حاصل ہے جو اردو ادب مین ولی اورنگ آبادی کو۔

کبیر کا بیٹا کمال بھی شاعر تھا جس نے اپنے باپ کی ہر بات مین تردید کی ہے۔

کبیر کی نظمون کے ترجمے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کے اس مین لطافت خیال

اور طرز ادا کی جدت بہت کم پائی جاتی ہے۔ زبان پر گو اسے قدرت تھی لیکن بیان پھسپھسا معلوم ہوتا ہے۔

نانک | کبیر کی تبلیغ و اشاعت مذہب نے جو مختلف فرقے پیدا کئے اون میں سب سے زبردست فرقہ سکھون کا ہے جس کا بانی نانک تھا۔ نانک نے ستائیس برس کی عمر میں کبیر سے ملاقات کی۔ کبیر کا اثر نانک پر نہایت گہرا نظر آتا ہے کیونکہ سکھہ گرنتھہ میں کبیر کی نظمیں پائی جاتی ہیں۔ علاوہ اس کے نانک کے اصول و عقائد کبیر کے اصول و عقائد سے نہایت مشابہت رکھتے ہیں۔

نانک کی گیتیں اور مناجاتیں پنجابی اور ہندی کی مخلوط زبان میں ہیں، اس موقع پر ملحوظ رہے کہ پنجابی کا اثر ہندی پر اتنا گہرا پڑا کہ ان دونوں کی ایک مخلوط زبان نانک کے کلام میں پائی جاتی ہے۔ گو بحیثیت ایک شاعر کے نانک کا درجہ کبیر سے بہت کم ہے تاہم اسکی نظموں میں پاکیزگی، شستگی اور سادگی پائی جاتی ہے اور وہ اثر و تاثر سے لبریز معلوم ہوتی ہیں۔ اسکی نظمون، گیتوں اور مناجاتوں کا مجموعہ سکھہ گرنتھ میں ملتا ہے۔

کرشنا بھکتی :—(The Krishna Cult)

رامانندا کبیر اور نانک کے پیرو رام کو خدا مانتے تھے۔ اور اسکے ساتھہ ساتھہ بت پرستی کی بھی اجازت تھی لیکن کبیر اور نانک کے ہاں بت پرستی ممنوع تھی اور یہ (کبیر و نانک) رام کو غیبی خدا مانتے تھے نہ کہ اوتار۔ ایک اور جماعت تھی جو خدا کو کرشنا اوتار میں مانتی تھی اور اس عقیدہ کی اشاعت بھی مذہبی ادب سے ہوئی۔ جو ملکی زبان میں نمایاں کیا جاتا ہے۔

ودیاپتی | ودیاپتی ٹھاکور پندرھوین صدی کے وسط میں بہار میں رہتا تھا۔ وہ مشرقی ہندوستان کا سب سے زیادہ مشہور ویشنوا شاعر ہے۔ وہ گویون کے ایک اسکول کا بانی تھا۔

جو پورے بنگال مین پھیلے ہوئے تھے اسکی متعدد سنسکرت تصنیفات ہین۔ اسکی شہرت کا زیادہ تر دارومدار بہاری زبان کی نظمون پر ہے، ان مین اوس نے رادھا کا عشق کرشنا سے تمثیلا بیان کیا ہے۔ اس کی نظمون مین بڑا ادبی اقتدار پایا جاتا ہے اور مشرقی ہندوستان کی ادبیات مین اوس کا بڑا حصہ ہے۔

میرا بائی ودیاپتی کے زمانہ مین یا کچھ ہی دنون کے بعد (سنہ ۱۴۷۰ء) مغربی ہندوستان مین ہندی کی مشہور شاعرہ میرا بائی نے فروغ پایا، اوس کی نظمون نے کرشنا مذہب کی اشاعت مین بڑی مدد دی۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ راجپوتانہ کی شہزادی تھی جو بھوج راج، میور کے مہاراجہ، کے ساتھ بیاہی گئی تھی۔ میرا بائی بچپن ہی سے کرشنا کی پکی معتقد تھی اور وہ سادھؤن کی بڑی خاطر و مدارات کرتی تھی۔ میرا بائی کی نظمون مین کرشنا کے ساتھ پکے اور گہرے اعتقاد کا اظہار ہے کو بعض نظمون مین اوس نے رام کو بھی نا خدا کے م سے یاد کیا ہے۔ اس کی نظمین برج بھاشا مین ہین اور نہایت لطیف اور پاکیزہ ہین، گجراتی کی بھی بعض نظمین میرا بائی کی طرف منسوب کی جاتی ہین۔

اوس زمانہ کے بھکتی اعتقادات تین طرح کے تھے:—

(۱) وہ جو رام کو اوتار مانکر اوس کی پرستش کرتے اور ساتھ ساتھ بت پرستی بھی کرتے تھے۔

(۲) وہ جو خدا کی پرستش رام کے نام سے کرتے تھے لیکن اُن کے ہان بت پرستی منع تھی۔

(۳) وہ جو کرشنا کی پرستش کرتے تھے۔

پہلی قسم کے اعتقادات کے حامی رامانندا اور اون کے پیرو تھے۔
دوسری قسم کے اعتقادات کے حامی کبیر و نانک اور اون کے پیرو تھے۔
تیسری قسم کے اعتقادات کے حامی ودیاپتی اور میرا بائی تھے۔

یہ تینوں قسمیں ویشنوا تحریک میں شامل ہوسکتی ہیں۔ ان تینوں مذہبوں کے نمائندوں نے ہندی زبان ہی کو اپنا آلۂ تبلیغ بنایا جس کی وجہ سے ہندی ادب کی اس دور میں خاصی ترقی ہوئی۔

ملک محمد جائسی اس مذہبی دور میں ایک درباری شاعر بھی ملتا ہے جس کی درباری شاعری پر ایک حد تک مذہبی ادب کا بھی اثر معلوم ہوتا ہے، یہ ملک محمد جائسی تھا جس نے تقریباً سنہ ۱۵۴۰ء میں فروغ حاصل کیا اور اس نے ایک تصنیف پدماؤتی کے نام سے کی۔ ملک محمد ایک مسلمان متقی پرہیزگار تھا جس پر کبیر کا گہرا اثر پڑا تھا۔ ملک محمد امیٹھی کے راجہ کا بڑا چہیتا تھا اور اس کے دربار میں اس کو بڑا رسوخ حاصل تھا۔ پدماؤتی کے علاوہ اس نے ایک مذہبی نظم اکھاروت کے نام سے لکھی ہے۔ پدماؤتی میں اس نے پدمنی اور علاؤالدین شہنشاہ دہلی کا واقعہ بیان کیا ہے لیکن اخیر میں وہ کہتا ہے کہ یہ قصہ ایک تمثیل ہے۔ چتوڑ، جسم۔ رتن سین، روح۔ پدمنی، عقل۔ علاؤالدین، فریب۔ طوطا، گرو وغیرہ وغیرہ ہیں۔ اسکی نظم میں فارسی الفاظ بکثرت پائے جاتے ہیں۔ وہ پہلے فارسی رسم الخط میں لکھی گئی تھی اور بعد میں ہندی میں۔ اس کو ہندی ادبیات کے شہ کار میں شمار کرنا چاہئے اس میں شاعرانہ تخیل اور حسن بیان پایا جاتا ہے۔

(۳)

مغلیہ سلاطین کا دور

"دور سوم" (سنہ ۱۵۵۰ع سے سنہ ۱۸۰۰ع تک)

ہندی نظم پر نیا اثر اگرچہ مسلمانوں کی مذہبی زبان عربی ہے لیکن اونکی دفتری و درباری زبان ہندوستان میں فارسی تھی۔ بہت سے ہندؤں نے جن کو دربار سے کچھ نہ کچھ تعلق تھا، فارسی زبان سیکھی اور جب اردو ادب کو

ترقی ہوئی اوس کا سنگ بنیاد بھی فارسی تھا۔ گو ہندی زبان کے ادب اور ان کی ترقی میں فارسی کا کوئی بالراست اثر نہیں پڑا تاہم ہندؤں کی فارسی دانی کا اس پر قابل لحاظ اثر پڑا ہے۔ فارسی شاعری کے پاکیزہ خیالات اور اعلی مضامین فارسی داں ہندؤں کے توسط سے ہندی زبان و ادب میں اپنا دخل پیدا کرتے گئے اور اسطرح ہندی شاعری کا معیار بہ نسبت پہلے کے زیادہ بلند ہو گیا۔ قصہ مختصر یہ کہ مغلیہ دربار کی سرپرستی میں سولھوین صدی عیسوی کے وسط سے ہندی ادب میں کافی ترقی ہوئی۔ یہاں تک کے یہ دور بھی ایک ممتاز اور نمایاں دور ہندی ادب کا قائم ہو گیا۔

سب سے پہلا مسلمان بادشاہ اکبر تھا جس نے ہندی ادب کی نہایت زبردست سرپرستی کی۔ وہ بڑا علم دوست اور ادب شعار بادشاہ تھا۔ فنون و ادب کا زبردست سرپرست تھا۔ اس کے دربار سے شاعرون کو بیش بہا صلے و انعامات ملتے تھے۔ مثل دوسرے ادبوں کے ہندی ادب کو بھی اس کے زمانہ میں بہت فروغ ہوا۔

اکبری دربار کے شعرا

خود اکبر چند چیدہ چیدہ ہندی نظمون کا مصنف ہے جن مین اوس نے خود کو اکبر رائے لکھا ہے، شاید یہ نظمیں درباری مطرب تان سین سے گوائی جاتی تھیں، اکبری دربار کے ورزا بھی شعراء گذرے ہیں۔ راجہ ٹوڈرمل نے ہندؤں کو فارسی سیکھنے کی ترغیب دی اور اسطرح اوسنے اردو زبان پر بڑا احسان کیا کہ ہندؤن کی ہندی اور جدید فارسی دانی کے اختلاط و میل سے ایک نئی زبان اردو پیدا ہوئی اور بعجلت تمام ترقی کرتے کرتے اس نوبت کو پہونچی ہے۔ خود راجہ ٹوڈرمل بھی ہندی شعر کہتا تھا۔ راجہ بیربل بھی اکبری دربار کا مطرب شاعر تھا۔ اکبر نے اوسے ملکت الشعراء (کوئی رائے) کا خطاب دیا تھا۔ اوسکی مذاقیہ نظمیں مشہور ہیں۔

اکبری دربار کے دیگر شعرا حسب ذیل ہیں:—

راجہ منوہر داس۔ جے پور کے مہاراجہ مان سنگھ۔ ابو الفضل فیضی موخر الذکر نہ صرف فارسی شاعر تھا بلکہ ہندی دوہے بھی اس کے مشہور ہیں۔ اکبر کے وزراء میں سب سے ماہر ہندی شاعر عبد الرحیم خانخانان تھا اور وہ عربی، فارسی سنسکرت اور ہندی کا، ماہر تھا۔ علاوہ خود شاعر ہونے کے وہ بہت سے شاعروں کا سرپرست بھی تھا۔ اُس کی ہندی نظمیں زیادہ تر اخلاقی ہیں۔

تان سین گوالیار کا باشندہ۔ اسکو اکبری دربار میں سنہ ۱۵۶۰ء سے سنہ ۱۶۱۰ء تک فروغ حاصل رہا۔ وہ نو مسلم تھا۔ اپنے زمانہ کا مشہور گویّا اور اکبری دربار کا مطرب شاعر تھا اکبر اس کے ساتھ پیدریغ سلوک کیا کرتا تھا۔ اوسکے تصانیف نے سنگیت سار اور راگ مالا ہیں۔ علاوہ ان درباری شعرا کی اکبری عہد میں دو سب سے زبردست شعرا تلسی داس اور سورداس ہوے ہیں، جن کا ذکر آگے آئیگا۔ اس زمانہ میں بندیلکھنڈ میں ایک زبردست شاعر کیساؤ داس گذرا ہے جس نے ان شاعری پر بیش بہا تصانیف کی ہیں۔ کیساؤ داس کی شاعری عام فہم نہیں ہے لیکن وہ بڑے پایہ کا شاعر تھا۔ اوسکی تصانیف پر بہت سی شرحیں لکھی گئی ہیں۔ اسکی خاص طرز کے چند پیرو بھی پیدا ہو گئی تھے۔

جہانگیر و شاہجہان کے درباری شعرا ہندی ادب میں اکبر کی مساعی جمیلہ کی یادگاریں اس عہد تک باقی رہیں، جہانگیر و شاہجہان نے بھی اکبر کی طرح شعرا کی حمایت وسرپرستی کی۔ شاہجہان کے بیٹے دارا شکوہ نے علم وادب کی بڑی سرپرستی کی حتی کہ اورنگ زیب جیسے شہنشاہ کے عہد میں بھی کوئی رائے کا عہدہ قائم تھا۔ سندر، شاہجہان کے دربار کا کوئی رائے تھا اس نے برج بھاشا میں سنگھاسن بتیسی کی تصنیف کی جس کا بعد میں للوجی لال نے اردو میں ترجمہ کیا۔

شاہجہان و اورنگ زیب کے زمانہ میں تری پاتھی برادروں (Triphathi Brothers) کی شاعری کو بہت فروغ ہوا۔

شاھجہان کے عہد کے دوسرے شعراء حسب ذیل ھیں —

سرسوتی بنارس کا برھمن تھا۔ سنہ ۱۶۵۰ء میں اس کو فروغ حاصل ھوا۔ وہ سنسکرت کا بڑا عالم تھا۔ شاھجہان کے حکم سے اس نے ھندی نظم لکھنی شروع کی۔ اس کی ھندی نظموں کے ممدوحین میں شاھجہان اوردارا شکوہ ھیں۔

تلسی سنہ ۱۶۵۵ء میں اس کو فروغ ھوا۔ اس نے مختلف شاعروں کے نظموں کا ایک خوبصورت گلدستہ تیار کیا جس کا نام ,, کوئی مالا ھے ،، اورجس میں سنہ ۱۴۴۳ء سے سنہ ۱۶۴۳ء تک کے شعرا کا منتخب کلام ھے۔

بھاری لال چوب اس زمانہ کا سب سے مشہور ھندی شاعر بھاری لال گذرا ھے جو ,, کرشنا بھکتی ،، کا شاعر تھا۔ وہ گوالیار میں پیدا ھوا اوراپنا بچپن بندیلکھنڈ میں بسر کیا۔ اپنی شادی کے بعدوہ متھرا میں مقیم ھوگیا جو برج بھاشا کا وطن ھے اور برج بھاشا ھی میں اس نے اپنی نظمیں لکھیں۔ جے پور کا راجہ جے سنگھہ اس کا مربی اورسرپرست تھا جو اس کو فی دوھا ایک اشرفی دیتا تھا ، اس کے تقریباً سو دوھے اورسو رٹھے ایک مجموعہ ,, ست سئے ،، میں پائے جاتے ھیں اس نے کئی چیستان ، معمے اور پہیلیاں بھی لکھیں ھیں۔ اورنگ زیب کا مد مقابل جودھ پور کا مہاراجہ جسونت سنگھہ بھی ھندی کا زبردست شاعر تھا۔ ادبیات میں اس کی مشہور تصنیف ,, بھاشا بھشنت ،، ھے جس میں اس نے ھندی عروض وبلاغت کی دوسو ایکسٹھہ دوھوں میں تشریح کی ھے کو اس مضمون کا سب سے پہلا مصنف کیاؤ داس تھا تاھم جسونت ستگھہ کے دوھے قابل لحاظ ھیں۔

دوسرا شاعر ایک سندھیا برھمن دیوکوی تھا جو اٹاوہ کا رھنے والا تھا۔ اورنگ زیب کے زمانہ سے مغل سلطنت کا زوال شروع ھوتا ھے اور اس کے ساتھ ساتھ ھندی

ادب پر بھی اس کا ناقابل احساس اثر پڑتا ھے۔ اورنگ زیب ھندی زبان کا مخالف تھا تا ھم اس کے عھد سے اٹھارویں صدی کے آخر تک ھندی ادب کے کثرت سے شعراء پیدا ھوئے مثلاً رام جی۔ گرودت سنگھ۔ چندن رائے۔ جان گوپال۔ بھکاری داس۔ رگھوناتھ۔ جگت سنگھ۔ ٹھاکور۔ اورھری چرنداس وغیرہ وغیرہ۔

تلسی داس اور رامابھکتی

(۱۸۰۰-۱۵۵۰)

تلسی داس

ھندی لٹریچر مین تلسی داس کا نام نہایت جلی حروف سے لکھا جاتا ھے۔ اس کی ادبی شخصیت نہایت بلند ھے اس کی ھندی رامائن نہ صرف ھندوستان میں بلکہ تمام عالم میں مشہور ھے۔

کہا جاتا ھے کہ وہ سنہ ۱۵۲۲ ء کے حدود میں پیدا ھوا۔ اس کے باپ کا نام اتمارام اور ماں کا نام پلاسی بتایا جاتا ھے۔ پہلے اس کا رمبولا نام تھا لیکن بعد میں اس نے اپنا نام تلسی داس رکھہ لیا۔ اس کے وطن کے متعلق مختلف روایتین ھیں۔ بعض اس کو ھستناپور اور بعض حاجی پور کا متوطن بتاتے ھیں لیکن سب سے مصدقہ امر یہ ھے کہ وہ راج پور میں پیدا ھوا تھا اور قنوجی برھمن تھا۔ اس کا گرو مہترداس تھا۔ اس کو اپنی بیوی کے ساتھہ بے انتہا محبت بلکہ عشق تھا۔ اس سلسلہ میں ایک عجیب وغریب بیان کیا جاتا ھے کہ ایک دن جب ان کی بیوی اپنی میکے گئی تو تلسی داس کو اس کی مفارقت دوبھر ھوگئی اور بے صبری کے عالم میں دوسرے ھی دن اپنی سسرال بیوی کے ھاں گیا۔ اس کی بیوی نے اس کو لعن طعن کیا اور کہا کہ اگر یہی محبت رام کے ساتھہ ھو تو زمین بھی سونا بن جائے۔ بس گویا یہ تلسی داس کی ھدایت کا وقت تھا اوس کی بیوی کے الفاظ نے اوس کے دل پر گہرا اثر کیا اور دوسرے دن صبح اٹھتے ھی وہ گھر سے نکل پڑا اور رام جی کا معتقد بن گیا بنارس کو اپنا مسکن بنایا اور اپنی عمر

کا بیشتر حصہ وھیں بسر کیا۔ گو اس کا براہ راست دربار سے کوئی تعلق نہیں تھا تاھم راجہ مان سنگھ اور عبدالرحیم خانخانان اوس کے بڑے دوست تھے اور بیشك وہ اس لٹریچر سے متاثر ھوا جو اوس کے زمانہ میں اکبری دربار میں پیدا ھوا تھا۔ اوس کا بنارس مین سنہ ۱۶۶۴ ع مین انتقال ھوا۔

تلسی داس کا بہترین شہ کار راماین ھے جو بقول اوس کے سنہ ۱۵۷۴ ع مین شروع کیا گیا تھا تلسی داس کی راماین والمیك کی اصل سنسکرت کا ترجمہ نہین ھے بلکہ خاکہ و نقشہ وھی لیکن اوس مین اور اس مین فرق ھے۔ والمیك مین دوسرے سے چھٹے باب تك رام ایك معمولی انسان کی حیثیت مین پیش کیا گیا ھے بر خلاف اس کے تلسی داس مین رام شروع سے آخر تك اوتار بتایا گیا ھے بجائے والمیك کے معلوم یہ ھوتا ھے کہ تلسی داس کا ماخذ ایك سنسکرت کتاب ادھیاتما راماین (Adhyatma Ramayan) ھے جس کے مصنف کے نام و نشان کا پتہ نہین ان دونوں کتابوں کے مضامین ملتے جلتے ھین اپنی تصنیف میں اوس نے بھکتی دور کی ھندی کا استعمال کیا ھے۔

تلسی داس کی راماین شمالی ھند کے ھر ھندو کے (علاوہ چند سنسکرت دان پنڈتوں کے) دل میں بڑی وقعت اور عزت رکھتی ھے اور اس کو ھندؤں کی بائبل تصور کرتے ھین۔

راماین کی خصوصیات یہ ھیں کہ اوس کی طرز ادا نہایت اخلاق اور مضامین نہایت سادے اور سلیس ھیں۔ زبان و بیان کے اعتبار سے وہ ھر طرح بلند پایہ ھے۔

تلسی داس کی زبان مشرقی ھندی کی اودھی زبان ھے وہ بعض اوقات برج بھاشا کے الفاظ بھی استعمال کرتا ھے۔ وہ فطرت کا بڑا عاشق تھا اور متعدد مقامات

پر اوس نے منظر و فطرت نگاری کی ہے گویا اوس کو ہندی کا ورڈ سورتھ (Wordsworth) کہہ سکتے ہین ۔

قصہ سات باب یا کانڈ مین تقسیم کیا گیا ہے جن مین دوسرا یعنی اجودھیا کانڈ نہایت اہم ہے جس مین رام جی کی جلا وطنی کا واقعہ منظوم ہے ۔

تلسی داس کا مقصد راماین سے نہ صرف رام جی کے واقعات بیان کرنا تہا بلکہ رام جی کی پرستش کی ہدایت و تلقین بھی اسی ذریعہ سے کی گئی ہے ۔ اس کی اپیل یہ ہے کہ ہندو خود کو اس زبردست اوتار کی پرستش مین وقف کردین ۔ بحیثیت ایک شاعر کے اوس کا درجہ نہایت بلند ہے اور اگر ایسا نہ بھی ہو تو اس کی راماین اوسکی عالمگیر اور دوامی شہرت کے لئے کافی ہے ۔ راماین کے علاوہ اوسکی اور بھی تصنیفات ہیں لیکن اون سب کا موضوع وہی ہے جو راماین کا ہے ۔ تلسی داس کے بہت سے پیرو بہی پیدا ہو گئے تہے جنہون نے رام جی اور اون کے متعلق عقاید پر بیش بہا تصنیفات کی ہیں ۔

کبیر کا جانشین

۱۵۵۰ تا ۱۸۰۰

کبیر پنتہیز کبیر کی تلقین اور وعظ و نصیحت کا زبردست اثر اس کے متبعین کی بڑی تعداد سے ظاہر ہوتا ہے ۔ کبیر پنتہیون کے دو فرقے ہیں ۔ ایک کا مرکز بنارس اور دوسرے کا وسط ہند ہے ۔ گو کبیر پنتہیون میں بت پرستی کی سخت ممانعت تہی تاہم ہندؤن کے بعض رسوم کا اثر ان میں پایا جاتا ہے ۔ کبیر کو اوتار کا مخالف تہا لیکن اس کے پیرو خود اوسکو اوتار مانتے ہین بیجک (کبیر کی نظمون کا مجموعہ) اوسکی موت کے پچاس سال بعد مرتب کیا گیا ہے ۔ ایک مشہور کبیر پنتہی پالتو صاحب نام نے سنہ ۱۸۰۰ء میں فروغ پایا اور کنڈلیا بحر میں نہایت موثر نظمین لکھی ہیں

سکھ اس سے پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ سکھ مذہب جس کا بانی نانک تھا کبیر کے اصول و عقائد کا ممنون ہے۔ نانک کے پیرو نوگرو تھے جو سب کے سب شاعر تھے۔ سکھوں کی مقدس کتاب آدی گرنتھ کو سنہ ۱۹۰۴ء میں گرو ارجن نے، جو چھٹے گرو تھے، ترتیب دی۔ اس میں تقریباً کل گرؤں کی تصنیفات پائی جاتی ہین۔ سکھون کے لئے یہ عبادت کی کتاب ہے۔ اسکی نظمین ہندی کی قدیم زبان مین ہیں اور بعض اوقات پنجابی زبان سے مخلوط پائی جاتی ہیں۔

دادو پنتھیز، جس کا بانی دادو تھا، کبیر کے اصول و عقائد کے اثر سے ایک فرقہ پیدا ہوا تھا۔

کبیر کے زیر اثر جو دیگر فرقے پیدا ہوگئے تھے وہ حسب ذیل ہیں:—

سیونا رائنز، غریب داسیز، رام سائنز، جگ جیون داسیز، پران ناتھیز۔

ان سب فرقوں کے بانی اور اُن کے چند پیرو شاعر تھے۔ اپنی ہندی تصانیف کے ذریعہ سے اپنے اپنے مذہب کی اشاعت کرتے تھے۔ اس دور کے شعرا بھی بھکتی شعرا کہلائے جا سکتے ہیں کیوں کہ اُنہوں نے مذہبی شاعری کی تھی۔

کرشنا بھکتی

(۱۵۵۰ — ۱۸۰۰)

سورداس آشت چھپ (آٹھ جواہر) کا سب سے بڑا شاعر سورداس تھا۔ اوسکی زندگی کے حالات بہت کم اور مشتبہ ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ وہ برہمن تھا اور بابا رام داس کا، جو اکبری دربار کا گویا تھا، بیٹا تھا۔ آٹھ سال کی عمر مین وہ اپنے والدین کے ساتھ متھرا گیا اور وہاں ایک بھکتی کا شاگرد بن گیا لیکن اوس نے ایک شرح مین خود کو چند بردئی کی اولاد سے بتایا ہے اور یہ کہ اوس کے باپ کا نام رام چندرا اور دادا کا نام ہری چندرا تھا جو آگرہ

مین رهتے تھے۔ اوس کے چھہ بھائی تھے جو سب کے سب مسلمانوں کے مقابلہ مین جنگ مین کام آئے۔ وہ تنہا اندھا رھگیا۔ اس نے کرشنا جی کو خواب میں دیکھا تھا اور تمام دنیا اس کو اندھیری معلوم ھوئی، شاید اسی وجہ سے وہ خود کو اندھا کہتا تھا۔ وہ برج میں مقیم ھوگیا اور آشت چھپ کا پیرو بنگیا۔ اس کی پیدائش سنہ ۱۴۸۳ء اور وفات سنہ ۱۵۶۳ء میں بتائی جاتی ھے لیکن یہ تاریخیں غیر مصدقہ ھیں تمام افسانے اس کے اندھے ھونے پر اتفاق کرتے ھیں، معلوم نہیں کہ وہ پیدائشی اندھا یا بعد مین اندھا ھوگیا تھا۔ بہرحال اس کو آگرہ کا اندھا شاعر کہا جاتا ھے۔

سورداس اپنے اسٹائل اور طرز ادا کے لحاظ سے سب شاعروں پر فوقیت رکھتا ھے کرشنا اور رادھا کی پرستش میں اس نے بہت سی پاکیزہ پاکیزہ نظمیں لکھی ھین جو ایک مجموعہ "سور ساگر" میں جمع ھین۔ اس نے ھندی میں نل و دمن کی کہانی نظم کی ھے۔ ھندی ادب میں سورداس کا بہت بڑا درجہ ھے۔ بعض لوگ اس کو اور بعض تلسی داس کو ھندی کا سب سے زبردست شاعر مانتے ھیں ھندی کی ایک مشہور بیت ھے جس سے ان کے درجوں کا پتہ ملتا ھے جس کا مطلب یہ ھے کہ "سور آفتاب ھے، تلسی ماھتاب ھے، کیساؤ داس تارے ھیں۔ لیکن آج کل کے شعراء ایسے ھیں کے تھوڑی بہت روشنی ادھر اُدھر ڈالتے ھیں"، تمام متقدمین شعراء کی خوبیاں اس ایک شاعر سورداس میں جمع ھوگئی تھین۔ سلاست و روانی اس کا خاص شعار تھا۔

بھاری لعل چوب بھی جس کا ذکر اوپر کیا گیا ھے اسی کرشنا بھکتی کا شاعر تھا۔

دور چہارم یا جدید دور

از سنہ ۱۸۰۰ء تا حال

انیسوین صدی عیسوی کی ابتدا سے ھندی ادب میں مغربی تمدن کے اثر سے ایک نیا دور شروع ھوتا ھے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کو برٹش پارلیمنٹ کی جانب سے تاکید کی جارھی تھی کہ سیاست، تہذیب و تمدن کے ساتھہ ساتھہ ھندوستانی ادب پر بھی تسلط حاصل کیا جائے۔

ہندوستان میں مطبع کے آجانے سے یہاں کے ادب کو کافی فروغ ہوا۔ ہندی ادب کے ساتھ ساتھ یہاں انگریزی ادب کی بھی جب اشاعت ہوئی تو غیر احساسی طور پر انگریزی ادب کا اثر ہندوستان کے ہر لٹریچر میں سرایت کرتا گیا۔ نہ صرف ادب بلکہ ہندوستان کی زندگی اور یہاں کے باشندوں کے خیالات بھی رفتہ رفتہ بدلتے گئے اور بدلتے جارہے ہیں۔ برٹش حکومت کے امن وامان کی وجہ ہندی ادب نے خاصی ترقی کی۔ اٹھارویں صدی کی خانہ جنگیوں اور بدامنیوں کی وجہ سے ادبی پیداوار رک گئی تھی اور جب برٹش دور میں امن و امان قائم ہوا ادب کا بھی کافی چرچا ہوا۔ اس دور میں نئے ہندی ادب یا ہندی نثر کی ابتدا ہوئی۔ اسی طرح اردو ادب بھی اس وقت تک محض شعر و شاعری تک محدود تھا۔ ہندی کی طرح اردو میں بھی اسی زمانہ سے نثر کی کتابیں لکھی جانے لگیں۔

للوجی لال انیسویں صدی کی ابتدا میں فورٹ ولیم کالج کے صدر ڈاکٹر جان گلکرسٹ تھے جنھوں نے دوسرے یوروپین افسران کالج (کپٹن لاکٹ، پروفیسر ٹیلر اور ڈاکٹر ہنٹر) کی مدد سے ملکی ادب کے فروغ و اشاعت کا بیڑا اٹھایا۔ یوروپین افسروں کی اردو تعلیم کے لئے کتابیں منتخب ہوئیں اور ملکی ادیبوں کو لکھنؤ اور دھلی سے بلایا گیا جنھیں ترجمہ کے ذریعہ سے نئے ادب کی اشاعت کی رغبت دلائی گئی۔ تقریباً یہاں کے سب ادیبوں نے اردو زبان کی خدمت کی لیکن ان میں للوجی لال نے اردو کے ساتھ ساتھ ہندی زبان کی بھی خدمت کی۔ ان ادیبوں کی مترجمہ نثر کی کتابیں اگر سب سے پہلی نثر کی کتابیں نہیں تو کم سے کم سب سے پہلی ادبی نثر کی معیاری کتابیں ہیں۔ جن کی وجہ سے نثر لٹریچر کی ایک شاخ بن گئی ورنہ اس وقت تک نثر بہت کم مروج تھی۔

للوجی لال برھمن تھا جس کے خاندان کا تعلق گجرات سے تھا لیکن ایک عرصہ سے شمالی ہند میں متوطن ہوگیا تھا۔ ڈاکٹر جان گلکرسٹ کے حکم سے للوجی لال اور سدا سکھ لال نے جدید اعلی ہندی کی بنیاد ڈالی۔ جدید اعلی ہندی اس طریقہ سے بنائی گئی کہ فارسی اور عربی

الفاظ کو نکالکر ان کی جگہ سنسکرت یا ہندی کے الفاظ بٹھا دیئے گئے۔ اردو ہندؤں کی بول چال یا نثر کی خواہش کو پوری نہیں کرسکتی تھی، کیونکہ اس میں عربی و فارسی الفاظ کی بہتات تھی۔ اور ناخواندہ ہندو اس قسم کی اردو بول یا لکھ نہیں سکتے تھے، اس لئے ہندی بول چال یا نثر کی ایک زمانہ سے خواہش کی جارہی تھی جس کی تکمیل مغربی اثر کے تحت ہوئی اور جدید اعلیٰ ہندی نثر اور بول چال کا بہترین آلہ بن گئی۔ اس سے قبل دھلی اور میرٹھ کی زبان کو کھڑی بولی کہتے تھے اور اسی زبان سے یعنی کھڑی بولی سے اردو (عربی و فارسی کی آمیزش کے ساتھ) اور اعلیٰ ہندی (سنسکرت کی آمیزش کے ساتھ) پیدا ہوئی۔ معلوم ہوتا ہے کہ للوجی لال نے اسی کھڑی بولی کو قدرے شستہ کرکے ادبی نثر کے قابل بنا دیا۔ اردو نے برخلاف اس کے عربی و فارسی کے علاوہ اس کھڑی بولی میں بعض پنجابی اور راجستانی کے الفاظ بھی شامل کرلئے۔ للوجی لال نے حقیقت میں ایک زمانہ کی خواہش پوری کردی۔ اور ہندی ادبی نثر پر اس کا بڑا احسان ہے کہ ایک اعلیٰ یا معیاری ہندی کو وجود میں لایا۔ شمالی ہند کے ہندؤں نے اس کو اپنے ادب اور بول چال کا آلہ بنا لیا۔ یہ اعلیٰ ہندی نظم میں استعمال نہیں کی جاتی۔ آج کل بھی نظم میں وھی برج بھاشا یا اودھی مستعمل ہے۔

اس موقع پر یہ بتا دینا ضروری ہے کہ جدید اردو اور جدید ہندی میں فرق یہ ہے کہ اردو نظم و نثر دونوں کے لئے یکساں مستعمل ہے لیکن اس کے برخلاف جدید ہندی صرف نثر کی خدمتگزار ہے۔

اب تک ہندی میں سوائے نظم کے نثر کی پیداوار بالکل معدوم تھی یا تھی بھی تو بہت کم۔ لیکن اس جدید اعلیٰ ہندی کے وجود کے بعد کثیر تعداد میں ہندی نثر کی کتابیں طبع اور شایع ہونے لگیں سب سے پہلی ہندی نثر کی کتاب یا وہ ہندی نثر جسکو معیار قرار دیا جاتا ہے للوجی لال کی "پریم ساگر" ہے جو "بھگوت پورنا" کی دسویں فصل کا ترجمہ ہے۔ پریم ساگر سنہ ۱۸۰۴ء میں شروع اور سنہ ۱۸۱۰ء میں ختم کی گئی۔ اس کے علاوہ

اور دو نثر کی کتابیں ,, سنگھاسن بیسی ,, اور ,, بے تال پچیسی ,, بھی للوجی لال کی تصانیف سے ہیں جو اردو اور ہندی کی مخلوط زبان میں لکھی گئی ہیں ۔ ان نثر کی کتابوں کے علاوہ للوجی لال نے بہاری لال چوب کی ,, ستہ سئے ,, کی شرح بھی لکھی ۔ اور برج بھاشا کی نظموں کا ایک گلدستہ بھی تیار کیا جو ,, سَبَھا بلاس ,, کہلاتا ہے ۔

جدید دور کا ہندی ادب ہندی نثر کی کتابوں پر مشتمل ہے جو کثیر تعداد میں لکھی گئیں لیکن ان کے فروغ و اشاعت کا سہرا چھاپہ خانوں کے سر ہے ۔ چھاپہ کی ایجاد نے نہ صرف ہندی ادب کو بلکہ ہندوستان کے ہر لٹریچر کو کافی ترقی دی ۔ سب سے پہلا چھاپہ خانہ فورٹ ولیم کالج کا ہے ۔ اس کے بعد سنہ ۱۸۳۷ء میں دھلی میں ایک لیتھو گراف پریس قائم ہوا ۔ اب ہندی ادب کا اس قدر کافی فروغ ہوگیا ہے کہ وہ اب ہندوستان کی مہذب اور شستہ ادبی زبانوں میں شمار کی جاتی ہے ۔

ہریشچندرا

مغربی اثر نے جہاں ہندی نثر کو ترقی دی وہاں ہندی نظم کے فروغ کو بھی نہیں روکا چنانچہ اس زمانہ کے ہندی شاعر ہریشچندرا نے بہترین ہندی نظمیں لکھی ہیں ان کی تعلیم بنارس کے کوینس کالج میں ہوئی ۔ سولہ سال کے سن میں انہوں نے شاعری کی ، اور ایک قادرالکلام اور کامیاب شاعر بن گئے ۔ انہوں نے ۱۷۵ مختلف تصانیف لکھی ہیں جن میں (۱۸) ڈرامے ہیں ۔ یہ ہندی میں ڈرامے کے موجد ہیں ۔ انہوں نے تاریخ ، اخلاق ، مذہب ، غرض ہر موضوع پر نظم و نثر دونو میں قلم اٹھایا ہے ۔ ہندی ادب کے زبردست ادیبوں میں ان کا شمار ہے ۔

لینن اور انقلاب روس

از

جناب غوث محی الدین صاحب رضوی متعلم ال ال - بی

———:o:———

بالشویت نے جس قدر تیزی سے ترقی کی ہے اور جس قدر جلد مختلف ممالک میں اس کی اشاعت ہوئی ہے اس کی مثال دنیا میں مشکل سے ملے گی - یہ لینن ہی کی شخصیت تھی جس نے ایک تھوڑی سی مدت میں تقریباً بیس کڑوڑ انسانوں کو اپنا پیرو بنالیا - ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء میں ساری دنیا میں جسقدر لوگ بالشویت سے آشنا تھے اسکی تعداد ایک ہزار سے کسی طرح زیادہ نہ تھی - اور جب ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۱۹ء کو بالشویک انٹرنیشنل کانگریس میں نمائندگی کیلئے دعوت نامے تقسیم کئے گئے تو دنیا کے مختلف ممالک سے نمائندے اسمیں شریک ہوئے - یورپ کے ہر چھوٹے سے چھوٹے ملک کی اسمیں نمائندگی ہوئی - حتی کہ آئرلینڈ اور ٹوکیو نے بھی جو قطبین کے فاصلہ پر واقع ہیں اسمیں حصہ لیا -

لینن کا اصلی نام ولاڈی میر یولیانوو (Vladimir- oulianoff) تھا اور وہ دریائے وولگا (Volga) کے کنارے قصبہ سمبرسک میں پیدا ہوا تھا - لینن متوسط طبقہ سے تعلق رکھتا تھا ، لڑکپن سے ہی وہ انقلابی خیالات رکھتا تھا - ابھی وہ کمسن ہی تھا کہ اسکے بڑے بھائی کو ایک اعلی روسی عہدہ دار کے قتل کے الزام میں سولی دیگئی - اس واقعہ سے والڈی میر کو اس طبقہ سے نفرت ہو گئی اور وہ اون لوگوں کا جانی دشمن ہوگیا - اس کے بعد وہ فوراً ہی آزادی کی تحریک میں کود پڑا اور پٹروگریڈ کی یونیورسٹی میں جہاں وہ کچھ دنوں بعد داخل ہوا تھا اس نے اپنے خیالات سے ایک ہل چل مچادی - اس نے بغیر کوئی

ڈگری حاصل کئے یونیورسٹی کو خیرباد کہا، اور کچھ عرصہ تک روس کی معاشی حالت پر کتابیں لکھنے میں مشغول رہا۔ اس نے اپنے زور قلم سے تھوڑے ہی عرصہ میں روس میں کافی شہرت حاصل کرلی۔ کتابوں کے مصنف کی حیثیت سے اس نے اپنا نام نکولائی لینن رکھا اور یہی وہ نام ہے جس کو دنیا میں ہر شخص جانتا ہے۔

اس وقت روس میں دو زبردست سیاسی جماعتیں تھیں، ایک تو معاشری عمومی گروہ (Social democratic party) اور دوسری معاشری انقلابی گروہ (Social revolutionary party)۔ لینن معاشری عمومی گروہ کا رکن ہوگیا اور بہت جلد اس جماعت میں اپنا اثر قائم کرلیا۔ اس جماعت کا ایک اور رکن پلیخانوو (Plekhanov) تھا جس کو اس وقت جمہوری دنیا میں بڑی عزت حاصل تھی۔ اس جماعت کے بھی دو حصے ہوگئے۔ ایک حصہ انتہا پسند ہوگیا اور دوسرا قدامت پرست رہا۔ پلیخانوو قدامت پرستوں کا لیڈر تھا اور نوجوان لینن انتہا پسندوں کی رہنمائی کررہا تھا۔ سنہ ۱۹۰۲ع میں پلیخانوو اور لینن کے مابین جھگڑا ہوگیا۔ لیکن پلیخانوو کو شکست ہوئی۔ یہیں سے لفظ ,, بالشویک ،، کی ابتدا ہوتی ہے۔ بالشویک کے معنے اکثریت کے ہیں۔ چونکہ لینن کو کامیابی ہوئی تھی، اور اکثریت اس کے موافق تھی، اس لئے اس کی جماعت کو ,, بالشویک ،، کا نام دیا گیا۔ شکست خوردہ جماعت کو ,, مینشویک ،، کا نام دیا گیا جس کے معنے اکثریت کے برعکس ہیں۔ سنہ ۱۹۰۲ع کے بعد سے کچھ عرصہ تک لینن نے ایک متوسط درجے کے انقلابی کی طرح زندگی بسر کی۔ اکثر وہ یا تو روپوش رہتا تھا یا جیل میں۔ پولیس اکثر اس کی تلاش میں رہتی تھی اور جاسوس اس کی نگرانی کرتے رہتے تھے، روس کے حالات ہر وقت اس کے پیش نظر تھے۔ اس کے کروڑھا ہم وطن غلامی کی حالت میں نہایت ذلت سے زندگی گذار رہے تھے انہی حالات کے مطالعہ میں اس کی زندگی بسر ہو رہی تھی، اور اعلے طبقہ سے اس کی نفرت دن بدن بڑھتی جارہی تھی۔ مغرب کے بہت سے مصنفین نے اس امر پر تعجب کا اظہار کیا ہے کہ کیونکر روس میں یکدم ایسا انقلاب رونما ہوا۔ بات بالکل صاف ہے،

جس طرح ایک بیج سے درخت پیدا ہوتا ہے اسی طرح زار کی حکومت کے خوفناک مظالم نے لینن اور اس کی جماعت کو پیدا کیا۔ گو ان مظالم کا شکار روس کا ہر متنفس ہوا، لیکن لینن ہی وہ غیر معمولی دل و دماغ کا آدمی تھا جس نے ان کے اظہار کی جرأت کی اور لوگوں کو حکومت کے آلٹ دینے پر آمادہ کیا۔ اس عرصہ میں ایک طرف تو وہ اپنے خیالات سے لوگوں میں ہیجان پیدا کر رہا تھا اور دوسری طرف وہ ان مظالم کے سد باب کیلئے کوئی راستہ ڈھونڈ رہا تھا۔

روس سے جلا وطن ہونے کے بعد وہ کچھ عرصہ تک فن لینڈ اور سوئٹزرلینڈ میں رہا۔ فن لینڈ سے اس نے ایک انقلابی پرچہ اسپارک (Spark) نامی جاری کیا۔ ۱۹۰۵ ع میں جب روس میں انقلاب رونما ہو رہا تھا تو وہ اس میں حصہ لینے کے لئے پھر روس پہونچا۔ لیکن انقلابیوں کو ناکامی ہونے کے بعد وہ روس سے فرار ہو کر ,, کراکو ،، پہونچا جو آسٹروی علاقہ ہے، اور روس و آسٹریا کی سرحد پر واقع ہے۔ یہاں پر وہ اطمینان سے زندگی بسر کر رہا تھا، اگرچہ آسٹریا اور جرمنی ہزاروں سیاسی مجرموں کو جو ان ممالک میں پناہ گزین تھے گرفتار کر کے روس کے حوالے کر رہے تھے، اسکی وجہ اب تک معلوم نہ ہو سکی کہ لینن کو کیوں نہیں گرفتار کیا گیا۔ خیال ہے کہ خفیہ طور پر وہ آسٹریا یا جرمنی کی ملازمت میں داخل ہو چکا تھا اور شاید ان ممالک نے یہ محسوس کیا کہ لینن ان کے مفاد کے لئے بہترین آدمی ہے۔

وہ جرمنی دستاویزات (Documents) جو فرانسیسی حکومت نے شایع کئے ہیں اور جن کو ,, سفارتی دستاویزات قبل از جنگ ،، کا نام دیا گیا ہے اس واقعہ پر کسی قدر روشنی ڈالتے ہیں۔ یہ دستاویزات جرمنی کے بہترین دماغوں اور زبردست مدبروں نے تیار کی تھیں۔ ان میں ایک اہم دفعہ یہ بھی تھا کہ چونکہ جنگ کا ہونا ناگزیر ہے اس لئے جرمنی کو اپنی کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ وہ روس میں انقلابی جماعت کی خفیہ طور پر حمایت کرے۔ غالباً جرمنی کے جاسوسوں نے جو اس وقت روس میں بکثرت تھے اپنی حکومت کو لینن اور اس کے عجیب و

غریب اصولوں کی اطلاع دی ہوگی اور اسی لئے وہ کراکو میں محفوظ رہا۔

انقلاب کی ناکامی اور روس میں خون کی ندیاں بہنے کے بعد وہ پھر فن لینڈ واپس ہوا، لیکن، تھوڑے ہی عرصہ بعد جب کہ حکومت کے خلاف ایک اور سازش کا انکشاف ہوا تو وہ فن لینڈ سے فرار ہوکر سوئٹزرلینڈ پہونچا اور ایک عرصہ تک جنیوا میں مقیم رہا۔ اسی زمانے میں جنگ عظیم کا آغاز ہوا۔ ستمبر سنہ ۱۹۱۵ ع میں جب کہ ,, فان میکن سن ،، (Von mackensen) سربیہ کو تباہ کر رہا تھا اور اتحادی فوجوں کو کوئی کامیابی نہ ہوئی تھی لینن نے زمروالڈ میں جو برن کے قریب ایک چھوٹا سا قصبہ ہے ایک کانفرنس منعقد کی۔ اس نے ہر ملک سے نمائندے طلب کئے عام اس سے کہ کوئی ملک جنگ میں شریک تھا یا غیر جانب دار۔ جرمنی اور آسٹریا نے فوراً نمائندے بھیجنے پر آمادگی ظاہر کی۔ فرانس کی طرف سے دو نراجی اس میں شریک ہوئے۔ بہت سے غیر جانب دار ممالک کی بھی نمائندگی ہوئی اور لینن نے خود روس کی نمائندگی کی۔

کانفرنس نے فوری صلح کیلئے ایک پروگرام مرتب کیا اور یہ تجویز کی کہ ہر اس ملک کے جو جنگ میں شریک ہے سارے مزدوروں کو چاہئے کہ اس وقت تک ایک عام ہڑتال جاری رکھیں جب تک کہ ان کی حکومت صلح پر رضامندی ظاہر نہ کرے۔

اس میں شک نہیں کہ زمروالڈ کی کانفرنس کا انعقاد لینن نے خاص مقصد سے کیا تھا۔ اس کو بخوبی علم تھا کہ جب تک جنگ جاری رہیگی اس کو اپنے اصولوں پر عمل پیرا ہونے میں سخت دقت اٹھانی پڑیگی۔ زمروالڈ نے ساری دنیا میں شہرت حاصل کرلی ہر شخص کی زبان پر کانفرنس کا پروگرام تھا، لیکن لینن کو صلح کرانے میں ناکامی ہوئی۔ دوسرے سال لینن نے کین تھال میں ایک اور کانفرنس منعقد کی اور اس میں گذشتہ کی طرح ان ممالک کی نمائندگی ہوئی۔ اس کے بعد ہی روس میں انقلاب پھوٹ پڑا اور لینن محسوس کرنے لگا کہ اب اس کے خیالات کو عملی جامہ پہنانیکا وقت قریب آگیا ہے۔

عام طور پر یہ خیال پھیلا ہوا ہے کہ لینن کو جرمنی سے مالی امداد مل رہی تھی۔ بہت سے دستاویزات بھی اس خیال کی تائید میں شایع کئے گئے ہیں۔ میرے خیال میں ان دستاویزات کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ اگر لینن سے دریافت کیا جاتا تو وہ خود اس کے متعلق کافی ثبوت بہم پہونچاتا۔ اس نے کبھی ایسے معاملات کو پوشیدہ رکھنے کی کوشش نہ کی۔ وہ خود بغیر کسی پس و پیش کے کہا کرتا تھا کہ اس کو جرمنی سے مالی امداد ملی ہے۔ اور اگر کوئی دوسری حکومت بھی اس کو امداد دینا چاہتی تو وہ اس کے قبول کرنے میں کبھی دریغ نہ کرتا۔ لیکن اس طرح اس کو جو رقم ملی وہ ساری پروپگنڈا میں صرف ہو گئی۔ اس نے اپنے ذاتی مصارف کیلئے ایک پائی بھی اٹھا نہ رکھی۔ اس کو اپنے خیالات کی اشاعت کیلئے روپے کی سخت ضرورت تھی، نہ تو اس کے پاس دولت تھی اور نہ ان لوگوں تک اس کی رسائی تھی جو ایسے ذرائع رکھتے تھے، اس لئے اس کو اپنے ملک کے دشمن سے مدد لینے میں کسی طرح کا اعتراض نہ تھا اور اگر ضرورت ہوتی تو لینن وہی روپیہ اسی دشمن کے خلاف استعمال کرنے میں بھی دریغ نہ کرتا۔

جب وہ ایک شاندار موٹر میں بیٹھا ہوا روس جا رہا تھا تو یہی خیالات اس کے دماغ میں چکر لگا رہے تھے۔ وہ متمنی تھا کہ بہت جلد اس کو کام کرنے کا موقع ملے اور وہ اپنے نئے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ایک نئی حکومت کی بنیاد ڈالے۔ جرمن حکومت نے اس کو جلد از جلد آرام کیساتھ بغیر کسی خرچ کے روس پہونچا دینے کا وعدہ کیا۔ اس نے فوراً رضامندی ظاہر کی لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ خیال بھی تھا کہ اگر اسکو کامیابی ہو تو جرمن حکومت جو اس سے مستفید ہونا چاہتی ہے سب سے پہلے تباہ کر دی جائیگی۔

لینن اسوقت پٹروگریڈ پہونچا جب کہ قدیم حکمران خاندان کا زوال ہو چکا تھا اور ساری دنیا اس کامیابی پر محو حیرت تھی۔ کسی ملک میں انقلاب کی حالت ایک زبردست طوفان کی سی ہوتی ہے، طوفان کے وقت جس طرح سمندر میں موجیں اٹھتی ہیں اور جس طرح

ایک موج کے بعد دوسری موج اس سے زیادہ بلند ہوتی ہے، یہی حالت ایک انقلاب کی بھی ہوتی ہے۔ انقلاب کی ایک موج گذر چکی تھی اور دوسری موج جو آٹھنے والی تھی اسی پر لینن کی نظریں جمی ہوئی تھیں، اسی پر اس کی کامیابی کا انحصار تھا اور وہ اس سے پوری طرح فائدہ آٹھانا چاہتا تھا۔

آخر اس کا کیا مقصد تھا؟ کیا وہ دولت کا طلب گار تھا؟ تمام قابل اعتماد ذریعوں سے ثابت ہے کہ اس کو اس کی پروانہ تھی۔ کیا وہ طاقت و حکومت چاہتا تھا؟ کیا اس کے دماغ میں یہ خیال جاں گزیں تھا کہ ساری دنیا کے مزدوروں کا بادشاہ بنے اور ایک ایسے زبردست علاقے پر حکومت کرے جس کا جرمنی خواب دیکھہ رہا تھا، یا ایک انوکھی قسم کی حکومت کا انوکھا بادشاہ بنے اور اس قدر طاقت و قوت حاصل کرے جس کی نپولین کو بھی حسرت رہی!

یہ باتیں اس کے خیال میں بھی نہ تھیں، وہ صرف اپنے ملک کا بھی خواہ تھا۔ اس کو کسی بات کا خوف نہ تھا، اگر اس کی موت سے مزدور پیشہ طبقہ آزادی حاصل کرسکتا تو وہ ضرور موت کی خواہش کرتا۔ اس کو جرمنی سے کوئی محبت نہ تھی وہ جرمنی سے اسی طرح نفرت کرتا تھا جس طرح دوسری حکومتوں سے، اگر ایک شخص اس کی مدت کرتا اور بڑے نازک موقعہ پر اس کو موت کے منہ سے بچا تا تو تھوڑی دیر بعد ہی اگر ضرورت پڑتی تو لینن اس کے قتل کا حکم دینے میں دریغ نہ کرتا بشرطیکہ اس سے اس کے "تصور عظیم" یا نصب العین (Great Idea) کو کوئی فائدہ پہونچتا، یہ تصور عظیم کیا تھا؟ مزدور پیشہ طبقے کا راج۔ اس کے نزدیک وہی چیز اچھی تھی جو اس کام میں اس کی مدد کرتی اور وہ چیز قابل نفرت تھی جو اس اصول میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا کرتی۔ اس کی کامیابی کیلئے قتل و خون جائز تھا، جائداد کی حقوق کی منسوخی اس کے لئے روا تھی۔

غرض شہنشاہی کی تباہی کے بعد جب وہ پٹروگریڈ پہونچا تو اس نے فوراً معاشری عمومی گروہ کے انتہا پسند حصے (Left Wing) میں لیڈر کی حیثیت سے دوبارہ اپنی جگہ حاصل

کرلی ۔ اس کے ساتھ ہی وہ تمام روس کے مزدوروں ، سپاہیوں اور کاشتکاروں کی قومی کونسل کا رکن بن گیا جو اس وقت روس پر حکمران تھی ۔ اس کا پہلا کام یہ تھا کہ روس کو جنگ سے علیحدہ کرے ، اس کے لئے لینن نے فوراً کام شروع کر دیا اور ہر جگہ شرکت جنگ کے خلاف پروپگنڈا ہونے لگا ۔

افواج متحدہ (Allied Armies) کیلئے یہ وقت بڑا نازک تھا اس لئے کہ تقریباً چوبیس لاکھ جرمن سپاہی روسی سرحد پر ریگا سے رومانیہ تک جنگ میں مصروف تھے۔ اگر روس ان کو مشغول رکھ سکتا تو ممالک متحدہ امریکہ کے جنگ میں شریک ہونے تک فرانسیسی اور برطانوی فوجیں مغربی سرحد پر مدافعت کرسکتی تھیں اور اگر روس جنگ سے علیحدہ ہوجاتا تو یہ چوبیس لاکھ سپاہی فوراً مغربی سرحد پر ٹوٹ پڑتے۔

لینن کے خلاف اتحادی جاسوس برابر پروپگنڈا کررہے تھے ۔ اگرچہ شہنشاہی کے زوال کے بعد اس زمانے کی تمام کار روائیاں منسوخ سمجھی گئیں ، لیکن یہ جاسوس چاہتے تھے کہ کم از کم زار کی فوجی کار روائیاں برقرار رہیں ۔

زار کے بعد پہلی حکومت جو برسر اقتدار ہوئی وہ ملی کوو کی جماعت تھی لیکن تھوڑے ہی عرصہ بعد پرنس لیوآف کی جماعت حکمران ہوئی ، کرنسکی اس کا وزیر جنگ تھا۔ لینن نے اس جماعت کے خلاف پروپگنڈا شروع کیا ۔ حکمران جماعت میں تقریباً تمام وزراء مالدار اور صاحب جائداد تھے ۔ لینن کو موقع مل گیا اور اس نے ان کے خلاف زہر اگلنا شروع کیا ۔

اب لینن نے اپنے مددگار کی حیثیت سے لیون ٹراٹسکی (Leon Tratskey) کو منتخب کیا جس کا اصلی نام لیون برانسٹین تھا۔ ٹراٹسکی لینن کا ہمنواء ہونیکے علاوہ زبردست مقرر تھا اور وہ ایک زمانے تک ممالک متحدہ امریکہ اور انگلستان میں رہ چکا تھا۔ وہ تمام خیالات

جن کا اظہار یکم جولائی کے مظاہرے میں جھنڈیوں پر ہوا تھا ٹراٹسکی کے ہی زور قلم کا نتیجہ تھے۔

حالات بد سے بدتر ہوتے جا رہے تھے۔ موجودہ حکومت کو بیحد دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، سویٹ الگ ناراضی کا اظہار کر رہے تھے۔ ایسے وقت پر کرنسکی نے بڑی جراءت کی، اس نے حکم دیا کہ روسی فوجیں اس مقام پر فوراً حملہ کریں جہاں خیال کیا جاتا تھا کہ جرمن محاذ بہت کمزور ہے۔

اس میں کامیابی ہوئی، جرمن فوجوں کو ہزیمت اٹھانی پڑی، اس پر پٹروگریڈ میں حکمران جماعت نے بڑی خوشی منائی۔ پلیخانوو نے ایک زبردست تقریر کی اور بتایا کہ روس اسوقت تباہی سے بچ سکتا ہے، جب کہ جرمنی کو شکست ہوجائے۔ لیکن عوام پر اس سے کوئی اثر نہ ہوا ناراضی بڑھتی گئی اور بالشویکوں کی بڑھتی ہوئی طاقت کے سامنے حکومت کا خاتمہ ہوگیا۔

جرمن پروپگنڈا پوری سرعت سے کام کر رہا تھا اور لوگوں میں جنگ سے بد دلی پیدا کر رہا تھا۔ اس کی بین مثال یہ ہے کہ جب تھوڑے دن بعد ہی جرمن فوجوں نے حملہ کیا اور روسی سرحد میں بڑھتی چلی آئیں تو عوام نے اس پر کوئی اعتراض نہ کیا۔ لینن کی قوت میں برابر اضافہ ہو رہا تھا اور حکومت اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کر رہی تھی، اس کی مثال یہ ہے کہ ایک روز جولائی کے مہینے میں لینن اور ٹراٹسکی نے بالشویکوں اور مزدوروں کی ایک بہت بڑی تعداد کے ساتھ مظاہرے کے بہانے پیٹر اینڈ پال (Peter & Paul) کے قلعہ پر قبضہ کرنیکی کوشش کی، لیکن یہ کوشش ناکام رہی۔ عوام نے ان کا ساتھ نہ دیا، سڑکوں پر بیحد کشت وخون ہوا اور آخر حکومتی فوجوں نے اس جماعت کو شکست دی۔

یہ حکومت کی کیسی سخت غلطی تھی کہ جب لینن اور زینوو فرار ہوئے تو کسی نے ان کا تعاقب نہیں کیا۔ ٹراٹسکی کو کچھ دنوں جیل میں رکھکر پھر رہا کر دیا گیا،

اورجب لینن واپس آیا تو کسی نے اس سے بازپرس نہ کی اور وہ جمیعت دستور ساز کا رکن منتخب ہوگیا۔

لیوو وزارت عظمی سے مستعفی ہوگیا اور اسکی جگہ الکزنڈر کرنسکی نے لی۔ یہ خیال کیاجاتا ہے کہ یہ یا تو کرنسکی کی کمزوری تھی یا اس کی حماقت کہ اس نے لینن اور ٹراٹسکی کو ان کی غداری کی کوئی سزانہ دی ، لیکن اگر دیکھا جائے تو کرنسکی نے وہی کیا جو وقت کے لحاظ سے مناسب تھا۔ اس وقت روس کی حالت بالکل عجیب تھی۔ عوام کا خیال تھا کہ آزادی تقریر ہر شخص کا حق ہے۔ یکم جولائی کے مظاہرے کے متعلق بھی لوگوں کا یہی خیال تھا کہ جولوگ تقریر کے ذریعہ اپنے خیالات کا اظہار نہیں کرسکتے ان کو حق ہے کہ مظاہروں کے ذریعہ اپنے خیالات کا اظہار کریں ، چنانچہ گورنمنٹ کا بھی یہی خیال تھا۔ ہر شخص کو آزادی تقریر و تحریر حاصل تھی روزانہ ایسے ایسے مضامین اخباروں میں شایع ہوتے تھے جو انگلستان امریکہ فرانس وغیرہ میں ایڈیٹر کو سزائے قید سے کسی طرح نہ بچا سکتے تھے ، کیونکہ ان کی نوعیت بیحد باغیانہ ہوتی تھی۔ جب کہ ایک رومی سے اس کے متعلق سوال کیا گیا تو اس نے کہا کہ ''یہ تو جمہوری حکومت میں ہرشخص کا حق ہے'' لیکن اس کو اس بات کا علم نہ تھا کہ جمہوری حکومت کو بھی ملکی اور غیر ملکی دشمن سے بچاؤ کیلئے کچھ نہ کچھ قیود عائد کرنے پڑتے ہیں۔ اس وقت کرنسکی کو کسی مستقل فوج کی ضرورت نہ تھی جو ہرجگہ اس کو حکومت کے قیام میں مدد دیتی بلکہ ضرورت اس بات کی تھی کہ جرمن اور بالشویک پروپگنڈا کا سدباب کیا جائے جو اس وقت کرنسکی کے اختیار سے باہر تھا۔

غرض کرنسکی کے حکومت کی حالت بد سے بدتر ہوتی گئی اور اس میں بالشویک پروپگنڈا کی وجہ سے روز بروز اضافہ ہوتا گیا اور آخر میں کارنیلوو کی بغاوت نے اس کی رہی سہی طاقت کا بھی خاتمہ کردیا۔

لینن کے مددگار برابر کام کر رہے تھے اور وہ وقت قریب آ پہنچا تھا جب کہ حکومت کو شکست دیکر بالشویک حکومت قائم کی جانے والی تھی ، پٹروگراڈ میں جمعیت دستور ساز کا انعقاد ہونے والا تھا ، ایک دستور مرتب کیاجانے والا تھا جمعیت کے نمائندے جو روس کے تمام مرد اور عورتوں کی آزاد رائے کے تحت منتخب ہوئے تھے حکومت کے ایسے طریقہ پر بحث کرنے والے تھے جو قابل نفاذ ہو ۔ لینن کو معلوم تھا کہ یہاں پر اس کی آواز صدابہ صحرا ثابت ہوگی ۔ جب دستور کے مرتب ہونے کے بعد ایک دفعہ حکومت قائم ہوجاتی تو پھر لینن کے لئے کوئی موقع نہ تھا ۔ لوگ ضرور اسی حکومت کا ساتھ دیتے کیونکہ وہ ان ہی کے نمائندوں کی بنائی ہوئی تھی اور پھر اسی حکومت کو الٹنا معمولی بات نہ تھی ۔ کم از کم یہ اس کی زندگی میں ناممکن تھا اس لئے یہی موقع وار کرنے کا تھا ۔

لینن اس وقت نپولین سوم کی تقلید کرنا چاہتا تھا ، لیکن دونوں میں بین فرق تھا نپولین سوم کم از کم فرانس میں سیکڑوں طرفدار رکھتا تھا ، لینن کے پاس کچھ نہ تھا سوائے اس کے کہ قومی کونسل میں (۱/۶) اور پٹروگریڈ سویٹ میں (۱/۱۰) اسکے ساتھی تھے اس سے زیادہ نہ تو اسکے طرفدار تھے اور نہ ہونیکی امید ہو سکتی تھی لیکن وہ روس کی بہتری چاہتا تھا اور اس کے لئے اپنی جان تک قربان کرنے تیار تھا ۔

لینن کو پٹروگریڈ اور ماسکو کی فوجوں پر کامل اعتماد تھا ۔ لینن کی کوششوں نے ان میں سے تقریباً نو فی صد کو بالشویک بنا دیا تھا ۔ اسکو ان مقامات کے شہریوں سے بھی قوی امید تھی کہ اگر وہ اسکا ساتھ نہ دینگے تو کم از کم ہمدردی کا اظہار ضرور کرینگے ۔ پٹروگریڈ صنعتی مرکز تھا اور ایک عرصہ سے برابر ترقی کر رہا تھا ، یہی حال ماسکو اور کائف کا تھا ۔ ان شہروں میں چونکہ آبادی کا تعلق کسی نہ کسی طرح پر صنعتوں کی پیداوار اور انکی تقسیم سے تھا اس لئے ممکن تھا کہ یہ لوگ اسکا ساتھ دیتے یا اس سے ہمدردی کرتے ، اس کے سوائے لینن کا کوئی اور رستا نہ تھا کاشتکاروں سے اسکو کوئی توقع نہ تھی اسکی ساری ہمدردی

مزدوروں کے ساتھ تھی اور سارے فائدے ان ہی کے لئے مخصوص تھے۔

پٹروگریڈ کے تمام شہری لینن کے ساتھ تھے۔ ہر نئے انتخاب کے وقت بالشویکوں کی تعداد بڑھتی جارہی تھی حکومت کے تمام دفاتر پٹروگریڈ میں تھے، بہ الفاظ دیگر حکومت کی پوری مشین بغیر کسی محافظ کے اسکے دشمنوں میں گھری ہوئی تھی۔ ایک مرتبہ اسکی کوشش بھی کی گئی تھی کے فوجوں کو وہاں سے کسی محفوظ مقام پر منتقل کردیا جائے، لیکن سخت اندیشہ تھا کے اگر انکو وہاں سے منتقل کرنے کی کوشش کی گئی تو ساری فوج باغی ہو جائیگی۔ اگر اسوقت دارالخلافہ تبدیل کردیا جاتا اور اس کے بجائے حکومت ماسکو چلی جاتی تو شاید وہ تباہی سے بچ جاتی۔

۷ نومبر کو صبح سے کسی قدر پہلے بالشویک سپاہیوں نے پلوں پر قبضہ کرلیا، اور آمدورفت منقطع کردی۔ تھوڑی دیر بعد جب ٹیلیفون کے دفتر اور فوجی ہیڈکوارٹر ان کے قبضہ میں آگئے تو انہوں نے پٹروگریڈ کی گلیوں پر قبضہ کرنا شروع کردیا۔ میارنسکی اور زار کے قدیم سرمائی محل میں حکومت کے دفاتر تھے۔ بالشویکوں نے حملہ کر کے میارنسکی سے جمہوریہ کی کونسل کو نکال باہر کیا جو وہاں اجلاس کر رہی تھی۔ تھوڑی دیر بعد سرمائی محل کا محاصرہ ہوا اور اس پر قبضہ کرلیا گیا۔ سوائے کرنسکی کے حکومت کے تمام وزراء وہاں موجود تھے کرنسکی کو بروقت اطلاع ملنے کی وجہ سے وہ وہاں سے فرار ہوچکا تھا۔ ان تمام کو گرفتار کرنے کے بعد پٹیر اینڈ پال کے قلعہ میں مقید رکھا گیا جن میں سے بعض کو گولی ماردی گئی اور بعض وہاں سے فرار ہوکر روس کی سرحد سے باہر نکل جانے میں کامیاب ہوگئے۔

جوں ہی کہ سرمائی محل پر قبضہ ہوا بالشویکوں نے مزدور پیشہ طبقے کے راج کا اعلان کردیا جس کا صدر خود لینن تھا۔ اگر کہیں اس کی مخالفت ہوئی تو بالشویک سپاہیوں نے مشین گن اور بندوقوں سے مخالفین کا سر کچل دیا۔ اکثر لوگوں کا خیال

ھے کہ یہ انقلاب زیادہ خونی نہ تھا لیکن واقعہ ایسا نہیں ھے ، بلکہ نہایت خونریز لڑائی کے بعد حکومت کی فوجوں نے ھتیار ڈالے تھے -

غرض بالشویکوں کو فتح نصیب ھوئی اور لینن نے فوراً اپنی کابینہ مرتب کی - بجائے وزیر کے کابینہ کے اراکین کیسرز کہلائے جانے لگے - لینن سب کا صدر تھا اور ٹراٹسکی وزیر خارجہ -

بالشویك طاقت جب پٹروگریڈ میں کسی قدر محفوظ ھوگئی تو چار روز بعد ھی ماسکو میں بھی یہی واقعات رونما ھوئے اور لینن اور ٹراٹسکی اب آئندہ کے لئے پروگرام مرتب کرنے میں مشغول ھوگئے ، ان کا سب سے پہلا کام یہ تھا کہ صلح ھوجائے - صلح کے پردے میں وہ روس کو جنگ سے علحدہ کرنا چاھتے تھے - چنانچہ بہت جلد برسٹ لیٹیوسك (Brestlitousk) کے صلح نامہ پر دستخط ھوگئے -

اس سے کسی کو انکار نہیں ھوسکتا کہ لینن اور اس کی مختصر سی جماعت نے بڑی چالاکی سے کرنسکی کی حکومت کا تختہ الٹ دیا - سارے روس میں بالشویك بہت تھوڑی تعداد میں تھے اور قومی سویٹ میں بھی ان کی تعداد بہت کم تھی ، یہی حال سویٹ مرکزی عاملانہ کمیٹی میں بھی تھا ، البتہ پٹروگریڈ کے سویٹ میں ان کی اکثریت تھی ، لیکن پٹروگریڈ سویٹ ایك شہری کونسل سے زیادہ اھمیت نہیں رکھتی تھی ، اور قوم پر اس کا کوئی اثر نہ تھا - ان باتوں کو محسوس کرتے ھوئے لینن نے سب سے پہلے یہ احکام اجرا کئے کہ سوائے خرس سرخ (Red Gaurds) کے سب لوگ بے ھتھیار ھوجائیں اور بقیہ تمام فوج تخفیف کردی گئی - لینن کو ڈر تھا کہ اسکے خلاف کہیں کوئی سازش نہ ھو - اسکے بعد اس نے جمعیت دستور ساز کو برخواست کرنیکی کوشش شروع کی جو تمام روسیوں کی رضامندی سے قائم ھوئی تھی -

۱۸ جنوری سنه ۱۹۱۸ء کو جمعیت دستور ساز کا اجلاس ہوا اسکے لئے تاریخ بہت پہلے مقرر ہو چکی تھی مگر اسکے اکثر ممبر لینن کے حکم سے گرفتار کر لئے گئے تھے، اسلئے اسکے انعقاد میں برابر تعویق ہو رہی تھی - ۱۶ جنوری کو جمعیت کی نشست سے دو روز قبل لینن نے ایک سنسنی خیز اعلان کیا اور ہر جگہ اسکی اشاعت ہوئی اس میں شہریون کو مخاطب کیا گیا تھا اور لکھا تھا "شہریو انقلاب خطرے میں ہے اپنی محافظت کرو وغیرہ وغیرہ"۔ لینن کو ڈر تھا کہ کہیں ایک دوسرے انقلاب کے ساتھ ہی پرانی حکومت پھر برسر اقتدار نہ ہو جائے اس لئے اس نے پٹروگریڈ میں بھی مظاہرے وغیرہ خلاف قانون قرار دئے۔ ایسی خوف وخطر کی حالت میں اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا، مگر فوراً اس کا پتہ چل گیا کہ بالشویک بہت کم تعداد میں ہیں۔ اس پر جسقدر بالشویک تھے سب کے سب اسمبلی ہال سے باہر نکل آئے، باقی اراکین نے وہیں بیٹھ کر بحث مباحثہ جاری رکھا لیکن بہت جلد بالشویک سپاہیون نے ان لوگون کو جبراً نکال باہر کیا جو حقیقی معنون میں اسکی نمائندگی کر رہے تھے۔ اس واقعہ کے بعد روس میں جمہوری حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

لینن کو اپنے مقصد میں کامیابی حاصل ہو چکی تھی کرنسکی کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا تھا ایک نئے سوویٹ کا انتخاب عمل میں آنیوالا تھا اور لینن اپنی مرضی کے موافق انتخاب عمل میں لانا چاہتا تھا۔

لینن کی حکومت اشتراکی اصول پر مبنی تھی۔ تمام اہم کاروبار گورنمنٹ کی ملک قرار دئے گئے، بنکون اور کارخانے پر حکومت کے قبضے کا اعلان ہو گیا، مسلح سپاہیون نے بنکون کا محاصرہ کر کے ان پر قبضہ کر لیا، آمریت کے کارندون نے کارخانے کے مالکون کو اطلاع دیدی کہ اس وقت سے تمام کارخانے حکومت کی ملک ہین اور جمہور ئیہ سوویٹ کے مفاد کیلئے ان پر قبضہ کرنا ضروری ہے۔ عالیشان مکانون سے وہ لوگ جو مالدار اور صاحب جائداد تھے نکال باہر کئے گئے اور یہ مکانات سپاہیون اور مزدورون کیلئے وقف کر دئے گئے۔

نومبر سنہ ۱۹۱۷ء میں لینن کی کامیابی پر دنیا محو حیرت تھی ، لیکن اس میں حیرت کی کوئی بات نہ تھی اگرچہ اس کے ساتھ عوام کی بہت کم تعداد تھی لیکن اس کے مددگار غیر معمولی قابلیت رکھتے تھے اور ان کے پاس حکومت کو الٹ دینا کوئی بڑی بات نہیں تھی۔

انقلاب نے ہر شخص میں بیداری پیدا کردی تھی،زار کی حکومت کا خاتمہ ہونے کے بعد ہرشخص اپنے آپ کو آزاد سمجھ رہا تھا ، غلامی سے ایکدم آزادی ہرشخص کے لئے واقعی تعجب خیز تھی ، مملکت روس شہنشاہی سے جمہوریت میں تبدیل ہوچکی تھی ، روس جو صدیوں سے مردہ تھا اس کے بے جان جسم میں دوبارہ جان پڑگئی تھی ، گذشتہ زمانے کی تاریکی دور ہورہی تھی اور روشنی کے آثار پیدا ہوچلے تھے۔ حکومت نئے اصولوں پر چل رہی تھی ، سوسائٹی میں وہ باتیں باقی نہ رہی تھیں جو زار کے زمانے میں تھیں۔ ان کی زندہ دلی پھر عود کر آئی تھی اور وہ چاہتے تھے کے ہرشخص ان کی طرح آزاد ہوجائے۔

لیکن کٹر وژن آدمی اس تبدیلی کے سمجھنے سے قاصر تھے۔ صدیوں سے ان کے مالکوں نے انکو جاہلیت اور تاریکی میں رکھا تھا تاکہ وہ کبھی بغاوت نہ کرسکیں اور ان لوگوں کے غلام بنے رہنے کی وجہ سے ان کے مالکوں کو کوئی تکلیف نہ پہونچ سکتی تھی۔ یہی وہ زمانہ تھا جب کہ لینن نے ان لوگوں کو بیدار کرنا شروع کیا اس نے بتایا کہ اس کے نئے اصولوں کے تحت ہر شخص آزاد ہوجائیگا۔ اس کا نظریہ بے حد وسیع تھا ، وہ نہ صرف روس کو بلکہ بنی نوع انسان کو غلامی کی زندگی سے نجات دلانا چاہتا تھا۔ ان باتوں نے عوام کے دل پر اثر کیا اور ایک بہت بڑی تعداد اسکا ساتھ دینے پر آمادہ ہوگئی کیونکہ ان کو آزادی ملنے والی تھی ، انکو اسبات کا موقعہ ملنے والا تھا کہ اپنے قدیم مالکوں سے ان کے بے رحمانہ سلوک کا بدلہ لیں ، آزادی کا احساس ان کے دلوں میں پیدا ہوچکا تھا اور نکولائی لینن انکا رہبر تھا۔

اس کے ساتھ ہی اور بھی کئی ایک وجوہات تھیں روس جنگ سے بیزار

ہو چکا تھا اس کے لئے اب جنگ میں کوئی دلچسپی باقی نہ تھی، خود زار روس کے زمانے میں لاکھوں آدمی جنگ میں کام آ چکے تھے، پھر بھی ان کے مالک کے دل میں رحم کا نام نہ تھا شہنشاہی کے زمانے ہی میں حالات ابتر ہو گئے تھے۔ ماسکو اور پٹروگریڈ میں لاکھوں آدمی فاقہ کر رہے تھے اور زراسی غذا کے بدلے ہزاروں قسم کی سختیاں جھیلنے آمادہ تھے۔ اس کے بعد ہی لینن نے قیام امن کی جدوجہد شروع کر دی۔

جنگ عظیم کے پہلے ہی سے روس کی معاشی حالت خراب ہوتی چلی جا رہی تھی یہاں کی تقریباً اسی فی صد آبادی کا دارومدار زراعت پر تھا اور دن بہ دن انکے گلے میں پھانسی کا حلقہ تنگ کیا جا رہا تھا، ریلوں اور ذرائع نقل وحمل کی حالت تباہ تھی، اور دن بہ دن اس میں اضافہ ہی ہو رہا تھا۔ پرنس لیووکی حکومت نے اس پر غور ضرور کیا لیکن اسکو مطلق فرصت نہ ملی اور بہت جلد اسکی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔ عوام کی ایک بہت بڑی تعداد کا یہ خیال تھا کہ یہ تمام برائیاں جنگ کا نتیجہ ہیں۔ یہ زار روس کی وہ جنگ تھی جس سے ان کو کوئی دلچسپی نہ تھی، یہ وہ جنگ تھی جس نے روس کی ساری زمین کو خون سے رنگ دیا تھا۔ ان کی نظریں لیووپر لگی ہوئی تھیں کہ وہ فوراً صلح کا اعلان کریگا۔ لیکن اس کی حکومت نے جنگ کے جاری رکھنے پر اصرار کیا۔ اسکے بعد ہی لینن آیا اور اس نے فوراً صلح کا اعلان کیا جو اس کے خیال کے مطابق سب سے پہلی چیز تھی۔ عوام نے اس اعلان کا دلی خیر مقدم کیا۔

قدیم حکومت کے تحت روس روئے زمین پر بدترین ملک تھا تقریباً نوے فی صد آبادی کی زندگی آلام و مصائب سے پر تھی، ہر چیز پر خوف طاری تھا، شاہی خاندان کے ظلم وستم کی کارروائیوں سے جو ان کو ورثے میں ملا کرتی تھیں ہر شخص کانپ اٹھتا تھا۔

اس خاندان کی غلامی کا خونی طوق اٹھارہ کڑوڑ آدمیوں کی گردنوں میں پڑا ہوا تھا۔ اور ان لوگوں نے کبھی بھول کر بھی انبساط و مسرت کا منہ نہ دیکھا تھا۔ اگر بغیر

کسی انقلاب کے یہ ظلم و ستم یوں ہی جاری رہتا تو پھر قدرت کو اپنے اٹل قوانین بدلنے پڑتے۔ خود عوام بھی خوف و دہشت کے نظارہ دیکھتے ہوئے سخت دل ہو گئے تھے۔ حکومت ان کی نظروں میں ایک ایسی خوفناک مشین تھی جس کے نزدیک ہزاروں آدمیوں کو سولی چڑھانا یا سائبیریا میں جلاوطن کر دینا بہت معمولی بات تھی۔ اس کے بعد ہی لینن آیا اور اپنے اصول یعنے ,, مزدور پیشہ طبقہ کا راج ،، کی اشاعت سے لوگوں کے دلوں کو مسخر کرنا شروع کیا۔ آمریت سے وہاں کے لوگ بخوبی واقف تھے۔ لیکن یہ آمریت بالکل برعکس تھی۔ اس دور حکومت میں ان کے قدیم مالک ان کے مساوی تھے۔ ہر شخص اس چیز کا خواہاں تھا مگر وہ اس کو ناممکن خیال کرتے تھے۔

لینن قوم کی رہبری کر رہا تھا، لیکن یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ اس کے اصول کیا تھے ,, مزدور پیشہ طبقہ کے راج ،، سے کیا مراد تھی، اس کا جواب بے حد مشکل ہے۔ روس کی پوری تاریخ اس پر کوئی روشنی نہیں ڈال سکتی، یہی وہ باب ہے جہاں ہر شخص کی زبان خاموش ہے۔

این ٹرائسکی کی کتاب (The Bolsheviki and The World Peace) ,, بالشویک اور امن عالم ،، میں ہر چیز کا نہایت عمدہ پیرایہ میں بیان ہے۔ اس کتاب میں مسئلہ بلقان پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے۔ اشتراکی سیاسیات پر بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ بین الاقوامی معاملات پر بے حد مواد مل سکتا ہے۔ اگر کوئی چیز نہیں ہے تو وہ بالشویزم کے اصول۔

آج کل بھی اگر اس کے متعلق تلاش کی جائے تو بہت کم مواد ملتا ہے۔ خود لینن کے مضامین جو بہت پر زور الفاظ میں حکومت کی مذمت کرتے ہوئے تبدیلی کی تعلیم دیتے ہیں اس کے اصولوں پر کوئی روشنی نہیں ڈالتے۔

مس لوئی برائنٹ (Miss Louise Brient) نے ایک معرکتہ الارا کتاب

("Six Red Months in Russia") ,, روس میں چھہ خونی مہینے ،، لکھی ھے ۔ اس کتاب سے بالشویك تاریخ کا یکم فبروری سنہ ۱۹۱۸ء تك پتہ چلتا ھے ۔ اسمیں بالشویك حکومت کا ذکر ھے لیکن اس کے اصولوں کا پتہ نہیں البرٹ رئس ولیمس (Aebert Rhys Williams) نے ایك بہترین پیمفلٹ ,, بالشویك اور سوویٹ ،، (The Bolshevikl the Soviet) لکھی ھے ۔ اس میں سوال وجواب کے پیرایہ میں لینن کے طرز حکومت پر کسی قدر مواد ھے ۔ لیکن اس میں بالشویك نقطہ نظر سے سوسائٹی کا کوئی ذکر نہیں ھے ۔

اب سوال یہ ھے کہ کیوں روسیوں نے ان کی حکومت کو برقرار رکھنے پر رضامندی ظاھر کی ، اس کی وجہہ یہ ھے کہ یہ قابل لوگ ثابت ھوتے اور آنہوں نے قوم کی ضروریات کے موافق حکومت کی بہت سے بالشویك لیڈر معمولی درجہ کے آدمی تھے جو قوم کی ضروریات اور ان کی تکالیف کو اچھی طرح سمجہہ سکتے تھے ۔ سرمایہ داروں نے ان کو قاتل اور جرمن کارندوں کا خطاب دیا تہا ۔ روسی قوم بخوبی واقف تہی کہ یہ الزام بالکل غلط ھے ۔ اور بالشویك لیڈر بے حد دیانت دار اور وطن کے لئے اپنی جان قربان کرنے ھر وقت تیار ھیں ۔

مس بیسی بیٹی (Miss Bessie Beathy) کی کتاب ,, روس کا سرخ دل ،، (The Red Heart of Russia) میں ان واقعات پر کافی روشنی ڈالی گئی ھے ۔ اس میں بتایا گیا ھے کہ کس طرح ھر شخص کو اس حکومت کے تحت اس کا برابر حصہ دیا گیا اور ھر قابل آدمی کے لئے کس قدر ترقی کی راھیں کھولدی گئیں ۔

وہ دستاویز جو بالشویك حکومت نے جمعیت دستور ساز کے سامنے پیش کی حسب ذیل تہی ۔

اس میں مزدور پیشہ طبقہ کے حقوق کو منوایا گیا تھا اور روس کو مزدوروں ،

اوقات غیر معمولی جلسہ بھی ہوا کرتے تھے۔ اس میں روسی مرکزی عاملانہ کمیٹی کے لئے انتخابات عمل میں آتے تھے جو حقیقی معنوں میں روس پر حکمران ہوتی تھی۔ دوسرے شعبوں کے لئے ۱۷ نمائندہ منتخب کئے جاتے تھے یہ لوگ مرکزی کمیٹی کے سامنے ذمہ دار ہوتے تھے جو خود روسی کانگریس کے سامنے ذمہ دار ہوتی تھی۔ روسی کانگریس اور مرکزی کمیٹی اہم اور خارجی معاملات کا تصفیہ کرتے تھے۔ ہر شہر، ضلع، اور قصبہ میں بھی سوئٹ کانگریس تھی جس طرح کہ مرکزی حکومت میں روسی کانگریس کی ایک مرکزی عاملانہ کمیٹی تھی اسی طرح ہر شہر ضلع اور قصبہ میں بھی ایک عاملانہ کمیٹی تھی اپنے اپنے علاقہ کی حد تک یہ کانگریس پورے اختیارات رکھتی تھی، اور عاملانہ کمیٹی ان اختیارات کو عمل میں لاتی تھی۔ انہیں نمائندوں کی تعداد آبادی کے مناسبت سے ہوتی تھی اور ان کے نمائندہ تین ماہ کے لئے منتخب ہوتے تھے۔ شہروں میں اس کے اجلاس ہفتہ میں ایک مرتبہ اور قصبوں میں ہفتہ میں دو مرتبہ ہوا کرتے تھے۔

دفعہ ۴۔ یہ دفعہ حق رائے دہی سے بحث کرتا ہے۔ حق رائے دہی بغیر کسی قید کے حسب ذیل شہریوں کو عطاء کیا گیا۔ ہر وہ شخص جو جائز طریقے پر محنت کر کے روپیہ کماتا ہو اس میں مکانوں کی نگرانی کرنے والے اور مٹی اٹھانے والے بھی شامل تھے، سوئٹ حکومت کے تمام سپاہی اور ملاح اور تمام وہ شہری خواہ وہ مرد ہو یا عورت، جو محنت کرنے کے ناقابل ہوں، ہر مرد اور عورت اٹھارہ سال کی عمر کو پہونچنے کے بعد رائے دینے کے مجاز گردانے گئے۔ حسب ذیل شہری نہ تو رائے دیسکتے تھے اور نہ ان کو حکومت میں کوئی دخل تھا۔ وہ لوگ جو مزدوروں سے کام لیکر اپنی آمدنی میں اضافہ کرتے تھے وہ لوگ جن کو بغیر کسی محنت کے کافی آمدنی حاصل کرتے تھے مثلاً روپیہ سود پر قرض دینا، خانگی سوداگر وغیرہ، ہر مذہب و ملت کے پیشوا، قدیم زمانہ کے جاسوس اور پولیس کے سپاہی اور قدیم شاہی خاندان کے اراکین ناقابل رائے دہی قرار دئے گئے۔

علاوہ ازیں وہ لوگ جو قانوناً نا قابل رائے دہی قرار دئے گئے ہوں مثلاً دیوانے یا وہ لوگ جو کسی شخص کی نگرانی یا حفاظت میں ہوں ، یا وہ لوگ جن کو کسی شہر یا قصبہ کی سوئٹ نے بعض خود غرضانہ افعال یا حکومت کے خلاف سازش کے الزام میں شہری حقوق سے محروم کردیا ہو ، اور یہ اس زمانہ تک حق رائے دہی سے محروم رہتے تھے جب تک کہ ان کی سزا کی میعاد ختم ہو۔

لینن کے اصول میں جو کچھ بھی خامیاں تھیں وہ بنیادی تھیں اور ان کا علاج ممکن نہ تھا۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اصولوں کو عملی جامہ پہنانے میں بے حد مشکلوں کا سامنا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ بالکل بے غرض تھا ، موجودہ حکومت کی غلطیوں کی اصلاح کرنا چاہتا تھا اور ملک کی معاشی ترقی کا خواہاں تھا۔ لیکن یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ صرف مزدور پیشہ طبقہ ہی پیدائش دولت کا ذریعہ نہیں ہے۔ ہر شخص جو پیدائش دولت میں ذرا بھی ہاتھ بٹاتا ہے اس کو اس نظریہ کے تحت نکال باہر کرنا خلاف انصاف ہوگا۔

یورپ کے بڑے بڑے صنعتی مرکزوں میں بھی مزدوروں کے ساتھ کوئی خاص رعایت نہیں کیجاتی ، ان کی حالت بھی تقریباً وہی ہے جو دوسرے ممالک کے مزدوروں کی ہے۔ اس لئے اس تفریق اس کو مٹا کر مزدور پیشہ طبقہ کی حکومت قائم کرنے کا جو خیال پھیلا ہوا تھا اس کا تجربہ روس میں کیا گیا ، اسی لئے ابھی ہم اس کو ایک تجربہ سے زیادہ اہمیت نہیں دے سکتے۔

اس میں شک نہیں کہ لینن زیادہ غور و فکر کا عادی تھا لیکن اس نے انسانی فطرت کو سمجھنے میں کسی قدر غلطی کی ، اس کو یقین تھا کہ روس میں اسکو کامیابی ہونے کے بعد دنیا کے سارے مزدور اٹھ کھڑے ہونگے ، اور سرمایہ داری کا خاتمہ کر کے روس کی تقلید کرینگے ، لیکن یہ صرف لینن کا خواب تھا جو کبھی عملی جامہ نہ پہن سکا۔

سپاہیوں اور کاشت کاروں کی جمہوریہ ہونے کا اعلان کیا گیا تھا اس کی رو سے خانگی جائداد کے اصول کو مٹا دیا گیا اور بغیر کسی معاوضہ کے کل ایسی جائداد کو عوام کی ملک تسلیم کیا گیا، جس پر ہر شخص کو حق حاصل تھا۔

تمام جنگلات، معدنیات پانی کے خزانہ اور وہ تمام چیزیں جو معاشی لحاظ سے کچھ اہمیت رکھتی تھیں قومی ملک قرار دی گئیں، اور تمام کارخانہ، ریل اور ذرایع نقل و حمل سوئٹ کی نگرانی میں لے لئے گئے۔ سارے بنک جمہوریہ سوئٹ کی ملک قرار دئے گئے، جس سے مقصد یہ تھا کہ فلاکت زدہ عوام کو سرمایہ داروں سے نجات دلائی جائے۔ لیکن مالکان بنک کو کوئی معاوضہ نہیں دیا گیا۔

محنت جبری قرار دی گئی۔ اس سے ان لوگوں کا طبقہ جو مفت کی روٹی کھاتا تھا رفتہ رفتہ غائب ہونے لگا۔ اور ہر شخص پر معاشی زندگی کی اہمیت روشن ہونے لگی۔ مزدوروں اور کاشت کاروں کو مسلح کیا گیا، اور سرمایہ داروں کے طبقہ کو بے ہتیار۔ تمام خفیہ معاہدات شایع کرادئے گئے، تاکہ اس سے لڑنے والے ممالک کے مزدور اور کاشت کار آئندہ بیٹھیں، کسی طرح بھی اپنے ملک کو صلح کرنے پر مجبور کریں۔ سرمایہ داروں کی پالیسی کو ٹھکرا دیا گیا، جس کا مقصد یہ تھا کہ چند آدمی لاکھوں آدمیوں کو غلام بنائے رکھیں۔ تمام بیرونی قرضے جو زار کی حکومت یا کرنسکی کی حکومت نے حاصل کئے تھے یک قلم منسوخ کردئے گئے۔ جمعیت دستور ساز کو مجبور کیا گیا کہ وہ سوئٹ حکومت کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرے کیونکہ ۷ نومبر کی بالشویکوں کی کامیابی سے پہلے عوام اس کی اہمیت سے اچھی طرح واقف نہ تھے۔ حکومت کے کسی ارادہ میں سرمایہ داروں کو جگہ نہیں دی گئی۔

حکومت کا دوسرا اعلان جو جمہوریہ سوئٹ کے دستور کی شکل میں ظاہر ہوا بہت طویل ہے۔ اس کے بعض اہم دفعات کا خلاصہ یہ تھا۔

دفعہ ۱۔ یہ مزدور پیشہ طبقہ کے حقوق کی حفاظت سے متعلق تھا۔ روس سوئٹ مزدوروں، سپاہیوں، اور کاشت کارون کی جمہوریہ قرار دیا گیا اور ساری قوت اسی مرکزی ادارہ میں مضمر رھی جس مین ان تمام کے نمائندہ نشست کرتے تھے۔ اعلان کیا گیا کہ روسی جمہوریہ ایک آزاد قوم کے آزادانہ اتحاد پر مبنی ھے۔ لوگوں میں طبقہ وغیرہ کا کوئی فرق نہ رکھا گیا، بلکہ سب مساوی کر دئے گئے۔ حکومت نے اپنا یہ مقصد ظاہر کیا کہ وہ ایک اشتراکی معاشرہ قائم کرنا چاھتی ھے۔ انقلاب کو زندہ رکھنے کے لئے سرمایہ دارون کو حکومت سے بیدخل کر دیا گیا۔ اور ھر شخص کو اس بات کا حق دیا گیا کہ ھر طرح سے اوس کو حکومت کے معاملات پر اعتراض کرنے کا حق حاصل ھے۔

دفعہ ۲۔ اسکی رو سے تمام طاقت و قوت مزدور پیشہ طبقہ سے وابستہ کر دیگئی شہرون یا قصبون میں رھتے ھون۔ مذھبی معاملات سے سیاسی معاملات کو بالکل علیحدہ کر دیا گیا۔ مذھب کی تبلیغ یا اس کی مزمت کے لئے ھر شخص کو آزادی عطا کی گئی۔ عالیشان مکانون کے لئے حکومت نے عوام کو ساری سہولتین بہم پہونچائیں، تاکہ عوام وھان پر آزادانہ طریقہ پر جلسہ کر سکین اور حکومت کو ان کے خیالات کا علم ھو۔ مزدورون یا کاشتکارون کی ھر ایک انجمن کو مدد دینے کے لئے حکومت نے ھر وقت آمادگی ظاھر کی اور اس بات کی بھی کوشش ھونے لگی کہ ھر شخص کو مفت تعلیم دی جائے۔ غیر ملکی لوگون کو بھی وھی حقوق عطا کئے گئے، جو شہریون کو حاصل ھے بشرطیکہ وہ کوئی کام کر رھے ھون یا مزدور پیشہ یا کاشتکارون سے تعلق رکھتے ھون، مگر سرمایہ دار نہون۔

دفعہ ۳۔ اس میں سیاسی معاملات پر روشنی ڈالی گئی ھے روسی کانگریس کی حیثیت سب سے اعلی قرار دیگئی اور ساری قوت اسی میں مضمر رھی، اس میں مقامی سوئٹ کے نمائندہ آتے تھے، سال میں کم از کم دو مرتبہ اس کا اجلاس ھوتا تھا۔ بعض

زندگی

از

جناب علی حسنین صاحب زیبا متعلم بی۔ اے

یہ نظم جشن یوم کلیہ کے بزم مشاعرہ میں پڑھی گئی تھی۔
حاضرین بزم نہایت محضوظ ہوئے۔ اور مہاراجہ بہادر نے
انعام عطا فرمایا۔

شاعر نے زندگی کی رنگارنگی کو مختصر اور پر اثر الفاظ
میں پیش کر کے نظم کے حسن و خوبی کو دو بالا کر دیا۔

نغمۂ غم اک ازل کے دن سے تھا بانسری میں عشق کی سویا ہوا
اک تبسم پر کسی کے چونک اٹھا
زندگی شاید اسی کا نام ہے

روح اک ذرّوں میں محو خواب تھی نور کے اوراق میں لپٹی ہوئی
تھر تھرا کر اس نے اک انگڑائی لی
زندگی شاید اسی کا نام ہے

اس قدر ظاہر کہ نظروں سے نہاں اتنی پوشیدہ کہ ہر شئے سے عیاں
راز ہونے پر بھی ہے جو داستاں
زندگی شاید اسی کا نام ہے

رقص میں جس طرح فانوس بلور چھن رہا ہو جسکے ہر پہلو سے نور
مختلف رنگوں میں ہے جس کا ظہور
زندگی شاید اسی کا نام ہے

شاہ کی چین جبیں میں مستتر فلسفی کے تیوروں میں جلوہ گر
عاشقوں کا دل حسینوں کی نظر
زندگی شاید اسی کا نام ہے

ایک حسرت اک دل خاموش میں ایک لرزش پیکر مئی نوش میں
ایک بجلی طور کے آغوش میں
زندگی شاید اسی کا نام ہے

ایک مفلس بے نوا کے لب پہ آہ ایک منعم کا غرور عزّ و جاہ
ایک بت کافر کی دزدیدہ نگاہ
زندگی شاید اسی کا نام ہے

ایک شعلہ آتشیں رخسار کا ایک پھندہ گیسوئے خمدار کا
ایک سجدہ آستان یار کا
زندگی شاید اسی کا نام ہے

قطرۂ شبنم پہ لرزاں آفتاب بہتے پانی میں مچلتا ماہتاب
سرمدی دریا میں اک سرکش حباب
زندگی شاید اسی کا نام ہے

نوح تھے طوفاں میں جسکے ناخدا نغمۂ داؤد تھی جس کی صدا
تھی لب عیسی پہ جو شے معجزہ
زندگی شاید اسی کا نام ہے

پاسباں جس کا رہا رب جلیل شق ہوا جس کے لئے دریائے نیل
بن گئی آتش گلستان خلیل
زندگی شاید اسی کا نام ہے

کون فاران میں یہ حشر انگیز ہے ذرہ ذرہ جوش سے لبریز ہے
نغمہ زن جس لئے میں نغمہ ریز ہے
زندگی شاید اسی کا نام ہے

شعبہ قانون	۴۰ف	۷۸	۳۹ف	۷۲
جملہ	۴۰ف	۶۶۸	۳۹ف	۶۲۰

ان میں سے اکثر بلکہ تقریباً تمامتر طالب علم ریاست حیدر آباد کے ہیں اور معتدبہ تعداد اضلاع کے طلبہ کی ہے۔ کلیۂ جامعۂ عثمانیہ کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ اس کے مسلمان اور ہندو طالب علم ممالک محروسہ کے ہر گوشہ سے آکر اس میں شریک ہوتے ہیں۔

اس تفصیل کے ملاحظہ سے واضح ہوگا کہ سنہ ۱۳۴۰ف سے ایک نئی جماعت کا فتتاح ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے آگے چل کر جامعہ کو خصوصاً اور ملک کو عموماً گراں قدر فائدہ پہنچنے کی قوی امید ہے۔ یہ جماعت پوسٹ ایم۔ اے۔ ایم۔ ایس سی ریسرچ کی ہے جو بلا اضافہ خرچ مندرجہ موازنہ زیر نگرانی مجلس تحقیقات کلیہ قائم کی گئی ہے۔

مہرٹی۔ تلنگی اور کنڑی میں حسب سابق بعد کامیابی امتحان بی۔ اے ہونہار طلبہ کی ریسرچ زیر نگرانی پروفیسران متعلقہ جاری ہے۔

شوقین طلبہ کو جرمن زبان کی تعلیم کے علاوہ فرانسیسی زبان کی تعلیم بھی دی جارہی ہے۔ فرانسیسی کی تعلیم اگرچہ چند سال قبل جاری ہوئی تھی بعض وجوہ سے بند کردی گئی لیکن اب پھر جاری ہوگئی ہے۔

فزیکل ٹریننگ کو بھی ان دنوں کلیہ ھذا میں بہت فروغ حاصل ہے۔ چنانچہ جدید فزیکل ٹریننگ کالج میں شرکت کے لئے خصوصیت کے ساتھ سال گزشتہ اس کالج کے تین طالب علم منتخب ہوئے جو اپنا ایک سال کا نصاب ختم کرکے بہترین ثابت ہوئے۔

نتائج امتحانات جامعہ عثمانیہ بابتہ سنہ ۱۳۴۰ ف

جماعت	شریک	کامیاب	اول	دوم	سوم	نتیجہ فی صد
شعبہ فنون						
یم۔ایس سی (سال اول)	۳	۳	۰	۰	۳	۷۵
,, ,, ,, (,, دوم)	۳	۳	۲	۱	۰	۱۰۰
یم۔اے (,, اول)	۳	۳	۰	۰	۳	۱۰۰
,, ,, (,, دوم)	۵	۵	۰	۴	۱	۱۰۰
بی۔اے	۷۹	۴۴	۰	۱۶	۲۸	۵۶
انٹرمیڈیٹ	۷۳	۳۸	۰	۱۳	۲۵	۵۲
شعبہ دینیات						
یم۔اے	۰	۰	۰	۰	۰	۰
بی۔اے	۵	۴	۰	۳	۱	۸۰
انٹرمیڈیٹ	۵	۴	۰	۲	۲	۸۰
شعبہ قانون						
ال ال۔بی (ابتدائی)	۳۸	۲۷	۷	۲۰	۰	۷۱
,, ,, (آخری)	۱۰	۸	۴	۴	۰	۸۰

ان سے ظاہر ہے کہ جماعت ہائے یم۔ایس۔سی اور شعبہ فنون میں جماعت ہائے

یم۔ اے وال ال۔بی کے نتائج خصوصیت کے ساتھ اچھے ہیں۔ شعبہ دینیات کے نتائج بھی بہت ہی قابل اطمینان ہیں۔

ابتدائی جماعتوں کے نتائج جن میں طلبہ کی تعداد بہت زیادہ ہے اتنے اچھے نہیں ہیں لیکن کامیاب طلبہ کی تعداد (۵۰) فی صد سے زیادہ ہے یہاں ابتدائی جماعتوں سے مراد انٹرمیڈیٹ اور بی۔ اے ہے۔ باوجود اس کے کہ ہر صوبہ میں ایک انٹرمیڈیٹ کالج قائم ہو گیا ہے کلیہ ہذا کی ابتدائی جماعتوں میں طلبہ کی تعداد ہر سال بڑھتی ہی جاتی ہے کالج کرایہ کے مکانوں میں قائم ہے۔ کمرے ناموزوں ہیں اور نشستیں محدود۔ لیکن پھر بھی حتی الامکان ان کو موزوں بنا کر امیدواروں کو تعلیم کی برکات سے محروم نہ ہونے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اگر کالج اپنی عمارتوں میں خواہ وہ کہیں بھی ہوں اور کیسی بھی منتقل ہو جائے تو نہ صرف تمام امیدوار شریک کرائے جا سکیں گے بلکہ تعلیم بھی معلمین کے شوق و اطمینان کے بموجب ہو سکے گی۔

جدید تقررات وغیرہ

یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ علمی قابلیت اور ڈگریوں کے اعتماد سے کلیہ جامعہ کے اساتذہ ہندوستان کے دوسرے کالجوں سے بحیثیت عمومی کسی بھی طرح کم نہیں ہیں۔ حالیہ طرز عمل کے بموجب خود کالج کے سابق اور بہترین طلبہ کو وظائف یورپ بھیجکر کے اعلیٰ ترین تعلیم دلائی جاتی ہے اور کامیاب واپس آنے کے بعد کالج میں ان کا تقرر کیا جاتا ہے۔ کوئی وجہ نہیں کہ ان کے اساتذہ نے جو روایات قائم کر دئے ہیں ان پر عمل نہ ہو اور تحقیقات علمیہ کی جو بنیاد ڈالی جا رہی ہے مستحکم نہ ہو۔

شعبہ قانون میں ڈاکٹر میر سیادت علی خان صاحب کا اضافہ ہوا۔ شعبہ اردو میں

ڈاکٹر غلام محی الدین صاحب اور عبدالقادر صاحب سروری اور شعبہ فارسی میں لطیف احمد صاحب فاروقی کا۔ شعبہ ریاضی میں تعلیم انجینیری سے متعلق ڈاکٹر رضی الدین صاحب اور شعبہ کیمیاء میں بجائے عنایت خان صاحب جو ورنگل انٹر میڈیٹ کالج میں منتقل ہوگئے نذیر احمد صاحب طاہریم۔ ایس سی کا تقرر عمل میں آیا۔

ڈاکٹر ایشور ناتھ ٹوپا صاحب شعبہ تاریخ میں اور صلاح الدین صاحب ام اے شعبہ فلسفہ میں مامور ہوئے۔

اقامت خانہ جات اور تجربہ خانے

یہ حسب سابق اپنے اپنے کرایہ کے مکانوں میں قائم ہیں۔ اقامت خانوں کی تعداد (۵) ہے۔ ان کے کاروبار بھی پہلے کی طرح اچھے انجام پا رہے ہیں۔

اقامت خانہ قدیم و اقامت خانہ طیلسانین کے سابق موذب مقیم مستعفی ہونے کی وجہ سے ان کی جگہ مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی اور مولوی عبدالحمید خان صاحب کا تقرر کیا گیا۔

مقیمین اقامت خانہ کی جملہ تعداد (۱۳۷) ہے۔

تجربہ خانوں میں ایم۔ ایس سی کی جماعتوں کے لئے ایک مکان کا اضافہ کیا گیا۔ یہ مکان بڑی مشکلوں سے آغا منزل کے پہلو میں کرایہ پر مل گیا۔ طرح طرح کی کوششوں اور معتدبہ روپیہ صرف کرنے کے بعد یہ اب اس قابل ہوا ہے کہ اس میں ایم۔ ایس سی کا کام کیا جائے۔

توقع کی جاتی ہے کہ جدید سہ سالہ کٹ ریکٹ میں ہماری پیش کردہ اسکیم کے بموجب تجربہ خانوں کے لئے روپیہ منظور ہوگا تاکہ آلات سائنس کی فراہمی اور ان کی دیکھ بھال میں موانعات نہ پیدا ہوں۔

کتب خانہ

کتب خانہ میں سال حال (۱۶۵۲) کا اضافہ ہوا۔ جس کی تفصیل یہ ہے۔

شعبہ مشرقی میں (۵۱۵) کتابیں

شعبہ مغربی والسنہ ملکی میں (۱۱۳۷) ،،

اس طرح ختم تعلیمی سال ۱۳۴۰ ف پر شعبہ مشرقی کی کتابوں کی مجموعی تعداد (۱۰۹۵۱) ہے اور شعبہ مغربی والسنہ ملکی کی کتابوں کی تعداد (۱۷۰۹۲)۔

جملہ تعداد (۲۸۰۴۳)

فہرست ہائے کتب کی تیاری کے علاوہ ان کی تنقیح کا اہم کام بھی انجام پاتا رہا ہے۔ چنانچہ میرے ایما سے اساتذہ کلیہ کی ایک بڑی جماعت نے متعدد کمیٹیاں کیں اور کتابوں کا رجسٹرات کے ساتھ مقابلہ کیا۔

علمی انجمنیں

کالج کی تعلیم اس کی جماعتوں کے باضابطہ درسوں کی حد تک محدود نہیں۔ اساتذہ متعلقہ اور صدر کلیہ کے زیر نگرانی طلبہ کی متعدد علمی انجمنیں خاموشی کے ساتھ اپنا کام کر رہی ہیں۔ ان میں انجمن اتحاد کلیہ کی سب سے بڑی اور اہم علمی انجمن ہے اس کے ذمہ علاوہ تقاریر و مباحثوں کی تنظیم کے طلبہ کے سیر و سیاحت وغیرہ کا انتظام بھی تفویض کیا گیا ہے۔ اس سال کالج کے طلبہ کی بڑی بڑی جماعتیں شمالی ہند۔ واٹیر۔ کلکتہ۔ بمبئی۔ نظام ساگر۔ بیدر۔ اورنگ آباد وغیرہ کا سفر کر کے اور بیش قیمت معلومات اور تجربے حاصل کر کے واپس ہوئیں۔ ایک جماعت نے جنوبی ہند اور لنکا تک سفر کر کے واپس آئی۔

علاوہ انجمن اتحاد کے بزم قانون - بزم تاریخ - بزم معاشیات - بزم سائنس - بزم عربی - بزم مہرٹی - بھی قائم ہیں - ابھی ابھی بزم اردو کا افتتاح بھی وقوع میں آیا -

کالج کے علمی رسالے

مجلہ جامعہ عثمانیہ اور خزینہ تاریخ پابندی کے ساتھ شایع ہورہے ہیں - ان کے مضامین کی خوبی کا اعتراف نہ صرف ممالک محروسہ کے ارباب تنقید کر رہے ہیں بلکہ برطانوی ہند میں بھی ان کی شہرت قائم ہے -

میں امید کرتا ہوں کہ سررشتہ تعلیمات حسب سابق مجلہ کی خریداری کو برقرار رکھے گا بلکہ خزینہ تاریخ کی اشاعت میں بھی مدد دیگا -

کھیل

فٹ بال - ہاکی - کرکٹ - اور ٹینس حسب سابق جاری ہیں - فٹ بال ٹیم انٹر کالج ٹورنمنٹ میں اپنے روایات کو برقرار رکھا اور اس سال بھی ٹروفی جیت لی - آل انڈیا اورنگ آباد ٹورنمنٹ میں بھی ہماری فٹ بال ٹیم کو کامیابی حاصل ہوئی -

علی گڈھ مسلم یونی ورسٹی کی کرکٹ ٹیم سے بھی مقابلہ رہا اور ہمارے کھلاڑیوں نے اچھے کرتب دکھائے -

جدید عمارت بیلی منزل میں ایک نیا ٹینس کورٹ تیار کیا جارہا ہے جس سے ہمارے کالج میں اس کھیل کے شوق کا پتہ چلتا ہے -

مسٹر و برکی نگرانی میں جدید اصول کے موافق طلبہ شام کے وقت اجتماعی

حیثیت سے کھلی ہوا میں ورزش کرتے ہیں۔ ان نوجوانوں کے لئے جو فٹ بال ہاکی وغیرہ جیسے بہت زیادہ تھکانے والے کھیلوں میں حصہ نہیں لے سکتے یہ ورزش نہ صرف تفریح کا ذریعہ پیدا کرتی ہے بلکہ ان کے اعضاء رئیسہ اور ہاتھ پاؤں کو بھی تقویت بخشتی ہے۔

اس موقعہ پر یہ کہنا بیجا نہوگا کہ کلیہ ھذا کا ایک سابق طالب علم (سید حبیب اللہ حسینی) جو اندنوں بحصول قرضہ اسکاٹ لینڈ میں فزیکل ٹریننگ کی تعلیم پا رہا ہے گلاسگو یونیورسٹی کے فرسٹ فٹ بال الیلیون میں اپنے کھیل کی خوبی کی بنا پر منتخب کر لیا گیا۔

ریسرچ اور دیگر علمی کام

جیسا کہ اس رپورٹ کے شروع میں بیان کیا گیا شہر یورپ سے ایم۔اے اور ایم۔ایس سی کے امتحانوں میں بہترین نتائج کے ساتھ کامیابی حاصل کرنے والے منتخب طلبہ ریسرچ بورڈ کی نگرانی میں ریسرچ کر رہے ہیں۔ یہ بورڈ مسلمہ قابلیت کے سینیر پروفیسروں اور ریسرچ کی ڈگری رکھنے والے اساتذہ پر مشتمل ہے۔ جن کے یہ نام ہیں۔

اراکین ریسرچ بورڈ کلیہ جامعہ عثمانیہ

(۱) محمد عبدالرحمن خان صاحب (صدر نشین)
(۲) پروفیسر قاضی محمد حسین صاحب وکن
(۳) ,, کشن چند صاحب ,,
(۴) ,, محمد رضی الدین صاحب ,,
(۵) ,, وحید الرحمن صاحب ,,
(۶) ,, سید محمد علی خان صاحب ,,
(۷) ,, مظفر الدین قریشی صاحب ,,

(۸) ,, سید حسین صاحب ,,

(۹) ,, ہارون خان شروانی صاحب ,,

(۱۰) ,, مرزا علی یار خان صاحب ,,

(۱۱) ,, سید جعفر حسین خان صاحب ,,

(۱۲) ,, یوسف حسین خان صاحب ,,

(۱۳) ,, خلیفہ عبدالحکیم صاحب ,,

(۱۴) ,, میر ولی الدین صاحب ,,

(۱۵) ,, عبدالحق صاحب ,,

(۱۶) ,, محمد نظام الدین صاحب ,,

(۱۷) ,, قاری سید کلیم اللہ حسینی صاحب

(۱۸) ,, مولوی عبدالحق صاحب ,,

(۱۹) ,, سید غلام محی الدین صاحب ,,

(۲۰) ,, مولوی محمد عبدالقدیر صاحب ,,

(۲۱) ,, ,, سید شیر علی صاحب ,,

(۲۲) ,, ,, محمد عبدالواسع صاحب ,,

(۲۳) ,, حسین علی مرزا صاحب ,,

(۲۴) ,, سید عبداللطیف صاحب (معتمد)

ریسرچ کا جو کام اس وقت جاری ہے اس کی تفصیل بہت طویل ہوگی۔ مختصراً صرف اتنا بیان کر دیا جاتا ہے کہ سال حال محمد حمید اللہ صاحب مسلم انٹرنیشنل لا۔ محمد غوث صاحب فقہ حنفی و شافعی۔ بی سری نواس راؤ صاحب تلنگی۔ ڈی۔ کے۔ بھیم سینا راؤ صاحب کنڑی۔ اور رگھوناتھ راؤ صاحب بھوساری مرہٹی۔ راحت اللہ خان صاحب عربی۔ محمد عبدالقیوم خان صاحب باقی فارسی۔ شیخ چاند صاحب اردو۔ اور سید عبدالقدوس صاحب اسلامی فلسفہ کے منتخب

مسائل کی تحقیقات میں مشغول ہیں۔

ممالک محروسہ میں السنہ ملکی یعنی اردو ۔ تلنگی ۔ مرہٹی ۔ کنڑی اور تاریخ ہند کے مغلیہ ۔ پرتگالی ۔ فرانسیسی و انگریزی دوروں سے متعلق ریسرچ کے لئے وافر مواد موجود ہے ۔ دفتر دیوانی تاریخ دکن وغیرہ کی معلومات کا ایک ایسا معدن ہے جس میں سال ہا سال تک کام کیا جا سکتا ہے ۔ اور ان سے بیش قیمت نتائج شایع کئے جا سکتے ہیں ۔ برایں ہم اگر کالج کے کتب خانہ کو قلمی مکتوبات کے خریدنے کے لئے ہر سال ایک مناسب رقم دی جائے تو کارہائے ریسرچ میں بڑی مدد ملے گی ۔

۵	لفظ خلجی کی اصلیت	,, سید سراج الدین احمد صاحب متعلم ام - اے آخری -	۲۰۶
۶	نیٹروجن کی اہمیت اور اسکی تثبیت	,, خواجہ غلام گوہر علی خان صاحب متعلم بی اے -	۲۱۵
	بارگراں (ٹالسٹائی) (افسانہ)	,, خلیل الرحمان صاحب ایم - ایس سی (عثمانیہ)	۲۲۷

۸	چند تاریخی اسناد	جناب محمد غوث صاحب ام اے - ایل ایل بی (عثمانیہ) ریسرچ اسکالر -	۲۳۳
۹	ترک شعر (نظم)	,, محمد حبیب اللہ صاحب رشدی ام اے (عثمانیہ)	۲۴۷
۱۰	جواب قدردان	,, عمر بن صالح صاحب وفا -	۲۴۸
۱۱	ولی کی غیر مطبوعہ غزل	,, خواجہ محمد احمد صاحب ایم اے - ایل - ایل (بی عثمانیہ)	۲۵۰
۱۲	نظم	,, سر تاج ، (جامعہ عثمانیہ)	۲۵۲
۱۳	سراب حیات	,, محمد بدرالدین خاں صاحب شکیب بی اے (عثمانیہ)	۲۵۳
۱۴	خطبہ صدارت	,, اغا جعفر حسین صاحب -	۲۵۴
۱۵	کلیہ کی خبریں	مدیر	۲۶۳
۱۶	کالج کے دن (ڈرامہ)	,, عزیز احمد صاحب -	۱ تا ۵۴

علم اصول قانون کے طریق کار

از

جناب مولوی فاضل میر سیادت علی خانصاحب ایم ، اے - ایل ، ایل ، بی (عثمانیہ)
بی ، سی ال ڈی فل (اکسفورڈ) بیرسٹر اٹ لا - پروفیسر قانون

چند مواخذ - کرکوناف تیھوری آف لا - برایس لکچرس - ھالینڈ جور سپروڈنس - وغیرہ

تمام عمرانی علوم کی خصوصیت ان کا اپنا طریق کار (Method) ھوتا ھے - ھمیں بھی سونچنا چاھئے کہ علم اصول قانون کا کیا طریق کار ھے؟ اگر اسکے ایک سے زیادہ طریق کار ھیں تو ان مین کونسا صحیح ھے - چونکہ قانون پر ھمیشہ عمل ھوتا رھتا ھے - اس کے علم کے طریق کار کی صحت کا معیار ایک ایسے نظام قانون کا پیدا کرنا ھوگا جو باھم متوافق متوازن اور عوام کی ضرورتون کے موافق ھو -

جب ھم انگلستان ، یورپ اور امریکہ کے مختلف اساتذہ کی تصانیف پر غور کرتے ھین تو ان مین چار طریق کار کو رائج پاتے ھین - اور وہ یہہ ھین :-

(۱) مابعد الطبیعاتی یا حضوری طریقہ

(۲) تحلیلی طریقہ

(۳) تاریخی طریقہ

(۴) متقابلہ طریقہ

The methods of legal science

۱۔ مابعد الطبیعاتی یا حضوری طریقہ یہہ اکثر جرمن ، فرنچ اور اطالوی مصنفوں کا طریقہ ھے۔ اسکا قدم اول حق اور قانون کے مجرد تصورات کی تحقیق اور انکا اخلاقیات قانون قدرت۔ آزادی اور ارادۂ انسانی سے تعلق کی تشریح ھوتا ھے۔ اس طرح پر اس میں پہلے مابعد الطبیعاتی نفسیاتی اور اخلاقیاتی بحثیں آجاتی ھیں۔ بعد ازاں اس میں چند بنیادی قانونی تصورات مثلاً اقتدار اعلی۔ اطاعت ذمہ داری فرض اور حق سے بحث ھوتی ھے۔ خصوصاً حق کے تصور کی اس طریق کار میں خوب تدقیق ھوتی ھے۔ پھر چند عائلی قانونی اداروں مثلاً خاندان۔ جائداد۔ وراثت۔ ازدواج اور معاھدے سے بحث کی جاتی ھے اور پھر ان کے متعلق وہ اصول بناتے جاتے ھیں جو فطرتاً ان اداروں کی صحت مزاجی کیلئے مناسب ھوں۔

اس طریق کار کے بعض مصنفین تو محض مجردات ھی میں رھتے ھیں۔ اور ان کی تصانیف ان کے بنیادی مفروضہ تصورات پر کلیتہ مبنی اور انہیں سے مستخرج ھوتے ھیں۔ اور باقی مجردات کو چھوڑ کر بہت جلد واقعی قانون تک اتر آتے ھیں اور اسکے اصولوں سے بحث کرنے لگتے ھیں۔ جب اس طریق کار کے پابند کانٹ اور ھیگل جیسی قابل شخصیتیں ھوں تو ان کی تصانیف کو گھٹانا بے ادبی ھوگی۔ لیکن بلاشبہ ان کی کتابیں بہت ادق ھیں۔ ان کے مطالعہ سے بہت کم قانونی نقطہ نظر سے مفید باتیں معلوم ھوتی ھیں۔ اور یہہ تعداد میں اتنی زائد ھیں کہ انسان کی کم عمر بھی ان کے پڑھنے میں حائل ھے۔ الحاصل یہہ قانون اور قانونی اصولوں سے دور محض مجردات کے کھیتوں میں بڑی تعداد میں بڑے تناور پودے ھیں لیکن ان کے پھل بہت کم ھیں۔ اور جیسا کہ آپ نے پالیا ھوگا ان کا طریق کار بھی سائنٹیفک نہیں کیونکہ سائنٹیفک طریقہ تو استقرائی یا حصولی ھے۔ جو قانونی حقیقتوں کو مدنظر رکھتے

ہوئے اصولوں کا استنباط کرتا ہے اور ان کا طریقہ استخراجی۔ قیاس یا حضوری ہے۔ جو مجردات سے نکل کر مجردات ہی میں گم ہو جاتا ہے یا اگر قانونی حقیقتوں تک آتا بھی ہے تو ناکافی حد تک۔ ان تمام عیوب کے کنوانے کے بعد ان کے ایک ہنر کو بھی ملحوظ رکھنا چاہئے اور وہ انکی قوت یا نعمت تفکر ہے (Gift of Speculation) اگر کوئی ایسا استاد پیدا ہو جائے جسمیں ان اساتذہ کی سی خداداد قوت تفکر ہو اور وہ مجردات کو سلام کر کے قانونی حقیقتوں پر حاوی ہو کر اپنی خداداد قوت تفکر سے کام لے تو پھر علم اصول قانون میں ایک اہم اضافہ ہو گا۔

۲۔ تحلیلی طریقہ انگریزی طریقہ مابعد الطبیعاتی طریقہ کا بالکل ضد ہے۔ اس کے اساتذہ مابعد الطبیعات اور اخلاقیات کو دور ہی سے سلام کر کے واقعی۔ حقیقی اور موجودہ انسانی وضع کردہ قانون سے ابتدا کرتے ہیں۔ اور جیسا کہ اس طریقہ کے نام سے ظاہر ہے اس کے اساتذہ قانونی الفاظ یا حدود (Terms) کو لیتے ہیں ان کی تعریف کر کے ان کے صحیح معنی مشخص کرتے ہیں۔ اور ان کے باہمی تعلقات بتاتے ہیں۔ خصوصاً قانون کی تعریف جو ان اساتذہ کی ہے مشہور اور معرکہ الارا ہے۔ جب اس طرح پر قانونی تصورات کے صحیح معنی ذہن نشین ہو جاتے ہیں تو وہ پھر قانون کے عام اصول استقراری طریقہ پر مستنبط کرتے ہیں۔ اور قانون کے کل اصولوں کو ایک نظام میں مرتب کرتے ہیں۔

اس طریق کار کے سب سے بڑے استاد جرمی نہیں گذرے ہیں انہوں نے انگریزی قانون کی بڑی خدمت اس کی لغویات خرافات اور تصنیفات کو بیرحمانہ تنقید کے ذریعہ ظاہر کرنے سے اور اسکے موجودہ ضرورتوں کے لئے ناکافی ہونے کو ثابت کرنے سے کی۔ ان کی عمر اصلاح کے مدنظر بیرحمانہ نکتہ چینی میں

گذری ۔ جسکا اثر یہ ہوا کہ صدیوں کا جمود ٹوٹ گیا : انگریزی قانون اب بے مثال نہیں سمجھا جانے لگا ۔ بلاکسٹن کی کنٹریس (شرحین) جسکی انہوں نے اچھی طرح خبر لی اب انگریزی قانون کی صحیح تصویر نہیں سمجھی جانے لگیں اور قانونی نظریوں پر بحث کا میلان عام ہو گیا ہے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی وفات سے تیس سال کے اندر انگریزی قانون مین بہت سی اصلاحیں ہو کر اسکی موجودہ شکل کی ابتدا ہوئی ۔ نتہم کی وفات کے بعد ان کے سب سے مشہور شاگرد جان آسٹن نے اسی طریق کار پر عمل کیا ۔ اور انگریزی قانونی الفاظ کے معنی مشخص کرنے مین بڑی دقت اٹھائی ۔ لیکن شاید انگریزی قانون کی اس وقت بہت کچھ اصلاح طلب ہونیکی وجہ سے بھی ان اساتذہ نے ایک طرف تو تاریخ یعنی ماضی سے سخت بے اعتنائی کی ۔ اور ظاہر ہے کہ علم اصول قانون کے بنیادی اصول بغیر تاریخ کی مدد کے سمجھنا دشوار ہے ۔ لیکن نہتم نے اپنی ساری عمر نہ جانتے ہوئے یہ غلطی کی ۔ اور دوسری طرف دیگر نظامات قانونی سے کوئی قابل لحاظ مدد نہ لی ۔ یہ سچ ہے کہ جان آسٹن نے بہت کچھ رومن لا کو پیش نظر رکھا ہے ۔ جہاں جہاں اسکی دانست میں انگریزی قانون میں کمی پائی گئی ہے اسکو رومن لا سے پورا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ لیکن افسوس کہ وہ رومن لا پر اچھی طرح حاوی نہین تھے ۔ اور انہوں نے اسکے متعلق بعض قانونی نظریوں کی دشواریوں تک نظر نہ پہنچنے کی وجہ سخت غلطیاں کی ہین ۔ اسی لئے ان کے بہت سے نتائج غلط ہین ۔

۳۔ تاریخی طریقہ ۔ اس طریقہ مین بر خلاف مذکورۂ بالا دو طریقون کے قانون کو بطور ایک معطیہ (Datum) کے نہیں تسلیم کر لیا جاتا ہے ۔ بلکہ اسکے نشو نما پر غور کیا جاتا ہے ، کہ اسکی ابتدا کیسے ہوئی اور موجودہ حالت تک وہ کس طرح پہونچا ۔ اس طریقہ مین قانون وقت کی ایک پیداوار ہے قانون بھی مثل مملکت

کے انسانی فطرت کی اس اقتضا کا نتیجہ ہے کہ انسان مل جل کر ایک معاشرہ (Society) بنا کر رہتے ہیں۔ اور گو اس معاشرہ کے اہم اور بنیادی اصول اور ادارے سارے متمدن ممالک میں ایک ہی ہوں لیکن ہر نظام قانون ہر وقت متغیر الحال ہے، تصورات میں بھی اور تیز اشکال (forms) کی حد تک بھی۔

اس طریقے کے فائدے دو ہیں:—اس سے بہت سے قانونی تصورات نظریوں اور قواعد کی تشریح ہوتی ہے، جو تشریح محض تحلیل یا مجرد نظریوں سے نہیں ہوتی۔ کیونکہ یہ تصورات وغیرہ محض عقل انسانی یا فطرت اشیا ہی کے پیدا کردہ نہیں ہوتے ہیں بلکہ ان پر اس ماحول کا بھی اثر ہوتا ہے جہاں ان قوانین کی نشو نما ہوتی ہے۔ ہر قانون ماضی اور حال۔ روایت اور سہولیت کے درمیان ایک میزان ہوتی ہے۔ اور محض تحلیل میں چونکہ صرف حال سے بحث ہوتی ہے، کسی بھی نظام قانونی کی پوری تشریح نہیں ہوتی۔ دوسری خوبی اس طریقے کی اس واقعہ کا ثابت کرنا ہے کہ قواعد اور قوانین جو آج ہمیں کتنے ہی مفید اور معقول نظر آئیں، اگلی نسلوں کو اتنے ہی مفید اور معقول نظر نہیں آئینگے۔ اسی لئے ماضی کو برا نہیں کہنا چاہئے کیونکہ حال بھی ماضی ہونیوالا ہے۔ اس واقعہ کو اگرچہ یہ قانون کے عام اصول سے نہیں بلکہ تفصیلات سے متعلق ہے قانون سازوں کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے اس طریقہ میں خطرہ یہ ہے کہ بہت آسانی سے وہ ایک طرف قدامت پرستی میں اور دوسری طرف عام سیاسی اور معاشری تاریخ میں متبدل ہو جاسکتا ہے۔ بعض نقاد اس پر الزام دیتے ہیں کہ یہ ماضی کی پرستش اور اسکو جائز سمجھنے سے اصلاح اور ترقی کی مخالفت کرتا ہے۔ اور یہ بھی ہے کہ یہ طریقہ کسی ایک خاص نظام قانون پر بہ نسبت تمام نظامہائے قانون کے زیادہ قابل اطلاق ہے۔ کیونکہ مختلف ممالک کی قانونی تاریخ کی تفصیلیں اتنی بے شمار ہیں کہ ان تمام کے نتائج کسی جامع قانونی نظام میں شامل کرنے غیر معمولی معلومات اور

قوت تعمیر کی ضرورت ہے۔ اور شاید باستثنائے روڈ اف خان اهیرنگ کے کوئی دوسرا شخص اس طریقہ پر عمل کرکے کوئی علم اصول قانون کی کتاب نہیں لکھہ سکا ہے ۔

..... آخری اور چوتھا طریقہ۔

۴۔متقابلہ طریقہ ہے جو جدید ترین ہے۔ اس کو مکان سے وهی تعلق ہے جو تاریخی طریقہ کو زمان سے ۔ اس میں قانونی تصورات۔ تخیلات۔ نظریات اور اداروں کی جو مختلف ممالك اور نظام هائے قانون پائے جاتے هیں ۔ متقابلہ تحصیل اور تحقیق کی جاتی ہے۔ اور اس طرح سے اس طریق کار کا مقصد ایك ایسے نظام کی تعمیر ہوتا ہے جو فطری ہو کیونکہ مختلف ممالك کے انسانوں میں مشترك ہوتا ہے ۔ فلسفیا نہ ہو کیونکہ مختلف اقوام هائے قوانین کا مغز لیا جاتا ہے۔ اور کارآمد ہو کر کیونکہ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کن ذرایعۂ سے ایك هی مقصد مختلف نظام هائے قوانین میں حاصل کیا گیا ہے ۔ اوران میں سے کونسا طریقہ بہترین ہے۔ متقابلہ علم اصول قانون کی دو قسمیں هیں ایك وہ جس میں تاریخ کی مدد لیجاتی ہے، کیونکہ کسی دو مختلف نظام قانون کے درمیانی اختلافات کا مطالعہ کہیں زیادہ مفید ہو جاتا ہے اگر تاریخ سے مدد لیکر یہ کہا جائے کہ ان اختلافات کی ابتدا کیسے ہوئی۔ اس طرح پر متقابلہ علم اصول قانون کی اس قسم میں معاشری اور سیاسی تاریخ کا مطالعہ بھی ضروری ہو جاتا ہے اور اسی لئے اس قسم کو تاریخی طریقہ کی ایك توسیع شدہ شکل سمجھا جاتا ہے ۔ دوسری قسم میں کو مختلف نظام قانون کے درمیانی اختلافات سمجھنے تاریخ سے بھی مدد لیجاتی ہے۔ لیکن چونکہ توجہ زیادہ تر حال کے قانونی مسائل پر ہوتی ہے اس لئے دور تك تاریخی میدان میں مسافت طے نہیں کیجاتی ہے ۔ اس طریقہ کی اس قسم میں ابتدا مختلف ممالك کے موجودہ قوانین سے کیجاتی ہے اور پھر دیکھا جاتا ہے کہ ایك هی قسم کے مسائل کو ان

مختلف قوانین میں کس طرح حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً آج کل قانون ٹرٹس میں ایک شکل اور متنازعہ فی مسئلہ مالک کی نوکر کے افعال کیلئے ذمہ داری کا ہے۔ اس کے متعلق اس طریقہ میں مختلف ممالک مثلاً فرانس۔ جرمنی۔ انگلستان۔ ممالک متحدہ امریکہ اور برطانوی نوآبادیوں کے قوانین کا مطالعہ کیاجاتا ہے پھر یہ طے کرنیکی کوشش کی جاتی ہے کہ اس مسئلہ کی مشکلات کو حل کرنیکا کونسا طریقہ آسان ترین اور عملاً بہترین ہے۔

متقابلہ علم اصول قانون کی طرف آجکل عام رجحان ہے۔ دو سال پہلے کیمبرج کے پروفیسر ونفیلڈ نے ایک بسیط خطبہ اسکی ضرورت اور فائدوں پر دیکر اس کی تحصیل کی ترغیب دی ہے اور افسوس ظاہر کیا ہے کہ مین کے بعد سے کسی نے قابل لحاظ طور پر اس پر توجہ نہیں کی ہے۔ اصولاً علم اصول قانون کے اس طریقہ پر اعتراض کرنا مشکل نظر آتا ہے، سوائے اس کے کہ باوجود اصولاً اسکے ٹھیک ہونے کے اس پر کام اتفاقاً کم ہوا ہے کہ ہم کہہ نہیں سکتے کہ عمل میں اسکی کیا حالت رہیگی؟ مین نے بیشک قابل قدر کام کیا ہے لیکن ہم ادب سے کہنا چاہتے ہیں کہ انہوں نے تاریخ پر اتنی زیادہ توجہ کی ہے کہ ان کے کام کو قانون کا تاریخی مطالعہ کہہ سکتے ہیں۔ اور اسی لئے علم اصول قانون کی عملی ضرورتوں کیلئے کم مفید۔

آخر میں یہ سوال کرنے سے پہلے کہ ہمیں ایک علم اصول قانون کیلئے ان چار طریقوں میں سے کس طریقہ کو اختیار کرنا چاہئے ہمیں یہ بھی پوچھنا چاہئے کہ آخر علم اصول قانون کس کیلئے مفید ہوگا اور کس کیلئے اسکو بنانا چاہئے۔ اس علم سے فائدہ یا تو قانون سازوں کو ہوسکتا ہے یا وکلاء اور ججوں کو یا طلبا کو۔ دنیا کے متمدن ممالک کے مقننہ جات میں آجکل بہت کم قانون داں اشخاص ہوتے ہیں۔ اسلئے زیادہ تر ہمارا روئے سخن

وکلا۔ ججوں اور طلبا کی طرف ہوگا۔ کہ قانون کے اصول پر مکمل طور پر جاری ہونے ان کو صحت۔ روشن دماغی۔ ہوشیاری ذہانت اور سرعت سے استعمال کرنے میں علم اصول قانون کہاں تک مفید ہوسکتا ہے ؟

اس مطلب کیلئے۔ چاروں طریق کار مفید ہیں۔ لیکن نسبتاً شاید تاریخی طریقہ سب سے بہتر ہے۔ کیونکہ ما بعد الطبعیانی طریقہ کے متعلق ہم کہہ چکے ہیں کہ اس کی خوبی قوت تفکر ہے لیکن اس کا نقص یہ ہے کہ اسکی کتابیں بہت ادق ہیں۔ اور وہ مجردات ہی میں بہت زیادہ گم ہے۔ تحلیلی طریقہ سے ہمارے قانونی تصورات اور خیالات متعین اور مشخص ہوتے ہیں۔ لیکن تاریخ سے بے اعتنائی کی وجہ سے اس میں وسیع النظری نہیں۔ استقرا کیلئے بہت سے مواد سے فائدہ نہیں اٹھایا جاتا۔ اسی لئے اس کے بعض اساتذہ کے بعض نتائج غلط ہوتے ہیں۔ متقابلہ طریقہ اصولاً ٹھیک ہے لیکن ابھی اسکو عمل کی کسوٹی پر اترنا ہے۔ تاریخی طریقہ سے قانونی تصورات اچھی طرح سمجھ میں آتے ہیں۔ استقراء کیلئے اگر احتیاط کیجائے تو حسب ضرورت مواد مل جاتا ہے۔ اور نتائج غلط ہونیکا احتمال نہیں رہتا ہے۔

لہذا اگر اب ہم سے سوال کیا جائے کہ قانون کی تعلیم اور قانونی ذہنیت کے پیدا کرنیکے لئے ان چار طریقوں کو کس طرح استعمال کیا جائے؟ تو کیا اسکا جواب حسب ذیل نہیں ؟ کہ ہمیں ابتدا اس تحقیق سے کرنی چاہئے کہ قانون کی عمرانی علوم میں جگہ کہاں ہے ۔ بالفاظ دیگر ہمیں قانون کا تعلق اخلاقیات۔ نفسیات۔ سیاسیات اور معاشیات سے دریافت کرنا چاہئے چونکہ یہ تحقیق فطرت انسان اور اسکے عام تصورات پر مبنی ہوگی اسی لئے ما بعد الطبعیانی طریقہ کے تحت آئیگی۔ اس کے بعد ان تصورات کی تحقیق چاہئے جو تمام نظامہائے قانون میں بنیادی ہیں یعنی حق۔ فرض۔ وجوب، ذمہ داری، قانون اور

رواج - بعض اساتذہ ان تصورات کو ما بعد الطبعیاتی یا حضوری طریقہ پر فطرت انسان سے مستخرج کرنا پسند کرینگے - اور بعض ان تصورات کو موجودہ اور مروج معنوں سے ابتدا کرکے تحلیل کے ذریعہ ان کے معنوں کو معین اور مشخص کردینا - ان تصورات کی تحقیق میں چاہے ان دونوں میں سے کوئی بھی طریقہ استعمال کیا جائے اور دراصل ان دونوں میں حقیقی فرق کم ہے (کیونکہ اگر ایک فطرت انسان کی حضوری معنوں سے ابتدا کرتا ہے تو دوسرا اسکے مظاہر سے) لیکن دونوں طریقوں میں تاریخی طریقہ کار کی مدد ضروری ہوگی - کیونکہ ہمارا مقصد قانون کے عام اصولوں کا مدون کرنا ہے - ان کی تدوین میں تاریخ سے بےاعتنائی نہیں ہوسکتی - اور اسکی مدد ضروری ہوتی ہے تاکہ ہم ان اصولوں کے ضروری اور مستقل عناصر میں سے کسی کو فروگذاشت نہ کردیں اور ہماری تعریفیں ان عام اصولونکے ضروری عناصر پر مشتمل ہوں - مثلاً کچھہ عرصہ قبل قانون کی جو مشہور ترین تعریف تھی اسکو لیجئے - اسکی رو سے قانون حکم مملکت (Command of the State) ہوتا ہے - لیکن جیسا کہ میں نے ثابت کر دکھایا ہے یہ تعریف ہر سیاسی معاشرہ یا مملکت پر صحیح نہیں آتی - پس اس واقعہ سے کہ وہ سیاسی ترقی کے بعض مدارج پر اطلاق نہیں پاسکتی ظاہر ہے کہ وہ کافی عام اساس پر مبنی نہیں ہے ان عام تصورات کی تحقیق کے بعد ہم ایک دوسرے مجموعہ تصورات کی جو خالصاً قانونی ہیں تحقیق کرینگے - مثلاً ذیل کے تصورات کی - یعنی ملکیت - قبضہ - معاہدہ - ٹارٹس، فعل خلاف قانون - ازدواج - ولایت - غلامی - انتقال جائداد - رہن حقوق آسائش - بیع - شراکت - تحویل اماتتی - جرم - فریب اور غفلت کی اس وقت ہم موجودہ نظام ہائے قوانین کے قواعد سے اور زیادہ قریب ہوجاوینگے - گو ایک جرمن مابعد الطبعیاتی ان تصورات کو مثلاً ملکیت اور معاہدہ کے تصور کو ان عام حضوری اصولوں سے مستنبط کریگا جنکو وہ اپنی کتاب کے مقدمہ میں اصول موصوفہ کے طور پر قرار

دینگا۔ اور ایک سقراطی یا بتھمی تحلیلی طریقہ کا استاد ان تصورات کے معنوں کی تحلیل اور تجزیہ سے ان کی تعریفات وضع کریگا۔ لیکن ضرور ہے کہ ان تصورات کی تحقیق اور ان کی تعریف ان معنی کے مطالعہ پر مبنی ہوں جو ایک یا زاید نظام قانون میں ان تصورات کے ہیں۔ یہاں تاریخی طریقہ سے پھر بڑی مدد ملیگی۔ کیونکہ کسی بھی نظام قانون کے وہ قواعد جو انسانوں کے ان تعلقات کو منضبط کرتے ہیں جو ان کے معنے سے نکلتے ہیں، کچھ نہ کچھ حد تک بے ضابطہ اور ایک نہ ایک حد تک ایسی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں، جو محض عقل کے پیدا کردہ یا محض عقل پر مبنی نہیں ہوتے ہیں۔ بلکہ تاریخی اسباب اور ماحول کے اثرات کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ مثلاً قبضہ۔ وراثت اور رہن کے رومنی اور انگریزی قواعد میں بہت سی ایسی خصوصیات ہیں جن کی توضیح محض تاریخی مطالعہ ہی سے ہوسکتی ہے۔ ہم عام اصول بناتے وقت ایسی خصوصیات کو نظر انداز کردینگے۔ لیکن ہم کو یہ جاننا ضروری ہے کہ ان کی ابتدا کیونکر ہوئی وگرنہ ان تصورات کے بعض اہم پہلو سے ہم غافل رہینگے۔ اور ہماری تعریفوں میں وہ ضروری اور مستقل عناصر نہیں ہونگے جو ایک عام علم اصول قانون کیلئے ضروری ہیں۔ اس طرح پر ایک عام علم اصول قانون کی تدوین میں گو تاریخ کا درجہ ثانوی ہے لیکن بہت ضروری بھی ہے کیونکہ تاریخی مطالعہ ہی سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ اشیا یا تصورات جن کے نام مختلف ہیں دراصل حقیقت میں ایک ہی ہیں۔ اور اشیا یا تصورات جن کے نام ایک ہی ہیں دراصل حقیقت میں جدا ہیں۔ اس طرح پر علم اصول قانون کے استاد کو تاریخ سے قانونی تصورات کی وہ کامل توضیح اور تشریح ملتی ہے جو بغیر اس کے ممکن نہیں۔ متقابلہ طریقہ سے بھی اسے اسی قسم کی مدد ملتی ہے کہ بہت زیادہ زور کسی نظریہ یا ادارہ کی اس خاص شکل پر جو وہ کسی ایک نظام قانون میں اختیار کیا ہے نہیں دینا چاہئے بلکہ مغز کو دیکھنا اور مختلف پردوں میں جو ایک ہی تصور کارفرما ہے اس کو

کرفت کرنا چاهئے۔

مذکورۂ بالا تمام تصورات علم اصول قانون کے موضوع هیں۔ کیونکه یه هر ترقی یافته نظام قانون میں پائے جاتے هیں اور قانون کے مفاد پر مستقله هیں۔ لیکن اگر هم آگے اور تفصیلات میں جائیں تو عام اصولوں کو مستنبط کرنا زیاده مشکل هو جاتا هے۔ کیونکه تفصیلات میں هر قوم کے خاص طریقوں اور رواجات کو بھی دخل هوتا هے اور یہاں جو طریقه یا رسم ایك قوم کے لئے مناسب هوتا هے دوسرے کیلئے مناسب نہیں هوتا، تو یہاں علم اصول قانون طالب علم کو الوداع کہیگا، اور اسکو ان اساتذه کے سپرد کردیگا، جو مثلاً انگلستان، اسکاٹلینڈ، فرانس یا روس کا قانون پڑھاتے هیں۔ اور رخصتانه نصیحت یه کریگا که ان قوانین کی تفصیلات میں اور ان پر تنقید کرتے وقت آن عام اصولوں کو اطلاق دے جو علم اصول قانون میں اس نے سیکھے هیں۔

اس طرح علم اصول قانون کے اصول موضوعه کچھه بہت زیاده نہیں هیں اور ایك مختصر سے پیمانه میں بیان کردئے جاسکتے هیں۔ سوائے اسکے که اساتذه ایك طرف اخلاقیات میں اور دوسری طرف تاریخی مواد میں بہت زیاده دور تك جائیں اور اس علم کے مطالعه کا فائده ان معلومات کے بہم پہنچانے پر جو اس علم کے مطالعه سے حاصل هوتے هیں موقوف نہیں هے۔ بلکه اس تربیت دینے پر که تفصیلات پر همیشه صحیح اصولوں کا اطلاق دیا جاسکے۔ اسی لئے هر طالب علم کو تفصیلات میں پڑھنے سے پہلے اصولوں پر حاوی اور ان کے صحت روشن دماغی ذهانت اور سرعت سے اطلاق دینے میں ملکه حاصل کرنا چاهئے۔ اور نه اس کو اور نه جج اور وکلا کو کبھی فراموش کرنا چاهئے که قانون کی ترقی میں وه قابل قدر مدد دیسکتے هیں۔ پس اس طرح پر اگر مذکورۂ بالا امور کو ملحوظ رکھیں تو عام علم اصول قانون کے اصولوں کی تدوین سے هم ایك ایسا نظام قانون پیدا کرسکتے هیں

جو باهم متوافق متوازن اور عوام کی ضرورتوں کے موافق ہو گا۔

اور اوپر کی ساری بحث کا خلاصہ یہ ہوگا کہ ، علم اصول قانون ایك علم ہے۔ اور وہ عام ہے۔ اس کی تحصیل کیلئے چار طریقے رائج ہیں۔ چاروں مفید ہیں۔ لیکن ہر ایك کی خوبیوں کو لیکر علم قانون کے وہ اصول مرتب ہوسکتے ہیں جن کے مطالعہ سے قانونی ذہنیت پیدا ہوتی ہے اور جو نظام قانون کو متوافق متوازن اور عوام کی ضرورتوں کے موافق کردیتا ہے۔

ماهیت قانون

قانون کیا ہے؟ اس حصہ میں ہمارے سامنے اسی کی تحقیق ہے۔ مختلف اساتذہ کی قانون کی ماہیت کے متعلق مختلف رائیں ہیں۔ چنانچہ قانون کی ماہیت کے متعلق تحلیلی اور تاریخی اسکولس میں معرکتہ الاراا ختلاف ہیں۔ اوریوں تو ڈین پونڈ نے قانون کی ماہیت کے متعلق (۱۲) مختلف تصورات گنادئے ہیں۔ لیکن بہ لحاظ شہرت اوراہمیت کے ہم حسب ذیل چاراہم تصورات پر تفصیل سے غورکرینگے۔ چنانچہ قانون کی ماہیت کے متعلق پہلا اور بہت قدیم تصور یہ ہے کہ:—

(۱) قانون ایک مطلق۔ عالمی اور اخلاقی اصول کا مظہر ہے یعنے قانون قدرت (Jus Natural or Law of Nature) ہے۔ یہ تصور بہت ہی قدیم ہے اسکو برک نے بدیں الفاظ بخوبی ادا کیا ہے کہ صحیح معنی میں تمام انسانی وضع کردہ قوانین عـلانی ہیں یعنی ایک الہی قانون کا اعلان کرتے ہیں۔

(۲) قانون ایک مقتدر اعلی کی مرضی یا اسکا مظہر ہے قانون کے اس تصور کو تحکمی تصور (Imperative conception) کہتے ہیں۔ اسکا اب بھی بڑا اثر ہے۔ اور اسکی خوبی بھی کچھ تھوڑی نہیں ہے۔ انگریزی علم اصول قانون کا یہ خصوصی تصور ہے گو ہمیں ماننا پڑیگا کہ یہ یک رخی اور غیر مکمل تصور ہے۔

(۳) تیسرے تصور میں قانون تاریخی قوتوں اور حالات کا پیدا کردہ (قاعدہ عمل) ہے۔ وہ نہ تو شعوری تخلیق ایک فوق البشر عالمی حکمران اصول کی ہے اور نہ مقتدر اعـلی کی مرضی کی۔ بلکہ قانون ایک ارتقا ہے ایک نشو نما ہے جو حالات کا پیدا کردہ ہے ایسی حالات کا جو بڑی

حد تک اتفاقی ہیں اور تقریباً کلیۃً زمان مکان اور قوم کے اختیار سے باہر ہیں۔ اور اسی لئے قانون کا یہ تصور آنیسویں صدی کے تاریخی اسکول کا تصور یا ہمارے الفاظ میں اسکی تعبیر ہے۔ اسکا اثر روز افزوں ہے اور اسکی خوبی بہت زیادہ۔ لیکن یہ بھی یک رخی اور غیر مکمل ہے۔

(۴) چوتھے تصور میں قانون ایک خاص مقصد کیلئے ایک خاص ذریعہ ہے یعنی وہ ایک آلہ ہے مقصود بالذات نہیں۔ مقصد تو کوئی اخلاقی یا معاشری ہوتا ہے مثلاً انصاف آزادی۔ افادیت۔ عوام یا افراد کا مادی مفاد۔ اس تصور کے حامی اساتذہ کا دعوی ہے کہ بغیر ان اخلاقی یا معاشری مقصدوں کو پیش نظر رکھے کہ قانون کا سمجھنا دشوار ہے

قانون قدرت

میں کی۔ Ancient Law۔ کارلایل کی۔ Medival Pol. Theories in the west. برائس کا گیارھواں مقالہ۔ پالک کی Essays on the Law. اور پالک کی The expansion of the common Law آسٹن کا اکتیسواں لکچر۔ وینوگراڈاف کی Common sense in Law کا آخری باب۔ کرکوناف۔ تھیوری آف لا جلد (۱) باب (۳) قبل اسکے ہم قانون کے اس تصور کے آن چار دور کا ذکر کریں جو اس پر گذرے ہیں۔ ہم یہ کہدینا چاہتے ہیں کہ آجکل اکثر اساتذہ قانون کے اس تصور کو بہت ہی شبہ سے دیکھتے ہیں۔ اساتذہ کی ساری توجہ قانون صریح (Positive Law) یعنے انسانی وضع کردہ قانون کی ماہیت سمجھنے اور اسکے مطالعہ میں صرف ہوتی ہے۔ بہت ہی کم استاتذہ اس انسانی قانون کو (Idealise) یعنے تمثالی بنا کر اسکا مطالعہ کرتے ہیں۔

تو یا آجکل نقطہ نظر معروضی ہے موضوعی نہیں۔ بہرحال اب ہمیں مختصر طور پر یہ جاننا چاہئے کہ قانون کے اس تصور پر کہ قانون ایک مطلق، عالمی، اور اخلاقی اصول ہے یعنی اسکا مظہر ہے حسب ذیل چار دور گذرے ہیں۔

الف۔ پہلا فلسفیانہ دور

ب۔ دوسرا قانونی دور

ج۔ تیسرا مذہبی دور

د۔ اور چوتھا جدید دور

الف۔ پہلا فلسفیانہ دور

جب انسان قدرت کے مختلف مظاہر سے واقف ہو گیا اور ان پر غور کرنے لگا تو پہلے تو اس نے عالم حیوانات اور نباتات اور انکے مختلف اقسام میں دیکھا کہ گو نا نوں اختلافات کے باوجود یہاں چند مشابہتیں اور یکسانیتیں پائی جاتی ہیں اور تمام حیوانوں نباتاتوں میں جو سب سے زیادہ مشترک امر ہے وہ ان کے نشوونما کے طریقہ ہیں یعنی تمام حیوان ایک ہی طرح پر پیدا ہوتے ہیں۔ پہلے چھوٹے اور کمزور رہتے ہیں اور پھر رفتہ رفتہ بڑے اور قوی ہوتے ہیں۔ اور اسکے بعد وہ کمزور ہو کر مرجاتے ہیں۔ اسی طرح تمام پودے زمین سے اگتے ہیں۔ کونپلیں اور پھر پتے نکلتے ہیں انہیں پھول لگتے ہیں اور بڑے ہونیکے بعد ان میں بیج پیدا ہوتے ہیں اور پھر یہ بھی مرجاتے ہیں۔ ان مظاہر کو نوٹ کرنے سے اس کے ذہن میں چند تصور پیدا ہوئے۔ مثلاً یہ کہ یہ مشترک خصوصیات پیدائشی ہیں۔ حیات اور ممات نشو و نما (کے قانون سے) کسی کو مفر نہیں ہے۔ اور یہ بھی کہ ان مظاہر سے پتہ چلتا ہے کہ ان کے نیچے کوئی قوت ہے جو ان مخلوقات پر کارفرما ہے۔ ان سے کلیۃً ماسوا

ہے اور ان کے اختیار سے باہر ہے اور اسی نے انکی زندگی کے طریقوں کو مقرر کیا ہے۔

قدرت کے مظاہرے سے واقف ہونیکے بعد غور کرنے والے انسان کا دوسرا مشاہدہ یہ ہوا کہ انسانوں میں بھی مثل حیوانات و نباتات کے با وجود کونا کون اختلافات کو بہت سی اہم خصوصیات مشترک ہیں۔ ان کی خواہشات تمنائیں اور جذبات ایک ہی ہیں۔ یہی خواہشات اور جذبات با وجود شخصی اختلافات کے تمام انسانوں کے افعال کے محرک ہوتے ہیں اور ایسے اصولوں اور طریقوں پر محرک ہوتے ہیں جو ہمیشہ ایک ہی ہوتے ہیں۔ اس طرح پر یہ تصور پیدا ہوا کہ با وجود شخصی اختلافات کے تمام انسانوں کی ساخت ایک ہی ہے۔ یہ ساخت ان کی بنائی ہوئی نہیں ہے، بلکہ اسکا بیج ان کی فطرت میں مضمر ہے جو جسمانی اور ذہنی ترقی کیساتھ نشو و نما پاتا ہے۔ اس طرح پر کل انسانوں کی مشترک خصوصیتوں کا اہم تر جز ان کی پیدایش بہ حیثیت انسان اور ان کے نشو نما اور زوال ہوئے۔ سو یہاں بھی حیات نشو نما اور ممات کے مظاہر ایسے مظاہر ہوئے جو تمام انسانوں سے متعلق ہیں۔

اور جب انسان غور کرنے سے بھی آگے بڑھکر فلسفانے لگا یعنی جب اس میں فلسفی پیدا ہوئے تو انہیں ایک ایسی علت کی تلاش ہوئی جو جاندار اور بے جان عالم کی قوتوں کے پیچھے ہے اور نیز جسکی وجہ سے ایک نظام سا دنیا میں پایا جاتا ہے۔ کیونکہ دنیا کی طبیعاتی قوتیں۔ ہوا۔ بارش۔ پانی۔ چاند سورج وغیرہ بھی ایک منتظم قاعدہ کے تحت عمل کرتے ہیں۔ تو جاندار اشیا بھی مقررہ طریقوں اور اصولوں پر پیدا ہوتے نشو نما پاتے اور فنا ہوجاتے ہیں۔ اسی لئے فلسفی اس نتیجہ تک پہنچے کہ کارخانہ قدرت میں ایک ایسی قوت کا ہونا ضروری ہے جس نے اپنی مرضی سے دنیا

میں نظام قائم کیا ہے۔ چاہے یہ قوت ایک خدا ہو۔ یا اشیا ہی میں کوئی فطری اور ان روک طاقت۔ اس قوت کو انہوں نے جو نام دیا وہ پیدایش (Birth) کے مشتقات سے ہے یعنی (Nature) بالفاظ دیگر فطرت یا قدرت۔

اسی طرح جب فلسفی حضرات انسان کے متعلق سوچنے لگے تو پہلے تو انہیں تمام انسانوں میں چند مشترک خصوصیات دریافت ہوئیں۔ اور مزید برآں انہوں نے دریافت کیا کہ جسطرح تمام حیوانوں کی تمام قوتیں ملکر ان کی جسمانی ترقی اور تحفظ کی طرف کام کرتے ہیں۔ اسی طرح انسانوں کی تمام قابلیتیں۔ ذہنی اور جذباتی قابلیتیں ان کے ایک ذی عقل ارادے کے ماتحت ہیں۔ پس وہ مرکزی اور بالاترین قوت جنہیں انہوں نے مادی دنیا میں فطرت یا قدرت کے نام سے موسوم کیا تھا۔ انسانی دنیا میں اسے انہوں نے (Reason) عقل سمجھا۔ اور جب انسانی دنیا میں اس قوت سے عاقلانہ کام سرزد ہوتے ہیں تو کیا یہ خود لازماً ذوالعقل (Rational) نہیں۔ اس طرح پر فطرت اور عقل مرادف ہوگئے۔ یا فطرت خود عقلمند سمجھی گئی۔ یا کم از کم فطرت میں عقل کا بھی ایک پہلو مانا گیا۔

پس جب فطرت یا قدرت کا تصور انسانی سوسائٹی کے متعلق اطلاق دینے سوچا جانے لگا تو اسکے دو اجزاء پائے گئے۔ یکسانیت اور قوت۔ یکسانیت اس لئے کہ تمام انسانوں کی ایک ہی قسم ہونے کی وجہ سے ہے۔ ان کے جذبات خواہشات مقاصد اور انکا مبدا ایک سے ہوتے ہیں اور قوت اسلئے کہ یہ یکسانیت ایک ذوالعقل طاقت کی وجہ سے ہے اور یہ ذوالعقل طاقت چاہے مادی دنیا میں شعوری ہو یا نہو (اور یہاں فلسفیوں میں اختلاف تھا اور ہے) لیکن یہ انسانی دنیا میں شعوری اور شخصی ہے۔

قوانین قدرت کا لفظ بہت بعد میں وضع ہوا۔ لیکن اسکے یہی دو اجزا ہیں۔ یعنی تمام دنیا میں قدرت کے مظاہر میں یکسانیت پائی جاتی ہے۔ اور یہ یکسانیت ایک

ذوالعقل طاقت کی وجہ سے ہے۔ اسی کی وجہ سے مادی دنیا کے طبعیاتی مظاہر میں یکسانیت ہے اور یہ یکساں مظاہر قوانین قدرت ہیں۔ اسی طرح انسانی دنیا میں انسانی امور میں اخلاقی، معاشرتی، سیاسی اور قانونی امور میں باوجود گوناگوں اختلافات کے یکسانیت ہے اور یہی یکساں امور قانون قدرت ہیں۔

قانونی امور ہی کو لیجئے۔ مختلف قبایل میں کچھ تو انکے ماحول کی وجہ سے مثلاً ملک کے زرعی ہونے یا ریگستانی ہونے یا ساحل سمندر پر ہونے کی وجہ سے قانون کی تفصیلات میں فرق ہوگا اور ایک دیہی آبادی کے قوانین ایک بدو یا نہ خانہ بدوش شکاری قبیلہ کے یا ایک مچھلی خوار بستی کے آبادی کے قوانین سے تفصیلات میں جدا ہونگے۔ اسی طرح نہ صرف ماحول کے اثر کی وجہ سے بلکہ کسی تاریخی حادثہ کی وجہ سے بھی قوانین کی تفصیلات میں فرق ہوجائیگا۔ مثلاً کسی زبردست قبیلہ سے جنگ میں ہارنے کی وجہ سے زبردست قبیلے میں قوانین کی بہت سی تفصیلات مختلف ہوجائینگی۔ یا کسی زبردست بادشاہ کی بد مزاجیوں اور اوہام کا بھی قوانین کی تفصیلات پر اثر ہوجائیگا۔ لیکن تمام قبایل اور اقوام میں باوجود ماحول۔ تاریخی حادثوں یا شخصی شاہی اوہام کے بہت سے رسم و رواج و قوانین ایک سے ملینگے۔ ہر جگہ ایک ہی قسم کے افعال کو برا سمجھا اور ایک دوسرے قسم کے افعال کو اچھا سمجھا جائیگا۔ مثلاً سرقہ۔ قتل وغیرہ کو برا۔ بہادری شجاعت وغیرہ کو اچھا سمجھا جائیگا۔ ہر جگہ خاندانی تعلقات ہونگے۔ ان کے متعلق اصول باوجود گوناگوں تفصیلی اختلافات کے ایک ہی ہونگے۔ کسی نہ کسی قسم کی عدالتی مشنری ہوگی۔ کوئی نہ کوئی مذہبی پیشوا اور خدا ہونگے۔ یہ مشابہتیں اور یکسانیتیں اتنی یقینی اور عام طور پر پائی جائینگیں کہ اگر کوئی مسافر ایک بالکل ہی نئے قبیلہ میں جا سکے تو ان مظاہر کے وجود کا اس کو یقین کر لینا چاہئے۔ اور کو ترقی یافتہ اقوام اور وحشی اقوام کے قوانین

اور رسم و رواج میں فرق ہوگا۔ لیکن یہ فرق صرف درجہ کا ہوگا۔ اور وحشی اقوام میں بھی انہیں قوانین و رواجات کے تخم پائے جائینگے جو مہذب اقوام میں بارآور پودوں کی شکل میں نظر آتے ہیں۔ غرض ہر مکان اور زمان میں قوانین اور رسم و رواج کا یہ فرق کہ کچھ ان میں فطری عالمی اور مستقل اور کچھ مصنوعی مقامی یا عارضی ہوتے ہیں پایا جائیگا۔ قوانین اور رواجات کا وہ حصہ جو فطری۔ مستقل اور عالمی ہو وہ تمام انسان کی ساخت۔ قسم۔ فطرت کے ایک ہونے کی وجہ سے ہے۔ بالفاظ دیگر فطرت نے انہیں ان قوانین کو سکھایا ہے اور یہی قوانین فطری یا قدرتی ہیں۔

ان فطری یا قدرتی قوانین کی جانب ادب میں جگہ جگہ اشارے پائے جاتے ہیں۔ سفوکلس کی (Antiyone) میں جب بادشاہ نے آنٹیون پر شہر کے قوانین کی خلاف ورزی کا الزام دیا تو اس بہادر عورت نے جواب دیا کہ ان قوانین کو (Zeus) یا انصاف نے یا عالم علوی کے دوسرے خداؤں نے نہیں بنایا ہے۔ آخرالذکر قوانین ایسے ہیں جو آج یا کل کے نہیں ہیں بلکہ ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہینگے۔ سقراط کو بھی زہر کا پیالہ یونان کے قوانین کے خلاف ورزی میں انہیں قوانین کی طرف ہدایت کرنے کی وجہ سے پینا پڑا۔ سینٹ پال نے بھی ان قوانین کی تعریف یوں کی کہ یہ وہ قوانین ہیں جو انسانوں کے دلوں پر منقوش ہیں (Heraclitis) نے ان کو الہی قانون کہا جس سے تمام دنیوی قانون کو غذا ملتی ہے۔ سقراط نے کہا یہ قوانین خدا کے بنائے ہوئے ہیں کیونکہ ان کی خلاف ورزی میں ان کی سزا مضمر ہوتی ہے۔ افلاطون نے مجرد نظری انصاف کو واقعی انصاف کے مخالف بتایا ہے۔ ارسطو نے اس خیال کو اور بھی صراحت کیساتھ بیان کیا ہے کہ قوانین اور رسم و رواج اگرچہ انصاف پر مبنی ہوتے ہیں۔ لیکن ہر وقت ان کا اصلی انصاف پر مبنی ہونا ضروری نہیں۔ اصلی، یا فطری انصاف بہت سی صورتوں میں قوانین کے واقعی انصاف سے ورے رہتا ہے

یہی قانون قدرت ہے۔ واقعی قوانین کو اسی کی تلاش رہتی ہے۔ رواقیین پر ارسطو کی تصنیفات کا بہت اثر ہوا۔ انہوں نے اسکو عقل (Reason) یا الٰہی عقل کے مرادف سمجھا۔ اور قرار دیا کہ چونکہ یہ عقل فطری ہے اس لئے اگر انسان اسکی تتبع یا فطرت کے موافق زندگی بسر کرے تو اپنے فرض سے سبکدوش ہوکر خوشی حاصل کریگا۔

(ب) دوسرا قانونی دور

قانون قدرت کا دوسرا قانونی دور رومنی دنیا میں رومنی تجربہ کی وجہ سے شروع ہوا۔ روما جزیرہ نما اطالیہ میں ایسی جگہ واقع تھا کہ وہاں بہت سے اجنبی تجارت کی خاطر آتے تھے ان اجنبی قبائل کے قوانین اور رسم و رواج رومنی قوم کے قوانین وغیرہ سے جدا تھے۔ اور یہہ قانون روما کا ایک اصول تھا کہ اس کے قوانین سے فائدہ اٹھانے رومن شہری ہونا ضروری تھا۔ اور ظاہر تھا کہ یہہ اجنبی رومن شہری نہ تھا۔ اور یہہ بھی ظاہر تھا کہ ان اجنبیوں اور رومن شہریوں کے تجارت وغیرہ کے تعلقات منضبط کرنے کسی قانون کی ضرورت تھی۔ اس طرح پر رومن مجسٹریٹوں کو ایک قانون بنانے کی ضرورت ہوئی جو بعد میں چلکر (Jus gentium) قانون اجانب کے نام سے مشہور ہوا۔

اس کی ابتدا اور طریق کار کے متعلق مختلف نظریہ ہیں۔ چنانچہ سر ہنری میں کا نظریہ ہے کہ ایک خاص رومن پریٹر Pregrinus اجانب کیلئے مقرر کیا گیا اس نے مختلف قبائل کے قوانین کو دیکھا اور ان کا مقابلہ کر کے ان میں سے سب سے بہتر قانون کو منتخب کیا اور اس کو نفاذ دیا۔ لیکن صحیح بات یہہ ہے کہ کوئی ایک رائے قائم کرنا کمی معطیات کی وجہ سے مشکل ہے۔ مین کی رائے اب

زیادہ وقیع نہیں سمجھی جاتی۔ کیونکہ یہ محض انکا خیال ہے اور معطیات پر مبنی نہیں ہے (اور اسلئے بھی کہ رومن لا میں بہت کم اجنبی عناصر ہیں۔ غالبا یہ خیال صحیح ہے کہ خود رومن لا کے اصولوں کو انکی (technicalities) مصطلحات سے صاف کر کے ترقی دیگئی)۔ برائیس کا خیال ہے کہ غالبا رومن مجسٹریٹوں نے تجار کے ان رواجات کو جس پر مختلف قبائل کے تاجروں کو عمل کرتے دیکھا، لے لیا۔ اسی طرح جس طرح بہت بعد انگریزی ججوں نے لارڈ ماسفیلڈ کی سرکردگی میں انگریزی تجارتی قانون میں تاجروں کے رواجات کو تسلیم کر لیا۔

چاہے طریق کار کچھ بھی ہو لیکن یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ رومنیوں نے عملی ضرورت کی وجہ سے آہستہ آہستہ قواعد اور ضوابط کا ایک ایسا مجموعہ تیار کیا جو گو عام خصوصیتوں میں ان کے قانون (jus civile) سے مشابہ تھا لیکن جو کہ اصطلاحی زیادہ عملی اور عام انسانوں کی سمجھ کے موافق تھا۔ اس کو انہوں نے (jus gentium) کہا، یعنی ایسا قانون جو مختلف قبائل اور اقوام میں عام ہو، جس کو تمام اقوام استعمال کرتے اور سمجھتے ہوں۔ ہر قبیلہ یا قوم کے بہت سے قوانین ہر دوسرے قبیلہ یا قوم سے مختلف ہیں لیکن ان تمام مختلف قوانین کے پیچھے نصفت اور سمجھ عقل کے عام اصول مضمر ہیں۔ اس لئے اگر ان کے مطابق قوانین بنائے جائیں تو تمام اقوام ان پر عمل کرنا اور ان سے اپنے تعلقات کو منضبط کرنا پسند کرینگے۔ اس طرح پر (jus gentium) بنی نوع انسان کا مشترک قانون ہوا اور (jus gentium) کا یہ تصور جس تک رومن اپنی عملی اور حکمرانی ضرورتوں کی وجہ سے پہونچے یونانیوں کے "بنی نوع انسان کے مشترک قوانین" کے مشابہ ہوا۔ جس تک یونانی مجرد طور پر اپنے فلسفہ قوانین کے وجہ سے پہونچے تھے۔ ان دونوں میں فرق یہ تھا

کہ رومنی تصور تجربہ پر مبنی اور استقرائی تھا۔ اور اسی لئے کلیتہً مجرد انصاف یا مجرد عقل پر مبنی نہیں تھا۔

اس نوبت کے بعد رومنی سلطنت یا شاہنشاہیت اور رومنی دنیا میں دو یا تین اسباب ایسے پیدا ہوئے جن کی وجہ سے (jus gentium) اور قانون قدرت عام طور پر ایک ہی سمجھے جانے لگے۔ پہلے تو رومن شخصی شاہنشاہی کے قیام سے اکثر بہترین نوجوان دماغوں پر سنیات میں عوام میں اور قانونی پیشہ میں تقرر کے ذریعہ امتیاز حاصل کرنے کا دروازہ بند ہو گیا۔ ان ایسے بہترین دماغوں میں (Cicero) بھی تھا۔ اس نے سیاسی سرد بازاری کی وجہ سے عملی میدان کی طرف توجہ کی رواقیین کے فلسفہ کو جو پہلے سے رائج ہو چلا تھا اپنی قابلیت اور عمدہ زبان اور طرزادا کی وجہ سے ہر دلعزیز بنا دیا۔ خصوصاً ،، قانون قدرت ،، کی رواقیین کے فلسفہ میں خاص جگہ تھی۔ سیسرو نے بھی اس پر خاص توجہ کی۔ اور تقریروں اور تحریروں میں فطرت کو اخلاق اور قانون کا اعلیٰ ترین ماخذ ثابت کیا۔ اس کے نزدیک قانون فطرت (Nature) فطرت سے ماخذ ہے۔ انسان کیلئے طبعی ہے۔ یا سے با ہر قدیم ہے ہر جگہ ایک ہی ہے۔ نہ تغیر و ترمیم پذیر ہے اور نہ تنسیخ پذیر۔ اخلاق کی بنیاد یہی ہے۔ اور قانونی صریحی کے قواعد میں اسکو موجودہ سے زیادہ دخل ہونا چاہئے۔ اس طرح پر رواقیین کا فلسفہ اور اس فلسفہ میں قانون قدرت کے متعلق خاص حصہ اس وقت رومن شاہنشاہیت میں بہت ہر دلعزیز ہو گیا۔ سیاسی میدان کی تنگی کے علاوہ اسکی دوسری وجہ مذہب کا تعلیم یافتہ اشخاص میں نابود ہو جانا بھی تھا۔ غرض یہ ایقان کہ تمام بنی نوع انسان ایک ہیں۔ قانون قدرت اخلاق اور قانون کی بنیاد ہے بدیہی تصور مانے گئے اور جب پھر رومن شاہنشاہیت تمام متمدن ممالک میں قائم ہو گئی۔ دنیا کے اکثر حصوں پر رومن پرچم لہرانے لگے تو اس

خیال میں اور تقویت ہوئی۔ کیونکہ ایک سلطنت کیلئے ایک قانون بھی ہونا چاہئے اور یہہ قانون (jus gentium) ہی ہو سکتا تھا۔ اور کو واقعتہ اس کو رومن عدالتوں نے بنایا تھا۔ لیکن وہ تمام بنی نوع انسان میں مشترک اور انکے قوانین کے مغز پر مشمول ہے۔ اور اسی لئے وہ عقل انسانی کا تیار ہوا ہے گویا وہ قانون قدرت ہے۔ جسٹینین کے (Institutes) میں قانون قدرت اور (jus getium) کا یہہ انطباق تقریباً مکمل ہو گیا۔

رواقی فلسفہ کے رواج عام اور رومن شاہنشاہیت کی عالمی وسعت کے علاوہ ایک تیسرے سبب سے بھی اس انطباق میں مدد ملی۔ اور وہ تصور نصفت کا تھا۔ رومنیوں کے نزدیک نصفت سے مراد (fairness) الفاظ اور اصطلاحات کے ورے انصاف۔ اس قسم کے جذبات جو ایک شریف اور ذی عزت شخص کو دوسروں کیساتھہ معاملات میں ہونے چاہئیں تھے۔ اس طرح پر نصفت کے تصور سے ایک اعلیٰ قانون کا تصور مکمل ہوا۔ اسلئے قانون قدرت مابعد الطبعیاتی اور فلسفہ کے نقطہ نظر سے وہ قانون ہوا جسے فطرت یا خدا نے بنایا ہے۔ تاریخ اور سیاسیات کے نقطہ نظر سے وہ وہ قانون ہوا جسکی بنی نوع انسان نے مختلف اقوام میں منتظم ہو کر اپنے ارادے سے رواج کے ذریعہ بنایا۔ اور اخلاق اور نفسیات کے نقطہ نظر سے وہ وہ قانون ہوا جو اعلیٰ (Typical) انسان کے ان شریفانہ رجحانات اور جذبات کا مظہر ہوا جنکی وجہ سے وہ اپنے ہمسایہ سے ویسا ہی برتاؤ کرنا چاہتا ہے جیسے کہ خود اپنے ساتھ۔ ان تین تصورات اجماع سے قانون قدرت کا تصور مکمل۔ متوافق اور متوازن ہو گیا۔

(ج) تیسرا مذہبی دور

ازمنہ وسطی کا ہے۔ اس میں عیسائی پادریوں نے بڑی آسانی سے فطرت کو خدا سمجھا چنانچہ سینٹ کریسٹم نے کہا کہ جب میں فطرت کہتا ہوں میرا مطلب خدا ہوتا ہے کیونکہ یہہ

خدائے تعالیٰ ہی ہے جس نے دنیا کو بنایا ہے، اور اسی طرح قانون قدرت کو الٰہی قانون سمجھا گیا۔ ہم سینٹ پال کا قول لکھ چکے ہیں کہ کس طرح انہوں نے قانون قدرت کو وہ قانون کہا جو خدائے تعالیٰ نے انسانوں کے دلوں پر کندہ کیا ہے۔ اسی طرح سینٹ آگسٹائن نے قانون قدرت کو وہ ابدی اور سرمدی قانون سمجھا جو خدا کے شہر کا قانون ہے۔ غرض یہ کہ عیسائی پادریوں نے قانون قدرت کو خدا کا بنایا ہوا الٰہی قانون سمجھا اور اس سے ان کی جو مراد تھی وہ سینٹ تھامس اکوئنم کے الفاظ میں یوں ظاہر کی جاتی ہے کہ ابدی اور الٰہی قانون جو تمام چیزوں پر حکمران ہے خدا کی جو سب سے بڑا قانون ساز ہے عقل کا مظہر ہے اس کا وہ حصہ جو وحی کے ذریعہ نازل نہیں کیا گیا بلکہ خود انسان کو اس کی عقل کے ذریعہ سکھایا گیا مناسب طور پر قانون قدرت کہا جا سکتا ہے۔ اور قانون انسانی عقل کا پیدا کردہ سہی لیکن خود انسانی عقل خدا کی عقل کی پیدا کردہ ہے۔ اس طرح پر قانون قدرت بھی الٰہی قانون ہوا۔ غرض عیسائیوں کے نزدیک قانون قدرت وہ مطلق عالمی قانون ہوا، جو انسان کو بحیثیت انسان کی اس کی عقل کے ذریعہ خدا نے سکھایا ہے اور اس طرح پر وفیسر آلن کے الفاظ میں تیرھویں صدی کے آخر میں قانون قدرت کا مکمل عیسائی تصور جو ہوا وہ رواقیین کے قانون قدرت کا تصور ہی تھا گو دوسرے الفاظ میں تھا۔ اس کی تعبیر وحی کے الفاظ میں کیگئی تھی اس کو مذہبی اقتدار حاصل تھا۔ اور کلیسائی قانون کی اس پر مہر تھی۔

ظاہر ہے کہ اس دور میں اس تصور کا استعمال زیادہ تر اخلاقی اور مذہبی دائروں میں ہوا کیونکہ اس دور میں قانون کی تحصیل کم ہوتی تھی، اور اس تصور کا ایک مصرف ہمیں اچھی طرح یاد رکھنا چاہئے کہ پوپ اور شاہنشاہ کے حامی ایک دوسرے کو اس کے خلاف ورزی کا مرتکب گردانتے اور بعض وقت رعایا

نے بھی ان کے قوانین کی خلاف ورزی کو اس وجہ سے جائز سمجھا تھا کہ یہ قوانین اس قانون قدرت کے خلاف تھے۔ اس طرح پر اس تصور کے ذریعہ اعلیٰ اخلاقی اصولوں کی برتری کا اعلان کیا جاتا تھا مابعد انسانوں کا یہ فرض بتایا جاتا تھا کہ وہ ان کی پابندی کریں۔ شہریوں کے اس حق کو کہ اس کے ذریعہ وہ اپنے حقوق کی حفاظت کریں علانیہ طلب کیا جاتا تھا۔ چاہے یہ حفاظت بغاوت اور ظالم بادشاہوں کی معزولی اور قتل کے ذریعہ ہی ہو۔ بالفاظ دیگر الٰہی انصاف میں تمام قوانین کے ماخذ کو قرار دیکر اس تصور نے قانون صریح کے اقتدار پر روک لگائی اور ان قوانین صریح کے جواز کو قانون قدرت کی مطابقت پر موقوف رکھا۔

چوتھا جدید دور

یہ ازمنہ وسطیٰ کے اختتام اور نشاۃ جدیدہ اور عہد اصلاح سے شروع ہوتا ہے۔ اس دور میں قانون قدرت کا تصور کا استعمال ذیل کے تصورات کے سمجھنے اور حل کرنے میں کیا گیا۔ مثلاً قانون کا ماخذ کیا ہے ؟ سیاسی معاشرہ کی ابتدا اور سیاسی اقتدار کی ابتدا کیونکر ہوئی ؟ اس دور میں یہ سوالات اس لئے پیدا ہوئے کہ ازمنہ وسطیٰ کے سیاسی نظام جن میں پوپ کے اقتدار کو حضرت عیسیٰ کے سینٹ پٹر کے ارشاد سے اور شہنشاہ کے اقتدار کو یا تو پوپ کے اقتدار سے یا راست خدا کے اقتدار سے ماخوذ سمجھا جاتا تھا ختم ہوگئے تھے، اور ضرورت تھی کہ بادشاہت اور مملکت کو کسی دوسرے نظریہ کی بنیاد پر قائم کیا جائے تاکہ ان کی اطاعت کا مسئلہ حل یعنے ان کی اطاعت کا جواز ثابت ہو۔ اس فضا میں اور اس ضرورت کو پورا کرنے فطرت کے تصور کا ایک نیا استعمال کیا گیا۔ ہابس نے ایک حالت فطری (State of Nature) فرض کیا جس میں ہر شخص دوسرے کے ساتھ مصروف پیکار تھا۔ اس جنگ و جدل کے ختم کرنے انہوں نے اپنے سارے قدرتی حقوق ایک شخص کے سپرد کر دئے جسکی اطاعت اسی قانون قدرت

کی وجہ سے واجب ہوگئی۔ بر خلاف ہابس کے لاک نے بھی ایک حالت فطری کو فرض کیا لیکن باہمی جنگ و پیکار نہیں تھی۔ گو ایک شخص کو اختیارات دئے گئے لیکن بغاوت کا حق باقی رکھا گیا۔ اس طرح پر قانون قدرت لاک کے نزدیک آزادی کا حلیف ہوا۔ اور سنہ ۱۷۷۶ع کے امریکہ کے اعلان آزادی میں قانون قدرت فطری حق کے نام سے بصور استناد پکارا گیا۔ اسی اثنا میں روسو نے بھی اپنے ,, معاہدہ معاشری ،، کے نظریوں کے ذریعہ فطرت اور قانون قدرت کے نئے نئے استعمال کو ہر دلعزیز بنا تا رہا جو بہت جلد سنہ ۱۷۸۹ع میں فرنچ کنونشن کے ذریعہ ,, اعلان حقوق انسان ،، کے نام سے دنیا کے کانوں کو کھڑکھڑادیا۔

اس طرح پر اب قانون قدرت ایک نئی اور متحرک سیاسی قوت ہوگیا۔ اور گو آزادی۔ مساوات اور اخوت کے تصور پہلے بھی یعنے یونانی اور رومنی قانون قدرت کے تصور میں شامل تھے لیکن خاموش اور سکون کی حالت میں تھے۔ اس دور میں زیادہ تر سیاسی حالات کی وجہ سے یہ سکون ختم ہوگیا اور ان نعروں کے تحت قانون قدرت ایک محرک سیاسی قوت ہوگیا۔

مذکورۂ بالا خصوص کے علاوہ تین اور خصوص میں دور جدید میں قانون قدرت کے اثرات پائے جاتے ہیں۔ (۱) انگریزی قانون میں نصفت کا تصور اس قانون قدرت کے تصور کا رہین منت ہے۔ اور نیز انگریزی قانون میں قانون قدرت سے استناد بھی جا بجا پایا جاتا ہے۔ چنانچہ بلوائن جو ایڈورڈ چہارم کے زمانہ میں گذرے ہیں کہتے ہیں کہ نظائر اور احکام کی عدم موجودگی میں ججوں کو قانون کی پابندی کرنی چاہئے۔ کیونکہ یہ قانون تمام قوانیں کی اساس ہے۔ بلاکسٹن نے یہاں تک کہدیا ہے کہ قانون قدرت تمام کرۂ ارض پر قابل پابندی ہے اور کوئی قانون جو اسکے خلاف ہو قانون ہی نہیں۔ اور بلاکسٹن معاہدات معنوی کو جو لارڈ ماسفیلڈ نے جائز رکھا اسی قانون قدرت پر عمل کرنیکی

مطابقت کی وجہ بتاتے ہیں۔ انگریزی قانون میں قانون قدرت پر مبنی قوانین کی چند دوسری مثالیں Writ of mandamus ، انگریزی مرکنٹایل لا، اور قانون ٹارٹس میں معقول آدمی کا معیار احتیاط ہیں۔ باوجود اتنے اثر کے یہ یاد رکھنا چاہئے کہ انگریزی قانون زیادہ تر تجربہ سے بنا ہے اور تجربہ پر مبنی ہے۔ مجرد اصولوں کا اس پر نسبتاً کم رہا ہے۔ نظائر اور احکام کی موجودگی میں مجرد اصولوں پر عمل کم ہوتا تھا۔

۲ قانون بین الاقوام کے اساتذہ مثلاً گروشیس۔ جنٹی لس۔ لیبنیز، اور پوفن ڈرف نے قانون قدرت ہی کو اس قانون کا سنگ بنیاد بنایا۔ کیونکہ قانون قدرت جب بنی نوع انسان کا مشترک قانون ہوا تو اس پر مملکتوں کے درمیان بھی عمل ہونا چاہئے غرض اس قانون کے بہت سے اصول رومن Jus gentium سے لئے گئے اسی لئے پہلے پہل اس کا نام بھی Jus gentium رکھا گیا۔ جہاں Jus gentium سے مراد اجانب یا اجنبی قبائل میں مشترک قانون نہیں تھی۔ بلکہ مختلف مملکتوں کے درمیانی تعلقات کو منضبط کرنیوالا قانون۔ اور حال حال ہی میں قانون بین الاقوام کا نام اس قانون کو دیا گیا۔

۳ آجکل جرمنی فرانس اور اطالیہ میں قانون قدرت سے مراد قانونی تصورات اور عام قانونی نظریوں کی مابعد الطبعیاتی اساس سمجھی جارہی ہے۔ ان ممالک کے اساتذہ نے جن کو جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں مابعد الطبعیاتی اسکول کے اساتذہ کہتے ہیں، اور جن کے علم اصول قانون کا طریق کار مابعد الطبعیاتی ہے اس اصول پر عمل کرکے تمام انسانوں کی ساخت ایک ہی ہے، ان کے تمام افعال عقل سے (اور اسی لئے انصاف) سے منضبط ہوتے ہیں، قانون کا ایک نظریہ بتایا ہے جسمیں تمام قوانین کی اساس کو مجرد عقل ٹھیرایا ہے۔ کانٹ کی تصانیف میں یہ نظریہ منتہیٰ کو پہنچا ہے اس میں واقعی قوانین کے تجربہ سے فائدہ اٹھانے کی کوشش نہیں کی گئی ہے۔ اور اسی لئے یہ نظریہ قانون موجودہ حقیقتوں سے دور ہوگیا ہے۔

آخر میں ہمکو اچھی طرح ذہن نشیں کرلینا چاہئے کہ مجرد عقل انسانی یا فطرت انسان پر مبنی حق و انصاف کے مجرد تصورات اور اسی لئے قانون قدرت کسی بھی مجموعہ قانون کی اساس نہیں ہوسکتے - کیونکہ بقول (Spinozo) ,, عقل پارہ کا ایک ایسا صندوق ہے جس پر کوئی کھڑے نہیں ہوسکتا ،، - مثلاً دیکھئے کہ ازواج ہی کے متعلق کوئی قانون محض عقل یا فطرت پر مبنی نہیں ہوسکتا مثلاً کہئے کہ عقل پر مبنی قانون کی رو سے تعدد ازدواج اچھا ہے یا صرف ایک بیوی سے مذہبی نکاح کرنا یا صرف ایک بیوی سے معاہدہ کی رو سے نکاح کرنا ، یا ہر شخص کا اپنے لئے نر اور مادہ کا آزادی کیساتھ انتخاب کرکے اس وقت تک اسکے ساتھ رہنا جب تک کہ جی چاہے - یا موزوں نر اور مادے کا انتخاب سرکاری عہدہ داروں کے ذریعہ ہونا ؟ اسی طرح جرائم کی سزا کو لیجئے کہ محض عقل پر مبنی قانون کی رو سے سزا کس بنیاد پر دی جانی چاہئے کیا جرائم کو دبانے کیلئے اور اسی لئے قطع ید وغیرہ ہونا چاہئے جیسا کہ افلاطون کہتا ہے - ؟ کیا تعلیم کیلئے؟ (ارسطو) کیا بقول بنتھم ڈرانے کیلئے ؟ یا کیا بقول کانٹ محض اخلاقی کفارہ کیلئے ؟ یا بقول (Lonbross) اور امریکہ کے بعض اساتذہ کے مجرموں کو سزا دینی ہی نہیں چاہئے بلکہ انکے علاج کیلئے انہیں دواخانہ بھیجنا چاہئے - ان مثالوں سے ظاہر ہوگا کہ عقلوں میں کیسا اختلاف ہوسکتا ہے - اور یہ کہ مجرد عقل پر کسی قانون کو مبنی کرنا کتنا دشوار ہے اور نیز یہ بھی کہ محض قانون قدرت ہی کسی قوانین کی اساس نہیں ہوسکتا کیونکہ اسکی تعریف ہی یہی ہے کہ وہ عقل انسانی کا بتایا یا سکھایا ہوا عالمی مطلق یا اخلاقی قانون ہے -

مگر قانون قدرت کے تصور کو بے سود اور لغو سمجھنا بھی غلطی ہوگی - بات یہ ہے کہ قوانین کی بھی مثل انسانوں اور قوموں کے عمر ہوتی ہے - نہ صرف اسکے منفرد قواعد اور نظریہ پرانے اور دور از کار ہوجاتے ہیں بلکہ وہ قومی اور تاریخی حالات جن میں کسی قوانین کا نشو نما ہوتا ہے کلیۃً بدل جاتے ہیں - اسی وجہ سے بسا اوقات کل نظام

قانون کا بدلنا ضروری ہوتا ہے کیونکہ ان انسانی وضع کردہ قوانین سے حالات کے بدل جانیکی وجہ سے انصاف نہیں ظلم ہونے لگتا ہے۔ جیساکہ مثلاً اٹھارہیوں صدی کے آخر میں فرانس میں ہوا۔ ایسے زمانوں میں قوموں کو حقیقی موجودہ قوانین سے بد ظنی ہوکر ایڈیل قوانین کی تلاش ہوتی ہے اسوقت قانون کا یہ تصور کہ قانون ایک عالمی مطلق اور اخلاقی قانون کا مظہر ہے کام آتا ہے ۔ با الفاظ دیگر قانون قدرت ایک قیصر سے دوسرے قیصر کو اپیل کرنیکا مفید اور ضروری کام دیتا ہے ۔ گو آجکل جماعات مقننہ کے ذریعہ قانون میں اکثر ترمیمیں ہوجاتی ہیں ۔ مگر پھر بھی کون کہ سکتا ہے کہ یہ تصور جو ماضی میں اتنا کام آیا ہے اور جس کے ذریعہ مذکورۂ بالا ضروری کام انجام پاسکتا ہے بلکہ بے ضروری اور لغو ہوگیا ہے ؟

خلاصہ یہ ہوا کہ قانون کا یہ تصور کہ وہ ایک مطلق عالمی اور اخلاقی اصول کا مظہر ہے ما بعد الطبعیاتی نقطۂ نظر سے ٹھیک ہے ۔ لیکن قانونی نقطہ نظر سے گو بے سود نہیں لیکن چنداں مفید اور صحیح بھی نہیں ۔ وہ کسی صحیح نظریہ قانون میں کسی مجموعہ قوانین کی اساس نہیں بن سکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عام طور پر وہ تجربہ سے موجودہ حقیقی قوانین کے تجربہ سے دور ہے ۔ بلا شبہ روما کا قانون اجانب (J.G.) ایسے قوانین کے تجربہ پر مبنی تھا لیکن اب جب کہ زمین کی طنابیں کٹ گئی ہیں اور کل روئے زمین کے قوانین کے تجربہ کی تحصیل ہوسکتی ہے اور رومنی دنیا کے مقابلہ کرتے آج کل دنیا کے حالات اتنے بدل گئے ہیں کہ کایا پلٹ ہوگئی ہے ، ہم یہ نہیں کہ سکتے کہ جن عام اصولوں پر یہ قانون اجانب مشمول تھا اب بھی کلیۃً صحیح ہیں ۔ مزید متقابلہ تحصیل ضروری ہے ۔ ایسی متقابلہ تحصیل آجکل جرمنی اور فرانس میں بڑے پیمانوں پر جاری ہے ۔ اسکی تکمیل کے بعد ہمیں علم اصول قانون کے عام اصولوں کے لئے موجودہ واقعی قوانین کے تجربوں پر مبنی اب سے زیادہ اچھا مواد مل جائیگا ۔ لیکن پھر بھی اگر ہم

قانون کی یہ تعریف کریں گے کہ وہ مطلق عالمی اور اسی لئے اخلاق اصول کا مظہر ہے تو یہ تعریف یلک رخی ہوگی۔ کیونکہ ماحول اور قومی ضروریات کے اختلاف کی وجہ سے تفصیلات اور جزئیات میں فرق ہوگا اور پھر ہمیں یہ حقیقت نہیں فراموش کرنی چاہئے کہ دنیا کی کوئی حکومت اپنے وضع کردہ قوانین کی پابندی پر کسی دوسرے اصول کی پابندی کو چاہے وہ مطلق اور عالمی اور اخلاق کیوں نہ ہو ترجیح دیگی۔ بالفاظ دیگر جب تک ان مطلق عالمی اور اخلاق اصولوں کے پیچھے حکومت کی قوت نافذہ نہ ہو وہ صحیح معنی میں قانون نہیں بن سکتے۔ آجکل جب کہ ہمارے قوانین نسبتاً زیادہ ترقی یافتہ ہیں، ججوں کی قانون قدرت کے استناد کے ذریعہ خود اختیاری رایوں کو روکنے میں حکومت زیادہ صحیح ہے کیونکہ وگرنہ قوانین کی Certainty جاتی رہتی ہے۔

*

*

غم

از

جوش ملیح آبادی

رخ پہ ڈالے ہوئے سیاہ نقاب
غم نے آکر کیا یہ مجھ سے خطاب
مجھ کو بھیجا ہے لالہ زاروں نے
تیری گذری ہوی بہاروں نے
شمعیں ماضی کی خوابگاہوں کی
تجھ سے طالب ہیں سرد آہوں کی
خواب پیشیں نے تیرے دی ہے یہ رائے
اب نہ تیری پلک جھپکنے پائے
اس تبسم میں تھا جو وجہ نمو
تجھ سے مانگے ہیں خون کے آنسو
جوش سن کر یہ داستان ستم
میں یہ کہتا ہوا بڑھا سوئے غم
اہل دل جز ترے کسے چاہیں
آ کے گردن میں ڈالدوں باہیں
جب ملا غم کو یہ لطیف جواب
مسکرانے لگا الٹ کے نقاب


عکاسی

از

جناب محمود علی صاحب متعلم سال دوم (حیاتیات)

عکسالہ کی تشریح


یہ آلہ ایک قائمہ دار صندوق پر مشتمل ہے جسکے دو مقابل کے پہلو انتصابی اوراستوار ہوتے ہیں۔ ان پہلوؤں کے درمیانی فاصلہ کو کم وبیش کرنے کے لئے دوسرے دو پہلو چمڑے کے بنائے جاتے ہیں۔ اور پیچوں کے ذریعہ ایسا انتظام کردیا گیا ہے کہ آن کو حسب ضرورت گھٹا بڑھا سکتے ہیں۔ عکسالہ کی اندرونی سطح کامل طور پر سیاہ ہوتی ہے۔



اسکے ایک استوار پہلو کے وسط میں ایک آستوانہ نما نلی لگی ہوتی ہے۔ جسکے وسط میں ایک سوراخ س ہوتا ہے۔ اسپر ایک ٹوپی ہوتی ہے جسکو بوقت ضرورت سوراخ پر سے علحدہ کرسکتے ہیں اسے "lens cap" کہتے ہیں۔ اس استوانہ نما نلی کے اختتام پر ایک محدب الطرفین عدسہ لگا رہتا ہے اور اسکے مقابل عکسالہ کے دوسرے پہلو پر اندھے شیشہ کا نیم شفاف پردہ پ لگا رہتا ہے۔ اسے Focussing screen کہتے ہیں عکس لیتے وقت اسے جدا کرلیتے ہیں اور اسکی جگہ عکاسی کی تختی رکھدیتے ہیں۔

عکسالہ کسی شخص الف ۔ ب کے سامنے اسطرح رکھا جاتا ھے کہ جب اسکی شعائیں عدسے میں سے گزریں تو عدسہ کے پیچھے اُس شخص کا حقیقی معکوس خیال بن جائے ۔ عکسالہ کا حصہ جو پردہ پ کے بعد ھوتا ھے کھل سکتا ھے اور یہاں سے عکاس (Photographer) شخص کے معکوس خیال کو پردہ پ پر دیکھ سکتا ھے اور اسطرح اندازہ لگاتا ھے کہ آیا عکس ٹھیک آیا یا نہیں اور یہ کہ کسی طرف مدھم تو نہیں ھے ۔ ان تمام اُمور کا لحاظ کرتے پردہ پ کو پیچوں کے ذریعہ اسطرح حرکت دیتا ھے کہ اسکا محل خیال کے محل پر پہنچ جائے اور اسپر خیال بوضاحت نظر آنے لگے ۔ اب عکاس Focussing screen کو جداکرلیتا ھے اور اسکی جگہ Dark slide جو عکسالہ میں ھوتی ھے خود بخود پھسل کر آجاتی ھے ۔ اس میں ایک یا دو عکاسی کے حساس تختیاں ھوتی ھیں جو ایک پتلی پرت کے اٹھانے پر جو آنکے سامنے ھوتا ھے خیال کے محل پر آجاتی ھیں ۔ اب lens cap کو سوراخ پر سے ھٹاتے ھیں اور ایک معین وقفہ کے بعد پھر بند کردیتے ھیں ۔ اسطرح تختی کے شعاعوں کے زیر اثر رھنے کے بعد اُسپر خیال کی تصویر بنجاتی ھے جس سے پھر سیدھی اور مستقل تصویر بنالیتے ھیں ۔

عدسے | عدسہ کو ھم یوں تصور کرسکتے ھیں کہ وہ گویا منشور کے ٹکڑوں کا اجتماع ھے جو ایکدوسرے کیساتھ جوڑکر رکھدئے گئے ھیں اور اب چونکہ شعاع ھوا سے شیشہ میں یعنی لطیف واسطہ سے کثیف واسطہ میں داخل ھورھی ھے اسلئے ھر منشور کے اندر اسکی یہ کیفیت ھوگی کہ اپنا اصلی راستہ چھوڑکر نقطۂ وقوع سے کھنچے ھوے فصل پر کے عمود کی طرف مڑجائیگی ،،



شکل ۲ مثلثی منشور




شکل ۳ محدب الطرفین عدسہ

پھر جب منشور سے خارج ہوگی تو اسکا داخلہ کثیف واسطہ سے لطیف واسطہ میں ہوگا ایسی صورتوں میں شعاع سطح فصل پر کے عمود سے پرے ہٹ جائیگی اگر عدسہ پتلا ہو تو اسکی ساخت میں جو مفروضہ منشور ہیں اُن میں سے ہر ایک کا انعطاف انگیز زاویہ اپنے فصل محور کا متناسب ہوگا اسلئے ان تمام شعاعوں کا عدسے میں سے گزر کر ایک نقطہ کی طرف رجوع کرنا ایک امر مستلزم ہے۔ بعض شعاعوں کا راستہ حسب ذیل ہوگا

(۱) وہ شعاعیں جو عدسہ کے مرکز میں سے گزرتی ہیں اُنکی سمت حرکت میں کوئی تغیر نہیں ہوتا۔

(۲) وہ شعاعیں جو عدسہ کی سطح سے محور اصلی کے متوازی ٹکراتی ہیں وہ اسطرح منعطف ہوجاتی ہیں کہ سب کی سب عدسہ کے ماسکۂ اصلی میں سے گزرتی ہیں۔

(۳) وہ شعاعیں جو عدسہ کے ماسکۂ اصلی میں سے گزرکر عدسہ کی سطح سے ٹکراتی ہیں وہ سب انعطاف کے بعد محور اصلی کے متوازی ہوجاتی ہیں۔



شکل میں ص۔ب ایک منور شخص عدسہ کے محور اصلی پر ماسکۂ اصلی سے پرے رکھا ہے۔ شعاعوں کے راستوں کی جو تعین ہوئی تھی اُس سے ظاہر ہے کہ ب کا خیال خ پر ہوگا۔ اسیطرح ص کا خیال خ پر ہوگا۔ پھر شکل سے ظاہر ہیکہ خیال حقیقی اور معکوس ہے اور عکاسی کی تختی میں اسی بناء پر خیال معکوس آتا ہے اور شخص کی ہر طرح ضد ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ حصے جو شخص میں سفید ہوتے ہیں سیاہ نظر آتے ہیں ور سیاہ سفید، سایہ دار حصہ روشن نظر آتا ہے اور روشن احصہ سایہ دار۔ لیکن یہ خیال exposure ۔کے بعد محسوس نہیں ہوتا بلکہ Development کے بعد نظر آتا ہے


عکسالہ میں منظر کے موقع ومحل کا لحاظ کرتے مختلف قسم کے عدسہ ستعمال کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے چند کا حال درج ذیل ہے۔

(۱) Single lens :- یہ ایکطرف محدب ہوتا ہے اور دوسری طرف مسطح۔ اسکا قطر اسکے طول ماسکہ کا ۱/۱۰ ہوتا ہے اور یہ تین ٹکڑوں پر مشتمل ہوتا ہے (ملاحظہ ہو شکل نمبر ۱)۔

(۲) Rapid symmetrical lens اسمیں دو عدسے اسطرح مرتب ہوتے ہیں کہ انکی مقعر سطحیں بالمقابل ہوتی ہیں۔ انکا قطر اپنے فعل ماسکہ کا ۱/۸ ہوتا ہے (ملاحظہ ہو شکل نمبر ج)

(۳) Wide angle rectilinear and wide angle symmetrical lens اسکا قطر طول ماسکہ کا ۱/۱۸ ہوتا ہے اور یہ بالخصوص اسوقت کام آتا ہے جبکہ عکاس قریب کے شخص کا عکس لینا چاہتا ہے اور دور نہیں جا سکتا۔

(۴) Portrait lens :- اسکا قطر فعل ماسکہ کا ۱/۴ ہوتا ہے۔ اسمیں ٹکڑا ب (ملاحظہ ہو شکل نمبر ب)



کچھ زیادہ کارآمد نہیں ہوتا۔ اگر چاہیں تو اسے جدا بھی کر سکتے ہیں۔

(۵) Group lens :- اسکا قطر فعل ماسکہ کا ۱/۲ ہوتا ہے اور اسکی ساخت portrait lens کی سی ہوتی ہے۔

ان مختلف عدسوں کے استعمال سے یہ بھی لازم ہوجاتا ہے کہ ٹوپی (lens cap) کو عدسوں پر سے مختلف اور معین اوقات کے لئے اٹھایا جائے۔ یہ امر مثالوں سے بخوبی واضح ہوجائیگا۔

اوقات جو عکس لینے کے لئے درکار ہوتے ہیں وہ عدسوں کے قطر اور فعل ماسکہ کے باہمی تناسب پر منحصر ہوتے ہیں مثلاً فرض کیا کہ ایک عدسہ کا قطر فعل ماسکہ کا ۱/۸ ہے اور دوسرے کا اسکے اپنے فعل ماسکہ کا ۱/۱۰ تو مطلوبہ اوقات ان کسروں کے نسب نماؤں کے مربعوں کے متناسب ہونگے چنانچہ ان میں ۶۴ اور ۱۰۰ کا تناسب ہوگا۔ یہ امر بھی قابل یاد داشت ہے کہ مطلوبہ وقت بحکم عمومی ثانیہ کی کسر ہوتا ہے

طریقۂ عمل

یہ عمل فی الحقیقت چار مرحلوں پر منحصر ہے

(۱) تختی کی تیاری (۲) Exposure (۳) Development (۴) Fixing

(۱) تختی کی تیاری :— پہلے جو عکاسی کی تختیاں بنائی جاتی تھیں وہ تانبے یا کاغذ کی چھوٹی سی تختیاں ہوتی تھیں جن پر چاندی کا ایک موٹا سا ورق چڑھا دیا جاتا تھا پھر جب ان پر سے آئوڈین کے بخارات گزارے جاتے تھے تو سلور آئوڈائڈ A gi بن جاتا تھا اور اسطرح تختی حساس ہو جاتی تھی بعد ازاں - سنہ ۱۸۵۰ ع میں Scott Archer نے Wet colloidon استعمال کرنے کی تجویز کی - کچھ عرصہ بعد Dry gelatin والا طریقہ استعمال ہونے لگا جو آجکل بھی مروج ہے اور مفصلہ ذیل ہے

اسکی تیاری میں gelatin کا لسونت جسمیں سلور نائیریٹ Ag No 3 اور کچھ زیادہ مقدار میں امونئم برومائڈ No 4 Br ملا کر تیار کر لیا جاتا ہے - اب لسونت کو یہانتک گرم کرتے ہیں کہ سلور برماوئڈ Ag Br کے رسوب کی چھوٹے چھوٹے دانوں میں ترذیب ہو جاتی ہے اس عمل کو Ripening کہتے ہیں - اسکے ٹھوس ہونے کے بعد کاٹتے ہیں اور امونئم برومائڈ کو دھو کر جدا کر دیتے ہیں - اب لسونت کو celliloid کی تختیوں پر لگا دیتے ہیں - Nhy Br کی زیادتی اور ripening دونوں اس عمل کو تیز کر دیتے ہیں

(۲) Exposure :— عکاسی میں اس اصطلاح سے مراد وہ وقفہ ہے جسمیں ضیاء آفتاب کو عکاسی کی تختی پر عمل کرنے کا موقعہ دیا جاتا ہے - جیسا کہ پہلے ذکر آچکا ہے یہ عدسوں کی ساخت پر منحصر ہے اور اسکا انحصار شخص کے محل اور عکسالہ کے مقام پر بھی ہے - مندرجہ ذیل جدول سے مختلف عدسوں کے لئے مختلف مقامات پر مطلوبہ وقت کا اندازہ بآسانی ہوسکیگا

عدسوں کے قطر اور فصل کا تناسب	سمندر اور آسمانی فضاء	کہلا ہوا میدان قدرتی منظر گاہ	درختوں کے سایہ میں	جبکہ اندرونی حصہ روشن ہو	معمولی کمروں میں
۲/۱	۱/۲۴۰ ثانیہ	۱/۲۵۶ ثانیہ	۲۰۵ ثانیہ	۳۰ ثانیہ	۰۷۵ ثانیہ
۴/۱	۱/۲۲ ,,	۱/۱۲۸ ,,	۵ ,,	۱ دقیقہ	۱۰۵ ثانیہ
۸/۱	۱/۴۰ ,,	۱/۱۶ ,,	۴۰ ,,	۸ دقیقہ	۱۲ ثانیہ
۲۲۰۶۲۷/۱	۱/۵ ,,	۱/۲ ,,	۵ دقیقہ ۲۰ ثانیہ	۱ ساعت ۴ دقیقہ	۱ دقیقہ ۳۶ ثانیہ
۳۲/۱	۶/۵ ,,	۱ ,,	۱۰ دقیقہ ۴ ثانیہ	۲ ساعت ۸ دقیقہ	۳ دقیقہ ۱۲ ثانیہ
۴۴۰۲۵۵/۱	۴/۵ ,,	۲ ,,	۲۱ دقیقہ	۲ ساعت ۱۶ دقیقہ	۶ دقیقہ ۲۴ ثانیہ

بعض عکسالوں میں مذکورہ وقت کے اندازہ کے لئے عکس پیما یا (photometer)لگا ہوتا ہے - ایسے عکسالے مبتدیوں کے لئے بیحد مفید ہوتے ہیں لیکن تجربہ اور مشق کے بعد جو کام عکس و سما سے متعلق ہے اُسے عکاس خود بخوبی انجام دیسکتا ہے

کیمیائی نقطہ نظر سے یہ عمل محولا نہ عاملوں کے ذریعہ سلور برومائڈ Ag Br کو دھاتی چاندی میں تحویل کرتا ہے - تختی پر کا پورا اونجن (halide) قابل تحویل ہے - وہ حصص جن تک نور پہنچتا ہے پہلے متاثر ہوتے ہیں اور یہ تاثر ضیاء کی حدت کا متناسب ہوتا ہے - جب متاثرہ حصص پر کافی ,, نفاد ,, پیدا ہو جاتا ہے تو ضیاء ہٹالی جاتی ہے

(ج) Development :— اسے سنہ ۱۸۳۷ء میں Talbot نے اور جو سچ پوچھو تو ,, بلی ,, نے دریافت کیا - کیونکہ اُسنے Nut galls کے extract جو چند Halfexposed کاغذوں پر جنپر سوڈیم کلورائڈ پڑا ہوا تھا اوندھا دیا - یہ عمل

اس امر پر منحصر ہے کہ کوئی اتنی کمزور عاملیت کا محلول نہ عامل استعمال کیا جائے ضیاء سے غیر متاثرہ حصوں پر اسکا اثر عملاً صفر ہو

یہ عمل Darkroom یا تاریک کمرہ میں کرنا چاہئے باہر ضیاء کے عمل سے مزید سلور برومائڈ تحلیل ہو جائیگا جو خیال کو غیر ممتاز کر دیگا - چھوٹی طول موج کی شعاعوں (نیلی اور بنفشئی) کا عمل چاندی کے لونجوں پر سب سے زیادہ ہوتا ہے برابر برابر تاثیر کے لئے وقت جو مختلف اللون شعاعوں کے لئے درکار ہے ثانیوں میں حسب ذیل ہے

بنفشئی = ۱۵ ثانیہ
سبز = ۳۷ ''
نیلا = ۲۹ ''
زرد = ۳۳۰ ''
سرخ = ۶۰۰ ''

بناء برین Dark Room یا تاریک کمرہ میں ایسے لمپ سے کام لیا جاتا ہے جس سے سرخ روشنی حاصل ہوتی ہو

Exposure کے بعد جب تختی پر معکوس خیال بنجاتا ہے تو اسے باحتیاط تاریک کمرہ میں لاکر Develop کرتے ہیں - اسکا طریقہ یہ ہے کہ تختی پر پہلے Developer اسطرح ڈالتے ہیں کہ ابال نہ پیدا ہو - ۵ سے ۲۰ ثانیوں کے عرصہ میں خیال جہاں سفید تھا سیاہ ہو جاتا ہے اور سیاہ حصے سفید پڑ جاتے ہیں اور نیم شفاف حصے حسب حال برقرار رہتے ہیں - اب اسے کشید کئے ہوئے پانی سے دھو کر پہلے پھٹکڑی کے محلول میں ڈالتے ہیں اور پھر ۵ یا ۶ دقیقوں کے بعد پانی سے دھو

کر Fixing solution میں ڈالدیتے ھیں۔ اس عمل سے تختی کے پشت کی سیاھی دور ھوجاتی ھے۔ اب اسے ضیاء سے کوئی ھرج نہیں پہنچ سکتا۔ یہ تختی اب Negative کے نام سے یاد کی جاتی ھے۔ اب اسے بخوبی دھو کر سکھالیا جاتا ھے

Developing Solutions :— مختلف ممالک میں مختلف اغراض کے مدنظر حسب ذیل developers استعمال کئے جاتے ھیں

Pyrogallol کا قلوی محلول

(الف) اسکا ملک انگلستان میں زیادہ رواج ھے اور اسکے استعمال سے exposure کے خرابیونکی چارہ جوئی آسانی سے ھوسکتی ھے

Developer نمبر ۱

محلول نمبر ۱ :—

پائیروگیلک ترشہ	ایک اونس
امونئم برومائڈ	۶۰۰ گرین
نائٹرک ترشہ	۲۰ قطرے
پانی	۶ اونس

محلول نمبر ۲ :—

امونیا کا مرنکز محلول (کثافت اضافی ۰۸۸۰)	۳ ڈرام
پانی	ایک پائنٹ

محلول نمبر ۳

محلول نمبر ۱	ایک اونس
پانی	۱۹ اونس

اسکی تیاری میں پہلے نائٹرک ترشہ کو ہلکایا جاتا ہے پھر پائیروگیلک ترشہ اور امونئم برومائڈ ملائے جاتے ہیں بعد ازیں تینوں محلول ملادئے جاتے ہیں

Developer نمبر ۲ فیرس آگزیلیٹ اسکی تیاری میں آئرن پلروٹوسلفیٹ کے ایک پونڈ کو ہم وزن پانی میں حل کرتے ہیں بعد از این ایک پونڈ پوٹاسئم آگزیلیٹ کو بھی پہلے کی طرح ایک پونڈ پانی میں حل کرتے ہیں۔ پھر آئرن پروٹوسلفیٹ کا آبی محلول وزنا ۲ اونس پوٹاسئم آگزیلیٹ کے محلول کے ۲/۱۱ اونس میں ملادیتے ہیں، آمیزہ سرخ مرجانی رنگ کا ہوتا ہے۔ زان بعد امونئم برومائڈ کی ایک اونس قلموں کو ۹ اونس پانی میں حل کر کے تیار شدہ آمیزہ میں ڈال دیتے ہیں اسمیں فائدہ یہ ہے کہ ہاتھوں پر دھبے نہیں آتے۔ اس کو فیرس آگزیلیٹ Developer کہتے ہیں

Developer نمبر ۳ جب عکاسی کی تختی gelatin کی ہوتی ہے تو اسے نمبر ۱ Developer سے دھوتے میں اسکی سطح پر بھورا یا زردی مائل رنگ باقی رہجاتا ہے یہ اس developer کے استعمال سے دور ہوجاتا ہے۔ اس سے گو development آہستہ آہستہ ہوتا ہے لیکن Negative نہایت نفیس سیاہ رنگ کا ہوتا ہے

محلول نمبر ۱

پائیروگیلک ترشہ	ایک اونس
امونئم برومائڈ	۶۰۰ گرین
سوڈئم سلفائٹ	۴ اونس
سٹیرک ترشہ	۶۰ گرین
پانی	**۱۲ اونس**

محلول نمبر ۲

امونیا کا مرکز محلول (کثافت اضافی ۸۸۰ء)	۳ ڈرام
پانی	ایک پائنٹ

محلول نمبر ۲

محلول نمبر ۱	۲ اونس
پانی	۲۸ اونس

اسکی تیاری کے لئے سوڈ ئیم سلفائیٹ کو ۸ اونس پانی میں حل کرتے ہیں پھر مزید پانی کی مقدار ملاکر سٹیرک ترشہ ملاتے ہیں پھر محلول کو پائیروگیلک ترشہ اور امونیم برومائیڈ کیساتھہ ملاکر اسکی مجموعی مقدار ۱۳ اونس کی بنالیتے ہیں پھر تینوں محلولوں کو ملادیتے ہیں

Developer نمبر ۴

جب exposure کم ہوتا ہے تو درج ذیل developer استعمال کیا جاتا ہے

محلول نمبر ۱

پائیروگیلک ترشہ	ایک اونس
نائٹرک ترشہ	۲۰ قطرے
پانی	۶ اونس

محلول نمبر ۲

سجی	۶ ڈرام
پانی	ایک پائنٹ

محلول نمبر ۳

محلول نمبر ۲	ایک اونس
پانی	۱۹ اونس

یا اس developer کو یوں بھی تیار کرتے ہیں

محلول نمبر ۱	
پائروگیلک ترشہ	ایک اونس
امونئم برومائڈ	۶۰۰ گرین
نائٹرک ترشہ	۲۰ قطرے
پانی	۶ اونس
محلول نمبر ۲	
کاسٹک پوٹاش	۳ ڈرام
پانی	ایک پائنٹ
محلول نمبر ۳	
محلول نمبر ۱	ایک اونس
پانی	۱۹ اونس

یہ معمولی محلول کے مطابق کام میں لائے جاتے ہیں

Developer نمبر ۵

محلول نمبر ۱	
Hydroquinone.	۲/۳ اونس
نائٹرک ترشہ	۲۰ قطرے
پانی	۶ اونس
محلول نمبر ۲	
امونیا کا مرتکز محلول (کثافت اضافی ۸۸۰ ء)	۸۰ منم

پانی	ایک پائنٹ
محلول نمبر ۳	
محلول نمبر ۱	ایک اونس
پانی	۱۹ اونس
محلول نمبر ۴	
امونئم برومائڈ	ایک اونس
پانی	۱۰ اونس

جب exposure باضابطہ ہوتا ہے تو محلول نمبر ۲ و نمبر ۳ معمولی developer کیساتھہ استعمال کئے جاتے ہیں لیکن جب exposure حد سے زیادہ ہوجاتا ہے تو نمبر ۴ استعمال کیا جاتا ہے لیکن اسوقت بھی چند قطرات کافی ہوتے ہیں۔

انتباہ ان تمام مذکورۂ بالا احتیاطوں کے باوجود Negative میں چند خرابیاں رہجاتی ہیں مثلاً:—

کبھی اسپر جھریاں یا جھالر کیطرح سلوٹیں نظر آتی ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے جب ہلکا پانی استعمال کیا جاتا ہے تو اس قسم کی جھریاں پڑ جاتی ہیں۔ اسکے دفعیہ کے لئے پانی چند گرین (میگنیسئم سلفیٹ) Mg So 40 7w20 ملا دیا جائے تو بہتر ہے۔

یا تختی پر کبھی کثیف اور شفاف داغ بھی پڑ جاتے ہیں یہ اگر بالکل مدور اور شفاف ہوں تو سمجھہ لینا چاہئے کہ developer میں بلبلے پڑ جانے کی وجہ سے ہے اسلئے عکاس کو چاہئے کہ اونٹ کے بالوں کا ایک برش تختی پر پھیر دیا کرے یا تختی پر بعض اوقات لکیریں پڑ جاتی ہیں اور یہ اسطرح ہوتا ہے کہ developer استعمال کرتے وقت جب تختی کا ایک حصہ تو تر ہوجاتا ہے اور دوسرا خشک رہتا ہے تو اس تر حصہ کے دامن

پر خود بخود خط پڑ جاتا ھے اسلئے عکاس کو چاھئے developer کو بہ یك وقت پوری تختی پر ڈالے۔ جب تختی develop ھو جاتی ھے تو اسے پھٹکڑی کے محلول میں ڈالدیا جاتا ھے پھٹکڑی کے محلول کی تیاری کے لئے ۲ اونس پھٹکڑی کو گرم پانی کی ایك پائنٹ مقدار میں حل کرتے ھیں۔

Fixing اس عمل سے غیر متاثرہ سلور برومائڈ کو سوڈئم تھائیو سلفینٹ میں حل کر کے تختی پر سے جدا کرتے ھیں کیونکہ اگر تختی بغیر اس عمل کے بغیر ضیاء میں لائی جائیگی تو غیر متاثر سلور برومائڈ بھی تحلیل ھو جائیگا۔ اور اسطرح خیال خراب ھو جائیگا۔ اسے سب سے پہلے سنہ ۱۸۴۰ع میں Sir Johnson Hershell نے دریافت کیا اس محلول کی تیاری کے لئے ۵ اونس "Hypo" یا Hyposulphite of Soda یا Sodium thiosulphate کو ایك پائنٹ گرم پانی میں حل کرتے ھیں۔

Printing اس عمل سے عکس یا خیال پھر سیدھا ھو جاتا ھے۔ تختی کے اس رخ پر جسپر عکس ھو Printing paper رکھدیا جاتا ھے۔ پھر اسکو چوکھٹے میں کس کر خشك ھونے کے لئے چھوڑ دیتے ھیں۔ سوکھنے کے بعد اسے نکال لیتے ھیں اور یونہی جسقدر تصویریں درکار ھوتی ھیں چھاپ لیتے ھیں اب tonning کے ذریعہ اسکے رنگ کو واضح اور دیرپا کیا جاتا ھے Printing paper یا تو Velox کی قسم کے ھوتے ھیں جنکو Baekeland نے ایجاد کیا یا Albumenized ھوتے ھیں۔ Velox کی مثل کے کاغذ بالکل عکاسی کی تختیوں کی طرح ھوتے ھیں کیونکہ ان میں بھی حساس شئے سلور برومائڈ AgBr ھوتی ھے جو gelatin میں معلق رھتی ھے۔ اور انکو بھی اُن تختیوں کی طرح develop, expose اور Fix کرتے ھیں Albumenized paper ھیں حساس شئے سلور کلورائڈ ھے جو انڈے کی

سفیدی (Albumen) میں تعلیق کی حالت میں ہوتی ہے اور اس سے چاندی گلابی رنگ میں لسوتی حالت میں آزاد ہوتی ہے

جب Printing paper پر عکس آجاتا ہے جو سیدھا ہوتا ہے تو پھر tonning کا عمل شروع ہوتا ہے۔

Tonning اس عمل میں سوڈیم کلورو آریٹ چاندی کیساتھ عمل کرتا ہے اور اسکی جگہ سونے کی پتلی سی تہ جم جاتی ہے

$$Na\ Aucl\ 4 + 3\ Ag - Nacl + 3\ Agcl - Au$$

اس مطلب کے لئے مختلف Tonning Baths مستعمل ہیں جن میں چند درج ذیل ہیں

(۱) Auric chloride	ایک اونس
پانی	۱۴ اونس
سوڈیم ایسٹیٹ	۲۰ گرین

یہ ارغوانی رنگ پیدا کرنے کے لئے بہت موزوں ہے

(۲) Auric chloride	ایک اونس
پانی	۱۴ اونس
سوڈیم پانی کاربونیٹ	۳ گرین

یہ نیز بھورا رنگ حاصل کرنے کے لئے بہت مفید ہے

(۳) Platinum Bath :— یہ مثل Acetate Bath کے ہوتا ہے لیکن اسمیں بجائے Auric chloride کے Platinic chloride استعمال کیا جاتا ہے

طریقہ عمل Prints کو ایک تشت میں جسمیں صاف پانی رکھا ہوتا ہے

اسطرح اوپر تلے رکھتے ھیں کہ تصویر کے رخ نیچے ھوں۔ اسکے بعد انپر یکے بعد دیگرے Tonning Solution ڈالتے ھیں۔ اسطرح لورن کرنے سے انکا رنگ بتدریج بدلتا جاتا ھے اور سیپی کا سا ھونے لگتا ھے۔ اب یہ عکاس کے اختیار میں ھے انکا رنگ جہاں تک ھوسکے tonning کے ذریعہ گہرا یا ھلکا رکھے۔ پندرہ سے بیس دقیقوں میں یہ عمل اختتام کو پہنچ جاتا ھے اسکے بعد Fixing شروع ھوتی ھے۔ اس مطلب کے لئے محاول اسطرح تیار کیا جاتا ھے کہ 2½ اونس سوڈیم ھائپو سلفائٹ کو ایک پائنٹ پانی میں حل کرتے ھیں، tonning کے بعد prints کو اس fixing محاول میں ایک ربع ساعت تک پڑا رھنے دیتے ھیں پھر اسے پانی سے بخوبی دھو لیتے ھیں اور اب نکالکر کسی صاف تولیہ سے خشک کر لیتے ھیں۔ اب ان prints کو عمدگی اور زیبائش سے کاٹ کر عام پسند اور مرغوب خاطر بنا لیا جا سکتا ھے۔

نظم

از

جناب علی حسنین صاحب زیبا (جو کابینہ جدیدہ کی کرسی نشینی کے موقع پر پڑھی گئی تھی)

خدا ھی جانے سحر کیا بہار آب و گل میں ھے
نیا خیال ذھن میں نئی اُمنگ دل میں ھے

جمود حسن کا ابھی فنا ھوا خزاں کے ساتھ
سکوت نئے نواز بھی ھوا ھوا خزاں کے ساتھ

دل سکوں پسند آج کہ یہ عمل کا دور ھے
بہار سال نو ہے آج رنگ ھی کچھ اور ھے

بہار رفتہ کر کے یاد کچھ ھوا جو انفعال
ھوا جو بلبلوں کو بھی چمن کے حسن کا خیال

چمن تھا جسکی جاں اُسے چمن کی جاں بنا دیا
خود اپنے میں سے چن کے ایک باغباں بنا دیا

عجب ھی کیا بنا دے گر اسی کو گلستان نیا
چمن وھی سہی مگر ملا ھے باغباں نیا

عجب ھی کیا جو باغباں چمن کی رت ھی پھیر دے
یہ بلبلوں کو حسن انتخاب کا صلہ ملے

ھوا بدل دے یوں چمن کی یہ ھوا بہار کی
گلوں پہ اسطرح اثر کرے ھوا بہار کی

یہ عارضی بہار ھی بہار جاوداں بنے
یہ موسمی شباب بھی شباب جاوداں بنے

گلوں کی عطر بیزیوں کا ھے چمن میں انحصار
چمن کے رنگ و بو میں ابھی ھے منحصر بہار

عجب ھی کیا بہار یہ چمن میں یوں مقیم ھو
جہاں جہاں نسیم ھے وھاں وھاں شمیم ھو

چمن کے بلبلوں کو عشق صرف گلستاں سے ھے
بدل دے یوں انہیں ھمیں امید باغباں سے ھے

فسانۂ وطن پڑھیں فسانۂ چمن کے ساتھ
ترانۂ وطن پڑھیں ترانہ چمن کے ساتھ

لفظ خلجی کی اصلیت

از

جناب سید سراج الدین احمد صاحب۔ متعلم ایم۔ اے آخری (تاریخ)

ضیاء الدین برنی نے تاریخ فیروز شاہی میں لکھا ہے کہ خلجی ترکی النسل نہیں ہیں (۱)۔ اگر وہ ترکی النسل ہوتے تو کیقباد کے عہد میں ترکی امرا جلال الدین خلجی کا ساتھ دیتے۔ جلال الدین کا نسبی تعلق ایسی نسل سے تھا جو ترکی نہیں تھی۔ اسی وجہ سے ترکوں پر اسے اعتماد نہ تھا اور نہ ترک اسے اپنی نسل سے سمجھتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے اسی بناء پر اقتدار حاصل کرنے کے لئے اپنی علحدہ جماعت بنالی اور خلجیوں کا جو جلال الدین کے ساتھ تھے ممکنہ قوت کے ساتھ مقابلہ کیا۔

خلجیوں کی نسبت یہ قصہ مشہور ہے کہ اغوث خاں نے بہت سے قبائل آباد کئے تھے۔ ایک دفعہ وہ فوج لیکر جارہا تھا راستہ میں چند سپاہی پیچھے رہ گئے۔ ان میں سے ایک سپاہی کی بیوی کی زچگی ہوئی۔ جب یہ اغوث خاں کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اغوث خاں نے دیری کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے سارا ماجرا بیان کیا۔ اس وقت سے وہ گاؤں جہاں زچگی ہوئی تھی خل اج (۲) کے نام سے مشہور ہوا، اور اس بچہ کی اولاد خلجی کہلانے لگی جو پہلے سیستان اور غور کے قریب آباد ہوئے۔

۱۔ تاریخ فیروز شاہی مصنفۂ ضیاء الدین برنی صفحہ (۱۷۱)۔ آخری سطر۔ ”وچون اصلی دیگر داشت نہ او را با ترکان استواری بود و نہ ترکان او را از بطانۂ خود میدانستند“، الیٹ جلد سوم صفحہ (۱۳۴) سطر (۱۰)

۲۔ خل۔ چھوڑنا اور اج۔ بھوکا۔

فرشتہ نے لکھا ھے کہ تاریخ سلجوقیاں کے مصنف کے قول کے مطابق ترک بن یافث اور بعض تواریخ میں لکھا ھے کہ نوح کے فرزند یافث، کے گیارہ فرزند تھے۔ ان میں سے ایک کا نام خلج تھا۔ اسی کی اولاد کو خلجی کہتے ھیں (۱)۔ فرشتہ کے نزدیک یہ قول اس لئے صحیح ھے کہ تواریخ عزنویہ میں لکھا ھوا ھیکہ سلطان ناصر الدین سبکتگین اور سلطان محمود غزنوی غازی کے بہت سے امرا قوم خلج سے تھے۔ ان کا عہد چنگیز خان کے عہد سے پہلے کا ھے۔ لہذا قالج خان قوم خلج سے تھا اور بادشاہ جلال الدین فیروز شاہ دھلوی اور سلطان محمود مالوی (۲) اس کی اولاد سے ھیں۔ طبقات اکبری میں لکھا ھے کہ محمد خلجی مانڈوی اور جلال الدین خلجی، قالج خان کے پوتے تھے۔ قالج خان چنگیز خان کا داماد تھا۔

جب چنگیز خان کو عروج حاصل ھوا تو وہ التمش کے عہد میں ھندوستان آیا اور خوارزم شاہ کو سنہ ۶۲۲ھ میں شکشت دی۔ اسوقت قالج خان ملک غور اور گرجستان کے پہاڑی علاقوں میں آباد ھوے۔ قالج (۳) تھوڑے سے تغیر سے خالج ھوگیا اور عام استعمال سے خلج ھوگیا۔ بدایونی نے لکھا ھے کہ قلج اور قالج میں صرف لفظی تکرار ھے ورنہ دونوں ایک ھیں۔ قالج کا الف، قلج کے ق کے زبر کے بجائے استعمال کیا گیا ھے جو ترکی اصول تحریر ھے۔ اب ایرانیوں میں ق کے بجائے خ استعمال کیا جاتا ھے (۴)

۱۔ تاریخ فرشتہ مقالہ۔ دوم صفحہ (۸۸) سطر (۲۸)
۲۔ طبقات اکبری۔ محمد خلجی مانڈوی صفحہ (۵۷)
۳۔ طبقات اکبری صفحہ (۵۷)
۴۔ منتخب التواریخ مصنفۂ عبدالقادر بدایونی (مترجمۂ رینکنگ)

مورخ مولانا نظام الدین احمد نے لکھا ہے کہ ایک معتبر تاریخ میں میری نظر سے گزرا کہ گروہ خلج، قالج خاں داماد چنگیز کی نسل سے ہے (۱) اور اسکا قصہ یہ ہے کہ قالج خاں اور اسکی بیوی میں جو چنگیز خان کی بیٹی تھی رنجش پیدا ہوئی مگر چنگیز کے خوف کے باعث سوائے خاطر و مدارت کے کوئی چارہ نہ تھا لیکن قالج کو ہمیشہ رہائی پانیکی دھن سمائی تھی۔ جب چنگیز نے ساحل سندھ پہونچکر سلطان جلال الدین خوارزم کو مغلوب کیا اور ایران و توران کے مہمات سے فارغ ہوا تو وطن واپس ہوا۔ خلج خان اس زمانہ میں چنگیز کے ساتھ غور و گرجستان کے پہاڑوں پر سے گزرتے وقت موروثی آبادی کے لئے، موقع پاکر اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ جنکی تعداد تقریبا تیس ہزار تھی اس کوہستانی علاقہ میں آباد ہوا۔ جب چنگیز خان فوت ہوا تو اس کے بیٹوں میں سے کسی نے اسکی پروا نہ کی۔ یہاں قالج کی نسل بہت پھیلی۔ جوں جوں سلاطین غور نے ہندوستان کو فتح کیا، خلجی وقتا فوقتا قربت کے باعث ہندوستان میں داخل ہوئے اور یہیں انہوں نے ملازمت اختیار کی اور شہرت حاصل کی (۲)۔

خلجی ایک ترکی قبیلہ تھا جسکا نام ترکی میں کلك (۳) ہوگا۔ انکا چوتھی صدی عیسوی سے پتہ لگتا ہے۔ یہ لوگ بہ نسبت دوسرے ترکوں کے بہت دور جنوب میں رہتے تھے۔ یہ مقام زمانہ حال کے لحاظ سے افغانستان کا جنوبی حصہ یعنے سیستان اور ہندوستان کے درمیان کا علاقہ ہے۔ زمانہ قدیم میں یہ لوگ یہاں آکر آباد ہوے تھے۔ یہ قبیلہ کس وقت ترکستان سے ترك وطن کر کے یہاں آیا اسکا پتہ لگانا اب بلکل ناممکن ہے۔

۱۔ شہاب الدین حکیم کرمانی جونپوری نے اپنی کتاب طبقات محمد شاہی میں خلجی خاندان کی ابتدا چنگیز خان کے داماد قالج خان سے لکھی ہے۔

۲۔ در ایکہ از تواریخ معتبر ..... صاحب اعتبار شدند طبقات اکبری صفحہ (۵۶) فرشتہ۔ مقالہ دوم صفحہ (۸۸)۔

۳۔ Kalac

اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ مغربی افغانستان میں آکر آباد ہوے ، جہاں بہت عرصہ تک رہے جس کی وجہ سے یہ افغانی کہلانے لگے ۔ انہوں نے دوسرے بادشاہوں کے تحت بحیثیت سپاہی کے بہت شہرت حاصل کی ۔ لیکن خلجیوں کا تذکرہ سیاسی نقطہ نظر سے کبھی ایک خودمختار اور متحد قوم کے نہیں آیا ۔ بہت زمانہ گزرنے کی وجہ سے ان کے نام میں تک بہت کچھ اختلاف ہوگیا ۔

خلجیوں کے سردار ، دوسرے ترکی محافظین کی طرح ہوتے تھے ۔ انہوں نے غزنی اور غوری بادشاہوں کی ملازمتیں اختیار کیں اور خوب نام کمایا ۔ یہی لوگ ہندوستان جاکر وہیں آباد ہوگئے جہاں انہیں اپنی خودمختار خاندانی حکومت قائم کرنے اور سیاسی قابلیت کے اظہار کے مواقع ملے ۔ مثلاً بختیار خلجی نے بنگال میں حکومت قائم کی اور محمد نے مالوہ میں لیکن دہلی کے خاندان خلجی کو خاص اہمیت حاصل ہے جس نے سب سے پہلے زبردست سلطنت قائم کی ۔ ہندوستان میں یہ بجائے خلجی کے خلجی کہلانے لگے ۔ بہلول جس نے ہندوستان میں لودی خاندان کی بناء ڈالی اور (سنہ ۱۴۵۱ سے ۱۵۲۶ ع تک) دہلی میں حکومت کی ، اسی خلجی قبیلہ سے تھا ۔

موجودہ غلزی ، ترکی خلجیوں ہی کی نسل سے ہیں ۔ لیکن راورٹی نے اس خیال کی تھوڑی سی مخالفت کی ہے ۔ غلزی بھی ترکی النسل ہیں اور یہ اسی قطعہ میں دکھائی دیتے ہیں جہاں خلجی آباد ہیں ۔ ممکن ہے کہ افغانیوں نے اپنے غلط تلفظ کی بناء پر خلجی کے لفظ کو بگاڑ کر غلزی کر دیا ہو اگر غلزی ، خلجی نہوں تو ان کا پتہ لگانا دشوار ہے ۔ ممکن ہے کہ غلزا اور خلج اور دیگر قبائل سے ان کا تعلق ہو جو گیارھویں سے چودھویں صدی عیسوی تک کثرت سے افغانستان آئے اور غزنوی اور غوری بادشاہوں کے پاس بحیثیت جنگی سپاہیوں کے ملازمت کی ۔ مخزن افغانیہ میں غلزیوں کی اصیلت اس قصہ

سے واضح کی گئی ہے کہ باٹن کی بیٹی ماٹو نے شاہ حسین سے ناجائز تعلقات پیدا کئے اور بعد ازاں اس سے شادی کر لی ۔ شاہ حسین، غور کا مغرور شہزادہ تھا ۔ ان سے جو لڑکا ہوا وہ غازی یعنے "فیروز بخت" کہلانے لگا ۔ یہیں سے غازی نام کی ابتدا ہوئی (۱)۔

ملا منہاج الدین (۲) ابو عمر عثمان نے لکھا ہے کہ خلج ایک ترکی قبیلہ ہے جو شمالی ترکستان سے بہت زمانہ قبل نکل گیا ۔ راورٹی نے اسکی وضاحت کے ساتھ یوں تشریح کی ہے کہ شاش ، ماؤراالنہر کی سرحد ، ندی ، اور شہر کا نام ہے ۔ یہ دریائے سیحون پر واقع ہے جو ترکون کی سرحد ہے ۔ یہ حصہ اب تاشقند کہلاتا ہے یہاں غز اور قلج قبائل کے مسلمان آباد تھے ۔ یہی خلجی ترک افغانستان میں آباد ہونے کے بعد خلجی پٹھان کہلانے لگے ۔ سنہ ۶۲۳ ھ میں مغلوں کے مقابلہ کے لئے ایک خلجی جماعت خوارزمی فوج کے ساتھ شریک ہو گئی تھی جس نے سیستان کے ایک ضلع منصورہ پر قبضہ کر لیا ۔ اس جماعت کا سردار ملک خان خلجی تھا ۔ سندھ کے قریب قباچہ سے ملک خان نے مقابلہ کیا اور مارا گیا ۔ اس کے بعد خلجی فوراً التمش کی پناہ میں چلے گئے ۔ انکی مدد سے التمش نے قباچہ پر حملہ کیا اور اس کا خاتمہ کیا ۔

عربی اصول کے لحاظ سے خلجی کی جمع اخلاج ہے ۔ اس کے علاوہ یہ خلاج بھی کہلاتا ہے لیکن بہت کم ۔ چند مسلمان ہندوستانی مصنفین نے خلج اور خلجی بھی لکھا ۔ جن کی بہت سے یورپین مورخین نے اتباع کی ہے ۔ فرشتہ نے خلج لکھا ہے ۔ اور یورپینوں کے خیال کے مطابق خلج قبیلہ اور قبیلہ غلزی کے لوگ ایک نہیں ۔ بعضوں نے اس کی یوں تعریف کی ہے کہ خلج اسی نسل سے ہیں جس سے افغانی قبیلہ غلزی ہے ۔

---

۱ - انسائیکلو پیڈیا آف اسلام ۔ دیکھو لفظ خلجی (Khaladj)

۲ - طبقات ناصری ۔ مترجمہ راورٹی ۔ صفحات ۔ ۲۸ - ۵۱۱ - ۵۳۹ - ۵۴۸ - ۵۵۰

چونکہ خلج ، غوری سلاطین کے عہد اور اس کے پیشتر سے موجود ہیں اور وہ خراسان کے اس حصہ میں بھی آباد تھے جو اب افغانستان کہلاتا ہے ۔ لہذا اسی بناء پر ان مورخین نے انہیں نہ صرف افغانی بتلایا ہے بلکہ اس سے بھی اور آگے بڑھکر انہوں نے خلج اور غلزی کو ایک کر دیا ۔ دراصل خلج ایک ترکی قبیلہ ہے جس کا شجرہ الاتراک ، جامع التواریخ اور ظفر نامہ کے مقدمہ میں تذکرہ ہے ۔ انکا ایک حصہ آکر گرم سیر میں بہت زمانہ قبل آباد ہوا تھا ۔ وہاں سے ان لوگوں نے ہندوستان آکر سلطان معیز الدین کی ملازمت اختیار کی ۔ اسی طرح بختیار غلام سمجھا جاتا ہے ، یہ غلام نہ تھا بلکہ خلج قبیلہ کا سردار تھا جو غور کے جنوب مغربی سرحد پر آباد تھا ۔ بختیار ، سلطان معیز الدین کے عہد میں ملازمت کی تلاش کرتا ہوا غزنی آیا ۔ لیکن یہاں حسب خواہش ملازمت نہ ملنے کی وجہ سے اس نے ہندوستان کا رخ کیا اور لاہور پہونچا ۔ وہاں سے قطب الدین کی مخالفت پر مشرق کی طرف نکل گیا اور ملک المعظم حسام الدین آغل بک سے جا ملا ۔ ملک حسام الدین کے تحت دوآبہ کا کثیر حصہ اور دریائے گنگا کا مشرقی حصہ بھی تھا جہاں وہ قطب الدین کے اثر سے بالکل آزاد تھا ایک اور قول کے مطابق سلطان معیز الدین نے ، اغل بک کو کول کا قلعہ اور اس کے تحت کے علاقے عنایت فرمائے تھے ۔ محمد بختیار نے ملک حسام الدین کی ملازمت اختیار کی اور چند مرتبہ ہندوں کے مقابلہ میں اپنی مردانگی کے جوہر دکھائے جس کے صلہ میں ملک نے بختیار کو پتیتہ بحیثیت جاگیر کے دیا ۔ بختیار کی شہرت سنکر خلجی اطراف و اکناف سے اس کے پاس آپہونچے جس سے اس کی قوت میں اضافہ ہوا اور انکی مدد سے اس نے بہار اور اودہ تک قبضہ کر لیا اور لکھنوتی کو اپنا مستقر قرار دیا ۔ بختیار کی اس بڑھتی قوت کی خبر پاکر قطب الدین ایبک نے اسے قیمتی لباس مرحمت فرمایا ۔ اوائل سنہ ۶۰۲ ھ میں بختیار مارا گیا (۱)۔

۱ ۔ طبقات ناصری ۔ ترجمہ راورٹی ۔ انڈکس صفحہ (۶۰) خلجی

خلجیوں کی اصلیت کی نسبت ملا منہاج الدین ابو عمر عثمان کا خیال سب میں زیادہ قابل وثوق ہے ۔ منہاج الدین ، سلطان ناصر الدین محمود کے عہد میں تھا ۔ اسکا زمانہ متذکرہ بالا تمام مورخین سے پیشتر کا ہے ۔ اس کے قول کے مطابق خلج ایک ترکی قبیلہ ہے جو شمالی ترکستان سے بہت زمانہ قبل نکل گیا ۔ صرف قالج خان ہی کی اولاد کا خلجی کہلانا اس لئے غلط ہے کہ اسے کوئی تاریخی اہمیت حاصل نہیں ہے اور بقول فرشتہ تواریخ غزنویہ کے مطابق سبکتگن اور محمود غزنوی کے بہت سے امرا قوم خلج سے تھے جن کا زمانہ قالج خان سے پیشتر کا ہے چونکہ قالج خان ترکی خلجی تھا لہذا دوسرے خلجی امرا کی اولاد کی طرح ان کی اولاد بھی خلجی تھی ۔

انسائیکلو پیڈیا آف اسلام اور اس سے زیادہ راورٹی نے اس موضوع پر بحث کی ہے جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ خلجی ترکی النسل ہیں جو افغانستان میں آباد ہوے (۱) ۔ ان پر افغانی تہذیب و تمدن اور رسم ورواج کا اتنا گہرا اثر پڑا کہ بعد میں جو ترکی آئے انہیں بالکل افغانی سمجھا حالانکہ یہ ترک نژاد ہیں اور ترکستان کے قبیلہ خلج سے ان کا تعلق ہے ۔ رفتہ رفتہ مسلمان حملہ آوروں کے ساتھ انہوں نے ہندوستان میں قدم رکھنا شروع کیا اور یہیں آباد ہو گئے ۔ ترکی بابن کے عہد تک اتنے قوی ہو گئے کہ بابن نے التمش کے مسلک کے خلاف انہیں سلطنت کیلئے خطرناک سمجھا اور غلامان چہلگانہ کی بیخ کنی کر کے ترکی قوت کو زبردست زد لگائی ۔ بہادر پور میں یغرش خان خلجی کے دونوں بیٹے جلال الدین خلجی اور شہاب الدین خلجی بابنی فوج میں ملازم تھے ۔ کیقباد کے عہد میں ملک الامرا ملک فخر الدین کوتوال کا بھانجا و داماد ملک نظام الدین

---

۱ ۔ پروفیسر کرشنا سوامی انیگار اور رچرڈ ٹیمپل دونوں کی رائے ہے کہ خلجی ترکی النسل ہیں جو افغانستان میں آباد ہوئے انڈین انٹی کویری سنہ ۱۹۲۲ ع صفحہ (۲۰۵)

بہت قوی ہو گیا اور تمام معاملات سلطنت کو اپنے ہاتھ میں لیکر وکیل سلطنت بنا یعنے وزارت عظمی حاصل کی اور اپنی طاقت بڑھانے کی کوشش میں اس نے تمام امرا اور عمائدین سلطنت سے مخالفت مول لی۔ آخر کار اس کی نت نئی بد عنوانیوں سے خود بادشاہ تنگ آ گیا اور اس کو زہر دیکر مار ڈالا گیا۔ اس وقت ملک جلال الدین فیروز بن ملک یغرش خاں خلجی نائب سامانہ اور امیر جائداد تھا۔ بادشاہ نے اسے سامانہ سے طلب کیا اور شائستہ خاں کا خطاب دیکر برن کا جاگیردار بنایا۔ اور بعد ازاں عرض ممالک کے عہدہ پر فائز کیا۔

ترک خلجیوں کو اپنے برابر والے ترک نہ سمجھتے بلکہ انہیں پٹھان سمجھتے تھے۔ لہذا ان کی یہ کوشش تھی کہ اپنی قوت اور اثر کو برقرار رکھیں تا کہ غیر ترک مثلاً خلجی ان پر حکمران نہ ہوں۔ لہذا کیقباد کے فریش ہو جانے کے بعد انہوں نے اس کے بیٹے کیومرث (۱) کو سلطان شمس الدین کے خطاب سے تخت نشین کیا۔ اور اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے کی فکر میں انہوں نے خلجی جماعت کو جو جلال الدین کی سرکردگی میں قائم ہو گئی تھی، کمزور کرنے کی کوشش کی۔ اور عوام کو خلجیوں سے بدظن کرانے کے لئے انہوں نے خلجی جماعت کے ساتھ برا سلوک کیا، انہیں ذلیل کیا اور حکومت کے ناقابل ٹھہرایا۔

ترکوں کی اس خود غرضی کو مٹانے کی خاطر جلال الدین نے جنگ کی طیاری کی اور اس کے بیٹوں نے فوج کا ایک دستہ لیکر بہادری کے ساتھ محل شاہی پر حملہ کیا اور شمس الدین کو تخت سے اٹھا کر اپنے باپ کے آگے حاضر کیا۔ کیقباد کے

۱۔ الیٹ جلد سوم۔ ترجیت الامثار صفحہ (۳۹) آخری سطر۔ شمس الدین کیومرث۔ قران السعدین۔ تمہید صفحہ (۵۰)

خاتمہ کے بعد جلال الدین فیروز شاہ خلجی سنہ ۱۲۸۹ع میں کیلوگھری میں تخت نشین ہوا اور خاندان خلجی کی بنا ڈالی۔ اپنے بھائی شہاب الدین مسعود کو یغرش خان کا خطاب دیا اور عرض ممالک کے منصب پر پہونچایا اور اس کے بیٹوں میں علاؤ الدین کو جسے وہ اپنے بیٹوں سے زیادہ عزیز سمجھتا تھا دربار کے اعلی امرا میں شامل کیا اور الماس بیگ کو الغ خاں کا خطاب دیکر آخر بیگ کیا۔ دربار میں رہنے سے علاؤ الدین سلطنت کے نشیب و فراز اور حکومت کی تمام چالوں سے واقف ہوگیا اور سنہ ۱۲۹۶ع میں تخت نشین ہوکر اس نے تمام ہندوستان پر مستحکم اور منظم حکومت کی۔

نائٹروجن کی اہمیت اور اسکی تثبیت

از

جناب خواجہ غلام گوہر علی خان متعلم بی۔ اے

میں مضمون کے شروع کرنے کے قبل مناسب سمجھتا ہوں کہ قدرت کی بے پایان نعمتوں کا شکریہ ادا کروں کہ اس نے ہمارے آرام و آسایش کے لئے طرح طرح کی چیزیں وافر مقدار میں مہیا کردی ہیں۔

ہم دیکھتے ہیں کہ زمین جو ہمارے لئے مختلف قسم کے اناج پھل پھول پیدا کرتی ہے اس کی ایک خاص حد یا مقدار ہوتی ہے۔ اگر اس سے زیادہ مقدار میں حاصل کرنا ہو تو دوسرے ذریعے اختیار کرنے پڑتے ہیں۔ جوں جوں زمانہ گذرتا گیا انسانی آبادی اور ضروریات زندگی میں اضافہ ہوتا گیا اور زمین کی طبعی پیداوار ان کے لئے ناکافی ثابت ہوئی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے بڑی کاوشوں و جانفشانی کے بعد بعض ایسی چیزیں یا مرکبات معلوم کئے جن کو زمین میں ملانے پر اس میں پیدایش و نمو کی طاقت زیادہ بڑھ گئی۔ مگر وہ ان مرکبات کی ماہیت سے واقف نہ ہو سکے اور نہ مصنوعی طور پر ان کو تیار کرنے پر قادر ہوے۔ حال حال میں عالمان یورپ نے اس میدان میں قدم رکھا اور بڑی محنت و کوشش کے بعد ان کی ماہیت اور ان کے عمل سے وقفیت حاصل کی۔ یہ بات بڑی حیرت و تعجب کی ہے کہ جو چیز زمین میں جان ڈالتی ہو اور انسان کے لئے غذا جیسی ضروری شئے بہم پہونچاتی ہو وہی دوسری طرف انسانی قتل و غارتگری میں کام آتی ہے۔ کیونکہ حیوانی اور نباتی زندگی کے لئے نائٹروجن بہت ضروری ہے اور اسی نائٹروجن کا بہت سے دھماکوں و آتش گیر مادوں میں بہت دخل ہے۔

ھر فرد بشر جانتا ھے کہ زمین کو عمدہ سے عمدہ بنانے کے لئے بعض خاص شیاء استعمال کی جاتی ھیں۔ ان خاص اشیا کو جو اس مقصد کے لئے استعمال ھوتی ھیں "کھاد" کے نام سے موسوم کیا جاتا ھے۔ کھاد مختلف قسم کی ھوتی ھے مگر ان تمام میں نائٹروجن کا ھونا ضروری ھے خواہ وہ کسی شکل میں اور کسی عنصر سے ملی ھوئی ھو۔ اور درختوں پر ان کا عمل ایک ھی ھوتا ھے۔

متمدن ممالک مثلاً یورپ، انگلستان، امریکہ وغیرہ میں کھاد کے طور پر پوٹاسیم نائٹریٹ (Potassium nitrate) سوڈیم نائٹریٹ (Sodium nitrate) اور بعض امونیم نمک استعمال کئے جاتے ھیں ان تمام کا عمل یہی ھوتا ھے کہ یہ اپنی نائٹروجن درختوں کو دیکر انکو سرسبز شاداب رکھتے ھیں۔ ھندوستان میں گھوڑے کی لید وغیرہ اور بعض درختوں کی جڑوں میں بلی وغیرہ کو مار کر ڈالتے ھیں، یہاں پر بھی یہی عمل ھوتا ھے کہ بلی وغیرہ کا مابقی زیادہ دباؤ اور تپش کے تحت تحلیل ھوکر امونیا (NH_3) میں تبدیل ھوتا ھے۔ پھر یہ چند تغیرات کے ماتحت نائٹرک ترشہ میں تبدیل ھوجاتا ھے جو زمین کے اجزا سے ترکیب کھا کر نائٹریٹس (Nitrates) میں تبدیل ھوتی ھے پھر ان نائٹریٹس سے درخت نائٹروجن حاصل کرلیتے ھیں اس سے معلوم ھوا ھوگا کہ ان تمام کا عمل ایک ھی ھے اگرچہ کہ صورتیں مختلف اور پیچیدہ ھیں پوٹاسیم نائٹریٹ کھاد کے علاوہ نہایت خوفناک اور مہلک اشیاء کی تیاری میں بھی استعمال ھوتا ھے۔ جن کو دھماکو آمیزہ کہتے ھیں۔

ھر وہ شخص جو سائنس سے اور خصوصیت سے علم کیمیا (Chemistry) سے کچھ بھی وقفیت رکھتا ھے وہ بخوبی جانتا ھے کہ پوٹاسیم نائٹریٹ (KNO_3) تین عنصروں یعنی پوٹاشیم، نائٹروجن اور اکسیجن پر مشتمل ھوتا ھے۔ اور اسی طرح سوڈیم نائٹریٹ

(Na,No3) بھی تین عناصر یعنی سوڈیم یا (Na,) نائٹروجن (N) اور اکسیجن (O) پر مشتمل ھے۔ ان دونوں مرکبات میں پوٹاشیم اور سوڈیم اساس ھے۔ اور اکسیجن نائٹروجن ھوا کے دو بڑے جزو ھیں۔ ذیل میں معمولی خشک ھوا میں جو گیسی اجزا شامل ھیں ان کا فیصدی تناسب درج کیا جاتا ھے اور یہ اعداد بلحاظ حجم کے ھیں۔

گیس کا نام	فیصدی تناسب
نائٹروجن (Nitrogen)	۷۸٫۱۱۱
اکسیجن (Oxygen)	۲۰٫۹۵۵
ارگن (Argon)	۰٫۹۳۳
نیان (Neon)	۰٫۰۰۱۵
ھیلیم (Helium)	۰٫۰۰۰۵
ھائڈروجن (Hydrogen)	۰٫۰۰۰۱
کرپٹن (Krypton)	۰٫۰۰۰۰۰۵
زینان (Xenon)	۰٫۰۰۰۰۰۰۶
کاربن ڈائی اسائڈ (Corbon dioxide)	۰٫۰۳
اوزون (Ozone)	۰٫۰۰۰۰۶

ان میں اکسیجن ھی ھماری زندگی کا باعث ھے اگر یہ نہ ھو تو حیوانی زندگی کا خاتمہ ھو جائے اور دنیا میں کوئی چیز نہ جل سکے۔ اور یہی اکسیجن ھے جو ھائڈروجن سے ترکیب کھا کر پانی پیدا کرتی ھے۔ اسی طرح تمام اجسام خواہ وہ حیوانی ھوں یا نباتی ان کی نشوء نما کے لئے نائٹروجن کا ھونا بھی بہت ضروری ھے۔


ایسے نباتی مرکبات (Organic Compounds) جن میں نائٹروجن ترکیبی حالات میں ھوتی ھے جب یہ جراسیم (Bacteria) کے توسط سے تحلیل ھوتے ھیں

و نائٹروجن کا کچھ حصہ کرہ ہوا میں مل جاتا ہے ، اور کچھ حصہ کو اشجار بالراست الے لیتے ہیں - چونکہ حیوان اس سے بالراست استفادہ نہیں اٹھا سکتے اس لئے وہ اپنی س کمی کو ترکاریوں کے استعمال سے پورا کرتے ہیں - پھل ، پھول ، ترکاریاں جب تحلیل ہوتی ہیں تو کچھ توانائی بھی پیدا ہوتی ہے جو اعلی حیوانی زندگی کے لئے بہت ضروری ہے - تو گویا اس طرح نباتات ، نامیاتی اور حیوانی زندگی کے درمیان ایک رشتہ بنتے ہیں -

نباتات بھی بالعموم نائٹروجن کو کرہ ہوا سے بالراست نہیں لیتے بلکہ نائٹریٹس میں جو نائٹروجن ہوتی ہے اس سے یہ استفادہ کرتے ہیں - دیگر نباتی اشیاء جو کھاد وغیرہ میں ہوتی ہیں وہ جراثیم (Bacteria) (اس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ درختوں کی جڑوں میں جراثیم ہوتے ہیں جو نائٹریٹس وغیرہ سے نائٹروجن کو لیکر درخت کو دیتے ہیں) کے حملہ یا اثر سے کچھ نائٹریٹس اور کچھ آزاد نائٹروجن میں تحلیل ہو جاتے ہیں - کرہ ہوا کی نائٹروجن کی کچھ مقدار آسمانی طوفان مثلاً برقی رو ؤں کے بہنے اور بجلی کی چمک وغیرہ سے تکسید (کسی عنصر یا مرکب کا اکسیجن کے ساتھ ترکیب کھانا تکسید کہلاتا ہے) ہوکر بارش کے پانی کے ذریعہ نائٹرک ترشہ کی صورت میں زمین پر آجاتے ہیں اور یہاں زمین پر وہ نائٹریٹس میں تبدیل ہوتے ہیں - اگرچہ کہ ان کی بہت قلیل مقدار ہوتی ہے مگر اس سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ قدرت کن کن طریقوں سے حیوانی اور نباتی زندگی کی پرورش کرتی ہے -

سنہ ۱۸۵۲ع میں G. Ville نے دریافت کیا کہ بعض پودے مثلاً Beans Peas Clover, Leguminosae ایسے ہیں جو تحلیل سے زمین کو اتنی نائٹروجن دیتے ہیں کہ ایک مرتبہ ثمر کے بارآور ہونے کے بعد بھی ان میں کافی نائٹروجن موجود ہوتی ہے -

سنہ ۱۸۸۶ ع میں H .Hell نے بتلایا کہ بعض پودے مثلاً Leguminoa وغیرہ ایسے ہیں جن کی زندگی Bacteria کی وجہ سے ہے اور یہ Bacteria جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے درختون کی جڑون میں ہوتے ہیں یہ کھاد یا کرہ ہوا سے نائٹروجن کو لیکر درخت یا پودے کو اس سے استفادہ کا موقعہ دیتے ہیں۔ غرض یہ کہ نائٹروجن کا ہماری زندگی اور موت کے ساتھ ہمیشہ کا تعلق ہے۔ جیسا کہ ذیل کی شکل سے ظاہر ہوتا ہے۔



حسب بالا تغیر کو الفاظ میں یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ نائٹروجن کا جو جوہر (Atom) اج ہرے بھرے شاداب و نازک پودے میں ہوگا وہ کل ممکن ہے کہ حیوانی غذا بنجائے اور پھر بعد ازاں حیوانی فضلہ سے نکل کر کرہ ہوا کا رخ کرے اور یہاں بجلی و برق کی کرشمہ سازیون کی وجہ سے تکسید (اکسیجن سے ملکر) ہوکر اکسائڈز میں تبدیل ہو جائے اور پھر بارش (پانی) کے قطروں پر سوار ہوکر زمین پر پہنچے اور کھاد ہوکر نباتات کی غذا بنکر ان کو تر و تازگی بخشے۔ یہ تغیر نہ معلوم کب سے جاری ہے اور کب تک جاری رہیگا۔

دوسری طرف یہ حالت ہے کہ کرہ ہوا کی نائٹروجن اور امونیا (کرہ ہوا میں بہت قلیل مقدار میں امونیا کے شائبے پائے جاتے ہیں) کی تکسید سے نائٹروجن کے اکسائڈز پیدا ہوتے ہیں اور یہ نائٹرک ترشہ میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ زمین پر

پہونچکر سوڈیم ، پوٹاشیم نمکوں کو نائٹریٹس میں تبدیل کر دیتے ہیں ۔ اس کے قبل بیان کیا جا چکا ہے کہ سوڈیم نائٹریٹ اگر زمین کو قوت نمو بخشتا ہے تو دوسری طرف پوٹاشیم نائٹریٹ خلق خدا کا خون بہانے میں کام آتا ہے ۔ چنانچہ نپولین اعظم کے زمانہ کی ایک جنگ میں فرانسیسی پوٹاشیم نائٹریٹ کے کافی طور پر دستیاب نہ ہونے پر بہت پریشان ہوے تھے کیونکہ ان کے پاس انسانی خون بہانے کا ذخیرہ ختم ہوگیا تھا ۔ حال کی وہ خوفناک جنگ جو جنگ عظیم کے نام سے موسوم کی جاتی ہے سنہ ۱۹۱۷ ع کے قبل ہی ختم ہوجاتی اگر اہل جرمنی آتش گیر اور دھماکو اشیاء بنانے کیلئے نائٹروجن کو دوسرے طریقوں سے حاصل نہ کئے ہوتے ۔

ذیل میں نائٹروجن کو اس کے مرکبات میں تبدیل کر کے یا قدرتی مرکب سے جو صنعتی پیمانہ پر حاصل کیا جاتا ہے درج کئے جاتے ہیں ۔

۱ کوئلہ کی کشید فارق کے دوران میں بہت سی امونیا ضمنا حاصل ہوتی ہے ۔

۲ ملک چلی (Chili) کے گرم اور بے آب علاقوں میں پوٹاشیم نائٹریٹ وسیع پیمانہ پر پایا جاتا ہے ۔ حساب لگایا گیا ہے کہ ایک وسیع قطعہ زمین ہے جس میں تقریبا (۳۵۰) ملین ٹن (Caliche) ہے جن میں (۵۱) فیصد پوٹاشیم نائٹریٹ ہوتا ہے ۔ سنہ ۱۹۰۹ ع میں چلی کی حکومت نے ایک کمیشن بٹھایا تھا جس کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۹۱۲ ع میں (۲-۳) ملین ٹن کے قریب سوڈیم نائٹریٹ نکالا گیا اس سے یہ نتیجہ نکل سکتا ہے اگر برامد کی یہی حالت رہے تو ایک صدی کے اندر اندر پوٹاسیم نائٹریٹ کا ذخیرہ یہاں ختم ہوجائیگا ۔


نائٹریٹ گیہوں وغیرہ کی کاشت کے لئے بہت استعمال ہوتا ہے ۔ قدرتی ماخذ کو ختم ہوتا دیکھکر یورپ میں کوششیں کی گئیں اور کی جارہی ہیں کہ کسی آسان طریقہ سے کرۂ ہوا کی نائٹروجن کی تثبیت کرسکیں جو کہ کھاد اور دیگر مفید کاموں میں استعمال

کی جا سکے ۔ چنانچہ سنہ ۱۸۹۶ع میں (F. Nobbe) اور (L. Hiltner) نے تحقیقات کیں اور انہوں نے "Nitrogen fixing" کے طریقہ کو (Nitragen) کے نام سے موسوم کیا اور ان کی اس تحقیق سے بعض درختوں پر اچھے نتیجے اخذ ہوئے جب کہ (Glucose) اور (Peptones) کو اس پانی میں جس میں کہ (Nitrifying bacteria) موجود ہوتا ہے ملایا گیا۔

۳۔ کرۂ ہوا کی نائٹروجن کی تثبیت کا برقی قاعدہ

(James Priestly) نے دیکھا کہ جب ہوا میں برق شرارے پیدا کئے جاتے ہیں تو ایک ترشہ پیدا ہوتا ہے اس نے خیال کیا کہ یہ ترشئی خواص کاربانک ترشہ کی وجہ سے ہوں گے لیکن اس کے کچھ عرصہ بعد یعنی سنہ ۱۷۸۵ع میں (H. Cavendish) نے ثابت کیا کہ یہ حاصل نائٹرک ترشہ ہے اسی زمانہ میں (M. Borthelot) نے تحقیق کی کہ یہاں پر نٹرک اکسائیڈ درمیانی حاصل ہے ۔

(H. Cavendish) نے تجربہ میں جو آلہ استعمال کیا تھا اس کی شکل حسب ذیل ہے :—




اس میں ایک خمیدہ نلی لی جاتی ہے ۔ نلی کے دونوں کھلے سروں کو دو گلاسوں کے اندر پارہ میں ڈبو دیا جاتا ہے پھر اس نلی کے درمیانی حصہ میں متعدد برق

شرارے پیدا کئے جاتے ہیں تو نائٹرک ترشہ پیدا ہوتا ہے اس کی تشخیص سوڈیم ہیڈرا کسائیڈ سے کی جاتی ہے کیون کہ اس صورت میں سوڈیم نائٹریٹ پیدا ہوتا ہے۔

سنہ ۱۸۹۵ع میں Z. hefebvre نے فضا میں متعدد برقی شرارے گذارے وراس عمل سے جو گیس پیدا ہوئی اس کو نلی میں حل کیا تا کہ سوڈیم نائٹریٹ حاصل ہو مگر یہ قاعدہ زیادہ کارآمد ثابت نہیں ہوا۔


سنہ ۱۹۰۲ع میں Siemens اور Halske نے ہوا کو ایک ایسے کمرہ میں سے گذارا جس میں برقی قوس کو بہت زیادہ پھیلنے کا موقعہ تھا تو اس عمل سے نائٹروجن کے اکسائیڈز حاصل ہوئے الہ کی شکل حسب ذیل ہے :—



مگر سنہ ۱۹۰۶ع میں اس عمل کے دوران میں جو تغیرات حادث ہوئے ہیں ان پر (W. Nernst) اور (F.Haber) نے روشنی ڈالی۔ چوں کہ نائٹروجن سے معمولی تپش پر نائٹروجن کے اکسیڈایز حاصل نہیں ہوتے ہیں مگر بہت بلند تپشوں پر اس کے اکسائڈز حاصل ہوتے ہیں اور جوں جوں تپش بڑھتی جاتی ہے اسی طرح پیدا ہونے والے اکسائڈز کی مقدار بھی بڑھتی جاتی ہے۔ چنانچہ ذیل کے مشاہدات سے اس کا پتہ چلتا ہے۔

تپش	۱۸۱۱°	۲۰۳۳°	۲۱۹۵°	۳۰۰۰°	۳۲۰۰°
نیٹرک اکسائیڈ	۰٫۰۳۷	۰٫۰۶۴	۰٫۰۹۹۷	۴٫۰۵	۵٫۰

اس طریقہ سے نائٹروجن کے اکسائیڈ کو تجارتی پیمانہ پر حاصل کرنے کی متعدد کوشش کی گئیں او Birkeland اور Eyde کا جو طریقہ ہے وہ زیادہ بہتر ہے ۔ Norway میں زیادہ مستعمل ہے ۔ الہ کی شکل اور عمل حسب ذیل ہے :—



اس میں دو تانبے کی نلیاں ب ب ہے جس میں سرد پانی گذرتا ہے ان کے درمیان ایک بڑی طاقت کی برقی قوس پیدا کی جاتی ہے ۔ جب روکو روکا اور جاری کیا جاتا ہے تو قوسین جلد جلد پیدا اور فنا ہوتی ہیں اور ان کے پیدا ہونیکا عمل ۱/۵۰ سکنڈ پر ہوتا رہتا ہے ۔ اس طرح جلد جلد برقی قوسون کے پیدا اوغائب ہونے سے اتنی حرارت پیدا ہوتی ہے کہ ایک منور حلقہ پیدا ہوتا ہے جس کو "برقی چاند" کہتے ہیں ، اس کا قطر تقریبا ۶ فیٹ ہوتا ہے ۔ اب ہوا کی رو گذاری جاتی ہے ۔ چونکہ قوس زیادہ فضا پر پھیلی ہوئی ہوتی ہے اس لئے زیادہ نائٹروجن کو تکسید ہونے کا موقعہ ملتا ہے ۔ اس کو دباؤ کے ذریعہ نکال کر ٹھنڈا کیا جاتا ہے ۔ جس سے اس کی تحلیل رک جاتی ہے اب ۲۰۰° پر No کو تکسیدی کمرہ (Oxidaton Chamber) میں پہونچایا جاتا ہے جہاں یہ مزید اکسیجن سے ترکیب کھا کر No (نائٹرک پر اکسائیڈ) میں تبدیل ہو جاتی ہے

اب اس کو ایسے پانچ جاذب کمروں میں سے گذارا جاتا ہے جہاں اس کو پانی اور دوریا چونا ملتے ہیں جذب شدہ نائٹروجن اکسائیڈز کیلسم نائٹریٹ پیدا کرنے میں اس کو تبخیر کرکے ٹھوس مرکب کو حاصل کیا جاتا ہے اور یہ ٹھوس مرکب کھاد کے نام سے بازار میں فروخت ہوتا ہے۔ Birkeland اور Eyde کے قاعدہ میں جو Norwegiam Saltpetre (کیلسم نائٹریٹ) حاصل ہوتا ہے وہ تقریباً نابیدہ ہوتا ہے۔ اس کی تجارتی اہمیت اسی سے ظاہر ہوتی ہے کہ سنہ ۱۹۰۹ع میں ۹۴۲۲ ٹن کیلسم نائٹریٹ حاصل کیا گیا اور سنہ ۱۹۱۲ع میں ۱۱۰۰۰۰—۱۲۰۰۰۰ ٹن کے قریب تیار کیا گیا۔

۴۔ کرۂ ہوا کی نائٹروجن کو ہائڈروجن کے ساتھ تقابل کرواکر ہیڈرائیڈز میں ثبت کیا جاتا ہے وہ حسب ذیل ہے۔ اس میں یہ بتلایا گیا ہے کہ کسی خاص تپش اور دباؤ کے تحت نائٹروجن اور ہائڈروجن کے جو حجم ترکیب کھاتے ہیں ان کی کیا مقدار ہے۔

تپش	ایک کرہ ہوا دباؤ	۵۰ کراف ہوائیہ	۱۰۰ کراف راتہ	۲۰۰ کراف ہوائیہ
۴۵۰°	۰۲۴	۰۰۹	۲۰۱۶	۳۰۲۵
۵۰۰°	۰۱۳	۰۰۷	۱۰۰۴	۱۷۰۶
۵۵۰°	۰۰۸	۲۰۷	۶۰۹	۱۲۰۰
۶۰۰°	۰۰۵	۲۰۳	۴۰۵	۸۰۲

ان اعداد سے معلوم ہوتا ہے کہ تپش کم ہو اور دباؤ زیادہ ہو تو امونیا (نائٹروجن اور ہائڈروجن کے ترکیب کھانے سے جو مرکب حاصل ہوتا ہے وہ امونیا ہے) زیادہ تعداد میں حاصل ہوتی۔ ۴۵۰° تپش پر دباؤ زیادہ کرنے سے حاصل کی مقدار بھی بڑھتی جاتی ہے۔ لیکن یہ عمل سست ہوتا ہے۔ اس میں چند ترمیمیں کی گئیں ہیں جو درج ذیل ہے۔

(الف) سنہ ۱۹۰۶ع میں (F. Haber) جرمنی کے سائنس داں نے صاف کی ہوئی نائٹروجن اور ھائڈروجن گیسوں کو ۱:۳ نسبت میں لیکر ۲۰۰ کرافٹ ھوا دباؤ کے تحت ایک ایسی گرم نلی میں سے جس کی تپش ۷۰۰° ـ ۸۰۰° ھو باریک منقسم (Osmium) یا (Uranium) دھات پر سے گذارا تو امونیا حاصل ھوئی ـ

(ب) (Claude) نے اس ریزہ کو ۱۰۰۰ کرافٹ ھوا ئیہ دباؤ کے تحت حامل (۵۰۰° پر لوھے، پوٹاشیم اکسائڈ وغیرہ) پر سے گذارا تو ۴۰ فیصد امونیا حاصل ھوئی۔ اس صورت میں امونیا کو تابع کر لیا جاتا ھے یا زیادہ دباؤ کے تحت پانی میں جذب کر لیا جاتا ھے ۔ یہاں پر جو ھائڈروجن صرف ھوتی ھے اس کو پون گیس (Producer Gas) سے اور نائٹروجن کو مایع ھوا کی کشید سے حاصل کیا جاتا ھے ۔ یہاں پر دھاتی لوھا حامل کے طور پر بہت کار آمد ثابت ھوتا ھے بشرطیکہ وہ گندک سے کلیۃ پاک ھو ـ

سیانمائیڈ سے

امونیا تجارتی پیمانہ پر حاصل کرنا ھو تو (Haber) کے قاعدہ کے علاوہ (Calcium Cyanamide) کی آبیدگی سے بھی حاصل کی جاتی ھے ۔ یہ سنہ ۱۸۹۰ع میں (Caro) اور (Frank) نے دریافت کیا تھا۔ اس میں کیا یہ جاتا ھے کہ کیلسم کاربائڈ (CaC_2) کو ۱۱۰۰° تک گرم کر کے اس پر سے نائٹروجن کو گذارا جاتا ھے تو اس صورت میں (Cyanamide) کے ساتھ کچھ گرینائیٹ بھی ھوتا ھے ـ

$$Ca\,C_2 + N_2 \longrightarrow Ca\,CN_2 + C$$

اس میں ٹھنڈا پانی ملا کر غیر تبدیل شدہ $Ca\,C_2$ کو جدا کر لیا جاتا ھے ـ

اب اگر اس کو پانی کے ساتھ تعامل کروائیں اور تھوڑا سا کلورائیڈ یا فلورائیڈ موجود ھو تو ۷۰۰° پر تعامل سرعت کے ساتھ ھوتا ھے ورنہ تعامل سست ھوتا ھے ـ

$$Ca\ CN2 + 3H\ 2O \longrightarrow Ca\ CO3 + 2NH3$$

(کیلسم سینا مائیڈ) (پانی) (کیلسم کاربونیٹ) (امونیا)

اگر Calaum Cyanamide پر سے ۱۸۰° پر بھاپ کو ۹ کراف ہوا کے تحت گذارا جائے تو تحلیل بہت جلد ہوتی ہے۔

پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ کیلسم کاربائیڈ پر سے جب نائیٹروجن کو گذارا جاتا ہے تو Ca CN 2 کے ساتھ ساتھ گرینائیٹ بھی حاصل ہوتی ہے جس کی وجہ سے حاصل کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ اس سیاہ سفوف کو ترکیا جاتا ہے تاکہ وہ غیر تبدیل شدہ کیلسم کاربائیڈ کی تحلیل کر دے اور اس کو ایسے Autsclaves میں آبیدہ کیا جاتا ہے جس میں ۶ ٹن پانی اور ۳ ٹن Cganamide ہوتا ہے۔ اور بھاپ کو ۳ کراف ہوا دباؤ کے تحت گذارا جاتا ہے اگر یہاں پکھ Acatylene پیدا ہو جائے تو اس کو جدا کر لیا جاتا ہے۔ پھر بھاپ کے دباؤ کو تقریباً گیارہ کراف ہوا اور تپش کو ۱۸۰° تک بڑھا کر مونیا حاصل کی جاتی ہے۔

بار گراں!

(ٹالسٹائی)

مترجمہ جناب خلیل الرحمن صاحب ایم۔ایس۔سی (عثمانیہ)

اٹلی و فرانس کی سرحد کے قریب بحیرۂ متوسط کے ساحل پر موناکو نامی ایک چھوٹی سی ریاست ہے۔ کئی ایک گاؤں اس ملک سے زیادہ آبادی رکھنے کا فخر کرسکتے ہیں کیونکہ گنتی کے سات ہزار نفوس یہاں آباد ہیں۔ اگر جملہ زمین باشندوں پر تقسیم کی جائے تو ہر ایک کے حصے میں مشکل سے ایک ایکڑ آئیگا۔ لیکن اس ننھی ریاست کا ایک بادشاہ ہے۔ اسکا ایک محل ہے۔ درباری ہیں۔ وزراء، بشپ، جنرل، اور فوج ہے۔

فوج جملہ ساٹھ سپاہیوں پر مشتمل ہے۔ دوسرے ممالک کیطرح یہاں بھی ٹیکس لیا جاتا ہے۔ تمباکو، شراب اور دیگر منشیات پر ٹیکس ہے۔ یہاں کے باشندے بھی اور ممالک کے باشندوں کیطرح شراب نوشی اور تمباکو نوشی کرتے ہیں۔ لیکن انکی تعداد اسقدر قلیل ہے کہ اگر بادشاہ کو آمدنی کے خاص ذرائع نہ ہوتے تو اسکے لئے محل، درباریوں اور احکام کے مصارف برداشت کرنا نہایت دشوار ہوتا۔ آمدنی کا یہ خاص ذریعہ ایک قمار خانہ ہے۔ جہاں لوگ پانسہ کھیلتے ہیں۔ لوگ خواہ جیتیں یا ہاریں ہر بازی کا ایک فیصدی حصہ قمار خانے کے مالک کو ملتا ہے۔ اور یہ اپنے منافع کا ایک کثیر حصہ بادشاہ کو دیتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ تمام یورپ میں اس قسم کا یہی ایک قمار خانہ ہے۔ جرمنی کے رئیس بھی اس قسم کے قمار خانے رکھا کرتے تھے لیکن چند سال ہوئے انکو اٹھوا دیا گیا۔ قمار خانے تباہی کا باعث ہوتے ہیں۔ ایک شخص انمیں جا کر قسمت آزمائی کرتا ہے، اپنی جملہ نقدی ہار دیتا ہے۔ اسکے بعد اس رقم

کو بھی بازی میں لگا دیتا ہے جو اسکی نہیں ہوتی۔ بالآخر جب یہ بھی ہار دیتا ہے تو پریشان ہوکر خود کشی کر لیتا ہے۔ اسیوجہ سے جرمنی کے باشندوں نے اپنے رؤسا کو اسطرح روپیہ پیدا کرنیسے منع کر دیا۔ لیکن مونٹ کوکے بادشاہ کو کون روک سکتا تھا! اس کاروبار کا اب یہی ٹھیکیدار ہے۔

آجکل ہر شخص جوا کھیلنے کے لئے مونٹ کو جاتا ہے۔ کسی کی ہار جیت سے بادشاہ کی مستقل آمدنی پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ کہا جاتا ہے کہ "حلال کی کمائی سے محل نہیں بنتا"۔ خود مونٹ کو کا بادشاہ محسوس کرتا ہے کہ یہ کاروبار برا ہے۔ لیکن، کیا کرے؟ اسکو شاہانہ طریقے سے رہنا ضروری ہے! شراب اور تمباکو کے محاصل بھی تو بڑے ہیں! اسطرح وہ حکومت کر کے دولت جمع کرتا ہے۔ اسکے دربار بھی ایسے ہی پر شوکت ہوتے ہیں جیسے کہ ایک بادشاہ کے ہونے چاہیئیں۔ دوسرے بادشاہوں کیطرح اسکی تاجپوشی کا بھی دربار ہوتا ہے۔ یہ لوگوں کو انعام و اکرام سے سرفراز کرتا ہے۔ سزائیں دیتا ہے۔ معاف کرتا ہے۔ مجلس وزراء، تعزیرات، عدالت سب کچھ ہے۔ فرق اتنا ہے کہ یہ سب چھوٹے پیمانے پر ہیں۔

چند سال ہوئے اس بادشاہ کی ریاست میں ایک قتل کی واردات ہوئی۔ اس ریاست کے باشندے امن پسند ہیں۔ انکے ملک میں اس قسم کا واقعہ کبھی نہیں ہوا تھا۔ تمام عدالتی رسوم کے ساتھ مقدمہ کی سماعت ہوئی۔ جج، وکیل سرکار، جیوری، وکلاء سب موجود تھے۔ خوب بحث مباحثے کے بعد ملزم کو ازروئے قانون سزائے قتل سنائی گئی۔ بعد ازاں اس حکم کو بادشاہ کے سامنے پیش کیا گیا۔ بادشاہ نے اسکو منظور کرتے ہوئے لکھا "اگر مجرم کو قتل کرنا ضروری ہے تو قتل کر دیا جائے"۔

اسکی تکمیل کے لئے ایک دقت یہ تھی کہ انکے پاس سر قلم کرنیکے لئے گیلوٹین تھی نہ کوئی جلاد۔ وزراء نے اس معاملے پر غور کرنیکے بعد یہ تصفیہ کیا کہ حکومت فرانس

سے اس بارے میں دریافت کیا جائے کہ آیا وہ گیلوٹین اور ایک ماہر جلاد فراہم کرسکتی ہے اور اگر کرسکتی ہے تو اسکے کیا مصارف ہونگے؟ خط روانہ کرینکے ایک ہفتہ بعد جواب آیا کہ آلہ اور ماہر بھجوائے جا سکتے ہیں۔ اسکے مصارف ۱۶۰۰۰ فرانک ہونگے۔ خط بادشاہ کے سامنے پیش کیا گیا۔ اس نے غور کیا ،، سولہ ہزار فرانک! یہ مردود اتنی کثیر رقم کے قابل تو نہیں ہے! کیا اس سے کم خرچ میں یہ کام نہیں ہوسکتا؟ سولہ ہزار فرانک کے یہ معنی ہوئے کہ ہر شخص سے دو فرانک سے زائد ٹیکس لیا جائے۔ رعایا اسکو کبھی قبول نہیں کریگی۔ ممکن ہے فساد ہو جائے،،۔

پس اس مسئلہ پر غور کرنیکے لئے مجلس طلب کی گئی جس میں تصفیہ پایا کہ اس بارے میں شاہ اٹلی سے دریافت کیا جائے۔ حکومت فرانس جمہوری حکومت ہے یہ بادشاہوں کا لحاظ نہیں کرتی۔ لیکن شاہ اٹلی رشتۂ اخوت کا لحاظ کرتے ہوئے ممکن ہے اس سے کم رقم میں یہ کام کردیں۔ خط لکھا گیا جسکا فوری جواب وصول ہوا۔

حکومت اٹلی نے لکھا کہ اس کام کو وہ بخوشی انجام دیگی۔ اسکے مصارف بشمول اخراجات سفر ۱۲۰۰۰ فرانک ہونگے۔ یہ رقم نسبتاً کم تھی لیکن اسکی ادائی مشکل تھی بدمعاش اس رقم کے بھی قابل نہیں تھا۔ اسکے لئے بھی ۲ فرانک فی نفر ٹیکس وصول کرنا پڑتا۔ دوبارہ مجلس طلب کی گئی۔ وزراء نے اس کام کو کفایت سے سرانجام دینے کے متعلق بہت غور کیا۔ بالآخر یہ تجویز ہوئی کہ کسی سپاہی سے یہ کام لیا جائے سپہ سالار کو طلب کرکے دریافت کیا گیا ،، کیا آپ مجرم کا سر قلم کرنیکے لئے کوئی سپاہی کو دے سکتے ہیں؟ ،،۔ جنگ کے زمانے میں یہ لوگوں کو قتل کرنیسے کبھی گریز نہیں کرتے اور سچ تو یہ ہے کہ انہیں صرف اسیکی مشق کرائی جاتی ہے۔ بنابریں سپہ سالار نے سپاہیوں سے اسکے متعلق دریافت کیا کہ آیا انمیں سے کوئی اس کام کو انجام دینے کے

لئے تیار ھے ؟ لیکن کسی ایك نے بھی رضامندی ظاھر نہیں کی ۔ ،، نہیں ،، سپاھیوں نے ھم آواز ھوکر کہا ،، ھم قتل کرنا نہیں جانتے ۔ ھمیں یہ کام نہیں سکھایا گیا ھے ،،۔

کیا کیا جائے ؟ دوبارہ وزراء نے اس مسئلہ پر غور کیا ۔ اسکے لئے ایك کمیشن ایك کمیٹی، ھیں اور ایك ذیلی کمیٹی مقرر کی گئی اور آخر کار یہ طے پایا کہ سزائے قتل کو جس دوام میں بدل دیا جائے ۔ اس سے بادشاہ کو اپنا رقم ظاھر کرنیکا موقع ملیگا اور ساتھ ھی اخراجات، میں بھی کافی تخفیف ھو جائیگی ۔ بادشاہ نے اس رائے سے اتفاق کیا ۔ لیکن اب یہ دشواری پیش آئی کہ دوآدمی جس کے لئے کوئی مناسب قید خانہ موجود نہیں تھا ۔ وقت ضرورت ایك چھوٹے حوالات میں مجرمین کو کچھ عرصے کے لئے رکھا جاتا تھا ۔ لیکن اب جس دوام کے لئے ایك مضبوط قید خانہ کی ضرورت تھی بہر حال کام چلانیکے لئے ایك موزوں مکان تلاش کر کے قاتل کو اسمیں رکھا گیا اور اسکی نگرانی کے لئے پہرہ مقرر کیا گیا ۔ پہرہ داروں کا یہ کام تھا کہ قاتل کی نگرانی کریں اور اسکے لئے شاھی باورچی خانے سے کھانا پہنچا دیا کریں ۔

اسطرح مہینے گزرتے گئے حتی کہ ایك سال ختم ھو گیا ۔ ختم سال پر جب بادشاہ نے اپنی جمع خرچ کا حساب دیکھا تو معلوم ھوا کہ اخراجات میں ایك نئے مد کا اضافہ ھوا ھے ۔ وہ یہ کہ قیدی کی نگرانی کے لئے پہرہ اور اسکے کھانے پر سالانہ ۶۰۰ فرانك ھو رھے تھے اور پھر بد قسمتی سے قاتل نوجوان اور تندرست و توانا تھا جو بھی پچاس سال تك زندہ رہ سکتا تھا ۔ اسطرح جملہ اخراجات کا حساب لگانیسے ایك کثیر رقم ھوجاتی تھی ۔ بادشاہ اسکے لئے کبھی تیار نہیں تھا ۔ اس نے وزراء کو طلب کر کے کہا ،مجرم کو سزا دینے کا کوئی سستا طریقہ سوچا جائے ۔ موجودہ طریقہ بہت زیر بار کرنیوالا ھے ،، ۔ وزراء نے آپسمیں مشورہ کیا ۔ بالآخر بہت غور وفکر کے بعد ایك نے کہا ،، حضرات

میرے خیال مین پہرہ بر خاست کر دیا جائے،، ،، لیکن ،، دوسرے وزیر نے اعتراض کیا ،،مجرم فرار ہو جائیگا،، ۔ پہلے مقرر نے جواب دیا،، فرار ہو کر کہین مر کھپ جانے دو ہماری بلا سے ،، ۔ پس بادشاہ کو اس تصفیہ سے مطلع کیا گیا جسکو اسنے منظور کر لیا۔ پہرا اٹھا دیا گیا۔ اب اس بات کا انتظار تھا کہ دیکھین کیا ہوتا ہے۔ اور ہوا یہ کہ جب کھانیکے وقت قیدی باہر نکل کر پہرہ داروں کو غائب پایا تو فرار ہونیکے بجائے خود اپنا کھانا لانیکے لئے شاہی باورچی خانے کی طرف روانہ ہوا وہاں سے کھانا لیکر جیل خانہ واپس ہوا اور اپنے کمرے میں داخل ہو گیا۔ دوسرے دن بھی یہی ہوا۔ آخر کیا تدبیر اختیار کی جائے؟ وزراء نے دوبارہ اسپر غور کیا اور یہ تجویز ہوئی کہ قیدی سے صاف صاف کہدیا جائے کہ وہ اسکو رکھنا نہیں چاہتے۔ پس وزیر عدالت نے مجرم کو طلب کر کے کہا،، تم فرار کیوں نہین ہو جاتے؟ تمہاری حفاظت کے لئے کوئی پہرہ نہین ہے۔ اب تم جہاں چاہے جا سکتے ہو۔ بادشاہ سلامت اسکی پرواہ نہیں کرینگے ،،۔

،، بے شک۔ بادشاہ سلامت کو اسکی پروا نہین ہوگی ،، قیدی نے کہا،، لیکن اب مین کہان جا سکتا ہوں؟ کیا کر سکتا ہوں؟ آپ نے میری نیکنامی پر دھبہ لگا دیا ہے۔ لوگ مجھ سے کنارہ کش رہینگے۔ اسکے علاوہ اب کام کرنیکی عادت بھی جاتی رہی۔ آپ نے میرے ساتھ بہت برا سلوک کیا۔ جب مجھکو قتل کی سزا دی گئی تھی تو چاہیئے تھا کہ اسکی تعمیل کی جاتی۔ لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا اور میں خاموش رہا۔ اسکے بعد مجھکو حبس دوام کی سزا دیگئی اور میرا کھانا لانیکے لئے پہرہ مقرر کیا گیا۔ لیکن چند دنوں بعد پہرہ اٹھا دیا گیا۔ اب مجھکو اپنا کھانا آپ لانا پڑتا ہے۔ اسپر بھی میں بالکل خاموش رہا۔ اب آپ چاہتے ہیں کہ مین یہان سے چلا جاؤں! یہ ہرگز نہیں ہو سکتا۔ آپ جو چاہیں کر سکتے ہیں۔ میں تو نہیں جاؤنگا ،، ۔

اس خلاف امید صورت حال کے پیدا ہونیسے پھر ایک مرتبہ وزراء مشورہ کے لئے جمع ہوئے۔ مجرم تو جانیسے انکار کرتا ہے اب کیا طریقہ اختیار کیا جائے؟ اس مسئلہ کو انہوں نے بہت دیر تک غور کیا۔ ایک صورت یہ تھی کہ مجرم کے نام کوئی وظیفہ مقرر کر دیا جائے ،، اسکے علاوہ کوئی دوسری تدبیر سمجھ میں نہیں آتی انہوں نے بادشاہ سے عرض کیا کسی طرح اس بلائے جان سے چھٹکارا ہو جائیگا ،،۔ ۶۰۰ فرانک سالانہ وظیفہ منظور کیا گیا اور اسکی اطلاع قیدی کو دی گئی ۔

،، خیر ،، قیدی نے کہا ،، اگر آپ پابندی کیساتھ دیا کریں تو مجھکو کوئی عذر نہیں صرف اسی شرط پر میں یہاں سے جانیکے لئے تیار ہوں ،،

تمام امور کا تصفیہ کرنیکے بعد قیدی وظیفہ سالانہ کا تہائی حصہ پیشگی لیکر ریاست سے باہر چلا گیا جس کے لئے ریل سے صرف پندرہ منٹ کا راستہ تھا۔ سرحد کے اس پار اس نے کچھ زمین خرید کر وہاں سکونت اختیار کرلی ہے۔ اب یہ باغبانی کرتا ہے اور خوشحال زندگی گزار رہا ہے۔ ہر سال پابندی سے اپنا وظیفہ لینے کے لئے مونا کو جاتا ہے۔ وہاں ۲و۳ فرانک جوئے میں ہار جیت کر گھر واپس ہو جاتا ہے ۔

بھلا ہو اکہ اس نے کسی ایسے ملک میں قتل نہیں کیا جہاں کسی شخص کا سر قلم کرنیکے بارگراں اور برداشت کرنیکے لئے پس و پیش نہیں کیا جاتا ہے ۔

چند تاریخی اسناد

از

جناب محمد غوث صاحب یم۔ اے ال ال۔ بی (عثمانیہ)

گذشتہ چند سال سے مجھے جب کبھی مدراس میں مقام کرنے کا موقع ملا میں نے اپنا کچھ وقت جناب مولوی حاجی عبدالرحمن صاحب کہ تاریخی دفتر کے معائنہ اور اسکے مرتب اور مہذب کرنے میں بھی صرف کیا۔ سارے دفتر کی باقاعدہ ترتیب اور تہذیب کے لئے بڑے سرمایہ اور بڑے وقت کی ضرورت ھے۔ اگر یہ دفتر مرتب ھوجائے تو تاریخ ھندوستان کہ اکثر مختلف فیہ امور قابل لحاظ حد تک تصفیہ پاسکینگے۔

گذشتہ موسم گرما کا بڑا حصہ بھی مدراس میں صرف ھوا اور ساتھ ھی تہذیب دفتر کا بھی کچھ کام انجام پایا۔ اس مرتبہ مجھے چند ایسے کاغذات دستیاب ھوئے جن کا تعلق سلطنت حیدرآباد سے ھے۔ غفران مآب حضور نظام علی خان مرحوم حضور شجاع الملک بسالت جنگ مرحوم ،۔ نواب رکن الدولہ مرحوم ،۔ اعظم الامرا نواب ارسطو جاہ مرحوم ،۔ میر عالم علی مرحوم وغیرہ اکابر حیدرآباد کہ بہت سارے خطوط میری نظر سے گزرے۔ اس قدر وقت نہیں تھا کہ سارے خطوط کا بعد ترتیب مطالعہ کیا جاتا۔ توقع ھے کہ مستقبل قریب میں یہ سارے خطوط بعد ترتیب و تہذیب شایع ھوجائینگے۔ لیکن فی الوقت مجلہ عثمانیہ کی اس اشاعت میں چند خطوط و اسناد تاریخ سے دلچسپی رکھنے والوں کے مطالعہ کے لئے پیش کئے جاتے ھیں۔

عنایت نامجات حضور غفران مآب
نواب میر نظام علی خان

لفافہ پر حسب ذیل القاب لکھنے کا التزام تھا :—

"امارت و ایالت مرتبت شہامت و بسالت منزلت عزیز القدر عمدۃ الملک سراج الدولہ انور الدین خان بہادر منصور جنگ"

یہ خطاب و القاب نواب محمد علی خان والا جاہ بہادر کے لئے مستعمل تھا۔

سارے خطوط پر "نظام الملک آصف جاہ سنہ ۱۱۷۵" کی "مہر خورد" ثبت ہے۔ اس زمانہ کے دستور کے موافق لفافوں پر مہر کی گئی ہے۔ سارے عنایت نامجات "دستخط خاص" سے مزین ہیں۔ جیسے کہ اس وقت قاعدہ تھا دستخط کے لئے کوئی خاص نشان اختیار کرلیا جاتا تھا، ان عنایت ناموں میں بھی "دستخط خاص" کے لئے ایک مخصوص نشان اختیار فرمایا گیا ہے۔ کاغذ افشاں زدہ ہے۔

(۱) عنایت نامہ جو ۱۹ ذی حجہ سنہ ۱۱۷۵ ھ کو ترچناپلی میں وصول ہوا۔

تقریباً ہر عنایت نامہ کا آغاز "ہو الکریم" سے ہے جو سر نامہ پر تحریر ہے اس کے نیچے وہی القاب درج ہوئے ہیں جو لفافہ پر مرقوم ہیں۔

"نظیر بر خلوص عقیدت وصدق ارادت آں عزیز القدر کہ بہ تخصیص دریں جناب متحقق است از سابق مقرر فرمودہ ایم کہ جواب سوال امورات آں ملک بے وساطت آں عزیز القدر بیان نیاید۔ لہذا بعضے

مراتب به شهامت و بسالت مرتبت سمو المکان موالات نشان، راج راجندر راجه تهلداس بهادر ..... ارشاد گشته مفصل از نوشته، راجه مشار الیه و سیادت پناه میر مرتضی خان مطلع شده در آنچه صلاح دولت باشد بعمل باید آورد۔ زیاده چه نوشته شود،،

---

(۲) عنایت نامه جو ۲۱ شعبان سنه ۱۱۷۶ھ کو قلعه ایلوره میں وصول هوا۔ بعد القاب معمولی۔

،، حسین علی خان مبلغ خطیر بقایائے سرکار راجمندری وغیره بذمه خود باقی داشته بچنا پٹن (مدراس) رفته در پناه انگریز نشسته می خواست، کسان انگریز همراه آورده در سرکار راجمندری وغیره خلل انداز شود چنانچه شهامت و جلادت دستگاه جارجی بیکٹ گورندور چنا پٹن (جارج بیکٹ گورنر مدراس) بر طبق حکم حضور، مقتضائے صدق ارادت، دست از این خیال بر داشته، و سرکارات مذکور از حضور بمیر بدیع الزمان خان تفویض یافته اما کسان مشار الیه بعلت وجه اخراجات شبندی در راجمندری برائے دخل تعرض دارند و این معنی از شیوه راستی و درستی انگریزان خیلے مستبعد نمود اگر خان مذکور قرار اخراجات کرده باشد از و تقاضا نمایند۔ بے دست آویز حضور مزاحمت در تعلقه سرکار چه لازم۔ لهذا گورندور را باید فهمایند که به نائب بندر مچهلی پٹن تاکید بنویسند که کسان خود را برداشته به هیچ وجه مزاهم نشوند و به همه وجوه ممد و معاون عامل منصوب باشند۔ زیاده چه نوشته شود ایام بکام باد۔

(۳) ۔ عنایت نامہ جو ۸ شوال سنہ ۱۱۷۸ھ کو میر اخوی خان کی وساطت سے مدراس میں وصول ہوا

بعد القاب معمولی ۔

"حقوق عنایات و احسانہائے متکاثرہ نواب صاحب قبلہ مغفرت مآب (حضور آصف جاہ اول) کہ بحال والد ماجدان شہامت مرتبت در جمیع اوقات و احوال بر سبیل تزاید و ترقی جلوہ آرائے شہود بودہ بروضیع و شریف عالمیان مستحق و مستغنی از بینہ و برہان است وہم چنین خلوص عقیدت و صفائے طویت و ثبات و قدم بر صراط مستقیم انقیاد و صداقت و تقدیم خدمات و جان بازیہا تادم واپسین ازان طرف متیقن و متفق جمہور انام و بے نیاز از شرح و بیان بودہ ۔ نظر بر تحقق ایں مراتب و مصداق کلام صدق انجام الولد سر لابیہ چشم داشت ظہور اخلاص و اطاعت و پاس مراسم دولت خواہی وفدویت ازاں بسالت منزلت بر سبیل توارث و تفاعف بودہ و بفضل الٰہی ہست لیکن در چشم بصیرت اصحاب عقل و ذکا و خود ترائن و آثار را در اثبات مضمرات باطن دخل کلی یست ۔۔۔۔ ازاں خلف الصدق دودمان صدق و صفا درین امر واجب الادا توقف مفرط بمعرض وقوع آمدہ حتی موجب تامل خاطر حق مظاہر ما کہ پیوستہ در صدد بذل عنایات روز افزوں است گشتہ حضوص درین وقت کہ موکب جاہ و جلال با افواج بحر امواج باین قرب مسافت رسیدہ عدم ارسال عرایض و اطلاع روداد و حقایق تعجب بر تعجب افزودہ لہذا برائے اظہار بعضے مراتب و دریافت مکنونات باطن عقیدت مواطن ان خلت منزلت خان سیادت دعوایی نشان

سید رضوی خاں را روانہ چوب کردہ شد کہ باابلاغ مدارج تفصلات
بیکران بیان فواید و منافع تقدیم اخلاص و خدمات نمایان پردازند مجدد
گلشن صدق فدویت و دولت خواهی را آب و رنگ طراوت انضارت
بر روے کار آید احسن کما احسن اللہ الیک

نواب والاجاہ بہادر نے اسکے جواب میں جو عریضہ ارسال کیا اس کا صاف شدہ مسودہ ایک افشانی مطلا کاغذ پر موجود ہے اسکے سرنامہ پر درج ہے کہ

بیستم شہر شوال سنہ ۱۱۷۸ھ وقت شب مہر شدہ حوالہ میر مرتضی خاں شد۔ بہ ہمین مضمون بنام رکن الدولہ و شیر جنگ بہادر نوشتہ جات روانہ گردید

مدکھینچ کر عریضہ اسطرح لکھا گیا ہے:—

"عنایت نامہ تفضل آمود..... ایں کہ حقوق عنایات متکاثرہ حضرت مغفرت مآب بر والد..... درجمع اوقات برسبیل تزاید جلوہ آرائے شہود بودہ دہم چنین خلوص عقیدت و صفای طویت و تقدیم خدمات وجان بازیہا تادم واپسیں از طرف والد احقر بظہور رسیدہ و نظر بمصداق کلام صدق انجام الولد سرٌ لابیہ چشم داشت مراسم دولت خواہی و فدویت از بندہ برسبیل توارث مرتضاعف بورہ و ہست لاکن در چشم بصیرت اصحاب عقل وذکا ازیں عقیدت منددریں امر واجب الادا توقف مفرط بوقوع آمدہ خصوص دریں وقت کہ موکب جاہ وجلال بمافت قریب نزول فرمودہ عدم رسیدن عرایض واطلاع روداد وحقایق تعجب بر تعجب افزود ہشتم شہر المکرم بصحابت سید رضوی خاں و رود فرمودہ معزز و ممتاز ساخت و مضمون

عنایت مشحون و ارشاد محوله زبانی‌خان مشارالیه مفصل در یافت ـ احقر را بهمه وجوه حتی‌المقدور سعی افزونی دولت خواهی آن جناب که مقصود دائمی است متحقق و سابق از همه پیشتر بار سال عرایض .....

باحضور عطوفت گنجور پیشداز چند ماه که محور قصور گردیده و جهش مشروها از اظهار خان مومی الیه بعرض خواهد درآید ـ بنا بر معرض داشتن حقایق ارشاد شده احوال این جا این است که فرانسیس از روی اسناد دکن همه ملك را از کنار کشنا گرفته تا دریائ شور متصرف بود و کسانیکه تفضل بسیار بر او کردند اگر فائده خود و حرص وافر قوم مذکور ملاحظه می نمودند این قدر توجه بماش نمی فرمودند دراستخلاص این ملك ازدست فرانسیس و گرفتن انتقام حضرت نواب شهید (۱) و والد شهید رحمته الله علیهما محنت ومشقتی کهاز هفتده سال بر خود اختیار کرده وکرورهارا از انگریزان و دیگر ساهو کاران وغیره قرض سودی کشیده صرف این کارنموده احتیاج به تشریح ندارد وهنوز وجه سود هم ادا نشده تا باصل چه رسد و ملك از اتفاق محاربات دوام هفتده ساله بالکل ویران ..... گردیده مع هزا قلعی که تحصیل می شود بادای سود قرض خواهان و اخرجات سربندی هر اهی کفایت نمی کند تدارك مهام معروضه و قوام دین اسلام درین ملك از پیشگاه تفضلات توقع انواع تحسین و افرین بخاطر نیاز مانثر درشت و دار دلاکن بر طبق تمنائ احقر نوازش و عطیات ان جناب در نظر مردم ظاهر بین جلوه پذیر نشد مفصل زبانی سید رضوی خان و میر مرتضی خان

(۱) حضور ناصر جنگ شهید ۱۲

بعرض خواهد رسید آمد۔ الحال که تفصلات بے غایات ملازمان بر احوال خود بدستور سابق یقین خاطر شده آینده به ترسیل عرایض و پاسراری مزاج مبارک مرتکب اهمال نخواهد گردید۔ مراتب اعتقاد و رسوخیت و دولت خواهی بنده انقدر است که ملازمان جناب در درستی و درستی ان هیچ شك و شبه بخاطر مبارك نخواهند داشت۔ امیدوار فضل وکرم که ازحدور عنایت نامجات سرمایه اندوز اعزاز و مباهات باشد۔ زیاده مدارب افتاب دولت و اقبال تابان باد،،۔

---

۲۳ شوال سنه ۱۱۸۱ ھ کو نواب والا جاه بهادر کے حسب خواهش ان فرزند کے نام سند التمغا عنایت هوی اس کے متعلق بعض ضروری کی اشاعت دلچسپی سے خالی نہیں۔ پہلے اصلی سند کی مقدمه نقل ذیل میں نقل کی جاتی ھے۔

،، نقل سند التمغا بمهر و دستخط نواب آصف جاه نظام الدوله بهادر

و مهر .....رکن الدوله مدارالمهام .....

قراربتاریخ ۲۳ شوال سنه ۱۱۸۱ ھ آنکه دریں ولا تمامی تعلقه کرناٹك بالاگهاٹ که از ابتدا متعلقه حیدر آباد بود واز بالاگهاٹ که از ابتدا بابت صوبه داری بیجاپور متعلق بود جداد متفرق هست معه کرناٹك پایان گهاٹ در و بست ازکنار دریائے کشنا تا آخر سرحد ملك ملیوار معه دیوانی و بخشی گری و میر اتشی پایان گهاٹ وبالاگهاٹ مذکور۔ و همگی تلاغ وجاگیرداران و زمینداران و پالکاران وتعلقه داران وانعام داران و روزینه داران وغیره بهمه جهت در وبست بلاشرط و شراکت ومداخات آمدے در وجه انعاالتمغ امارت و ایالت حشمت و شرکت منزلت عمدة الامرا معین الملك اسدالدوله

حسین علی خان ذو الفقار جنگ مطابق فرمان والا شان و سند نواب آصف الدوله صلابت جنگ مرحوم حسب الضمن مقرر و مفوض گشته باید که فرزندان برادران کام گار جانشین این جانب و کرام و متصدیان نظامت دکن متکفلان معاملات نو دکهن حال و استقبال مطابق فرمان و سند این جانب ابدا موبدا در استقرار و استمرار این مراتب کوشیده تعلقات مذبوره بتصرف امارت و ایالت مرتبت مسطور نسلا بعد نسل و بطنا بعد بطن واگزارند و از حوادم تغیر و تبدل معون و محروس دانسته بعلت پیشکش صوبه داری و فوجداری و جمیع ابواب ما بوجهات و اخرجات وغیره بوجهی من الوجوه مزاحم و منصرض نشوند و توقیر کل تکالیف دیوانی وغیره معاف و مرفوع القلم- شمارند دریں بابت تاکید اکید دانسته هر سال سند مجدد نه طلبند و از مراتب مرقوم الصدر اصلا تخلف و انحراف نورزند تحریر فی التاریخ ــــ،،

واضع هو که یه سند سنه $\frac{۱۷۶۷ع}{۱۱۸۱ھ}$ کی جنگ ترناوی کے بعد عطا هوئی هے جو پہلی جنگ میسو رشمار هوتی هے اس جنگ میں نواب حیدر علی خان۔ حضور نظام علی خان اور مرهٹے ایك طرف اور انگریز یا نواب محمد علی خان والاجاه ایك طرف تهے جنگ میں نواب حیدر علی خان کو شکست هوئی تهی۔ بعد ازاں نواب والاجاه بهادر کی کوشش سے حضور نظام علی خان اور انگریزوں میں صلح و آشتی طے پائی اور معاهده مرتب هوا۔ اس معاهده کی بناء پر سند مذکور عطا هوئی۔

معلوم هوتا هے که نواب والاجاه بهادر نے اصلی سند آنے کے بعد سارے کاغذات متعلقه کی مصدقه نقلیں بهی حاصل کیں چنانچه اس وقت جو نقل مصدقه پیش نظر هے اس پر ،، مطابق است ،، مرقوم هے اور ،، خادم شرع شریف قاضی

حمیدالدین احمد ،، کی ،، مہر کلاں ،، ثبت ہے ۔ پشت پر ،، ضمن ،، یا ،، کیفیت ،، درج ہے جس کے آخیر میں ،، شرح دستخط خاص سند بد ہند ،، کے الفاظ موجود ہیں اطراف کاغذ پر ،، داخل سیاہیہ حضور شد ،، ،، نقل بدفتر استسفا رسید ،، ،، مہر رکن الدولہ بتاریخ ۲۳ شوال سنہ ۱۱۸۱ھ ثبت شد ،، نقل بدفتر دیوانی رسید ،، مرقوم ہے ۔

واضح ہوکہ خود دفتر والاجاہی میں اس سند کا مسودہ تیار ہوا بعد ازاں اسکو گورنر مدراس کے پاس راوانہ کیا گیا ۔ مسٹر رچرڈ بوچر اس زمانہ میں گورنر تھے ۔ ان کے ملاحظہ کے لئے جو مسودہ راونہ کیا گیا اس پر درج ہے کہ

،، نقل ایں مسودہ حوالہ رکن الدولہ بہادر
روبروے صاحب زادہ پنجم شوال سنہ ۱۱۸۱ھ ،،

اس مسودے میں ملک کا نام صرف اس قدر درج ہے ۔
تمائی تعلقہ کرناٹک پائین گھاٹ و بالا گھاٹ ،،

لیکن گورنر مدراس نے اس کو پسند نہیں کیا اور اس حصہ مسودہ کو قلمزد کر کے خود ایک علیحدہ کاغذ پر اس کا مسودہ کیا ہے ۔ اس کاغذ پر جو ساختۂ ولایت ہے ۔ حسب ذیل عبارت درج ہے ۔

،، کاغذ انگریزی نوشتہ گورنر مسٹر بوچر ،، گورنر مدراس کا مسودہ یوں ہے ۔

،، کرناٹک بالا گھاٹ کہ از ابتدا متعلقہ
حیدرآباد بود و از بالا گھاٹ کہ از
ابتدا بابت صوبہ داری بیجاپور ہوا متعلق

بود جدا د متفریق هست معه کر ناٹك
پایان گهاٹ در وبست تا اخیر سر حد
ملك ملیوار ،،

اس فارسی عبارت کے نیچے اس کا انگریزی میں ترجمہ بھی کیا گیا ھے۔ دفتر والا جاھی میں اس جدید مسودہ کے لحاظ سے پھر ایك علحدہ مسودہ صاف کیا گیا اور اسکو پھر مع سابقہ کاغذات کے گورنر مدراس کے پاس روانہ کیا گیا ھے۔ چنانچہ اس پر مسٹر اسٹریسی نے اپنے دستخط کئے ھیں۔مسٹر اسٹریسی کمپنی کے دفتر میں مترجم تھے۔ مسٹر اسٹریسی نے اس کاغذ پر کالی سیاھی سے لکھا ھے کہ۔

،، استریسی دید ،،

البتہ اس مسودہ میں پھر ،، از کنار دریائے کشنا ،، کی اصلاح کی گئی ھے۔ اور گورنر مدراس کے سابقہ مسودہ میں بھی ان الفاظ کا اضافہ سیاھی سے کر دیا گیا ھے ان مراحل کے طے ھونے کے بعد مسودہ نواب رکن الدولہ بہادر کے سپرد کیا گیا جو مدراس آئے تھے۔ وہ اسکو لیکر لشکرگاہ آصفی میں واپس آئے اور مراتب ضروری کی تکمیل کے بعد سند مرتب اور نواب والا جاہ کی خدمت میں راونہ کی گئی۔

واضح ھو کہ گورنر مدراس نے اپنے بھائی جیمس بوچر کو لشکر آصفی میں وکیل بنا کر روانہ کیا تھا۔ ساتھ ھی مسٹر اسٹریسی اور مسٹر ،، لتیم ،، بھی روانہ کئے گئے تھے۔ ان لوگوں نے روشن الدولہ اعتبار الملك بہادر کرنل جان کال کی وساطت سے حصول سند کے متعلق جو عرائض نواب والا جاہ بہادر کو روانہ کئے ھیں وہ یہ ھیں۔

خط کرنل کال

(الف) لفافه پر حسب ذیل مهر ثبت هیں۔

"روشن الدوله اعتبار الملك بهادر جان کال" خط کے سرنامه پر "هی" درج هیں۔

"نواب صاحب قبله خدائگان فیاض عالم و عالمیان مدظله العالی الحال خط مسٹر جیمس بوچر مرقوم شانزدهم معه انگریزی رسید دران نوشته اند که کاغذیکه آن فدایگان مستدعی شده بودند از ناظم دکهن حاصل نموده و توقع دارد که در معدود ایام امورات دیگر هم منقطع خواهد شد چرا که اوشان از ناظم مذکور به تقید گفتند درصورتیکه ایشان به چستی زیاده کارگزار نه بوده واعتماد بر انگریزان ندارند فوج مایان فی الفور بطرف کرناٹك روانه خواهد شد چنانچه ناظم مذکور درجواب این کلمات جواب از مهربانی دادند تفصیل ان فردا به نیازمند خواهد رسید ان وقت بآن خدایگان اطلاع داده خواهد شد خطوط شکر بنام نایبی که ملفوف نیاز نامه فرستاده شد ازان خوش خبربان فیض رسان دریافت خواهد گردید زیاده چه نماید۔"

(ب) خط جیمس بوچر۔

نواب صاحب خدایگان فیاض زمان امیدگاه نیازمندان سمه الله تعالی۔

دو قطعه عنایت نامه مکرمت سمامه مرقوم هفتم ذیحجه سنه ۱۱۸۰ ه وصول فرحت شمول آورده مسرور ساخت مطابق مسوده نواب صاحب

سند التمغا حاصل گردید چنانچه، در خدمت گزراینده خواهد شد باقی کوایف بعد هوں ملازمت که به فضل الهی در عرصه قلیل الایام میر خواهد شد اظهار خدمت گرامی مرتبت نموده خواهد گشت تا حصول ملاقات فرحت ایات پیوسته به ترقیم نوازش نامجات مسرور می فرموده باشند زیاده چه برطراز و آفتاب عمر و دولت مدام تابان درخشان باد بحرمت العباد،،

لفافه خط پر جو مهر ثبت هے وہ محو هو گئی هے -

(ج) خط مسٹر اسٹریسی -

اس خط کی عبارت بعینه وهی هے جو مسٹر جمس بوچر کی هے لفافه هر حسب ذیل مهر ثبت هے -

،، مستر ید وردا سٹریسی مترجم -

فارسی کمپنی انگلیس سنه ۱۷۶۷ عیسوی،،-

(د) خط ،، مستر یستم .....،،

نواب صاحب قبله فیض رسان عالمیان امید گاه جهانپناه دام الله ظلال اقباله -

آداب تسلیمات وکورنشات .....بجا

آورده بموقف عرض باریابان بارگاه خلایق پناه می رساند قبل ازیں دو قطعه عرایض نیازمتضمن فحاوی این نواحی یکے از معرفت نتانند ودویم محبوب مردم .....ارسال حضور فیض گنجور ساخته یقین که بفضل الهی ازروی ان کاهی کوایف منظور نظر کرم مظهر خواهد شد - دی روز که تاریخ شانزدهم ذی حجه، بود مستر جیمس بوچر و مستر استریسی و نیازمند نزد رکن الدوله بهادر رفته بودیم بنا بر نوشته دادن اسناد التمغا مطابق مسودهائے بندگان عالی که در تحویل مستر استریسی است ذکر داد کار در پیش آمد آنچه رکن الدوله فرمودند که اسناد مذکور فردا تیار کرده اینده محاذیم

امید در جناب الهی است که زود حاصل خواهد شد زیاده جمیعت و دولت و صحت و عافیت فتح و نصرت حاضر رکاب باد ۔

مکرر معرض آنکه امروز بوقت شام سند التمغا بکرم الهی رسید چنانچه مستر استریسی در عرضداشت خود ملفوف آن جناب کرده اند از نظر مبارک خواهد گزشت یکے از دولت خواهان صادق محمد خواهنده قادری آداب تسلیمات و کورنشات بجامی آرد ،، ۔

نواب الدوله جاه بهادر نے سند حاصل هونے کے بعد ایک سو ایک اشرفی نذر گزرانی اور عرضداشت روانه کیا جو جواب صادر هوا وه یه هے ۔

،، خط مرسله با یکصد و یک اشرفی نذر و رود سند التمغا رسید و مضامین ارادت صداقت مقرون که مثمر برکات روز افزون است واسطهٔ وفور و سرور خاطر گردید بفضل الهی ازین خاندان دولت نشان عمو مادر حق ادنا و اعلی ورائی تفضلات و پرورش بعرصهٔ ظهور نیامده اگر احیاناً کسے بمقتضائے شامت ایام عار نمک حرامی بر خود اختیار کرده جاده پیمائے دشت ادبار گشته بسزائے کردار ناهنجار رسیده مجدد باندک زمان رهگزائے اطاعت شده به تخصیص آن عزیز القدر که از ابتدا ناهج مناهج دولت خواهی و خواهان صولت و سطوت سرکار اند هر آئینه مستوجب عنایات اخص الخواص حضور هستند ۔ هر قدر عنایات مبذول شود محل استعجاب نیست ۔ حاضر بودن جمعیت خود و انگریزان باطراف نیابر پاداش خیره سر آن درجه استحسان یافت ۔ بعون افضال ایزدی از بدو تنظیم و تنسیق مهام ریاست تا الی الان احدے از مفسدان

طاقت اطراف از حکم حضور نیانته بر صراط مستقیم فدویت و اطاعت
استقامت ورزیده و دریں دلا معاملت پیشکش حیدر علی خان بهادر
نموے که انفعال شده وپسر بهادر مذکور حصول ملازمت نموده رخصت
شده از بس اشکار محتاج تشریح نیست وبفضله هم عنان نصرت و اقبال
معاودت بعمل آمد۔ الحال مهما و متفریق داشتن جمعیت با ما کن
مرقومه ضرورنیست۔ معروض مقدمات هلاح دولت را موجب استر
خائے حضور دانسته به هیچ وجه مقصر نباید بود زیاده چه نوشته شود،،

ترک شعر

از

جناب محمد حبیب اللہ صاحب رشدی یم۔ اے (عثمانیہ)

بند کرتا ہوں دکاں اے قدرداں اب الوداع تیری خاطر میں سمندر سے گہر لایا کیا
تیرا احسان مانتا ہوں اے میرے جوہر شناس لیکن اس جوہر فروشی سے مجھے کیا مل گیا

عالم امکاں میں لاکھوں ہیں بیابان و چمن
ایک کٹھن وادی ہے اب اس سے گزرنا ہے مجھے

کیا جواب آخر میں دونگا کل کسی کے روبرو ڈگمگا جائے اگر اس راہ میں پاؤں میرا
دست و پا شل ہوگئے ہیں گم ہوئی پرواز روح بار دنیا سر پر ہے سیر چمن کا ذکر کیا

عرش آزاری پہ کی پرواز تو اب تک بہت
خار زار پائے بندی میں بھی ہے جانا مجھے

اب تلک میں خود رہا عالم پہ اک بار گراں اب اجازت دے کہ کردوں اسکا کفارہ ادا
ہو رہا ہوں آشنائے لذت تلخاب دہر اب مزہ جاتا رہا شیرینئ گفتار کا

اب تو وہ ہمدم نہیں شاعر نہیں رشدی نہیں
خودغرض، دنیاطلب، مزدور بننا ہے مجھے

جواب قدرداں

از

جناب عمر بن صالح صاحب وفا

کس طرح روکوں تجھے جاتے ہوئے اے غمگسار
ہوں تہی دامن تیری مشکل میں کام اونگا کیا
میرا احسان ؟ کاش میں احساں ہی کر سکتا کوئی
کاش تیری گوہر افشانی کا دے سکتا صلہ

عالم امکاں میں بے شک ہے بیابان و چمن
کون سی وادی ہے اب جس سے گذرنا ہے تجھے

وہ کٹھن وادی اگر ہے خار زار رنگ و بو
وہ کٹھن وادی اگر ہے امتحاں گاہ وفا
وہ کٹھن وادی اگر ہے منظر صبر و سکوں
وہ کٹھن وادی اگر ہے منزل راہ وفا

پھر تو اے وارفتۂ غم جا اسے بھی دیکھ آ
گر بہ ہر عنواں بگڑ ہی کر سنورنا ہے تجھے

تجھکو کیا فکر جواب اخرت ہے میرے دوست
پرسش ایزد کے قابل ہی نہیں عصیاں تیرا

تیری صورت سے نمایاں ہے تیری مجبوریاں
اس کو اپنے جبر کا ہوگا نہ کچھ احساس کیا؟

اے میں قرباں یہ طلسم زندگی کے دام ہیں
ان سے بچ کر ہی ابھی پرواز کرنا ہے تجھے

فرض کرتا ہوں کہ تو عالم پہ ہے بار گراں
مان لیتا ہوں کہ تجھ پر تنگ ہے ارض و سما
کیا مگر یہ کج ادا عالم نہیں ہے تجھ پر بار
کیا تیری تقریب میں اس کا نہیں ہے مشورہ

زندگی تیری ہے گویا موجۂ اب رواں
ہر نفس سو بار مٹ مٹ کر ابھرنا ہے تجھے

ساز ہستی کی خموشی کیوں نہ غم آفریں
تشنۂ مضراب ہوں پھر چھیڑ دے مجھکو ذرا
پھر گھر ہائے مضامیں سے میرے داماں کو بھر
پھر میری خاطر سمندر سے در نایاب لا

تو وہی شاعر، وہی ہمدم، وہی رشدی ہے تو
تابش فکر سخن ہی سے نکھرنا ہے تجھے

ولی کی غیر مطبوعہ غزل

از

جناب خواجہ محمد احمد صاحب بی۔ اے۔ ال ال ، بی (عثمانیہ)

مجھ سے مکرمی مولوی سید حبیب اللہ شاہ صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ موصوف کے پاس کلیات ولی کا جو قلمی نسخہ ہے اسکے متعلق اپنی رائے کا اظہار کروں۔

اس نسخے پر اسکی تحریر کی تاریخ اور کاتب کا نام نہیں ہے اس وجہ سے اس کا صحیح اندازہ لگانا کہ یہ کب ضبط تحریر میں آیا نہایت دشوار ہے ، لیکن کاغذ۔ سیاہی اور رسم الخط سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ نسخہ کم از کم ایک صدی قبل لکھا گیا ہے۔ کاغذ پر ازافشاں ہے اور جدول طلائی ہے ، خط صاف اور اچھا ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں دوسرے نسخوں سے اس کا مقابلہ کرنے پر زیادہ وقت صرف نہ کر سکا۔ انجمن ترقی اردو کی طبع کی ہوئی کلیات سے اس کا میں نے سرسری مقابلہ کیا اور دو باتیں میں نے اس میں خاص پائیں ایک تو یہ کہ بعض جگہ پر اس میں ان نسخوں سے جو کلیات کی طباعت کے وقت پیش نظر تھے جو اختلاف ہے اس سے وہ اشعار جو ابھی تک بے معنی خیال کئے جا سکتے تھے اب با معنی ہو جاتے ہیں اور اکثر اشعار میں معنی کی خوبی اور حسن پیدا ہو جاتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس نسخے میں چند وہ اشعار یا غزلیں نہیں ملتیں جو مطبوعہ کلیات میں ہیں۔ لیکن اس میں اکثر ایسے اشعار ہیں جو صرف ایک یا دو نسخوں میں ملتے ہیں۔ مجھے اس میں ایک پوری غزل ایسی ملی ہے جس کا ولی کے مطبوعہ کلام میں پتہ نہیں اس غزل کے چند اشعار حسب ذیل ہیں۔

سیر ہے باغ ہے نظارہ ہے　　سبزہ ہے لالہ ہے ہزارا ہے
کان میں یار کی دروبالی　　مہر ہے ماہ ہے ستارہ ہے
بات کے بیچ ساز مطرب کی　　بیں ہے چنگ ہے دوتارا ہے
نگہ شوخ و قاتل خونخوار　　سیف ہے، بانک ہے، دودھارا ہے
آتو آغوش میں حجاب نہ کر　　گوشہ ہے رات ہے اندھارا ہے
ملک دل کی خرابی کرتے کون　　شاہ ہے فوج ہے نقارا ہے
مجکوں ہردم ولی فراق مستی　　آہ ہے نالہ ہے پکارا ہے

کیا عجب ہے کہ جن حضرات کو ولی کے کلام سے زیادہ دلچسپی ہے اس قسم کے مزید اشعار یا غزلیں ملجائیں۔ اوران سے ولی کے کلام پر مزید روشنی پڑ سکے۔

,,خود اپنے کو نہ پہچانا مگر نا آشنا بنکر،،

از

سرتاج

پریشان خاطری دیکھی خم زلف دوتا بن کر
کبھی آسودگی پائی دل بے مدعا بن کر

کبھی سینہ زمین کا چیر کر تحت الثریٰ پہونچا
کبھی اوج فلک دیکھا یتیموں کی دعا بن کر

بخالت کی حقیقت آئینہ صورت نظر آئی
جو دل کا حوصلہ دیکھا کبھی دست عطا بن کر

حق و باطل کو دیکھا بن کے محو روئے دھریت
کبھی مندر میں بت اور گاہ مسجد میں خدا بن کر

حیات و موت کی ہر طرح کیں آگاہیاں حاصل
کبھی خضر بیابان گاہ تصویر قضا بن کر

وجود ہستی معبود کی شان بقا دیکھی
چمن زار جہاں میں موج سیلاب فنا بن کر

زباں سوسن کی ہو کر سن لیا افسانۂ ہستی
زوال حسن دیکھا چشم نرگس کی ادا بن کر

زلیخا کی نظر سے حسن کی تاثیر پہچانی
ضمیر پاک دامن جسم یوسف کی قبا بن کر

حقیقت جزو و کل کی دیکھ لی سچے خیالوں میں
خود اپنے کو نہ پہچانا مگر نا آشنا بن کر

سراب حیات

از

جناب محمد بدرالدین خاں صاحب شکیب بی۔اے (عثمانیہ)

زندگانی! آہ! یہ مایوسیاں — ایک دل اور سیکڑوں مجبوریاں

عشق کی دنیا ہے اک رنگین خواب — اک طلسم آرزو حسن و شباب

ہے ہوس اک بحر ناپیدا کنار — اور مسرت گل پہ شبنم کی بہار

لالہ و گل موت کی تفسیر ہیں — اور بہاریں خود خزاں تعمیر ہیں

ذرہ ذرہ دہر کا ناپائدار — زندگانی کا نہیں کچھ اعتبار

عالم حسرت میں جاں خاموش ہے — بیکسی سے زیست ہم آغوش ہے

ہاں! مسرت دہر میں ناپید ہے
زندگی موہوم سی امید ہے

خطبہ صدارت

از

جناب اغا جعفر حسن صاحب متعلم ال ال ۔ بی صدر انجمن اتحاد

جناب صدر و معزز حاضرین

میں زیر بار احسان ہوں کہ آپ نے مجھ ایسے حقیر کو اس منصب جلیل سے سرفراز فرما کر اپنی ذرہ نوازی کا ثبوت دیا ۔ ناچیز ھدیہ شکر قبول فرمائے ۔ خدا میرے کمزور بازون میں قوت دے کہ ان توقعات کو پایہ تکمیل تک پہونچا سکوں جو آپ نے مجھسے انجمن اتحاد کی خدمت گذاری کے لئے منتخب فرماتے وقت وابستہ کی ہونگی ۔

حضرات ! انجمن اتحاد کے مقاصد اور اسکی اہمیت کا ذکر ایک رسم کہنہ ھے لیکن جب میں اس افسوس ناک حقیقت کا احساس کرتا ہوں کہ ہماری انجمن تا حال وہ توجہ اور وابستگی حاصل نہیں کر سکی ، جسکی وہ مستحق ھے تو میں مجبور ہوجاتا ہون کہ ایک مرتبہ پھر اس داستان پارنیہ کو آپ کے گوس گذار کرون ۔

یہ امر محتاج بیان نہیں ھے کہ کسی جامعہ کا نصاب تعلیم خواہ کیسا ھی اعلیٰ کیون نہ ہو زندگی کے ہر پہلو پر حاوی نہیں ہو سکتا ۔ انجمن اتحاد ھی ایسا ادارہ ھے جو فطری ذوق آگاھی کی تکمیل کے لئے میدان مہیا کرتا ھے ۔ یہاں آپ آزادی کے ساتھ زندگی کے ہر شعبہ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں ۔ کچھ اپنی کہئے گا کچھ دوسرونکی سنئے گا اس طرح نہ صرف کرید اور تجسس کی عادت پیدا ہوگی جو حیات انسانی کا نصب العین ھے بلکہ جب آپ عملی دنیا میں قدم رکھینگے تو آپ

ایك اهل الرائے اور جامع انسان ہونگے اور یہ اپنی قدر و قیمت میں درسگاہون کی آعلی ترین عملی اسناد سے بھی زیادہ بلند ہے ۔ انجمن اتحاد کا وجود اس امر کا ثبوت ہے کہ ہمارا اخلاقی عملی اور تمدنی اتقا کا احساس زندہ ہے اس میں شك نہیں کہ ہماری مادر علمیہ نے ملکی زبان کو ذریعہ تعلیم قرار دیکر خوابیدہ ہندوسان کے آگے ایك قابل تقلید مثال پیش کی اور بہ آواز بلند پکار دیا ۔

کر ملك ناداں طواف شمع سے آزاد ہو

اپنی فطرت کی تجلی زار میں آباد ہو

ہمارا نصاب تعلیم اعلیٰ ہے ، ہمارے امتحانات کا معیار بلند ہے لیکن میں افسوس کے ساتھ اعتراف کرنے پر مجبور ہوں کہ ہم وہ وقعت و منزلت اور ہر دلعزیزی حاصل نہ کرسکے جو اس اصلاح یافتہ یونیورسٹی کی بنیاد قائم کرنے والونکے پیش نظر تھی ۔ ممکن ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ مست و مدھوش ہندوستان ہنوز بیدار نہیں ہوا ہے ، ممکن ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ بیگانہ نگاہیں انصاف کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں لیکن اس کی ایك وجہ یہ بھی کہ ہمنے درسی تعلیم کے علاوہ طالب علمانہ زندگی کے دیگر مشاغل میں کما حقہ دلچسپی نہیں لی ۔ یہی سبب ہے کہ جب ہم عملی زندگی مثلاً طمطمندر میں قدم رکھتے ہیں تو ہمیں محسوس ہوتا کہ ساحل تك پہونچانے کے لئے ہمارے ٹھوس فنی معلومات کافی نہیں ہیں ۔ برادران کلیہ انجمن اتحاد آپ کی خدمت گزاری کے لئے موجود ہے ، آئیے اپنی کمزوریوں کو دور کیجئے اپنی قوتوں کو ترقی دیجئے تاکہ جب آپ کالج کی چار دیواری سے باہر نکلیں تو دنیا کے سامنے مکمل انسان کا نمونہ لیکر جائیں ۔

اس زمانہ میں جب کہ ہندوستان فرقہواری احساسات کے افسوس ناك دور سے گذر رہا ہے ۔ میں آپ کی خدمت میں ایك پیام عمل پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ

یہ ہے کہ ان مانع ترقی امتیازات کو دور کر کے ایک روح ایک قالب بن جائے اور انصاف کو اپنا نصب العین قرار دیجئے ، انصاف اپنی ذات کے ساتھہ اور انصاف غیر ذات کے ساتھہ اگر آپ نے انصاف کو اپنا زلایحۂ عمل قرار دے لیا تو پھر تمام امتیازات خود بخود اٹھہ جائنگے ۔ من و تو کی بحث باقی ھی نہیں رھیگی ۔ اس وقت باھم فرق کرنا ھی مشکل ھوگا کہ کون کیا ہے ۔ اس کیفیت کا ھمارے ملک کے مایہ ناز شاعر علامہ اقبال نے بڑی خوبی سے نقشہ کھینچا ہے ۔

زاھد تنگ نظر نے مجھے کافر جانا اور کافر یہ سمجھتا ہے مسلمان ھوں میں

اپنے دل میں اس تمام احترام اور ارادت کو برقرار رکھتے ھوئے جس کے علامہ اقبال ایک بلند پایہ شاعر ھونے کی حیثیت سے مستحق ھیں ، میں یہ عرض کرنے کی جسارت کرونگا کہ مساوات اور اخوت کی منزل تک پہونچنے کے لئے ھمیں ایک درجہ اور طے کرنا ہے جب کہ زاھد تنگ نظر مجھے کافر نہیں بلکہ زاھد سمجھیگا اور کافر تنگ نظر مجھے مسلمان نہیں بلکہ کافر خیال کریگا ۔ اصل تو یوں ہے کہ زاھد و کافر کی تقسیم میں خود دوئی کی بو ہے ۔ ھمیں نہ زاھد کی ضرورت ہے ، نہ کافر سے سروکار ھم اپنے دامن میں زندگی کا شرارہ رکھنے والے ھندوستانی چاھتے ھیں جن کے قلب ذات الھی اور اس کے شعائر و آثار و قعت و منزلت سے معمور ھوں ۔ ھم کاش فرقہ واری اور جماعتی لحاظات کی تنگ نظری سے بلند ھو کر بنی نوع انسان سے محض انسان کی حیثیت سے محبت کرنا سیکھیں !۔

برادران کلیہ یہ آپ کا کام ہے کہ کامل اتحاد کا نمونہ بنکر دنیا کو پیام اخوت دیجئے ۔ اب میں بہت مختصر الفاظ میں انجمن کی آئندہ زندگی کے متعلق کچھ اصلاحی تجاویز پیش کرونگا ۔ میری پہلی تجویز جلسوں کے اوقات سے متعلق ہے ۔ فی الحال

انجمن کے تمام علمی جلسے سہ پہر میں منعقد کئے جاتے ہیں جبکہ ارکان انجمن دن بھر کی کالج کی تھکن کے باعث آرام کے جویاں ہوتے ہیں اور اکثر جلسوں میں شریک ہونے کی زحمت گوارا نہیں کرتے۔ اصل یہ ہے کہ اسوقت ان میں وہ شگفتگی اور مستعدی باقی نہیں رہتی کہ مباحثوں میں دلچسپی کے ساتھ شریک ہو سکیں۔ حضرات یونیورسٹی کی ذاتی عمارات کی عدم موجودگی سے جو تباہ کن اثر طلبا کی معاشرتی اور علمی زندگی پر پڑ رہا ہے وہ محتاج بیان نہیں ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ ہمارے رعایا نواز بادشاہ سلطان العلوم نواب میر عثمان علیخان بہادر خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کی فیاض منشی کی بدولت یونیورسٹی ٹون کی اسکیم کروڑہا روپیہ کے صرف سے میدان عمل میں لائی جاری ہے ہم نہایت بے چینی کے ساتھ اس مبارک گھڑی کا انتظار کر رہے ہیں جبکہ جامعہ عثمانیہ اپنی علمی بستی میں ہوگی جہاں کی ہر ہر شے طلباء کی معاشرتی اور علمی زندگی کی ضروریات کے مطابق مہیا کی گئی ہوگی۔ حضرات میں یقین دلاتا ہوں کہ طلبائے جامعہ اس مبارک گھڑی کے بے انتہا مشتاق ہیں جو جامعہ عثمانیہ کی زندگی میں ارتقا کے ایک عظیم الشان دور کی پیغامبر ثابت ہوگی۔ اسکی تعمیر و تکمیل میں ایک ایک روز کا وقفہ اور تاخیر ہمارے لئے زہر قاتل کا حکم رکھتی ہے۔ ہماری علمی ترقیون کے راستہ میں صدہا مشکلات حائل ہیں ہماری معاشرت یکساں نہیں ہے، ہمارے خیالات کا مرکز ایک نہیں ہے، سیکڑوں غیر علمی کششیں ہمارے خیالات کو اپنی طرف منتقل کرنے کے لئے موجود ہیں۔

میں چاہتا ہوں کہ اپنی آواز کو جناب صدر آپ کے ذریعہ سے تمام ارباب متعلقہ تک پہونچاؤں۔

بہرحال یونیورسٹی ٹون کی تعمیر کے بعد جب کہ جامعہ عثمانیہ اقامتی جامعہ ہوجائیگی یہ وقت کا سوال خود بخود مٹ جائیگا، لیکن فی الوقت ارکان انجمن کی سہولت کے مدنظر

مناسب ہو گا کہ اوقات درس میں سے ہر ہفتہ چھ وقت انجمن کے جلسوں کے لئے دیا جائے - میرے دانست میں ۱۱ بجے سے ایک بجے تک کا وقت بہت موزوں ہوگا میں انتہائی مسرت کے ساتھہ اس امر کا اظہار کرتا ہوں کہ جب سال گذشتہ یہ تحریک پیش ہوئی تو ہمارے علم دوست اور طلبا نواز صدر عالیجناب عبدالرحمن خان صاحب نے اظہار ہمدردی فرمایا میں پھر نہایت ادب کے ساتھہ ایک مرتبہ صاحب ممدوح کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ ہمارے شفیق صدر جن کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ علمی مشاغل میں طلبا کی ہر امکانی طور پر حوصلہ افزائی فرمائیں اس خاص دلچسپی کا جو آپ کو انجمن اتحاد کی اصلاح و ترقی سے ہے ایک اور ثبوت مہیا کرنے میں تامل نہیں فرمائینگے -

جناب صدر میں اس موقع پر اعتراف کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جس طرح آپ نے ہر موقع پر ہماری اعانت فرماکر اپنی شفقت اور ایثار کا اظہار فرمایا اس کی خوشگوار یاد ہمارے قلوب پر ہمیشہ منقوش رہیگی - ہم آئندہ بھی آپ سے ہر جائز امداد کی توقع رکھتے ہیں - آپ کی طلبا نوازیوں کی ایک تازہ مثال اس وقت میری پیش نظر ہے - آپ ہی کی انتھک کوشش تھی کہ ہمارے جامعہ کے ہر دلعزیز طالب علم شفیع احمد صاحب کو پیراکی کی مشق کے لئے ریاست کی جانب سے یورپین اسکالرشپ عطا کیا گیا - اسی سلسلہ میں اور جن جن صاحبوں نے دلچسپی کا اظہار فرمایا ان کی عنایت و مہربانی کو طلبائے جامعہ کبھی فراموش نہیں کرسکتے -

اسی سلسلہ میں جناب صدر میری ایک عرض اور ہے یعنی یہ کہ یونیورسٹی ٹاؤن کی تعمیر تک جسطرح یونیورسٹی کی دیگر عمارات کے لئے کثیر ماہانہ مصارف برداشت کئے جاتے ہیں وہاں اتنا اور کیا جائے کہ انجمن اتحاد کے لئے جو طلبا کی جسمانی دماغی، علمی

اور معاشرتی اصلاح و ترقی کی اہم ترین آلہ کار ہے کوئی موزوں عمارت مہیا کر دیجائے۔ انجمن کو اپنے جلسے منعقد کرنے اور دیگر فرائض انجام دینے میں جو دشواریاں در پیش ہیں وہ جناب صدر آپ سے مخفی نہیں ہیں۔

اب میرا روئے سخن اپنے شفیق اساتزہ کی جانب ہے۔ احسان نا شناسی ہو گی اگر میں یہ کہوں کہ آپ نے ہمارے انجمن کے ساتھ بے توجہی برتی۔ میں خوب واقف ہوں کہ جب کبھی کار پردازان انجمن آپ کی خدمت میں اعانت کی درخواست لیکر گئے اکثر اصحاب جنکے اسمائے گرامی میں بخوف طوالت ظاہر نہیں کر رہا ہوں نہایت فراخ دلی کے ساتھ ہاتھ بٹانے کے لئے تیار ہو گئے۔ کابینۂ جدید آپ سے روزافزوں الطاف و عنایات کی توقع رکھتی ہے۔ ہمارے جلسوں میں آپ کی موجودگی موجب حوصلہ افزائی بعد آپ کے مفید و قیمتی خیالات ہمارے لئے شمع ہدایات ہونگے۔

حضرات محل مسرت ہے کہ انجمن اتحاد منازل ارتقا سے گزر رہی ہے۔ گزشتہ دو سال کے عرصہ میں کئی کامیاب علمی سیاحتیں کی گئیں۔ یوم کلیہ بھی بڑی دھوم دھام سے منایا گیا جسکے تمام بہی خواہان کلیہ متمنی تھے۔ لیکن برادران کلیہ برا نہ مانئے اگر میں عرض کروں کہ ہمارے علمی جلسوں کی تعداد کچھ حوصلہ افزا نہیں ہے۔ ہم انجمن اتحاد کے اہم ترین مقصد سے قابل افسوس بے توجہی برت رہے ہیں۔

بخون آلودہ دست و تیغ غازی ماندہ بے تحسین
تو اول زیب اسپ و زینت برگستواں بینی

برادران کلیہ انجمن آپ کے واسطے ہر ممکن سہولت بہم پہونچانے کے لئے تیار ہے۔ ہم اگر خدمت گزاری میں کوتاہی کریں تو سزوار سرزنش، لیکن آپ بھی اسے اپنا فریضہ تصور فرما کر انجمن کے ہر جلسہ میں شرکت کیجئے اور حتی الامکان زیادہ سے زیادہ تقاریر میں حصہ لیجئے۔

جناب وقار لکھنوی ہندوستانیوں میں جدوجہد کے فقدان کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

یہ طوق بےحسی کس واسطے پہنا ہے گردن میں
کبھی کچھ نا امیدی تو نہیں غفلت کے دامن میں

جہاں تک مینے حالات کا مطالعہ کیا ہے یہ شعر بہت کچھ ہمارے حسب حال ہے۔ اکثر ارکان انجمن محض اس بنا پر تقاریر کرنے سے گریز کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے ذہن میں مقرر کی قابلیت و علمیت کے متعلق ایک غلط تصور قائم کر رکھا ہے۔ وہ خیال کرتے ہیں کہ اسٹیج پر قدم رکھنے کے لئے ہر شخص کو لائڈ جارج اور شاستری ہونا چاہیئے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب وہ اپنے آپ کو اس تصوری معیار پر پورا اترتے نہیں دیکھتے تو انجمن کے علمی جلسوں سے بے تعلقی ہی کو اپنے لئے پسند کر لیتے ہیں۔

برادران کلیہ اول تو یہ بجائے خود ایک غلط خیال ہے کہ مقرر کو اسٹیج پر آنے کے لئے کچھ غیر معمولی صفات سے متصف ہونا چاہئے۔ انسانی تخیل کی انتہائی یکسانیت کے باوجود ہر شخص کو فطرت نے کچھ امتیازی خصوصیات سے سرفراز کیا ہے جو اسے بقیہ گروہ انسانی سے علحدہ کر دیتی ہیں اور یہی انفرادیت سوسائٹی کی ہئیت اجتماعی کی اصلاح و ترقی کا ہیولی ہے۔ یہ آنزانیش کا بڑا دلچسپ راز ہے کہ کائنات کی گوناگونی کے باوجود ہر جگہ ایک وحدت موجود ہے اور پھر یہی مختلف اور متضاد عناصر سمٹ کر ایک مرکز پر قائم ہوجاتے ہیں اور ایک ہی رشتہ میں شیرازہ بند ہوجاتے ہیں۔ بہر حال اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ معاشرہ کا ہر رکن خواہ وہ کسی طبقہ اور کسی حیئیت کا ہو منظر عام پر آکر اپنی انفرادیت سے معاشرہ (سوسائٹی) کی ترکیب و تشکیل میں مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ قطع نظر اسکے انجمن اتحاد تو اس لئے ہے کہ آپ کے واسطے مشق و مہارت کا موقع مہیا کرے۔ یہ درحقیقت درس

و تحصیل کا زمانہ ہے جسے آپ نے امتحان تصور فرما لیا ہے امتحان کا وقت بعد میں آئیگا اور اگر آپ نے اس وقت سے فائدہ اٹھایا اور مشق و کوشش جاری رکھی تو بہت ممکن ہے کہ جب عملی زندگی کا وہ دور آئے جسے میں نے امتحان کا زمانہ کہا ہے تو آپ دنیا کے اعلیٰ ترین مقررین میں سے ثابت ہوں ۔

ایک اور تجویز میں آپکی خدمت میں یہ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ میری رائے میں مختلف جامعات کے طلباء کو ایک دوسرے سے ملنے جلنے اور واقفیت ہونے کے مواقع فراہم کرنا بہت ضروری ہے ۔ افسوس ہے کہ طلباء کا کوئی آل انڈیا ادارہ موجود نہیں ہے اس لئے انمیں ہم خیالی خلوص و اتحاد کی روح پیدا کرنے کے لئے بہترین طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ ''یوم کلیہ'' کے سلسلہ میں ایک آل انڈیا بین الاقوامی تقریری مقابلہ ترتیب دیا جائے جسمیں تمام جامعات کے نمائندے حصہ لیں ۔ یہ نہ صرف معاشرتی اعتبار سے مفید ہوگا بلکہ اس سے تقریر میں مہارت حاصل کرنے کی بھی تحریک و ترغیب ہوگی ۔

میری آخیری تجویز علمی سیاحتوں سے متعلق ہے ۔ علمی سیاحتوں کی ہمیں جس درجہ ضرورت ہے اور یہ ہماری کردار کی تعمیر اور ہمارے تجربہ کی توسیع میں جو اہم حیثیت رکھتی ہیں وہ محتاج بیان نہیں ۔ مقام مسرت ہے کہ طلبائے کلیہ میں علمی سیاحتوں کی اہمیت کا احساس بدرجہ اتم موجود ہے جیسا کہ گذشتہ کئی مواقع پر ظاہر ہوا ۔ لیکن مصارف کا سوال ایسا ہے کہ ہم میں اکثر باوجود خواہش و کوشش کے ان سیاحتوں میں میں حصہ نہیں لے سکتے ۔ یہ امر مخفی نہیں ہے کہ اعلیٰ تعلیم کی توسیع و اشاعت کے مدنظر ہمارے جامعہ میں ہر پہلو سے اس امر کا بطور خاص لحاظ رکھا گیا ہے کہ ہر طبقہ اور ہر حیثیت کے طلبا اعلیٰ تعلیم کی دولت سے مستفید ہوسکیں ۔ ان حالات میں ہم توقع نہیں کرسکتے کہ خواہ طلباء میں کیسی ہی اُمنگیں کیوں نہ موجود ہوں علمی سیاحتوں میں بغیر سرکاری امداد کے

طلباء کی زیادہ تعداد حصہ لے سکیگی ۔ میں یہاں پھر انتہائی مسرت کے ساتھ اعتراف کرتا ہوں کہ ہمارے شفیق صدر عالی جناب عبدالرحمن خان صاحب نے جو طلباء کی جائز ضروریات سے کبھی غافل نہیں رہے اس مسئلہ میں اعانت فرمانے کا وعدہ کرلیا ہے ۔ لہذا میں اس موقع سے فائدہ اٹھاکر جناب صدر سے درخواست کرتا ہوں کہ اس سال اپنے وعدہ کو عملی جامہ پہناکر انجمن اتحاد کی ترقی میں معاون ہوں ۔

حضرات اب میں اس دعا کے بعد آپ سے رخصت ہونگا کہ خدا ہمارے بادشاہ عدل پرست نواب میر عثمان علی خان بہادر خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کی عمر و اقبال میں ترقی عطا فرمائے اور ان کے ظل عاطفت میں جامعہ عثمانیہ جو اس علم نواز دور فرمانروائی کی مہتم بالشان یادگار ہے دن دونی رات چوگنی ترقی کرے ۔

"این دعا از من و داز جملہ جہاں آمین باد"

کلیہ کی خبریں

صدارت کلیہ ہمارے سابق صدر کلیہ مولوی محمد عبدالرحمٰن خان صاحب بی۔ایس سی(لندن) اپنی اصلی خدمت پر نظام کالج واپس تشریف لے گئے اور صدارت کا جائزہ پروفیسر قاضی محمد حسین صاحب ام۔اے۔ نے حاصل فرمایا۔

اساتذہ جامعہ عثمانیہ مولوی حبیب الرحمٰن صاحب ام۔اے۔ال۔بی مددگار پروفیسر معاشیات نے لندن یونیورسٹی سے بی۔ایس۔سی(آنرز) کی ڈگری امتیازی طریقے سے حاصل کی ہے۔

مولوی ابن حسن صاحب مددگار پروفیسر تاریخ کا مقالۂ تحقیقاتی پی۔ایچ ڈی کی ڈگری کے لئے اکسفور یونیوسٹی نے منظور کیا۔

ایچ۔سی ایس کا مقابلہ اس سال امتحان ایچ۔سی۔ایس کے مقابلہ میں کلیہ کے حسب ذیل طالب علموں نے کامیابی حاصل کی۔

جناب زین العابدین صاحب متعلم ال،ال۔بی (آبتدائی)۔

جناب چندر کانت راؤ صاحب گوٹسے متعلم ال،ال۔بی (آبتدائی)۔

کالج کے دن

از

جناب عزیز احمد صاحب

متعلم، کلیۂ جامعہ عثمانیہ

مجیب..... کالج کا ایک طالبعلم

صالح..... مجیب کا ہم جماعت اور دوست

وحید..... انکا ہم جماعت اور دوست

وسیم..... ,,

ظفر..... انکا ہم جماعت اور دوست

حسام الدین..... ,,

سیموئل جیوفرے... کالج کا ایک طالب علم

ابراھیم..... ایک دیہاتی طالب علم

شمش الدین..... ,, دو برس کے بعد

اور کئی طالب علم

پرنسپل.....

ادریسی صاحب..... پروفیسر اردو

حبیب احمد..... مجیب کے والد

چپراسی وغیرہ

آرورا (Aurora)..... کالج کی ایک متعلمہ

لارا (Laura)..... اسکی ہم جماعت سہیلی

اور لڑکیاں

پہلا ایکٹ

پہلا منظر

[کلاس کا ایک کمرہ نظر آرہا ہے۔ نشستیں جمی ہوئی ہیں۔ انکے آگے کچھ فاصلے پر طالبات کی نشستیں ہیں۔ اسکے بعد چبوترے پر کرسی اور میز ہے۔ کلاس بھر میں صرف ایک طالبعلم نظر آرہا ہے جو آڈی ٹوریم کی قریب ترین نشستوں میں سے ایک پر بیٹھا ہوا ہے۔ اسکے چہرے سے انتہائی سنجیدگی اور متانت کا اظہار ہورہا ہے وہ آہستہ آہستہ کچھ پڑھ رہا ہے اسکا نام مجیب ہے۔ پردہ اٹھنے کے دس سکنڈ بعد ایک اور طالبعلم داخل ہوتا ہے جسکی صورت سے بے فکری اور دلچسپی کا اظہار ہوتا ہے اسکا نام ظفر ہے۔]

ظفر:— اجی آداب عرض ہے قبلہ سب سے پہلے آپ ہی موجود [ہاتھ ملاکر کرسی کے بازو پر بیٹھ جاتا ہے اور نشست پر کتابیں رکھدیتا ہے۔ مجیب کے چہرے پر یکساں تبسم رہتا ہے] معلوم ہوتا ہے گھر سے وائرلیس پر تشریف لائے ہیں۔

[اس جملہ پر دونوں ہنستے ہیں]

مجیب:— وائرلیس نہیں بھائی لاسلکی یا بے تار کی تار برقی کہو۔ معلوم ہے کہ آپ انگریزی بہت جانتے ہیں [اس جملے کی بےلطفی پر وہ خود مسکراتا ہے اور ظفر بھی تقریباً ہنستا ہے]

ظفر:— جناب کلاس تو آج کل گلزار ارم یا اندر کا اکھاڑا بنی ہوئی ہے۔ غالب نے اسی پر تو کہا ہے کہ یہ جنت نگاہ وہ فردوس گوش ہے۔

مجیب:— واہ بھئی جنت نگاہ تو نظارہ ہے اور فردوس گوش کیا چیز ہے؟

ظفر :— خوب جناب خوب۔ آپ کی آواز میں اور [سامنے کی نشستوں کی طرف اشارہ کر کے] اور انکی آواز میں کوئی فرق ہے کہ نہیں ؟

حسن بے پروا خریدار متاع جلوہ ہے آئینہ زانوے فکر اختراع جلوہ ہے

مجیب :— (ہنستے ہوئے) واہ وا۔ کیا کہنا۔ کیا دلیل پیش کی ہے۔ غالب نے اسی موقع کے لئے تو یہ شعر لکھا تھا.....

[اتنے میں چار پانچ طالب علم داخل ہوتے ہیں علیک سلیک اور ہاتھ ملانیکے بعد آپس میں باتیں کرنے لگتے ہیں۔ اسکے بعد متواتر اور طالب علم داخل ہوتے جاتے ہیں اور گفتگو باہم ملی جلی ہوتی جاتی ہے۔ بیچ بیچ میں کچھ الفاظ صاف سنائی دیتے ہیں۔ نشستیں تقریبا بھر جاتی ہیں اسکے بعد گھنٹی کی آواز آتی ہے اور آواز کے ساتھ ہی پروفیسر صاحب داخل ہوتے ہیں۔ پروفیسر صاحب کے بعد ہی لڑکیاں داخل ہوکر سامنے کی نشستوں پر بیٹھ جاتی ہیں لڑکے پروفیسر کی آمد کے وقت اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور اسی اثناء میں ڈسکوں کی آوازوں کا ایک ملا جلا شور پیدا ہوکر غائب ہوجاتا ہے۔ فرض کر لیجئے کہ یہ پروفیسر صاحب ادریسی صاحب کے نام سے مشہور ہیں]۔

پروفیسر :— [ایک کتاب کھول کر ورق گردانی کرتے ہوئے اس اثناء میں سب لڑکے اور لڑکیاں اپنی کتابوں میں سے ایک کتاب نکالتے ہیں] ہاں صاحب شروع کیجئے۔ آج غالب ہے نا۔

شمار سبحہ مرغوب بت مشکل پسند آیا تماشائے بیک کف بردن صد دل پسند آیا

آپ صاحبین میں سے کوئی اس شعر کا مطلب بتائیگا [شروع سے آخر تک ایک نظر ڈالکر] اچھا آپ بتائے حسام الدین صاحب۔

حسام :— [کچھ سوچتے ہوئے] شمار سبحہ یعنی تسبیح پڑھنا ہما رے مشکل او ر مرغوب محبوب کو پسند آیا ....اور....جناب دوسرے مصرع کا مطلب سمجھ میں نہیں آیا ۔

وسیم :— (بہت آہستہ سے اٹھکر نہایت آہستگی سے رک رک کر کہتا ہے) جی صاحب میں .....میں .....

پروفیسر — ہاں ہاں وسیم صاحب آپ ہی بتائے ۔

وسیم ۔ جی صاحب .....بہت بہتر .... جی میں عرض کرنے والا تھا .....

پروفیسر ہوں ہوں ۔

وسیم :— جی .... جی....جی....جی.... کہ یہ شعر بہت سادہ اور سلیس ....اور عام فہم ہے ....

ظفر :— خوب ۔

وسیم :— جی صاحب غالب کا مطلب یہ ہے کہ اس کا محبوب اس درجہ عیار ہے کہ وہ اپنے عاشقوں کو فریب دینے کے لئے ہمیشہ تسبیح پڑھا کرتا ہے ، اور اسطرح اس کی ایک ہتیلی میں جو تسبیح ہوتی ہے .... وہ گویا کہ سیکڑوں عاشقوں کو دھوکا دیتی ہے ۔

[یہ مطلب سنکر کچھ لڑکے ہنستے ہیں مگر پروفیسر کی موجودگی کا لحاظ کرتے ہوئے ، اور کچھ لڑکے جھک کر اور سے کتابوں کی طرف دیکھنے لگتے ہیں] ۔

پروفیسر :— کوئی اور صاحب اس شعر کا مطلب بتائینگے ؟

ظفر :— جناب میرے خیال میں خود غالب بھی اس شعر کا مطلب نہیں سمجھے ہونگے ۔

[اس پر کلاس کے کچھ اور لڑکے ہنستے ہیں] ۔

پروفیسر :— [یہ دیکھکر کہ لڑکوں میں سے کوئی اس شعر کا مطلب بتانیکے لئے تیار نہیں] اچھا سنئے ۔ یہ شعر یقینا بہت زیادہ مشکل ہے ۔ یہ غالب کے ابتدائی اشعار میں سے ہے ، جب غالب کا دیوان شایع ہونے لگا تو اس میں غالب نے اپنا ابتدائی سخت مشکل اور ادق کلام شامل نہیں کیا ۔ لیکن یہ شعر چونکہ بہت محنت اور جانفشانی سے لکھا گیا تھا ۔ اس لئے اسکو کاٹنے پر غالب کا قلم نہ اٹھسکا ۔

حسام :— غالب کا پورا ابتدائی کلام نسخۂ حمیدیہ میں موجود ہے یا اس سے بھی زیادہ کلام دستیاب ہوسکا ؟

پروفیسر :— ہاں نسخۂ حمیدیہ میں غالب کا جتنا کلام درج ہے اسکے علاوہ اور بھی غالب کا کچھ کلام ہے ۔ اکثر بالکل غیر مطبوعہ غزلیں جو کسی نہ کسی طرح دستیاب ہوگئیں رسالوں میں آپ لوگوں کی نظروں سے گذری ہونگی .....

وسیم :— جی صاحب [اٹھکر] میں دریافت کرسکتا ہوں کہ غالب نے یہ غزلیں اپنے مطبوعہ دیوان میں کیوں شریک نہیں کیں ؟

پروفیسر :— اس وجہ سے کہ غالب کے زمانے کے لوگ ان کی مشکل گوئی سے عاجز تھے ، اور ان پر طرح طرح سے حملے کرتے تھے چنانچہ ایک شعر بھی لکھا گیا جس میں غالب پر چوٹ کی گئی ۔

کلام میر سمجھے اور کلام میرزا سمجھے مگر ان کا کہا یہ آپ سمجھیں یا خدا سمجھے

غالب اپنے ہمعصروں کی تنگ نظری اور تنگ فہمی سے عاجز آ گئے تھے ، چنانچہ انہوں نے اپنے اشعار میں جا بجا اسکی طرف اشارہ کیا ہے مثلاً :—

نہ ستایش کی تمنا نہ صلے کی پروا گر نہیں ہیں میرے اشعار میں معنی نہ سہی

اور اسکے علاوہ ایک قطعہ بھی تو ھے۔ آپ لوگوں میں سے کسی کو یاد ھے ۔

حسام :۔ مشکل ھے زبس کلام میرا اے دل سن سن کے جسے سخنور ان کامل
آساں کہنے کی کرتے ھیں فرمایش گویم مشکل و گر نہ گویم مشکل

پروفیسر :۔ ھاں اب اس شعر کا مطلب سن لیجئے ۔

شمار سجہ مرغوب بت مشکل پسند آیا تماشائے بیک کف بردن صد دل پسند آیا

اس شعر کا مطلب یہ ھے کہ تسبیح کا پڑھنا۔ سجہ کے معنی ھیں تسبیح فارسی لفظ ھے ، جسکا مفہوم ھے وہ چیز جس پر سبحان اللہ پڑھا جائے۔ یعنی تسبیح ..... ھاں تو ھمارے بت مشکل پسند کو تسبیح خوانی مرغوب ھے ..... آپ کو سمجھنے میں دقت ھو رھی ھے ..... اچھا پہلے نثر کر لیجئے ..... بت مشکل پسند کو شمار سجہ مرغوب آیا۔ یعنی ھمارے محبوب کو جو بہت دقت پسند واقع ھوا ھے ، تسبیح خوانی بہت مرغوب ھے ..... اسکی توجیہ شاعر دوسرے مصرع میں کرتا ھے۔ کہ اسکے محبوب کے ھاتھ میں جو تسبیح ھے وہ گویا اسکے عاشقوں کے دل کا مجموعہ ھے ..... دیکھئے تسبیح میں سو دانے ھوتے ھیں ۔ اور اسی طرح محبوب جو ایک ھاتھ میں سو دانے لئے ھوئے ھے ! وہ سو دانے تسبیح کے دانے نہیں ھیں۔ بلکہ اسکے سو عاشقوں کے دل ھیں ۔ اور مشکل پسند محبوب اس خیال سے مسرور ھے کہ میری ایک ھتیلی میں سو دل ھیں ... اب غالباً آپ لوگ سمجھ گئے ..... اچھا دیکھئے ۔ بت مشکل پسند کی مناسبت سے شمار سجہ وھاں کسقدر لطف پیدا کر رھا ھے ..... اور اس شعر کی فارسی بندشوں پر نظر رکھئے۔ سوائے "آیا" کے کوئی لفظ اردو نہیں۔ اگر اسکو پورا کر دیا جائے ۔

شمار سجہ مرغوب بت مشکل پسند آمد تماشائے بیک کف بردن صد دل پسند آمد

تو شعر بالکل فارسی ھو جاتا ھے۔ آپ سب لوگ سمجھ گئے یا اور اچھی طرح سمجھاؤں ۔

[آرورا دروازے پر ایک لمحے کے لئے ٹھہر کر داخل ہوتی ہے۔ سب طالب علموں کی نظریں اسکی طرف اٹھ جاتی ہیں۔ پروفیسر صاحب پہلے لڑکی کی طرف پھر غور سے پوری کلاس کی طرف دیکھتے ہیں۔ لڑکی سامنے کی صف میں لڑکیوں کے ساتھ بیٹھ جاتی ہے۔ مجیب بے چینی سے نشست پر پہلو بدلتا ہے اسکے چہرے کا رنگ متغیر ہو جاتا ہے۔ اسکے پاس کے چند طالبعلموں کی نظریں اسکی طرف اٹھ جاتی ہیں۔ بالآخر اس بے محل سکوت کو جو تقریباً بیس سکنڈ طاری رہتا ہے، پروفیسر کی آواز توڑتی ہے]

پروفیسر:— ہاں اسکے بعد کا شعر۔

بہ فیض بیدلی نومیدی جاوید آساں ہے　　کشایش کو ہمارا عقدہ مشکل پسند آیا

یہ شعر باوجود مشکل ہونیکے کسیقدر پر اثر ہے۔ میرے خیال میں اسکا شمار غالب کے بہترین اشعار میں ہونا چاہئے۔ یہ فوراً معلوم ہوجاتا ہے کہ کون سا شعر شاعر کے دل سے نکلا ہے اور کونسا شعر اسنے محض شعر کہنے کی خاطر کہا ہے اچھا مجیب صاحب آپ اسکا مطلب بتائیے۔

[مجیب بے چینی سے حرکت کرتا ہے]

مجیب:— [رسمی اخلاق سے] جی نہیں کوئی خاص بات نہیں (کتاب کی طرف غور کرکے) انسان اگر بیدل ہو یعنی اسے کسی قسم کی آرزو نہو تو اسکے لئے نا امیدی کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ خداوند تعالی کی صفت عقدہ کشائی نے ہمارے عقدۂ مشکل کو اسی لئے پسند کیا۔

پروفیسر:— ٹھیک ہے۔ لیکن آپ آدھے مطلب کو زیادہ واضح نہ کرسکے۔ سنئے مایوسی، اور نا امیدی اسقدر بھیانک چیز ہے کہ کسی معمولی سی چیز میں مایوسی ہمکو پریشان کردیتی ہے۔ لیکن جب انسان میں بیدلی پیدا ہوجاتی ہے۔ یعنی وہ اپنی قوت احساس کے اثر میں نہیں رہتا تو نا امیدی اس کو

پریشان نہیں کرسکتی۔ ذات کشایش نے میری نو آمیدی جاوید کے عقدۂ مشکل کا یہ حل تجویز کیا کہ مجھے بیدلی عطا کی۔ یوں تو ذات کشایش معمولی معمولی عقدے سلجھایا ھی کرتی ھے۔ لیکن اس عقدے کو اسکی دقت کی وجہ سے ذات کشایش نے خاص طور پر انتخاب کیا اور بیدلی کو اسکا علاج تجویز کیا..... شعر صاف ھوگیا؟

حسام :— جی ھاں سمجھ میں آگیا

(گھنٹی کی آواز سنائی دیتی ھے۔ پروفیسر صاحب کتاب بند کرتے ھیں۔ طلباء اٹھ کڑے ھوتے ھیں۔ ایک بار پھر ڈسکوں کا ملا جلا شور ھوتا ھے۔ پروفیسر صاحب اور انکے ساتھ ساتھ اکثر طلباء جاتے ھیں۔ لڑکیاں دوسرے دروازے سے جاتی ھیں۔ لیکن آرورا بے خیالی میں اپنی کتابیں بھول کر آنکے ساتھ چلی جاتی ھے۔ جاتے ھوئے لڑکوں کے درمیان مجیب اور وسیم اور ظفر باقی رہ جاتے ھیں مجیب ایک انگڑائی لیکر اٹھتا ھے)

ظفر :— (مجیب سے) کیا ھے دوست آج بہت خاموش ھو۔ معلوم ھوتا ھے ملاقات ھوئی .....

(اسی اثناء میں وسیم صاحب آستین چڑھا کر پہنچتے ھیں اور ظفر کے شانے پر زور سے ھاتھ رکھکر انتہائی غصے کے لہجے میں کہتے ھیں)۔

وسیم :— یہ کیا حرکت تھی جناب آپ کی..

ظفر :— ارے ارے خیریت تو ھے۔

وسیم :— جی صاحب ..... (اور زیادہ تیز لہجے میں) جی صاحب ..... آپ نے پوری کلاس اور پروفیسر کے سامنے میری توھین کی ھے (وسیم غصہ سے دانت کٹکٹاتا ھے ظفر زور سے ھنستا ھے اور مجیب آھستہ سے اٹھکر دونوں کے بیچ میں آتا ھے۔

مجیب :— ارے ارے وسیم صاحب یہ کیا ہے آپ دونوں شریف آدمی ہیں۔

وسیم :— جی صاحب.....جی صاحب.....جی صاحب کیا شرافت اسی کا نام ہے .....جی صاحب میں ہرگز ایسے پاجیوں کو شریف نہیں سمجھتا۔

ظفر :— واہ، وسیم صاحب۔ غالب نے یہ شعر آپ ہی کی تعریف میں لکھا ہے۔

نوچیدن و پھاڑیدن و بر آنگ پڑیدن کتّا زتو بلّی زتو بندر زتو آموخت

وسیم :— شرم نہیں آتی بے حیا کو ہنستا ہے۔

ظفر :— بسم اللہ وسیم صاحب رونا شروع کر دیجئے۔

وسیم :— ذرا زبان سنبھال کر بات کیجئے۔

ظفر :— بہت بہتر صاحب آپ خفا کیوں ہوتے ہیں [وسیم ایک کرسی پر بیٹھنے کو جاتا ہے۔ ظفر کرسی کھینچ لیتا ہے اور وسیم زمین پر گر پڑتا ہے] خدا حافظ وسیم صاحب جب تک آپ اٹھنے کی زحمت گوارا فرمائیں بندہ اجازت چاہتا ہے، غالباً آپ کو زیادہ چوٹ نہ لگی ہو۔

[ظفر جاتا ہے۔ وسیم ابھی اٹھنے بھی نہیں پاتا کہ آرورا بھولی ہوی کتابیں لینے آتی ہے۔ کتابیں اٹھاتی ہے۔ لیکن وسیم کی قطع دیکھکر وہ پھر بے خیالی میں اسطرح جانے لگتی ہے کہ اسکا ہاتھ ایک کرسی کی پشت سے ٹکرا جاتا ہے اور کتابیں بکھر جاتی ہیں۔ مجیب آکے بڑھ کر کتابوں کو جمع کرنے میں مدد دیتا ہے۔ آرورا خشک آواز میں ,,شکریہ،، کھکر باہر نکل جاتی ہے۔ اور مجیب اسکے پیچھے دیکھتا رہ جاتا ہے اسی اثناء میں وسیم گرد جھاڑتا ہوا اٹھتا ہے۔ صالح اندر داخل ہوتا ہے اور کتابیں بائیں ہاتھ میں لیکر دائیں ہاتھ سے وسیم سے ہاتھ ملاتا ہے۔ جھینپ مٹانیکے لئے مذاق کرنیکی کوشش کرتے ہیں۔]

وسیم :— اخاہ صالح صاحب کلاس ہو جانیکے بعد اب آپ مشتے بعد از جنگ کی طرح تشریف لائے۔

صالح :— اور آپ مشتے نمونہ از خروارے کی طرح باقی رہ گئے۔

[مجیب پیچھے مڑتا ہے اور صالح سے مصافحہ کرتا ہے اسکا چہرہ بالکل اترا ہوا ہے)۔

صالح :— خیر تو ہے مجیب آج تو تمہارا رنگ روپکھ اور ہے۔

مجیب :— نہیں کوئی خاص بات نہیں۔

صالح :— پکھ تو ہے جسکی پردہ داری ہے۔

مجیب :— نہیں بھئی (گفتگو کا رخ بدلنے کے لئے) اچھا اب اسکے بعد کونسی کلاس ہے۔

وسیم :— یہ تو انٹرول ہے۔ اچھا مجیب صاحب میں آپ سے ایک بات دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ Co-education. کے متعلق آپکا کیا خیال ہے

مجیب :— میں تو کوئی حرج نہیں سمجھتا۔ سب سے بڑا فائدہ یہ ہیکہ ساتھ تعلیم پانیکی وجہ سے ایک دوسرے کا کیریکٹر نظروں کے سامنے رہتا ہے۔ آئندہ شریک زندگی کا انتخاب بہت آسان ہو جاتا ہے۔ اور صنفی اجنبیت باقی نہیں رہتی۔

وسیم :— اور کلاس کی فضا انتہائی آرٹسٹک ہو جاتی ہے۔

مجیب :— بد قسمتی سے میں آپکی طرح آرٹسٹ تو ہوں نہیں..... لیکن میرا نقطۂ نظر بہت زیادہ عملی ہے۔ یعنی میں عملی زندگی کے لئے اس طریق تعلیم کو پسند کرتا ہوں۔ ہماری قومی ترقی کو پردے نے بہت سخت نقصان پہنچایا۔ کیا خیال ہے آپکا **صالح صاحب؟**

صالح :— جناب میرا تو خیال یہ ہے کہ دنیا کا کوئی خیال صحیح نہیں۔

وسیم :— جی صاحب ..... یعنی .....

صالح :— یعنی دنیا احساس بےخیالی کا دوسرا نام ھے۔

مجیب :— پھر آپ فلسفے میں غوطے لگانے لگے ..... یہ بتائیے جناب کہ کوایجوکیشن کے متعلق آپ کا کیا خیال ھے ؟

صالح :— اگر ھو تو کوئی نقصان نہیں اگر نہو تو کوئی نقصان نہیں۔

مجیب :— معلوم ھے کہ آپ بہت بڑے فلسفی ھیں لیکن ذرا صاف صاف الفاظ میں تشریح کیجئے

صالح :— بھائی صاحب میں تشریح نہیں کر سکتا۔ کوئی شخص زندگی کی کسی چیز کی تشریح نہیں کر سکتا زندگی اپنی تشریح خود کرتی ھے یا زیادہ واضح الفاظ میں آپ کو برنرڈ شا کا وہ قول تو یاد ھوگا۔

The Golden rule is that there are no golden rules. بہترین قانون یہی ھے کہ بہترین قانون کوئی نہیں

یب :— خوب لیکن اگر اس قول پر عمل کیا جائے تو دنیا کے تمام کام بند ھو جائیں۔

صالح :— اور اب کون سے چل رھے ھیں۔ کیا اب بھی دنیا کے ھر قانون میں خامی نہیں ؟

مجیب :— خامیوں سے تو انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن کم خامیاں زیادہ خامیوں سے بہتر ھیں۔

صالح :— یہی سوال تو دنیا آج تک حل نہ کر سکی کہ با اصول طریقہ زیادہ مفید ھے یا بےاصول طریقہ۔

مجیب :— تو پھر دنیا اصول کی پابندی کیوں کرتی ھے۔

صالح :— یہ آپ کا خیال ھے دنیا مطلق اصول کی پابندی نہیں کرتی۔ دنیا دوسروں کو اور اپنے آپ کو یہ دھوکا دینا چاھتی ھے کہ وہ اصول کی پابندی کرتی ھے۔

[ظفر آتا ھے]

ظفر :— اخاہ صالح صاحب آپ بھی آخر مغرب کی جانب سے طلوع ھو ھی گئے۔ اچھا وسیم صاحب اب آپ کو تخت سلیماں کی قسم میرا قصور معاف فرمائیے ورنہ میں پرنسپل صاحب سے آپکی شکایت کر دونگا۔

صالح :— کیا شکایت ہے؟

ظفر :— وہ یہ کہ جناب وسیم صاحب ہماری یونیورسٹی میں دارالمجانین کی فضاء پیدا کر رہے ہیں۔

صالح :— کیا بات ہے بھئی وسیم آخر یہ قصہ کیا ہے۔

وسیم :— ارے کچھ بھی نہیں یار بیوقوف ہے وہ۔

مجیب :— اور انکا آپ کے متعلق بھی یہی خیال ہے۔

وسیم :— درست ہے آپ بھی اوہم سگ زرد برادر شغال نکلے ..... جی صاحب .....

جی صاحب ..... (جاتا ہے)

صالح :— بیٹھئے بیٹھئے ظفر صاحب بیٹھئے۔

ظفر :— ابھی آتا ہوں ذرا جنرل کریک کو اورستا لوں۔ جان بےری مورکا ڈرامہ جنرل کریک آپ نے دیکھا ہوگا وسیم صاحب، پھر کیسا پہنتا ہوا خطاب ہے (جاتا ہے)

مجیب :— ان لوگوں کی زندگی کس قدر با مسرت، زندگی ہے۔ انکے نزدیک زندگی ہنسی کا نام ہے اور ہمارے نزدیک بےلطفی کا۔

صالح :— کیا واقعی تمہارا یہی خیال ہے؟ صرف مسرت ہی تو وہ چیز ہے جو زندگی میں حاصل نہیں ہو سکتی۔

مجیب :— اچھا صالح صاحب ایک نہایت ہی ضروری امر میں آپ سے مشورہ لینا ہے۔ میں آپ کے یہاں آج ہی کسی وقت حاضر ہونگا۔

صالح :— بہت بہتر آج ہی۔

[جاتے ہیں۔ پردہ گرتا ہے]

دوسرا منظر

[صالح کا مکان ایک صاحب ہارمونیم پر گاتے نظر آتے ہیں۔ گانیکے بعد وحید کہتا ہے]۔

وحید :— موسیقی تو غذائے روحانی ہے۔

صالح :— ہاں اسوجہ سے کہ موسیقی غذائے روحانی ہے اور اب دنیا کو اسکی پروا نہیں رہی۔ آج کل لئے سے پڑھنے کا رواج عام ہوتا جارہا ہے۔ اور ہمارا قدیم علم موسیقی زوال پذیر ہو رہا ہے۔ میں نے باضابطہ موسیقی کی تعلیم حاصل کی تھی۔

وحید :— خوب

صالح :— ہاں زمانہ ہوا۔ میں نے انتہائی شوق سے موسیقی کی تعلیم حاصل کی تھی۔ ایک قدیم استاد سے ..... لیکن اسکے بعد جہاں اور تمام باتیں چھوٹیں موسیقی بھی چھوٹی۔

وحید :— کیا پہلے آپ شاعر بھی تھے۔

صالح :— نہیں [اپنی نشست سے اٹھکر وحید کے پاس آکر کھڑا ہوتا ہے اور وحید کے شانے پر ہاتھ رکھکر کہتا ہے] کیونکہ موسیقی اور شاعری کبھی ایک شخص میں جمع نہیں ہوسکتیں باوجود ایک دوسرے سے قربت کے ان دونوفنون لطیفہ کا ایک ہی شخص میں یکجا ہونا ناممکن ہے۔

وحید :— تعجب ہے۔

[ایک صاحب شملہ باندھے ہوئے کوٹ پہنے ہوئے اندر داخل ہوتے ہیں صورت سے کسیقدر دھقانیت پائی جاتی ہے انکا نام ابراہیم ہے]۔

ابراہیم :— اجی السلام والیکم حضرت [صالح پیچھے پلٹ کر دیکھتا ہے اور پھر اخلاق سے ہاتھ ملاتا ہے۔

صالح :— وعلیکم السلام جناب آئیے بیٹھیے۔

ابراہیم :— اجی حضت وہ کتاب آپ دیتاؤں بول کے بولے تھے نا؟ وہ پچ کتاب لینے کو میں آیا .....

وحید :— آپ کا اسم شریف

صالح :— آپ ابراهیم صاحب هیں لاتور کے رهنے والے هیں، اسی سال فرسٹ ایر میں آکر شریك هوئے هیں۔

ابراهیم :— جی ها وحضت میرا نام ابراهیم هے۔

[وحید هنستا هے اور صالح نهایت سنجیدگی سے وحید کی طرف دیکهتا هے]۔

صالح :— معاف کیجئے جناب اگر اس فضاء میں آپ پرورش پاتے تو آپ کا لهجه اور طرز گفتگو یهی هوتا۔

ابراهیم :— بهوت بهوت شکریه زناب آپ کا پن وکتاب ذرا زلدی دیدئے تو ٹهیك هے۔ کیونکه میرے کو اور ایك جائے جانا هے۔

صالح :— بهت اچها ابراهیم صاحب لیجئے وه کتاب یهی هے۔ اسکو ذرا غور سے پڑهئیگا اور اسکی مدد سے اپنا تلفظ ٹهیك کیجئیگا۔

ابراهیم :— ضرور۔ ضرور۔ حضرت ضرور۔ اچها اب خدا حافظ حضت۔ آپ کا بهوت بهوت شکریه۔ پهر ملاقات هوئیگی۔

(صالح اور وحید دونوں سے هاته ملا کر جاتا هے۔ وحید هنستا هے صالح کچه دیر تك غور کرتا رهتا هے اور اسکے بعد ایك کرسی پر بیٹه جاتا هے)

وحید :— آپ نے بهی عجیب عجیب دوست پائے هیں۔

صالح :— زبان اور لهجه بهی سوسائٹی کے تمام تر معیاروں کی طرح کتنا بے تکا معیار هے۔ ایك شخص اگر آپ کی زبان نه جانتا هو اور آپ سے اپنی مادری زبان یعنی انگریزی۔ فرانسیسی یا فارسی میں گفتگو کرے تو آپ مرعوب هوجاتے هیں۔ اور ایك دهقانی انتهائی سادگی سے اپنے اصلی لب ولهجے میں بات کرے تو آپ هنستے هیں۔

وحید :— خوب لیکن جس زبان میں وہ بات کر رہا تھا وہ غالباً اردو ھی تھی - فرانسیسی یا جرمن زبان نہ تھی - وہ اگر غلط اردو بولے اور اسکی غلط اردو کی ھنسی اڑائی جائے تو آپ سوسائٹی کی ذھنیت کا خواہ مخواہ ماتم کرتے ھیں -

صالح :— درست - وہ اگر غلط اردو بولے تو آپ ھنستے ھیں اور کوئی انگریز غلط سے غلط اردو بولے اس پر آپ ذرا ھنس لیجئے تو میں جانوں -

وحید :— اچھا صاحب آپ خواہ مخواہ گرم ھوئے جا رھے ھیں - میں معافی چاھتا ھوں کہ میں نے آپ کے مہمان کی توھین کی -

صالح :— کیا خوب - جب خون کر چکے تو خونبہا ادا کر دیا - جب ذلیل کر چکے تو معافی مانگ لی - پھر یہ کہ قتل ایک شخص کیا جاتا ھے - اور خونبہا دوسرے لوگ پاتے ھیں - اسی طرح ذلیل آپ نے ایک آدمی کو کیا اور معافی دوسرے سے چاہ رھے ھیں - یہ ھمارے انصاف کا معیار ھے -

وحید :— اتنی معمولی معمولی باتوں سے اسقدر خوفناک نتائج نکالنا آپ ھی کا کام ھے -

صالح :— معاف کیجئیگا جناب نہ دنیا کی کوئی بات معمولی ھے نہ کوئی نتیجہ خوفناک - جسکے معنی یہ ھیں کہ دنیا کی ھر بات معمولی ھے اور ھر نتیجہ خوفناک -

وحید :— یا تو میں ھی آپ کے اس جملے کا مطلب نہیں سمجھ سکا یا آپ کے اس جملے کا کوئی مطلب ھی نہیں -

صالح :— خیر میں آپ کو سمجھائے دیتا ھوں - فی الحقیقت دنیا کے کسی بڑے سے بڑے کام کو باعتبار اھمیت کسی چھوٹے سے چھوٹے کام پر کوئی فوقیت نہیں - صرف تخئیل کسی چیز کی اھمیت کو گھٹاتا یا بڑھاتا ھے - ایک درخواستگذار

کسی با اختیار حاکم کے پاس ایک درخواست لیکر جاتا ھے جسکی منظوری یا نا منظوری اسکی زندگی اور موت کا سوال ھے ۔ لیکن حاکم اسکی ضروریات کا خیال کئے بغیر اپنی رائے کے مطابق فیصلہ کرتا ھے ۔ یہ کیا ھے دونوں کے تخئیل اور تخیل اھمیت کا فرق ..... اب تو غالباً سمجھگئے ھونگے آپ ۔

وحید :— جی ھاں سمجھ تو گیا ۔ مگر سر میں درد بھی ھونے لگا ۔ اگر کسی کو دردسر کی ضرورت ھو تو کچھ دیر آپ کے پاس بیٹھ جائے .....

[مجیب بہت آھستہ آھستہ آتا ھے گویا کسی خیال میں غرق ھے ۔ اور بغیر رسمی طور پر ھاتھ ملانے یا سلام تک کرنیکے ایک کرسی پر بیٹھ جاتا ھے]

صالح :— [وحید سے مخاطب ھوکر] وحید صاحب آپ جانتے ھیں کہ میں اخلاق کو بالکل جھوٹ اور ریاکاری کے برابر سمجھتا ھوں ۔ اسلئے میں انتھائی صاف گوئی سے آپ سے کہے دیتا ھوں کہ اسوقت مجھے مجیب صاحب سے ایک خاص معاملے میں گفتگو کرنا ھے ۔ باوجود مجیب صاحب سے آپکے اسقدر مراسم ھونیکے ، آپ کے سامنے وہ گفتگو نہیں کیجاسکتی ۔ اگر آپ اسوقت تشریف لیجائیں تو ھمارے لئے سھولت کا باعث ھوگا ۔

وحید :— آپ کی صاف گوئی کا شکریہ ۔ صالح صاحب آپ کی یہی بات تو مجھے سب سب سے زیادہ پسند ھے ۔

[صالح سے اور پھر مجیب سے ھاتھ ملاتا ھے ۔ مجیب اسطرح گویا اچانک نیند سے چونک پڑا ھو ۔ اٹھکر کہتا ھے ۔ ,, مزاج شریف ،، پھر اسی طرح بیٹھ جاتا ھے ۔ وحید چلا جاتا ھے ۔ صالح ، مجیب کی کرسی کے قریب ایک کرسی گھسیٹ کر بیٹھ جاتا ھے]

صالح :— ھاں مجیب صاحب اب اپنی داستان عشق سنائے ۔

مجیب :— (چونک کر) عشق کی داستان ؟ تم کو غیب کی باتیں کیسے معلوم ہو جاتی ہیں؟

صالح :— آپکا چہرہ ، آپ کی آنکھیں یہانتک کہ آپ کی نقل وحرکت ظاہر کر رہی ہے کہ آپ جنون کی پہلی منزل میں ہیں جسکو عشق کہتے ہیں۔

مجیب :— (دلچسپی کے ساتھ دہرا کر) جنون کی پہلی منزل جسکو عشق کہتے ہیں..... اسکے بعد جنون کی اور کتنی منزلیں ہیں۔

صالح :— صرف ایک منزل جسکو فلسفیت کہتے ہیں۔ یعنی وہ زمانہ جب ناکامیوں سے تنگ آکر یا کامیابیوں سے اکتا کر ساری دنیا کو ظالم اور اپنے آپ کو مظلوم تصور کرتا ہے۔ یہ جنون کی دوسری منزل ہے جس میں غالباً میں ہوں۔

مجیب :— (کسیقدر مذاق اور کسیقدر سنجیدگی لیکن دلچسپی سے) اچھا تو پھر کپڑے پھاڑنا پتھر مارنا اور دارالمجانین کو آباد کرنا جنون کی تیسری منزل ہے؟

صالح :— نہیں وہ جنون نہیں بلکہ عین خردمندی ہے۔ آپ ان دیوانوں کو دیوانہ سمجھتے ہیں اور وہ آپ کو دیوانہ سمجھتے ہیں۔

مجیب :— (ہنس کر) اچھا بھئی اب خدا کیلئے اپنی بکواس ختم کرو۔ جب میں یہاں آیا تو کسیقدر مغموم تھا۔ لیکن تمہاری باتوں میں خواہ مخواہ جی لگ جاتا ہے تمہاری باتوں میں حقیقت نام کو بھی نہیں ہوتی۔

صالح :— اچھا خیر اب اپنی داستان سناؤ.....(انتہائی سنجیدگی سے اٹھکر چند سکنڈ تک ٹہلتا ہے۔ یہ مہلت وہ محض اسلئے دیتا ہے کہ گفتگو میں جو زندہ دلی پیدا ہو گئی تھی۔ اسکا اثر زائل ہو جائے۔ چنانچہ مجیب کا چہرہ اس اثنا میں پھر وہی غم کی کیفیت پیدا کرلیتا ہے۔ صالح پھر اسی کرسی پر بیٹھ جاتا ہے اور آگے کی طرف اسطرح جھک جاتا ہے جیسے کوئی پیشہ ور وکیل اپنے موکل کی گفتگو سننے پر آمادہ ہو۔ اسکے بعد وہ آہستہ سے کہتا ہے ”ہاں“

مجیب :— قصہ یہ ہے کہ جس زمانہ میں کالج شروع ہوا.....

صالح :— بس کافی ہے پورا قصہ میری سمجھ میں آ گیا۔

مجیب :— (انتہائی تعجب اور بے یقینی سے) کیا ؟

صالح :— ایک جملے سے پورا قصہ میری سمجھ میں آ گیا۔ اس جملے کا مطلب یہ تھا کہ تم کو کسی ایسی لڑکی سے محبت ہے جو اسی کالج میں شریک ہوئی ہے۔ اچھا اب یہ بتاؤ کہ وہ آرورا ہی ہے نا ؟

مجیب :— (انتہائی تعجب سے) ہاں۔ لیکن میں نے آج تک کسی سے ذکر نہیں کیا۔

صالح :— ہاں لیکن تمہاری خوش مذاقی سے مجھے توقع تھی کہ تمہاری نگاہ انتخاب آرورا ہی پر پڑیگی۔ اچھا اب ایک بات اور سنو۔ تمہاری محبت میں زیادہ ہیجان آج ہی سے برپا ہوا جسکے معنی یہ ہیں کہ آج کوئی نہایت ہی معمولی واقعہ پیش آیا ہوگا۔

مجیب :— ہاں بالکل یہی بات ہے کلاس میں وہ کتابیں بھول گئی تھی۔ کچھ دیر کے بعد انکو واپس لینے آئی۔ لیکن کتابیں پھر اسکے ہاتھ سے گر کر زمین پر بکھر گئیں میں نے انکو یکجا کرنے اور اٹھانے میں مدد دی۔ وہ شکریہ ادا کر کے چلی گئی۔ بات نہایت معمولی تھی۔ لیکن اسکا میرے قلب پر جو اثر ہوا وہ بیان نہیں کیا جا سکتا۔

صالح :— تو اب کیوپڈ نے تیر اندازی کے لئے کوایجوکیشن کو ایجاد فرمایا ہے۔ اچھا ہے تعلیم کے ساتھ درس عشق بھی سہی۔ تعلیم ہی کیا کم تباہ کن تھی۔ اب عشق اور بھی مٹی پلید کر دیگا۔ (انداز گفتگو بدلکر سنجیدگی سے) آپ مرض کے دوسرے درجے میں ہیں۔

مجیب :— دوسرا درجہ کیا ؟

صالح :— یعنی جب عاشق محض تفریحاً عشق کرنیکی کوشش سے گذر کر اس خام خیالی میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ اسے فی الحقیقت عشق ہے ۔

مجیب :— میں تم سے سچ کہتا ہوں صالح ، میں ایک مدت سے اس آگ کو دل میں چھپائے ہوئے ہوں اور میں محسوس کر رہا ہوں کہ میرا دل ، میرا دماغ ، یہاں تک کہ میری روح ، محبت کے گداز سے پہنک رہی ہے ۔ مجھے دنیا کے کسی کام میں لطف نہیں آتا ۔ اب مجھکو اس کا احساس ہو رہا ہے کہ میری ہستی کی خلقت کا مدعا کیا ہے ۔ دنیا کی نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت محبت ہے ۔ خصوصاً جب کہ پاک اور شریفانہ محبت ہو ۔

صالح :— تو آپ افلاطون کے فلسفۂ محبت کی پیروی کر رہے ہیں .....مگر خیر ... جو خیالات اس روانی اور اس خوش الحانی کے ساتھ تم نے میرے سامنے ظاہر کئے ، انکو کسی نظم میں ظاہر کرتے تو لطف بھی آتا ۔

مجیب :— دیکھو صالح یہ موقعہ مذاق کا نہیں ۔ ؟؟ میرے بولنے کا مقصد یہ تھا کہ میرے ارادے ہر طرح شریفانہ ہیں ، میں شادی کی درخواست کرنا چاہتا ہوں اور اس معاملے میں میں تم سے مشورہ لینے آیا ہوں ۔

صالح :— قبل اسکے کہ میں آپ کو مشورہ دوں میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ رازداری کے لئے آپ نے مجھے کیوں انتخاب کیا ؟

مجیب :— کیونکہ دوسروں کی زبانیں بہت شیریں ہیں مگر دلوں میں زہر بھرا ہوا ہے ۔ تم ظاہرا مذاق اڑانیکی کوشش کرتے ہو مگر تمہارا خلوص تمہاری سچی انسانی ہمدردی چھپی نہیں رہ سکتی ۔ تم اسکی کوشش کرتے ہو کہ لوگوں کو تمہارے متعلق غلط فہمی ہو اور اس کوشش میں تم انکو

برا بھلا کہتے ہو ۔ تمہارے پہلو میں ایک دل ہے ، جو ماضی کی ایک داستان رکھتا ہے ۔ تمہاری باتیں بعض اوقات حقیقی معنوں میں زندگی کا عکس ہوتی ہیں ۔ گو کہ کبھی کبھی تم بہک بھی جاتے ہو ..... اب مجھے زیادہ پریشان نہ کرو ۔ تمہارے سوا کوئی اور شخص مجھے صحیح رائے نہیں دے سکتا ۔

صالح :— معاف کرنا بھئی مجیب ۔ ادھر ادھر کی باتیں چھیڑ کر تمہاری ذہنی کفیت اور تمہاری محبت کی حالت کا اندازہ لگا رہا تھا ۔ اس موقع پر میری ٹیڑھی ترچھی باتوں سے تمکو تکلیف تو ہوئی ہوگی ..... اچھا اب غور سے سنو ۔ صرف خیالی عمارتیں تعمیر کرنے سے حاصل نہیں ، امکانات اور واقعات کا خیال ضروری ہے ..... پہلی بات یہ ہے کہ اس لڑکی کی نسبت سیمویئل جیوفرے کے ساتھ ہوچکی ہے ۔ تمکو معلوم ہے ۔

مجیب :— ہاں ۔

صالح :— اب اسکے بعد اپنی کامیابی کے امکانات پر غور کرو ۔ دوسری بات جو میں تم سے کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ابھی تو جذبات کے زور سے مغلوب ہوکر ایک رو میں تم بہے چلے جا رہے ہو ۔ مگر جب شادی کے بعد عملی زندگی کا سوال آئیگا تو کس حد تک تمہاری زندگی مسرت بھری زندگی ہوگی ۔ مثلاً یہی ایک بات کہ تم کیونکر کہہ سکتے ہو کہ اس کا چال چلن قابل اطمینان ہے ۔

مجیب :— (ترشروئی سے) صالح تمکو کسی شریف لڑکی کے چال چلن پر حملہ کرنیکا کوئی حق نہیں ۔

صالح :— میں نے چال چلن پر کسی قسم کا حملہ نہیں کیا ۔ مگر شاید تم شکسپیر کا وہ قول بھول گئے جسکی صداقت کے تم خود بہت معترف تھے ۔

Frailty thy name is Woman.

مجیب :— (ناخوشگوار لہجے میں) میں آپ سے نصیحتیں سننے نہیں آیا ہوں ۔ اگر مجھے صرف نصیحتیں ہی سننے کا شوق ہوتا تو میں والد صاحب سے سن سکتا تھا ۔

صالح :— معاف کرنا بھئی۔ مگر تمہارے والد کی نصیحتوں اور میری نصیحتوں میں بڑا فرق ہوگا۔ انکو تمہارے جذبات کا زیادہ خیال نہوگا اور مجھے تمہارے جذبات ہی کا خیال ہے ۔

مجیب :— بس میں اس سے زیادہ نہیں سن سکتا (اُٹھکر جانیکی کوشش کرتا ہے ۔ صالح تیزی سے راستہ روک کر کھڑا ہو جاتا ہے ۔ صالح ایک لمحے تک غضبناک نظروں سے اسکو دیکھتا ہے ، پھر یکہ ٹھنڈا پڑ جاتا ہے)

صالح :— میاں تم ابھی بچے ہو۔ جذبات پر اتنا قابو نہیں تو آگے بڑھ کر کیا کرسکوگے ۔ آؤ بیٹھو (مجیب کا ہاتھ پکڑ کر ایک آرام کرسی پر بیٹھا دیتا ہے ۔ اور پھر خود قریب کرسی گھسیٹ کر بیٹھ جاتا ہے) اچھا اب اپنا غصہ تھوکدو اور غور سے سنو۔ محبت دو طرح سے کی جاتی ہے ۔ ایک دل سے محبت کرنیکا طریقہ ہے اور ایک دماغ سے محبت کرنیکا طریقہ (مجیب کی استفہامی نظروں کا مطلب سمجھ کر) غالباً دل سے محبت کرنا اور دماغ سے محبت کرنا تمہاری سمجھ میں نہیں آیا ؟ اچھا سنو۔ دل سے محبت کرنا یہ کہ اپنے کو محبت کے حوالے کر دینا محبت جسطرح رہنمائی کرے اسیطرح چلنا اور محبت جس رخ بہائے اسی رخ بہنا ۔ اسکا نتیجہ زیادہ تر ناکامی ہوتا ہے ۔ اپنے آپ کو محبت کے حوالے کر دینا ایسا ہی ہے جیسے اپنی کشتی کو طوفان کے حوالے کر دینا ۔ محبت کرنیکا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ عقل و شعور کے ساتھ محبت کرو۔ اپنی محبوبہ کی نفسی کیفیت کا اندازہ کرو اور اسکے بعد پھونک پھونک کر قدم رکھو۔ یہ سمجھ کر محبت کرو کہ تم کسی ڈرامے میں عاشق کا پارٹ کر رہے ہو ۔ دفعتاً اظہار محبت مت کرو آہستہ آہستہ جال پھیلاؤ ۔ اسکے منگتیر کو

مذاق مذاق میں سب کے سامنے یہانتک کہ اسکے سامنے ذلیل کرو۔ پوری طرح رومیو بننے کی کوشش کرو۔ تب کہیں کامیابی کی کچھ امید ہو سکتی ہے۔ اور ان کوششوں کے بعد اگر ناکام بھی رہوگے تو کم از کم جگ ہنسائی تو نہوگی۔ دنیا مکر و فریب کا گھر ہے۔ اس کی امید مت رکھو کہ تم اس سے کچھ فائدہ حاصل کرسکوگے۔ دنیا اسوقت تک تمکو کچھ ندیگی جب تک تم اس سے زبردستی کچھ چھین کر نہ لوگے۔ تنازع للبقاء کی صحیح تعریف یہی ہے۔

مجیب:— اس تمام بحث سے آپکا مدعا کیا تھا؟

صالح:— یہی کہ ہر جایز و نا جایز طریقے سے اپنے مقصد براری کی کوشش کرو۔ دنیا میں انصاف کا وجود نہیں۔ میں نے تمہاری محبوبہ کے متعلق جو کچھ کہا تھا اس سے میرا مقصد محض یہی تھا کہ تم ابتک اسکو فرشتہ سمجھتے رہے ہو اب اسکو انسان سمجھو۔ محبت کی سب سے خطرناک قسم افلاطونی محبت ہے۔ بد قسمتی سے تم پر اسکا اثر زیادہ ہے۔ لیکن اگر تم کامیابی چاہتے ہو تو ہر قسم کی چالاکی مکاری عیاری اختیار کرو۔

مجیب:— کیا خوب نصیحت ہو رہی ہے۔ سنو میں آرورا کو پہلے بھی فرشتہ سمجھتا تھا اور اب بھی سمجھتا ہوں اور ہمیشہ سمجھتا رہوں گا (طنزیہ بتسم کے ساتھ) اب مجھکو آپ کے مشورے کی مطلق ضرورت نہیں رہی۔ میں آپ سے مکاری کا سبق لینے نہیں آیا تھا۔ میں آرورا سے اظہار محبت کروں گا (جوش میں آکر) اور ضرور کرونگا۔ دنیا کی کوئی طاقت مجھے اس جاودانی محبت سے روک نہیں سکتی۔۔۔۔ (غصے سے) مگر اب میں محسوس کرتا ہوں کہ اپنی محبت کا راز آپ سے کہنے میں میں نے کتنی بڑی حماقت کی۔

بن گیا رقیب آخر تھا جو راز داں اپنا

صالح :— سبحان اللہ بریں عقل و دانش بباید گریست۔ آپ ناحق مجھے اپنی رقابت کا مرتبہ دیتے ہیں۔ سموئیل ہی آپ کی رقابت کے لئے بہت کافی ہے۔ ہمارے شعرا نے جہاں اور بہت سی خرافات کو نظم کیا ہے، وہاں ایک حقیقت کو بھی بیان کیا ہے کہ واقعی محبت میں انسان اندھا بھی ہو جاتا ہے۔

مجیب:— شکریہ آپ کے الفاظ کا۔ (آٹھکر صالح پر ایک حقارت کی نظر ڈالتا ہے اور پھر حقارت کے لہجے میں کہتا ہے) اب میں اجازت چاہتا ہوں لیکن جانیسے پہلے آپ کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کئے دیتا ہوں۔ ابتک میں آپ کو خدا جانے کسقدر عزت کی نظروں سے دیکھتا تھا اور اب مجھے محسوس ہوا کہ

One may Smile and Smile and be a villain.

(مجیب جاتا ہے۔ صالح ہنستا ہے پھر کمرے میں ٹہلنے لگتا ہے۔

پردہ آہستہ آہستہ اس منظر کو نظر سے چھپا دیتا ہے)۔

دوسرا ایکٹ

پہلا منظر

[آرورا کا نہایت آراستہ ڈرائنگ روم۔ دیواروں پر تصویریں۔ زمین پر نہایت عمدہ فرش اور فرش پر صوفے۔ جسوقت پردہ اٹھتا ہے آرورا اپنی ہم کلاس سہلی لارا کے ساتھ بیٹھی ہوی نظر آتی ہے۔ سامنے میز پر ہارمونیم رکھا ہوا ہے]۔

آرورا:۔ لارا کچھ بھی سہی لیکن انگریزی موسیقی میں وہ نغمہ نہیں ہوتا جو ہندوستانی موسیقی میں پایا جاتا ہے۔ یہاں فن موسیقی بہت پرانا فن ہے۔

لارا:۔ ہاں مگر وہاں آواز کے اتار چڑھاؤ سے جذبات کا اظہار کیا جاتا ہے۔

آرورا:۔ یہ تو ٹھیک ہے۔ مگر مغربی موسیقی میں اب بھی کسیقدر وحشیانہ پن ہے۔ موسیقی سلادینے والی چیز ہے، جگانے والی نہیں۔

لارا:۔ اچھا خیر آرورا تم اسوقت کچھ سناؤگی بھی یا باتیں ہی کرتی رہوگی۔

آرورا:۔ اچھا۔ اچھا (اپنی جگہ سے اٹھتی ہے۔ اور میز کے پاس جاکر بیٹھ جاتی ہے۔ ہارمونیم کھولتی ہے اور تھوڑی دیر تک کمال فن سے محض ہارمونیم ہی بجاتی رہتی ہے۔ پھر غزل گانا شروع کرتی ہے)۔

[آرورا گانا ختم کرتی ہے۔ اسکے بعد دفعتاً سیموئیل داخل ہوتا ہے۔ سیموئیل سوٹ پہنے ہوئے ہے۔ داخل ہوکر وہ پرجوش اسپینش (ہسپانوی) طریقہ پر ہیٹ اتارکر جھکتا ہے اور اپنے ہاتھ کو گھماتا ہے۔ آرورا مسکرا کر سر کے خم سے جواب دیتی ہے۔ سیموئیل ایک کرسی گھسیٹ کر دونوں سے بہت کافی فاصلے پر بیٹھ جاتا ہے]۔

سیموئیل :— یہاں آتے ہوئے میں نے میوزک کی پلیزنٹ آواز سنی تھی۔ یا تو میں لیٹ پہنچا یا میرے آتے ہی آپ نے گانا فنش کر دیا۔

آرورا :— دو نو باتیں ہیں ایک تو یہ کہ تم دیر سے آئے۔ دوسرے یہ کہ تمکو گانے کی تمیز نہیں اسلئے گانا ختم کر دیا۔ [یہ کہکر آرورا ہنستی ہے۔ لارا مسکراتی ہے اور سیموئیل بھی چہرے سے خوشی کا اظہار کرتا ہے]۔

سیموئیل :— میوزک بھی کیا Marvellous چیز ہے جسکے Effect سے Soul بھی Fresh ہوجاتی ہے..... لیکن میں آرورا مجھے اسوقت آپ سے ایک Unpleasant topic پر گفتگو کرنا ہے۔

لارا :— کیا میں مخل ہوں۔

آرورا :— نہیں۔ مطلق نہیں۔ تم سے میری کوئی بات پوشیدہ نہیں ہے۔ ہاں سیموئیل۔ اب کہنا شروع کرو۔

سیموئیل :— (بہت زیادہ تکلف سے) ہاں۔ ہاں..... میرا مطلب ہے I mean no offence

آرورا :— بات کرنے سے پہلے آپ نے معافی مانگنا شروع کر دی۔

سیموئیل Well, you see we are betrothed and we shell bave to pass the rest of cur lives together;.....So you see..... I mean..... I mean.....we should make the matters clear.....

آرورا :— اچھا اس لمبی چوڑی تمہید کے بعد کچھ کہنا بھی ہے۔

سیموئیل :— ہاں..... I mean..... I mean آپ مجیب نامی کسی اسٹوڈنٹ سے واقف ہیں۔

آرورا :— [جسکے چہرے کا رنگ یہ جملہ سنکر متغیر ہوجاتا ہے۔ لیکن پھر وہ فوراً اطمینان قلب سے جواب دیتی ہے] نہیں۔

سموئیل :— نہیں ۔۔ 'But your face was telling a diffrent tale..." You say "No"

آرورا:— کیا؟.....تم ان الفاظ سے میری توہین کر رہے ہو۔

سموئیل:— [دفعتاً بہت انکساری سے معافی چاہتے ہوئے]

By your pardon Aurora...I'msorry.....I'm sorry

.....but, but.....I did'nt mean to offend.....کیا واقعی آپ اس سے واقف نہیں ؟۔

آرورا:— اگر واقف ہوں بھی تو کیا؟

سموئیل:— تو کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ.....کہ.....کہ.....

آرورا:— [بے چینی کا اظہار کرتے ہوئے].....کیا؟.....

سموئیل:— یہ.....یہ کہ.....[ہمت کر کے] اس نے آپ کو خط لکھا یا آج آپ سے اس سے ملاقات ہوئی۔

آرورا:— [بے چینی اور بے صبری سے] میں تمہاری آئی سیدھی باتوں کا مطلب نہیں سمجھی۔

سموئیل:— اسکے معنی یہ ہیں کہ۔

Your'e going to abnadon me for him...That...means...That means...

[آرورا کا چہرہ غصے اور شرم سے سرخ ہو جاتا ہے۔ وہ اٹھ کر کھڑی ہو جاتی ہے۔ لارا دلچسپی کی نظروں سے اسکی طرف دیکھنے لگتی ہے، آرورا رنجیدہ اور تکلیف رسیدہ آواز میں کہتی ہے]

آرورا:— میں اس سے زیادہ برداشت نہیں کر سکتی۔ اگر آپ کی شرافت صرف کپڑوں تک محدود ہے تو میں نے آپ کو پہچاننے میں سخت غلطی کی۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ.....(کچھ کہنا چاہتی ہے۔ لیکن غصے کی وجہ سے کچھ کہہ نہیں سکتی پھر کرسی پر بیٹھ جاتی ہے)

سموئیل:— [تکلف سے معذرت خواهی کے لهجے میں] How difficult it is to pleaseyou

اچها....اچها.....

لیکن میں آپ کی گفتگو سے کیا Conclusion نکال سکتا هوں۔

آرورا:— [کسیقدر آهستگی کے ساته نرم اور آهسته لهجے میں سموئیل کو بهلانیکی کوشش کرتے هوئے]۔ اچها بس یه سمجه لو که کوئی بات پیش نهیں آئی۔

سموئیل:— [بر افروخته هوکر] Well ..... میرے doubts کو Clear کردینا آپ کا فرض هے۔

آرورا:— Nonsense Samel تم ناحق اسقدر بر افروخته هو میں تم سے پورا واقعه بیان کئے دیتی هوں۔

سموئیل:— On your word of honour Aurora?

آرورا:— On my word of honour ..... سنو واقعه صرف اتنا هے که اسنے ایک خط میں اظهار محبت کیا .....

سموئیل:— And where the dickens that letter is?

آرورا:— In my waste-paper basket.

سموئیل:— مگر آرورا تمکو اسکے خلاف Steps لینا چاهئے تهے۔

آرورا:— یعنی؟

سموئیل:— That young devil requires sound punishment

آرورا:— اس سے تمهارا مدعا کیا هے۔

سموئیل:— To see the scourdral rusticated

آرورا:— Behave Yourself آپ دیکهتے هیں

His intentions were honourable. He offered to marry me.

سموئیل:— Good! And you are going to marry him?

آرورا:— Always jumping at wild conclusions. ..... تمہارے رشک و حسد کی کوئی انتہا نہیں۔

سموئیل:— Feminine Frailty is capable of anything

آرورا:— Thank you - اور کوئی ذلت کی بات - سوائے ذلت کے آپ سے کیا توقع کی جا سکتی ہے۔

سموئیل:— [پھر جھک کر اسیقدر تکلف سے] I'm Sory میں نے آپ پر personal attack نہیں کیا۔ آپ کی Sex ہی بہت زیادہ Inconstant واقع ہوی ہے.....

آرورا:— آپ میری صنف کی توہین کر رہے ہیں جو میں ہرگز برداشت نہیں کر سکتی.... آخر آپ کا مقصد کیا ہے.....

سموئیل:— کچھ بھی نہیں..... Of course..... کچھ بھی نہیں.....

آرورا:— (عاجز آ کر) اچھا خیر..... [دفعتاً مڑکر]..... لارا اگر میری جگہ تم سے اظہار محبت کیا جاتا تو تم کیا کرتیں؟

لارا:— [اس اچانک سوال پر کسیقدر چونک کر، کسیقدر ھچکچا کر] میں...میں..... (کچھ سوچکر) یا تو میں اس سے شادی کر لیتی یا اسے محض رسمی دوست بنا لیتی کیونکہ خط سے معلوم ہوتا ہے کہ Sensible آدمی ہے۔

آرورا:— ان میں سے پہلا طریقہ میرے لئے نا قابل عمل ہے۔

سموئیل:— Why?

آرورا:— For you are a better fool

سموئیل:— خیر آپ کو اختیار ہے جو چاہیں کہیں۔ لیکن مجھے Satisfy کر دیجئے کہ آپ کا Finel decision کیا ہے۔

اروورا:— [اسکی باتوں کی طرف توجہ کئے بغیر لارا سے] شادی کیلئے تو مین نے Samel کو انتخاب کر لیا ھے کیونکہ اس سے زیادہ خردماغ شریف آدمی مشکل سے ملتا، میرا عقیدہ ھے۔

Choose the greatest idiot for your husband.

اسکے معنی یہ ھیں کہ میری زندگی آرام سے گذرے گی، باقی رھا دوسرا طریقہ میں اس شخص کو اپنا دوست نہیں بنا سکتی.....

There is something about him Idon't like.

سیموئیل:— [خوش ھوکر] Then

آروورا:— میں نے ایک بہت اچھی تجویز سوچی ھے۔

سیموئیل:— To marry him and me at the same time.

[اس پر آروورا اور لارا دونوں ھنستی ھیں]

آروورا:— میں پرنسپل سے جاکر شکایت کروں گی کہ اس شخص نے میری توھین کی ھے اسکا سدّباب کیا جائے۔

لارا:— اس سے فائدہ؟

آروورا:— لڑکوں کے attitude میں تبدیلی ھوجائے گی۔ ان کے سلوک میں شرافت پیدا ھوجائے گی جو کوایجوکیشن کے لئے بہت ضروری ھے — ٹھیک ھے نا؟

سیموئیل:— بالکل ٹھیک۔

[پہلے آروورا اور اسکے پیچھے سیموئیل اور لارا باھر جانے لگتے ھیں مگر پردہ پہلے ھی گر کر ان کو نظروں سے پوشیدہ کر دیتا ھے]۔

دوسرا منظر

[پرنسپل کا آفس۔ درمیان میں ایک بہت اچھی میز اس پر کتابیں اور کاغذات۔ آفس چیر اور آس پاس کچھ اور کرسیاں۔ پردہ اٹھتا ہے اور پرنسپل کام کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ آرورا اندر داخل ہوتی ہے اور پرنسپل اسکی طرف دیکھنے لگتا ہے]۔

ارورا۔ میں..... میں..... [کچھ اور کہنا چاہتی ہے مگر ادا نہیں کر سکتی

پرنسپل:۔ اسکی طرف مہربانی کی نظر وں سے دیکھکر ہمت افزائی کرتے ہوئے کہتا ہے]۔

پرنسپل:۔ ہاں کہو کہو..... تم کو کیا کہنا ہے۔

ارورا:۔ آج ایک طالبعلم نے میری توہین کی ہے۔

پرنسپل:۔ توہین

ارورا:۔ جی ہاں توہین..... میرے نام ایک اہانت آمیز خط آیا ہے۔

[پرنسپل دلچسپی اور غور سے اسکی گفتگو سنتا ہے اور اطمینان کے لئے تیز لہجے میں پوچھتا ہے]

پرنسپل:۔ تمہارا نام کیا ہے؟

ارورا:۔ ارورا سمائلیز

پرنسپل:۔ کس جماعت میں تعلیم پا رہی ہو۔

ارورا:۔ بی۔ اے۔ سینیر۔

پرنسپل:۔ اسی سال یہاں آکر شریک ہوئیں؟

ارورا:۔ جی اسی سال۔

پرنسپل:۔ اس سے قبل؟

ارورا:۔ کینگ کالج لکھنو۔

پرنسپل:۔مضامین کیا کیا ھیں ؟

اروراٰ:۔اردو۔فارسی ۔

پرنسپل:۔تعجب ھے۔تم نے یہ مضامین کیوں انتخاب کئے۔

اروراٰ:۔انہی مضامین کے لئے میں یہاں اکر شریک ھوئی۔مجھے مشرقی ادب سے بہت دلچسپی ھے۔

نسپل:۔[مطمئن ھو کر] اچھا اب تم ایک کرسی پر بیٹھ سکتی ھو[آروراٰ بیٹھ جاتی ھے] اچھ
اب کہو تم کو کیا کہنا ھے۔

اروراٰ:۔ایک خط کے ذریعہ میری اھانت کی گئی۔۔۔۔یہاں میں نے محسوس کیا کہ طالب علموں
کا طرز عمل بہت زیادہ اچھا نہیں۔

پرنسپل:۔ابھی تو ھمارے یہاں کو ایجوکیشن کی ابتدا ھے۔۔۔۔[بالکل کاروباری لھجے میں]
ھاں تم کو کیا شکایت ھے۔

روراٰ:۔یہی کہ بعض ایسے جملوں سے میری اھانت کی گئی ھے جنکو عام حالات میں کوئی لڑکی برداشت
نہیں کر سکتی۔

پرنسپل:۔کیا اس کے ثبوت میں وہ خط مجھکو دیا جا سکیگا۔

اروراٰ:۔جی ھاں[خط دیتی ھے پرنسپل دل ھی دل میں خط پڑھتا ھے اس کے بعد اسکو اسیطرح
بند کر دیتا ھے]۔

پرنسپل:۔اچھا مس اسمائلیز میں اس پر غور کرونگا اور پروفیسروں کی ایک میٹنگ میں
اس پر غور کیا جائیگا، اچھا اب تم جا سکتی ھو۔

[آروراٰ جاتی ھے، پرنسپل گھنٹی بجاتا ھے چپراسی اندر داخل ھوتا ھے]۔

پرنسپل:۔اد ریسی صاحب ھیں یا جا چکے۔

چپراسی:۔جی ھاں وھیں صاحب۔

پرنسپل:۔انکو ذرا یہاں بلاؤ[چپراسی جاتا ھے،اور چالیس سکنڈ تک خاموشی طاری رھتی ھے۔

اس اثناء میں پرنسپل ادھر ادھر کاغذات دیکھتا رہتا ہے پروفیسر صاحب داخل ہوتے ہیں۔ پرنسپل صاحب ان سے ہاتھ ملا کر ایک کرسی کی طرف بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہیں]۔

پرنسپل :— آپ مس اسمائلز کو جانتے ہیں؟

پروفیسر :— جی ہاں ہمارے یہاں فورتھ ایر میں ہیں ..... کیوں کیا کوئی خاص بات۔؟

پرنسپل :— جی ہاں ادریسی صاحب آج ایک اہم واقعہ پیش آیا ہے، جسکا آپ سے ذکر ضروری ہے۔

پروفیسر :— [دلچسپی اور فکر کا اظہار کرتے ہوئے] جی۔

پرنسپل :— آج اسی لڑکی سے ایک طالبعلم نے اظہار محبت کیا ہے، خط کے ذریعے۔ طالب علم کا نام مجیب ہے۔ آپ جانتے ہیں؟

پروفیسر :— اچھی طرح سے ..... بہت ذہین اور سمجھدار طالب علم ہے۔

پرنسپل :— اب اس واقعہ کی نسبت آپ کا کیا خیال ہے۔ اسنے صرف شادی کی درخواست کی ہے۔

پروفیسر :— بالکل درست۔ لیکن ابھی ہندوستان اس قسم کے واقعات کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

پرنسپل :— میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا۔

پروفیسر :— اس قسم کے واقعات کالج کی بدنامی کا باعث ہوتے ہیں۔

پرنسپل :— لیکن اس نے صرف شادی کی درخواست کی ہے۔

پروفیسر :— معاف کیجئے گا صاحب آپ ابھی ابھی یورپ سے واپس آرہے ہیں۔ وہی فضا آپ کے دماغ میں بسی ہوی ہے یہ ہندوستان ہے۔

پرنسپل :— کیا آپ کا خیال ہے کہ اس طالب علم کا مدعا غیر شریفانہ تھا؟

پروفیسر :— ممکن ہے کہ اسکا مدعا شریفانہ ہو۔ سوال اسکے مدعا کا نہیں ہے، اسکے مدعا کے اثرات کا ہے۔

پرنسپل :— اسکی وجہ غالباً یہ ہے کہ ملک میں ابھی تعلیم کی کمی ہے۔ ادریسی صاحب خیال تو کیجئے کہ کوایجوکیشن سے ہمارا ایک مدعا یہ بھی تو ہے کہ لڑکے اور لڑکیاں باہم میل جول اور سابقے کے بعد اپنے شریک زندگی کو انتخاب کر سکیں۔ پھر اس حد تک تو ہمکو تیار رہنا چاہیئے۔

پروفیسر :— میں پھر یہی عرض کرونگا کہ یہ ہندوستان ہے۔

پرنسپل :— اچھا تو اسکا تصفیہ ہم پروفیسروں کی ایک میٹنگ میں کرینگے۔ مگر اس سے قبل اس لڑکے سے چند سوالات کر لینا چاہیئے۔

پروفیسر :— بہت بہتر۔ [پرنسپل گھنٹی بجاتا ہے۔ چپراسی آتا ہے]

پرنسپل :— [ایک کاغذ کے ٹکڑے پر کچھ لکھکر چپراسی کو دیتا ہے]۔ یہ پرچہ مجیب احمد طالب علم سال چہارم کو لیجا کر دو [چپراسی جاتا ہے] اس وقت چھ بج رہے ہیں آج میں بہت دیر تک ٹھہرا رہا۔ میرے خیال میں اس وقت تو کوئی پیریڈ نہ ہوگا۔ ممکن ہے کہ سب لڑکے گھروں کو جا چکے ہوں۔

پروفیسر :— جی نہیں۔ چھ سے سات تک میں فورتھ ایر کی اکسٹرا کلاس لیتا ہوں۔ غالباً لڑکے موجود ہونگے اور وہ بھی ہوگا [چپراسی، مجیب کے ساتھ داخل ہوتا ہے۔ مجیب پرنسپل کو سلام کرتا ہے۔ چپراسی چلا جاتا ہے]۔

پرنسپل :— تمہارا نام مجیب ہے؟

مجیب :— جی ہاں۔

پرنسپل :— تمہارے خلاف چند شکایات کی گئی ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ تمہارا چال چلن قابل اطمینان نہیں۔

مجیب :— [تعجب کا اظہار کرتے ہوئے] میرا چال چلن؟

پرنسپل :— تمہاری کلاس کی ایک لڑکی مس اسمائلز نے شکایت کی ہے کہ تمنے اسکی اہانت کی ہے۔

مجیب :— اہانت!

پرنسپل :— ہاں اہانت اس طرح کہ تمنے اس سے محبت کا اظہار کیا ..... میری ذاتی رائے یہ ہے کہ تمہاری شادی کی درخواست بالکل شریفانہ تھی ....

پروفیسر :— اہم۔

پرنسپل :— لیکن ادریسی صاحب کہہ رہے ہیں کہ یہ ہندوستان ہے۔ یہاں اظہار محبت، اہانت ہے۔ اور چال چلن کی کمزوری کی دلیل ہے۔

مجیب :— میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میرا ارادہ بالکل شریفانہ تھا۔

پرنسپل :— مین کب کہہ رہا ہوں کہ تمہاری نیت خراب تھی۔ سوال تمہارے ارادے کا نہیں۔ سوال اس نتیجے کا ہے جو تمہارے ارادے سے پیدا ہوا۔

مجیب :— میرا مقصد تھا ....اور اب بھی ہے کہ صرف..... شادی ..... میں نے ہرگز ..... میری مالی حالت مجھے طالب علمی کے زمانے میں شادی کرنیکی اجازت دیسکتی ہے۔ میرے والد کو کوئی اعتراض نہیں۔

پرنسپل :— یہ سب صحیح۔ لیکن تم اس کے جذبات کا بھی تو خیال کرو جس سے تم نے محبت کا اظہار کیا— اگرچہ کہ عورتوں میں خود پسندی ہوتی ہے۔ مگر ایک حد تک ..... تم نے بہت جلد بازی کی ..... تم اس لڑکی کو پہلے سے جانتے تھے۔

مجیب :— صرف صورت آشنا تھا۔ لیکن میں اسکی روح کی گہرائیوں سے اس قدر واقف ہوں کہ بڑے سے بڑا محرم راز بھی واقف نہیں ہوسکتا ..... محبت کی طاقت کا اثر .....

پرنسپل :— [تیز لہجے میں] اس قدر جوش میں آنے کی ضرورت نہیں ۔ اس کا خیال رکھو کہ تم میری موجودگی میں گفتگو کر رہے ہو ..... طالب علمی کا زمانہ سیکھنے کا زمانہ ہے ۔ تم کو آدمی بننا ہے ۔ تم کو آگے چل کر دنیا میں کچھ کرنا ہے ..... طالب علمی کا زمانہ عشق بازی کے لئے نہیں ..... آیا تمہاری سمجھ میں ..... تمہارے مقاصد بلند تر ہونا چاہئے ..... تم کو ابھی بہت کچھ حاصل کرنا ہے ۔ یہ تحصیل علم اور تحصیل انسانیت کا زمانہ ہے ..... کم از کم اسی لحاظ سے تم مجرم ہو ۔

مجیب :— جی ۔

پرنسپل :— اور اپنے جرم کی سزا تمکو معلوم ہے ؟ بہت سخت ۔ غالبا Rustication ..... ذاتی طور پر مجھے تم سے ہمدردی ہے ۔ مگر آئین و ضوابط بھی کوئی چیز ہیں ۔ کل کمیٹی میں تمہارے معاملے پر غور کیا جائے گا اور جس حد تک تمہاری خطا ثابت ہو گی ۔ تمکو سزا دی جائے گی ۔ اچھا (پروفیسر سے مخاطب ہو کر) ادریسی صاحب میں ایک چکر لگا کر ابھی آتا ہوں (اٹھتا ہے) آپ بھی چلتے ہیں ساتھ ؟

پروفیسر :— جی میں ابھی آیا (پرنسپل جاتا ہے ۔ پروفیسر، مجیب کی طرف رحم اور خلوص کی نگاہوں سے دیکھتا ہے) مجیب ۔

مجیب :— جی ۔

پروفیسر :— میں تمکو ہمیشہ تمہارے ساتھیوں پر ترجیح دیتا رہا ۔ تمہاری ذہانت سے میرے خیال میں ادب کی بڑی بڑی امیدیں وابستہ ہیں ۔ یہ تمکو کیا سوجھی ؟

مجیب :— (بےخیالی کے انداز سے) جی

پروفیسر :— تمہارا فرض ہے کہ اپنی ساتھی طالبات کو بہنوں کے برابر سمجھو تم نے بہت

برا کیا۔ تمہارا یہ طرز عمل ایک بڑی حد تک قابل اعتراض ہے۔

مجیب :— (توجہ کے ساتھ) میں آپ سے سچ کہتا ہوں کہ کوئی طاقت مجھے مجبور کر رہی تھی کہ میں اپنے دل کی کیفیت اسے تحریر کر دوں۔ اور اسکے بعد انتہائی شرافت سے شادی کی درخواست کروں۔ میں تخئیل میں بھی گناہ گار نہیں آپ کو معلوم ہے ہمیشہ مجھے نا زیبا باتوں سے کس قدر نفرت رہی .....

پروفیسر :— خیر محبت کا اظہار تو تمہاری عمر اور شباب کا تقاضا تھا۔ لیکن عقل اور سمجھ بھی کوئی چیز ہے۔

مجیب :— آپ کی عنایتوں کا بہت بہت شکریہ۔ کاش آپ کو معلوم ہو تا کہ میرے قلب میں عقل و محبت کا کتنا سخت معرکہ رہ چکا ہے۔ اور .....

پروفیسر :— وہی شباب کا بھوت — اچھا تمکو یہ معلوم ہے کہ تمہارا خط یہاں کیونکر پہونچا۔

مجیب :— آرورا کے والد یا منگیتر کے ذریعے۔

پروفیسر :— نہیں خود آرورا کے ذریعے۔ اُس نے خود پرنسپل صاحب سے شکایت کی۔

مجیب :— (جسطرح کوئی زخم کھا کر بے نصیبی کے احساس کے ساتھ چونک پڑے)۔ اروراں نے؟

پروفیسر :— ہاں اسی آرورا نے جس سے تمکو محبت ہے۔ اُسی نے یہ خط پرنسپل صاحب کو دیا اور شکایت کی اور تمہاری تباہی کا پیش خیمہ تیار کر دیا۔ (آگے بڑھ کر مجیب کے شانے پر ہاتھ رکھکر کہتا ہے) ابھی تمہارا بچپن ہے۔ تم نہیں جانتے کہ دنیا کیا بلا ہے۔

[پروفیسر مجیب کی طرف رحم کی نظر سے دیکھکر چلا جاتا ہے، مجیب سر جکائے اکیلا کھڑا رہ جاتا ہے۔ چند لمحوں کے بعد آرورا داخل ہوتی ہے اور یہ دیکھکر

کہ آفس میں صرف مجیب ہے ٹہلک جاتی ہے۔ وہ واپس جانیکے لئے مڑتی ہے۔ لیکن مجیب تیزی سے آگے بڑہ کر راستہ روک کر کھڑا ہو جاتا ہے]

آرور :۔ میرا راستہ فورا چھوڑ دیجئے ..... ورنہ میں چلاؤنگی ..... کیا شرافت اسی کا نام ہے ؟

مجیب:۔[کسیقدر افسردہ آواز میں لیکن جوش کے ساتھ]میرا مقصد محض آپ سے ایک بات دریافت کرنا ہے۔ آسکا جواب دیدیجئے۔

آرورا :۔[آسی قدر خفگی کے لہجے میں] کیا ؟ جلدی کہئے۔

مجیب:۔ آپ نے میرا خط پرنسپل کو کیوں لا دیا۔ کسی نےمجبور کیا یا آپ خود لے آئیں ؟

آرورا :۔ ترشروئی سے] میں خود لائی ..... کیونکہ [انتہائی حقارت کے ساتھ] مجھے تم سے نفرت ہے۔

[مجیب یک لخت کانپ اٹھتا ہے۔ آرورا اسی بے پروائی سے چلی جاتی ہے۔ مجیب کے چہرے سے انتہائی ناکامی اور نا کامی کے احساس کا اظہار ہوتا ہے وہ اپنا سر دونوں ہاتھوں میں پکڑلیتا ہے]

[پردہ]

تیسرا ایکٹ

پہلا منظر

[کالج کی عمارت کے سامنے صحن میں کچھ طالب علم باتیں کرتے نظر آتے ہیں ۔ انکے ہاتھوں میں کتابیں ہیں ۔ ایک آدہ سیکل لئے ہوئے ہے ۔]

ایک :۔ آج کلاس تو غالبا نہوگی ۔ اکثر پروفیسر میٹنگ میں گئے ہوئے ہیں ۔

دوسرا :۔ میٹنگ کیسی ؟

ایک :۔ وہی کل والا قصہ ۔ مجیب صاحب نے آرورا کے نام ایک نامۂ محبت لکھا اور اسنے پرنسپل صاحب کو لیجا کر دیدیا ۔

دوسرا :۔ ارے رے ۔

اظہار عشق اس سے نہ کرنا تھا شیفتہ یہ کیا کیا ؟ کہ دوست کو دشمن بنا دیا

ایک :۔ اس میں کالج کی بدنامی ہے ۔ کو ایجوکیشن کے مخالفین کو تالیاں بجانیکا موقع مل جائیگا ۔

[ابراہیم شملہ باندھے ہوئے کوٹ پہنے ہوئے آتا ہے ۔ آسکے ساتھ شمس الدین بھی ہے]

ابراہیم :۔ السلام والیکم حضت

کئی طالبعلم :۔ وعلیکم السلام بزرگوار

شمس :۔ السلام وعلیکم یا جمیع الحاضرین ۔

ایک طالبعلم :۔ اجی کتنی مرتبہ وعلیکم السلام کہوں حضت ۔ اچھا [اپنے پاس کے ایک طالبعلم سے] آپ ان دونوں اصحاب سے واقف ہیں ؟ [ابراہیم

کی طرف اشارہ کر کے] آپ تازہ بتازہ نوبنو گاؤں سے تشریف لائے ہیں [شمس الدین کی طرف اشارہ کر کے] اور آپ کو یہاں آکر دو برس ہوگئے ہیں ۔ اور دو برس سے آپ ہمارے شعبئہ فنون مین تعلیم پارہے ہیں ۔

ابراہیم :۔ اجی حضرت دس پندرہ منٹاں گذر گئے ابتک آپ لوگاں یا ئینچ کھڑے ہیں ۔

ایک طالبعلم :۔ آپ کا انتظار کر رہے تہے ۔ حضرت ۔

ابراہیم :۔ اج میٹنگ ہے نا کتیں ؟ وہ چھوکی ہے نئیں جی سال چھارم میں ۔ آرورا اسمائز بولتیں سو ۔ میں سنا اس کو کوئی عاشخی کا خط لکھیا ۔ اور انیں پرنسپل صاحب سے شکایت کی ۔

شمس :۔ واللہ کہ کسقدر مہمل بلکہ لغو بلکہ لانغی اردو اپنی زبان سے ارشاد فرماتے ہو ۔ جو بات کہ رگہائے لبان سے لبوں پر رونق افروز ہو اس میں انتہائی حلاوت و متانت و لطافت ہونا چاہئے ۔ کس قدر کس درجہ بلکہ کس دقیقہ افسوس اور تاسف بلکہ تاسفات کی بات ہے یعنی افسوس کا محل ہے ، تاسف کا مقام ہے کہ کلیۂ دارالعلوم والفنوں میں پڑہنے کے باوجود صحیح وفصیح وملیح زبان میں اپنی قوت گویائی نہیں صرف کرسکتے ۔ حیف صد حیف ۔ فاعتبرو یا اولا البصار ۔

ابراہیم :۔ اجی کیا ٹخ ٹخ لگائیں حضت ۔ تمہارے کو کیا آتا جاتا چپچ دوسروں کو بولتیں حضت ۔

ایک طالبعلم :۔ اجی بزرگوار میں نے سنا ہے کہ ارورا کو اپ ہی نے خط لکھا ہے ۔

ابراہیم :۔ میں ؟ اجی نہیں حضت ۔ کون بولیا بہلا اپ سے ۔ یہ جوتے کھانیکی باتاں ہیں ۔ میرے کو بہلا عاشخی کرکے کیا کرنے کا ہے ۔

دوسرا:— نہیں ابراھیم صاحب نوٹس بورڈ پر تو اپ ھی کا نام ھے۔ پرنسپل صاحب تو اپ ھی سے بہت ناراض ھیں۔

ابراھیم:— [خوفزدہ ھو کر] اجی سچی کیا جی حضت۔ پر میں خسم کھا توں۔ جسکی بولے اسکی خسم کھا توں۔ میں کچھ بھی نہیں بولیا۔ کوئی تو بھی میری دشمنی میں جا کو بولیا ھوگا۔

[سب ھنستے ھیں]

شمس:— افسوس اور تاسف اورصدافسوس اور صد ھزاروں افسوس بر این جہالت و این ناسمجھی۔ اے مرد عاقل خدا نے تجھے نعمت تمیز سے مالا مال فرمایا ھے۔ پس تیرا فرض بلکہ فرض العین یہ ھے کہ اپنے عقول کو کام میں لا۔ فاعتبرو یا اولا البصار (جاتا ھے)

ایك طالبعلم:— واہ خدا کے فضل سے ھمارے یہاں ایك سے بڑہ کے ایك بزرگ موجود رھتے ھیں۔ [سب ھنستے ھیں]

[وسیم صاحب داخل ھوتے ھیں جن کو پہلا خیال یہ ھوتا ھے کہ سب لوگ مجھہ پر ھنس رھے ھیں۔ ان لڑکوں سے بچکر گذر جانےکی کوشش کرتے ھیں۔ مگر ان مین سے ایك پکارتا ھے]

طالبعلم:— اجی آداب عرض ھے وسیم۔ ھم لوگوں نے کیا گناہ کیا۔

وسیم:— معاف کرنا ..... جی صاحب ..... جی صاحب [وسیم صاحب بےتوشی سے ھر ایك سے ھاتھ ملاتے ھیں۔ اور اسی کوشش میں ان کی کتابیں زمین پر گرپڑتی ھیں جن کو وہ بڑی کوشش سے فراھم کرنے اور اٹھانیکے لئے جھکتے ھیں۔ لڑکے ھنستے ھیں تو وسیم صاحب فی البدیہ یہ مصرع پڑہ کہ

جھنیپ مٹانے کی کوشش کرتے ھیں ۔]

کسی کی جان گئی آپ کی ادا ٹھہری

[ظفر اور وحید آتے ھیں ۔ بالکل آھستہ اور بڑے اطمینان کے ساتھ]

ظفر :۔ آداب عرض ھے ۔ آ ۔ آ ۔ آ ۔ آداب عرض ھے جناب وسیم صاحب (ظفر ھر ایک سے ھاتھ ملاتا ھے اور وحید بھی اس کے ساتھ) کیا قصہ ھے بھئی ۔ وسیم صاحب آپ خیریت سے تو ھیں ؟ ۔

وسیم :۔ کیوں، خیریت سے ھوں کیا معنے ؟ ظفر صاحب کاش آپ میں ذرا انسانیت ھوتی ..... جی صاحب ۔

ظفر :۔ دعا کیجئے ۔ دو رکعت نماز کی منت مانئے ۔

وسیم :۔ کیوں .....

ظفر :۔ تاکہ آپ کو تھوڑی عقل اور مل جائے ..... اچھا ھمارے وحید صاحب آپ نے سنا ھمارے وسیم صاحب شاعر بھی ھیں ۔

وحید :۔ اچھا ۔

ظفر :۔ یہ آپ ھی کا مصرع ھے ۔ کوا اندھیری رات میں دن بھر اڑا کیا (سب ھنستے ھیں)

وحید :۔ واہ وسیم صاحب واہ ۔

وسیم :۔ ارے اس کی باتیں کیا سنتے ھو جی ۔ میں اور ایسے مہمل شعر لکھوں ۔

ظفر :۔ وسیم صاحب آپ ناحق اس قدر انکساری کر رھے ھیں ..... اچھا وحید صاحب اور سنئے ھمارے وسیم صاحب کا تازہ ترین شعر یہ ھے ۔

اغیار بنڈے پہنک کے مارین نہ اے وسیم معشوق کی گلی مین سگ دم بریدہ ھوں

[سب لڑکے بڑے زور سے ھنستے ھیں ۔ وسیم صاحب بگڑ کر کہتے ھیں] ۔

وسیم :۔ لعنت اللہ علی الکاذبین ۔

[چپراسی گذرتا ھے ۔ ظفر پکارتا ھے]

ظفر :— چپراسی او چپراسی ھمارے لئے ایك گلاس میں پانی ۔ ٹھنڈا پانی ۔ جلدی لاو

[آخری الفاظ حلق سے نکال کر مسخرے پن سے ادا کرتا ھے ۔ چپراسی جاتا ھے]

وحید :— اچھا بھئی وہ قصہ کیا ھے ۔ میں نے سنا ھے کہ مجیب صاحب نے آرورا سے اظہار محبت کیا اور اس نے پرنسپل صاحب سے شکایت کی ۔

ابراھیم :— [دفعتاً بہت غصے سے] دیکھے حضت دیکھے آپ ۔ چچچ آپ میرے کو بول رئے تھے ۔ مجیب صاحب تو ھیں کتے ، آپ میرے کو یئچ بول رھے تھے ۔ بڑے شرم کی بات ھے حضرت ۔ [سب ھنستے ھیں]

ظفر :— [ھنستے ھیں] کیا قصہ ھے بھئی ؟

ایك طالبعلم :— یہ ابراھیم صاحب بھی ارورا کے عاشقوں میں ھیں ۔

ظفر :— واہ سبحان اللہ کیا عاشق دل بھینك ھیں ۔ وسیم صاحب اب آپ بھی عاشقی شروع کر دیجئے ۔ بسم اللہ ۔ آپ بھی صورت ھی سے غبی او رکند ذھن آدمی معلوم ھوتے ھیں ۔

وسیم :— [غصّے سے] بس جناب سمجھے آپ ۔ ذرا شرافت کی باتیں کیجئے ۔

ظفر :— اسکے آگے یہ بھی تو کھدیجئے کہ نہ ھوی قرولی ورنہ بتادیتے گیدی کو — وسیم صاحب آپ میں اور نوجی میں کتنا فرق ھے ۔

وسیم :— جتنا مجھ میں اور آپ میں ھے [پھر اس جملہ پر ھنسنے کی کوشش کرتا ھے ۔ لیکن سب کو خاموش دیکھکر خاموش ھوجاتا ھے ۔ چپراسی ظفر کو پانی لا دیتا ھے ۔ ظفر چکھ پی لیتا ھے ۔ پھر مڑکر آھستہ سے وسیم کے پیچھے جاکر شیروانی کے کالر کے اندر پانی ڈال دیتا ھے ۔ وسیم تقریبا اچھل پڑتا ھے ۔ کتابیں زمین پر آکر منتشر ھوجاتی ھیں ، سب لڑکے ھنسنے لگتے ھیں ۔ وسیم کی غصے میں یہ حالت

ہوتی ہے کچھ دیر تک خاموش رہتا ہے ۔ پھر زمین سے ایک کتاب اٹھا کر ظفر کو کھینچ کر مارتا ہے ۔ ظفر ہٹ جاتا ہے ۔ اور کتاب کچھ دور جا کر گرتی ہے ۔ اس پر پھر وہی قہقہہ شروع ہو جاتا ہے]۔

وحید :۔ ارے بھئی ظفر نا حق بچارے کو ستاتے ہو۔

وسیم :۔ اجی ستانا کیا معنی حضرت ۔ جی صاحب ..... یہ بھی کوئی شرافت ہے .... جی صاحب ..... یہ بھی کوئی انسانیت ہے ۔ ابھی جا کر پرنسپل صاحب سے شکایت کرتا ہوں (لڑکے کتابیں اٹھا دیتے ہیں ۔ جنکو لیکر وسیم جاتا ہے ۔ سب لڑکے پھر ہنسنے لگتے ہیں)۔

وحید :۔ نیک آدمی ہے بچارا ۔ جانے بھی دو بچارے کو۔
اچھا بھئی اب چلنا چاہیئے ۔ یہاں بیکار ٹھہرنے سے کیا حاصل ؟

ظفر اور طالب علم ۔ اچھا چلئے ۔ [جاتے ہیں ۔ پردہ گرتا ہے]۔

دوسرا منظر

[مجیب کے مکان کا ایک کمرہ۔ بیچ میں۔ میز پر کتابیں انتہائی بے ترتیبی سے پھیلی ہوئی ہیں۔ چند قیمتی کرسیاں ادھر ادھر پڑی ہوی ہیں۔ مجیب ٹہلتا ہوا نظر آتا ہے۔ مگر سر کے بال پریشان اور الجھے ہوئے۔ وہ بالکل گھر کے روزمرہ لباس میں ہے۔ لیکن قمیض ایک آدہ جگہ سے پھٹا ہوا۔ وہ تیزی سے ٹہلتا ہے۔ اور اسکی رفتار تیز تر ہوتی جاتی ہے۔ یہانتک کہ چند چکروں کے بعد یہ معلوم ہونے لگتا ہے کہ وہ دوڑنے لگے گا۔

اسی اثناء میں اسکے بھائی حبیب احمد صاحب اندر داخل ہوکر کچھ دیر تک دروازے کے سامنے کھڑے رہتے ہیں۔ حبیب صاحب بہت اچھے لباس میں ہیں۔ اپنے لڑکے کی یہ حالت دیکھکر ان کے رنج کا ان کے چہرے سے اظہار ہوتا ہے۔ وہ پکارتے ہیں ,,مجیب،،۔ مجیب اسطرح ٹھٹک جاتا ہے جیسے کوئی خواب سے چونک پڑے۔ حبیب احمد اسکے شانوں پر ہاتھ رکھتے ہیں۔ سر سے پاؤں تک دیکھتے ہیں اور پھر اسے قریب ترین کرسی پر بٹھاتے ہیں۔ اور ایک کرسی قریب کھینچ کر اس پر بیٹھ جاتے ہین]

حبیب :— مجیب یہ تم نے کیا اپنی گت بنائی ہے۔ [مجیب اسکی طرف نظر اٹھا کر دیکھتا ہے]

مجیب :— اپنی گت۔ بالکل نہیں۔ کل سے میں یہ سمجھنے لگا ہوں کہ میں دنیا میں ہوں۔

حبیب :— تمہارے بال پریشان اور الجھے ہوئے ہیں۔ تمہارے کپڑے پھٹے ہوئے ہیں۔ یہ کیا ہیئت ہے۔

مجیب :— مجھے خود نہیں معلوم بس اتنا خیال ہے کہ جب پرنسپل صاحب کے یہاں سے میں گھر واپس آ رہا تھا۔ تو میرے قلب میں ایک ہیجان سا بپا تھا۔ رات کو مجھے مطلق نیند نہیں آئی۔

حبیب :— میں تمکو ملامت نہیں کرتا۔ میں جانتا ہوں کہ تمہاری عمر میں جذبات کی اہمیت کسقدر زیادہ ہوتی ہے۔ جذبات کی تیزی کے آگے تم لوگوں کو کچھ نظر نہیں آتا۔ لیکن تمہاری سمجھ داری سے مجھے اسکی توقع نہ تھی۔ اس سے اگر شادی نہ ہو سکی تو اور بھی ہزاروں لڑکیاں ہیں۔ یہ رنج و غم تم کو ہرگز زیب نہیں دیتا۔

مجیب :— اگر میری جگہ آپ ہوتے۔

حبیب :— بیشک اگر تمہاری جگہ میں ہوتا تو میں بھی یہی محسوس کرتا جو تم کر رہے ہو۔ مگر میرا وہ زمانہ گزر کر مدتیں ہوگئیں۔ تجربے اور دنیا نے مجھے بہت کچھ سکھایا۔

[صالح داخل ہوتا ہے۔ اور دروازے کے قریب حیران ہو کر رک جاتا ہے۔ اسکی نظریں مجیب پر رک جاتی ہیں اور پھر حبیب پر پڑتی ہیں۔ حبیب کو وہ جھک کر سلام کرتا ہے]

حبیب :— آؤ۔ آؤ میاں صالح آؤ۔ دیکھو مجیب نے اپنی کیا حالت بنائی ہے۔ تم ہی سمجھاؤ — میں ابھی چند منٹ میں آتا ہوں [حبیب اٹھکر جاتا ہے اور اسکی خالی کرسی پر صالح بیٹھ جاتا ہے]

مجیب :— صالح تمہارے یہاں آنے کا بہت بہت شکریہ۔ میں نے تم سے جو سخت کلامی کی تھی اسکی معافی چاہتا ہوں۔ جو شخص تمہارے ایسے دوست پر اعتماد نہ کرے اسکے جنون میں کوئی شبہ نہیں۔

صالح :— نہیں۔ اس موقع پر تم نے جو کچھ کیا بالکل ٹھیک تھا۔ اسوقت تک تمکو نیک و بد کی کوئی تمیز نہ تھی۔ لیکن تم نے اب میرے مشورے کی اہمیت کو محسوس کیا ہوگا؟

مجیب :— بہت اچھی طرح سے۔

صالح :— اور تم نے دنیا کے انصاف کا معیار دیکھ لیا۔ اگر تم چالاکی اور مکاری سے اس لڑکی کو حاصل کرتے تو نہ یہ جھگڑے ہوتے نہ شکایت ہوتی۔ نہ رسٹیکیشن کا قصہ درپیش ہوتا۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہ بدنامی ہوتی۔ تو اس صورت میں کیا کم بدنامی ہے۔ اب پاس عزت کا نتیجہ تم نے دیکھ لیا ——— رسٹیکیشن۔

مجیب :— ہاں بہرحال اب تو میرا مستقبل بالکل تباہ و برباد ہوگیا۔ صالح تم جانتے ہو کے کہ پہلی محبت میں ناکامی کسی قدر تلخ ہوتی ہے ..... اسکے علاوہ تعلیم برباد۔

صالح :— اگر تم غور کرو تو کوئی چیز برباد نہیں ——— محبت تو بچوں کا کھیل ہے۔ پانسہ تمہارے خلاف پڑا تم ہار گئے ——— بس اب بچوں کی طرح رونا کیسا۔ باقی رہی تعلیم اس یونیورسٹی میں نہ سہی کسی اور یونیورسٹی میں سہی۔

مجیب :— تم کو یہ چیزیں بہت معمولی معلوم ہو رہی ہیں۔ لیکن کوئی میرے دل سے پوچھے۔ جب مجھے یہ معلوم ہوا کہ خود آرورا نے پرنسپل صاحب سے شکایت کی تو یقین جانو میں نے محسوس کیا کہ یہ بھی ممکن ہے کہ ایک طرف محبت ہو اور دوسری طرف انتہائی نفرت۔ پرنسپل صاحب کے کمرے میں اتفاقاً آرورا سے ملاقات ہوگئی۔ میں نے اسکی ہر بات ہر حرکت سے محسوس کیا کہ اسکو مجھ سے سخت نفرت ہے۔

صالح :۔ خیر اب جو گذر چکا گذر چکا۔۔۔۔ اب غالب کے کہنے پر عمل کرو۔۔۔۔
وحشت بقید چاک گریباں روا نہیں۔
یہاں سے تم بالکل عملی آدمی بن جاؤ۔ عقل سلیم کو اپنا رہنما بناؤ اور جذبات کی پیروی
کبھی مت کرو۔ ورنہ جذبات پھر اس مرتبہ کی طرح کسی خندق میں لیجا کر گرادیں گے۔

مجیب :۔ ہوں۔۔۔۔۔۔

صالح :۔ ہر انسان کا جہاں ایک مستقبل ہوتا ہے۔ وہاں ایک ماضی بھی ہوتا ہے۔ ابتک
تمہارے سامنے مستقبل تھا۔ اب یہاں سے تمہارے پیچھے ایک ماضی شروع ہوتا
ہے۔ ہر شخص پر یہی گذرتی ہے۔ تم آج جس مصیبت میں مبتلا ہو۔ اب سے پہلے
میں بھی ان مصیبتوں میں مبتلا رہ چکا ہوں۔

مجیب :۔ بیشک صالح دنیا میں ہر شخص کو کوئی نہ کوئی مصیبت دی جاتی ہے۔ مجھے حسرت
رہ گئی کہ آج تک کوئی ایک شخص تو ایسا ملتا جو کامل مسرت اور خوشی سے
زندگی بسر کرتا ہو۔ مگر ہر شخص۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر شخص کا چہرہ مصیبتوں اور
ناکامیوں کی ایک زندہ دستاویز ہے۔

قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

صالح :۔ یقیناً اس حد تک تمہارا خیال بالکل صحیح ہے کہ خدا نے ہر شخص کو بے انتہا آلام
و مصائب عطا کئے ہیں۔ مگر اس سے کیونکر انکار کیا جا سکتا ہے کہ یہی آلام
و مصائب یہی ناکامیاں زندگی کو حقیقی شان عطا کرتی ہیں۔ انسان کی روح
اسیوقت جلا پاتی ہے جب اس پر پیہم مصیبتیں پڑتی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ دنیا کے تمام
بڑے بڑے رہنماؤں کی زندگی کو لے لو۔ ان میں سے ہر ایک کی زندگی مصیبتوں کا

ایک گھوارہ ہے۔ یہ سب فطرت کے توانین ہیں۔ فطرت کی سختیاں محبت کو چھپائے ہوئے ہیں۔

مجیب :— یہ سب صحیح۔ لیکن جب مصیبت پڑتی ہے، تب اسکی تلخی کے سوا دنیا کی اور کوئی چیزیں نظر نہیں آتی۔ دنیا کی ہر چیز تلخ اور تکلیف دہ معلوم ہوتی ہے۔ اسوقت کی دماغی کیفیت خدا دشمن پر بھی طاری نہ کرے۔

صالح :— یہ دلکی کزوری ہے۔ انسان کا فرض ہے کہ اگر وہ شکست کھائے بھی تو شکست کا اعتراف نہ کرے۔ اس سے اسکی قوت عمل برقرار رہتی ہے۔ مجیب زندگی کی مصیبتوں کو راحت سمجھ کر قبول کرنا چاہیئے۔ ان سے لطف اندوز ہونا چاہیئے۔ یہ کامرانی اور کامیابی کی نشانی ہے۔

مجیب :— یہ سب صحیح ..... لیکن صالح ..... [چہرے سے انتہائی قلبی اذیت کا اظہار کرتے ہوئے] میں یہ محسوس کر رہا ہوں کہ میرا دماغ بے قابو ہے ..... یہ زندگی کا پہلا موقع ہے ..... غالباً یہ جنون نہیں؟.....

صالح :— جنون؟ ..... جنون ہرگز نہیں۔ یہاں سے تمہاری زندگی کا نیا دور شروع ہوتا ہے۔ یہ تمہاری زندگی کے ایک موسم کی تبدیلی کی نشانی ہے ..... تمہاری موجودہ ذہنی کیفیت ایک گذرتی ہوئی تیز ہوا ہے۔ جسکے گذر جانیکے بعد دماغ پھر امن وسکون سے آرام پانے لگے گا ..... سمجھے ..... اچھا اب اپنی محبت کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟

مجیب :— [چہرے سے تکلیف کا اظہار اور حرکات وسکنات سے بے چینی کا اظہار کرتے ہوئے] ایک خوفناک خواب

[جیب دوبارہ اندر داخل ہوتا ہے۔ اس سے ایک قدم پیچھے وحید بھی آتا ہے۔ جیب کے چہرے سے متانت و سنجیدگی اور وحید کے چہرے سے مسرت کا اظہار ہوتا ہے]

مجیب :۔ مجیب تمہارے دوست وحید صاحب آئے ہیں۔ اور تمہیں ایک خوشخبری سنائیں گے۔

[مجیب کچھ کہنا چاہتا ہے ..... لیکن وحید جلدی سے آگے بڑھکر کہتا ہے]۔

وحید :۔ مبارک مجیب تمہارے رسٹیکیشن کی تجویز مسترد ہوگی [مجیب حیرت و حسرت کی ملی جلی نظروں سے اسکی طرف دیکھتا ہے]۔

صالح :۔ کیا ؟

وحید :۔ میٹنگ میں بڑی زبردست بحث ہوئی۔ بالآخر تمہارے حق میں فیصلہ ہوا۔ رسٹیکیشن کی تجویز مسترد ہوگی۔

[صالح ایک اطمینان کی سانس لیکر کرسی کا سہارا لگا کر آرام سے بیٹھتا ہے۔ مجیب وحید کی طرف کھوئی ہوئی نظروں سے دیکھتا ہے پھر رفتہ رفتہ مسرت کے جذبات اسکے چہرے سے ظاہر ہونے لگتے ہیں]۔

حبیب :۔ [مسکرا کر پہلے مجیب سے اور پھر صالح سے مخاطب ہوکر] ایک عجیب تر بات یہ ہیکہ ابھی ابھی آرورا اسمائلز کی ایک چٹھی مجھے ملی۔ جس میں مجھ سے ملنے کی خواہش ظاہر کی گئی تھی .....۔

[سب کے سب تعجب کی نظروں سے اسکی طرف دیکھنے لگتے ہیں]۔

حبیب :۔ اور میں نے جواب میں لکھدیا کہ اسوقت میں گھر ہی پر ہوں اور وہ یہاں آکر مجھ سے مل سکتی ہیں۔ غالباً کچھ دیر میں وہ یہاں آجائیں گی۔

[مجیب کے چہرے سے پے در پے مسرت ، تعجب اور پریشانی کا اظہار ہوتا ہے ۔ صالح تعجب سے حبیب کی طرف دیکھنے لگتا ہے ، جو مجیب کی کرسی پر ایک ہاتھ رکھے کھڑا ہے ۔ کچھ دیر تک خاموشی طاری رہتی ہے ۔ اور حبیب باہر چلا جاتا ہے ۔ مجیب کی آواز اس خاموشی کو توڑتی ہے] ۔

مجیب :۔ واقعات کس تیزی سے پے در پے رنگ بدل رہے ہیں ۔ میرا دماغ بالکل بیکار ہوتا جا رہا ہے چوبیس گھنٹے کے قلیل عرصے میں حالات کس تیزی سے بدلتے جا رہے ہیں (وہ بیٹھے بیٹھے آگے کی طرف جھکتا ہے اور دونوں ہاتوں سے اپنا سر پکڑ لیتا ہے) ۔

وحید :۔ مجھے خود انتہائی حیرت ہو رہی ہے ۔

صالح :۔ حیرت کی کوئی بات نہیں ۔ محبت اور نفرت کے جذبات باہم اسقدر ملے جلے ہیں کہ اکثر وہ آپس میں بدلتے جاتے ہیں ۔ اور پھر عورتوں کی طبیعت کا تاؤ تو معلوم ہی ہے ۔

وحید :۔ محبت اور نفرت کے جذبات کی یکسانی میری سمجھ میں نہیں آتی ۔

صالح :۔ محبت کی طرح نفرت بھی ایک تعلق ہے ۔ نفرت اور بے تعلقی میں زمیں و آسمان کا فرق ہے ۔ اگر نفرت ہی ہو تو وہ بھی ایک تعلق ہے ۔ غالب کا وہ شعر ہے نہیں ؟

وارستہ اس سے ہیں کہ محبت ہی کیوں نہو کیجے ہمارے ساتھ عداوت ہی کیوں نہ ہو

ہمارے شعراء میں زندگی کو سب سے زیادہ غالب ہی سمجھ سکا اور یہاں اس شعر سے بھی یہی مطلب ہے ۔ عداوت اگرچہ کہ منفی تعلق ہے لیکن تعلق ضرور ہے ۔ اگر ہمکو کسی چیز کی ممانعت میں دلچسپی ہے ۔ تو اسکے معنی یہ ہیں کہ ہمکو اس چیز سے دلچسپی ہے اور بسا اوقات یہ ہوتا ہے کہ ہماری دلچسپی رخ بدل دیتی ہے ۔ یعنی بجائے اسکی مخالفت

میں دلچسپی لینے کے خود اس چیز سے دلچسپی ہوجاتی ہے۔ اسطرح نفرت، محبت سے بدل جاتی ہے۔

وحید:۔ ٹھیک ہے اور غالباً یہی قصہ یہاں بھی درپیش ہے۔

صالح :۔ بالکل یہی۔

وحید :۔ مگر واہ تاسف بھی ہوا تو کب۔

کی مرے قتل کے بعد اسنے جفا سے توبہ ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

[حبیب تیزی سے قدم اٹھاتا اندر آتا ہے۔ صالح اور مجیب دونوں سے مخاطب ہوکر کاروباری اور رازدارانہ لہجے میں باتیں کرتا ہے]۔

حبیب :۔ وہ لڑکی یہیں آگئی ہے۔ میں اس سے باتیں کر رہا تھا .....

مجیب :۔ ہوں۔ صالح

حبیب :۔ اس کی گفتگو سے اس کا منشا کسی نہ کسی طرح معلوم ہوگیا۔ وہ اپنے کئے پر متاسف ہے کہ اس کی وجہ سے مجیب کو اس درجہ ذہنی اور قلبی تکلیف ہوئی رسٹیکیشن کی تجویز کے مسترد ہوجانیکا قصہ سنکر وہ بہت خوشی ہوئی۔

صالح :۔ جی۔

حبیب :۔ وہ اپنے کئے پر متاسف ہے۔ اور باوجودیکہ اس نے صاف الفاظ میں نہیں کہا تاہم اس نے اپنا مافی الضمیر ادا کر دیا کہ تلافی مافات کے لئے وہ مجیب سے شادی کرلینے پر تیار ہے .....

[مجیب چونک پڑتا ہے۔ اور کرسی کے بازو کا سہارا لیکر اٹھکر کھڑا ہوجاتا ہے۔ حبیب اس کے شانے پر ہاتھ رکھکر پھر اس کو بٹھا دیتا ہے]۔

حبیب :— میں نے اس سے یہ خواہش ظاہر کی ہے کہ وہ خود مجیب سے اس معاملے میں گفتگو کرلے [صالح اور وحید سے] چنانچہ آپ دونوں دوسرے کمرے میں تشریف رکھئے ۔ میں آرورا کو یہیں بلائے لیتا ہوں ۔

[صالح اور وحید جاتے ہیں اور ان کو پیچھے حبیب۔ایک لمحے تک کامل خاموشی میں مجیب تنہا رہتا ہے ۔اس کے بعد حبیب آرورا کے ساتھ واپس آتا ہے] ۔

حبیب :— (ارورا سے معذرت کے لہجے میں) اس کمرے کی ظاہری حالت دیکھکر آپ کو تکلیف ہورہی ہوگی لیکن کل سے ..... کل سے .....
(آرورا کے چہرے کا رنگ فق ہوجاتا ہے) میرا مطلب ہے کہ مجیب کی طبعیت ذرا پریشان رہی ۔ اور اسی وجہ سے سامان اس قدر تتر بتر ہے ۔

رورا:— [آسان اور کمزور لہجے میں] جی کوئی بات نہیں ۔

حبیب:— میں سمجھتا ہوں کہ میری موجودگی ضروری ہے ۔

آرورا:— جی ۔

حبیب :— معاف کیجئے گا مس اسمائلز بھائی ہونیکی حیثیت سے مجھ پر چند اہم ذمہ داریاں عاید ہوتی ہیں ۔ باوجود اس کے میں نے اپنے بھائی کو بہت زیادہ آزادیاں دے رکھی ہیں ۔ پھر بھی میرے کچھ فرائض ہیں ۔

آرورا :— جی ۔

حبیب :— [اکتا کر] میری وجہ سے آپ مطلق تکلف نہ کیجئے ۔ جو کچھ آپ کو کہنا ہے مجیب سے صاف صاف بیان کردیجئے ۔ [حبیب کمرے کے انتہائی سرے پر ایک کرسی پر بیٹھ جاتا ہے ۔ اور مشغلتاً ایک کتاب اٹھا کر ورق گردانی کرنے لگتا ہے] ۔

مجیب :— میں اسمائلز میں آپ کی تکلیف فرمائی کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

آرورا :— مطلق نہیں [اس کے چہرے سے جذبات کی رقت کا اظہار ہوتا ہے] میں یہاں ایک خاص بات کہنے آئی تھی —

مجیب :— جی کیا ؟

آرورا [پہلے کچھ ہچکچاتی ہے ۔ اس کے بعد کہتی ہے] کیا آپ میرے نا خوشگوار طرز عمل کو معاف فرمائیں گے —

مجیب :— آپ کا طرز عمل ہرگز ناخوشگوار نہ تھا ۔ آپ نے وہی کیا جو آپ کو کرنا چاہئے تھا —

آرورا :— ہرگز نہیں ۔ میں جانتی ہوں اپ کو کس قدر قابی اذیت ہوئی ہوگی ۔ یقین مانئے مجھے یہ سنکر بڑی مسرت ہوئی کہ آپ کے رسٹیکیشن کی تجویز مسترد ہو گئی —

مجیب :— آپ کا بہت بہت شکریہ —

[اس کے بعد خاموشی چھا جاتی ہے ۔ آرورا! کچھ کہنا چاہتی ہے مگر نہیں کہہ سکتی ۔ حبیب اس حالت کو محسوس کر کے اپنی جگہ سے اٹھتا ہے] —

حبیب :— مس اسمائلز میرا خیال ہے کہ آپ جو کچھ کہنا چاہتی ہیں ۔ اس کو ادا کرنے میں آپ کو زحمت ہو رہی ہے —

[آرورا سر کے اشارے سے اثبات میں جواب دیتی ہے] —

حبیب :— غالباً میں آپ کا مافی الضمیر ادا کر سکوں گا ۔ میرے خیال میں آپ یہ بولنا چاہتی ہے کہ آپ کو مجیب کی درخواست منظور ہے ؟

[آرورا کے چہرے سے شرم اور سنجیدگی کا اظہار ہوتا ہے ۔ سر کے اشارے سے وہ پھر اثبات میں جواب دیتی ہے]

حبیب :— [نرم لہجے میں سنجیدگی سے] جسکا مطلب یہ ہے ..... کہ آپ مجیب سے شادی کرنے پر آمادہ ہیں

[اس پیہم اصرار پر آرورا کے چہرے سے تھکن کا اظہار ہوتا ہے۔ اور وہ آہستہ سے ,, ہاں ،، کہتی ہے۔ مجیب اس اثناء میں برابر جمی ہوئی نظروں سے سکی طرف دیکھتا رہا ہے]۔

مجیب :— مس اسمائلز کیا میں دریافت کرسکتا ہوں کہ میرے بھائی نے جو الفاظ کہے وہ آپکے مافی الضمیر ہیں ؟

آرورا :— [پہلے کسیقدر مسکراکر پھر مستعدی سے صاف صاف پیرایے میں] جی ہاں ..... میرا خود بولنا ضروری ہے غالباً مجھے صاف صاف الفاظ میں یہ کہہ دینا چاہئے کہ میری وجہ سے آپ کو جو تکلیف ہوئی مجھے اسکا احساس ہے اور تلافی مافات کا ذریعہ یہی ہے کہ آپ نے جو تحریک کی تھی اسے میں ..... مان لوں ۔

مجیب :— [اپنی ساری سراسیمگی اور بدحواسی چھوڑ کر انتہائی صاف اور واضح پیرائے میں] مس اسمائلز آپ کی اس عنایت کا بہت بہت شکریہ۔ اگر چوبیس گھنٹے قبل میں آپ کی زبان سے یہ الفاظ سنتا تو غالباً مارے خوشی کے زندہ نہ رہ سکتا۔ لیکن اس چوبیس گھنٹے کے عرصے میں میرے ذہن نے خوفناک ترقی کی ہے۔ میں یہ محسوس کررہا ہوں کہ میری عمر میں دفعتاً کئی سال کا اضافہ ہوگیا ہے۔ مجھے خود اپنی پہلی کیفیت پر تعجب ہوتا ہے ...

[آرورا کا چہرہ خلاف توقع جواب سنکر حیرت کی تصویر بنکر رہ جاتا ہے۔ پھر بھی گفتگو کے آخری حصہ اور انجام سننے کا اشتیاق اسکے چہرے سے ظاہر ہوتا ہے۔ حبیب دونوں ہاتھ جیب میں رکھکر مجیب کی طرف متعجب نظروں سے دیکھتا ہے۔

مجیب یہ الفاظ ادا کر کے ایک دو سکنڈ کے لئے ٹھہرتا ھے ۔ اور اسکے بعد انتہائی غم ناک لہجے میں وہ آخیری الفاظ ختم کرتا ھے] ۔

مجیب :۔ میرے ذھن کو صدمہ پہنچا وہ اسقدر خلاف توقع اور اسقدر سخت تھا کہ میری قوت احساس تقریباً ختم ھوگئی ۔ آپ کی اس عنایت کا بہت بہت شکریہ ۔ لیکن میں اب ایک ایسا انسان ھوں جسکا دماغ ٹوٹی ھوئی کشتی کی طرح سمندر کی لہروں کے رحم پر ھو ۔ اس ٹوٹی ھوئی کشتی پر کسیکو بٹھانا اسکی زندگی کو خطرے میں مبتلا کرنا ھے ..... دوسرے الفاظ میں میری ذھنی کیفیت اسکی اجازت نہیں دیتی کہ میں آپ کی عنایت سے فائدہ اٹھا سکوں ۔

حبیب :۔ [انتہائی تعجب کے لہجے میں] اسکے معنی یہ ھے کہ تم شادی سے انکار کر رھے ھو ۔

مجیب :۔ جی ھاں [آرورا سے] مس اسمائلز مجھے بہت افسوس ھے کہ میں آپ کے جذبات کو صدمہ پہنچا رھا ھوں ۔

آرورا :۔ [جسکا چہرہ بالکل زرد ھے ۔ بہت پست آواز میں کہتی ھے] مطلق نہیں [اور پھر وہ جانیکے لئے مڑتی ھے ۔ حبیب اسکے ساتھ باھر تک جاتا ھے اور پھر واپس آجاتا ھے ۔ مجیب ایک گہری سانس لیکر اٹھ کھڑا ھوتا ھے ۔ اور ٹہلنے لگتا ھے ۔ حبیب اسکی طرف دیکھتا رھتا ھے]

[اور اسی حالت میں چند خاموش لمحے گذر جاتے ھیں ۔ پھر پردہ گرتا ھے]

غزل	مرزا فرحت الله بیگ صاحب	...	صفحہ ۱۶۷
آفتاب کا اثر سبز پودون پر ...	معین الدین احمد صاحب	...	۱۶۹
جوش دل (نظم)	شبیر حسن خان صاحب جوش ملیح آبادی		۱۷۶
میسور مین لوہے کی صنعت ...	عبد الوهاب صاحب ...	...	۱۷۷
لا معات	نواب ضیاء یار جنگ بہادر	...	۱۸۸
شیکسپیر اور اسکی چند ممتاز خصوصیات	جعفر حسین صاحب ...	...	۱۸۹
اسپنوزا کا فلسفہ	عبد الرزاق خان صاحب	...	۲۰۰
عہد جہانگیر کے یوروپی سیاح ...	محمد فاروق صاحب ...	...	۲۰۵
سنیاسی	محمد پیٹیل صاحب صدیقی	...	۲۱۹
نہر سوئز کا پر اجکٹ حضرت عمر کے زمانہ مین...	حمید الله صاحب ...	...	۲۲۴
مبادی سیا سیات	هارون خان صاحب شروانی	...	۲۳۰
زرتشت کی تاریخی حیثیت ...	غلام دستگیر صاحب رشید	...	۲۴۷
تیرے ڈے بحیثیت ایک ماہر کیمیا ...	سید شاہ محمد صاحب	...	۲۵۴
تبصرے	مدیر	...	۲۶۷
کلیہ کی خبرین	مدیر	...	۲۷۵

PRINTED AT THE DIOCESAN PRESS, MADRAS 1932—C4850

همت (نظم) ... ... مہدی علی صاحب صدیقی ... صفحہ ۲۰۱
تتمہ صون الحکمت یا تاریخ حکمائے
اسلام ... ... قاری کلیم اللہ صاحب ۲۵۴
ای یادگار پھول (نظم) ... ... علی حسنین صاحب زیبا ... ۲۱۵
غزل ... ... حکیم مرزا قاسم علی بیگ صاحب... ۲۱۷
اشعائی ٹیلیفون ... ... غلام محی الدین صاحب ... ۲۱۸
صدائے دل (نظم) ... ... غلام دستگیر صاحب رشید ... ۲۲۶
اردو صحافت ... . بدر الدین صاحب شکیب ... ۲۲۷
فریب خیال ... ... خیرات علی صاحب زیدی ... ۲۴۶
قیصرے ۲۵۷
کلیہ کی خبرین ۲۶۱

شمارہ چہارم

افسانہ ما ... ... غلام دستگیر صاحب رشید ... الف
دعا (ترجمہ) ... ... ل
قدیم ترین تذکرہ حال عمر خیام
نیشاپوری ... ... ڈاکٹر قاری کلیم اللہ ۱
نغمہ محبت ... ... عبد القدیر صاحب ۱۴
واقعہ ارکاٹ ... ... محمد غوث صاحب ۱۷
تند پارسی (نظم) ... ... سید وحید اللہ صاحب وحید ... ۳۲
اخبار رنگین ... ... ڈاکٹر محی الدین قادری زور ... ۳۳
شوہر سے خطاب (نظم) ... ترجمہ خیرات علی صاحب زیدی ... ۴۳
ہندوستان قدیم میں زراعت
صنعت و حرفت اور تجارت ... ... شبیر علی صاحب ۴۳
نمازی الدین خان بہادر فیروز جنگ ... عبد المجید صاحب صدیقی ... ۶۹
عمومیت کا سراب ... ... خواجہ حمید احمد صاحب ... ۸۹
الفت کی موھنی (نظم) ... ... س - ا - خ ۹۶
اکبر الہ بادی... ... ... عبد القادر صاحب سروری ... ۹۷
عبرت (نظم)... ... ... نظام شاہ صاحب لبیب ... ۱۱۳
ماھیت علم اصول قانون ... ڈاکٹر میر سعادت علی خان ... ۱۱۴
میرا کنہیا (نظم) ... ... حضرت امجد ۱۲۳
لاسلکی ... ... خواجہ محمد واسع صاحب ... ۱۲۵
پودے اور انکا اپنے ماحول سے تعلق ... عبد الرحمن صاحب سعید ... ۱۴۱
نغمہ حسرت (نظم) ... ... عبد القدیر صاحب ۱۴۸
اصغر اور فانی... ... ... عزیز احمد صاحب ۱۴۹

ایک عثمانیہ کی زبان سے	نبی الحسن صاحب شمیم	...	صفحہ ۳۶
سزائے موت	محمد محی الدین صاحب	...	۳۷
چاند ہی ہی سے (نظم) ...	غلام دستگیر صاحب رشید	...	۵۶
معاشیات کی علمی وسعت اور			
علمی اہمیت ...	محمد فیض الدین صاحب	...	۵۷
غلام کی پیدایش اور انکا انجام	سید شاہ محمد صاحب	...	۹۸
حسن ملیح (نظم) ...	حبیب اللہ صاحب رشادی	...	۱۱۰
اسد خان لاری ...	عبد المجید صاحب صدیقی	...	۱۱۱
شباب (نظم) ...	ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم	...	۱۲۶
پیپا اور عورت ...	علی حسنین صاحب زیبا	...	۱۲۹
ستاروں کی بعد کی پیمایش	مولوی نصیر احمد صاحب	...	۱۳۱
مطربہ	محمد امیر صاحب ...	...	۱۳۹
اقبال حیات اور شاعری	عبد القادر صاحب سروری	...	۱۴۱
تبصرہ	... ...	...	الف
کلیہ کی خبریں ...	... ...	...	ز

شمارہ دوم و سوم

شذرات	غلام دستگیر صاحب رشید	...	الف
فی الموت حیات ...	حضرت امجد ...	...	د
ہندوستان کی انکریزی اور فرانسیس			
ابتدای کشمکش ...	محمد غوث صاحب ...	...	۱
غزل	نواب عزیز یار جنگ بہادر	...	۴۵
شعر و شاعری ...	سید شاہ محمد صاحب	...	۴۶
مزدور (نظم) ...	نبی الحسن صاحب شمیم	...	۵۶
آغاز شباب (نظم) ...	سید محمد اکبر صاحب وفاقانی	...	۵۷
تقدس گناہ (افسانہ) ...	عزیز احمد صاحب ...	...	۵۸
ہندوستان اور مویشی ..	شبیر علی صاحب ...	...	۷۶
روح اور رقص ...	ڈاکٹر یوسف حسین ...	...	۹۷
حسن (نظم) ...	عزیز احمد صاحب ...	...	۱۱۵
ادبی شاہکار اور مغربی تصاویر	عزیز احمد صاحب ...	...	۱۱۶
کاون کی شام (نظم) ...	عبد القیوم خان صاحب باقی	...	۱۲۷
شاہنامے کا جنم بھوم ...	سید محی الدین بادشاہ صاحب	...	۱۲۹
معیار زندگی	ڈاکٹر جعفر حسن ...	...	۱۳۸
چاندنی رات (نظم) ...	میر حسن الدین صاحب	...	۱۵۸
جاگتی جوت	نظام شاہ صاحب لبیب	...	۱۵۹
خلیفہ معتصم باللہ ...	محمد جمیل الرحمن صاحب ...	...	۱۶۰

اپنے رقیب سے (نظم)...	...	محمد حبیب اللہ صاحب رشدی	...	صفحہ ۲۱
شاہنامے کا جنم بھوم ...	...	سید محی الدین صاحب	...	۲۲
غزل ...	...	نواب حیدر یار جنگ بہادر نظم	...	۲۳
تہذیب و تمدن ...	...	ولی الرحمن صاحب ...	...	۴۴
چاندنی رات (نظم) ...	...	غلام دستگیر صاحب رشید	...	۶۱
تصوف ...	...	ذوالفقار علی خان صاحب	...	۶۲
تاج محل ...	...	سید محمد اکبر صاحب وفاقانی	...	۸۶
تنقید ...	...	جلال الدین صاحب اشک	...	۸۷
موسیوریمو (نظم) ...	...	ابو الکلام بدر الدین صاحب بدر	...	۹۹
فرامین اشوک ...	...	سید علی صاحب ...	...	۱۰۱
خطبہ صدرات تعلیمی کانفرنس حیدر آباد ...	...	محمد عبد الرحمن خان صاحب	...	۱۵۸
سلطانہ رفیہ میدان جنگ میں	...	جلال الدین صاحب اشک	...	۱۸۷
ملوکیت کا ارتقا ...	...	سید محمد مرتضیٰ صاحب	...	۱۸۹
کمال زندگی ...	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی	...	۲۰۶
سر مستی ...	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی	...	۲۰۸
نظریہ صداقت عمل سے کیا مراد ہے	...	ڈاکٹر میر ولی الدین ...	...	۲۱۰
دل کی دنیا ...	...	میر حسن الدین صاحب ...	...	۲۲۹
نور کا شاعر ...	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی	...	۲۴۶
انفرادیت کی ترقی مدعائے تعلیم کا نتیجہ ہے ...	...	مرغوب الدین صاحب لکچرار ٹریننگ کالج		۲۸۵
نیل کی ناگن ...	...	سید وزیر حسن صاحب	...	۲۹۹
سید عبد الولی عزلت ...	...	شیخ چاند صاحب ...	...	۳۱۰
تبصرہ ...	...	...	...	۳۲۹
کلیہ کی خبریں ...	...	جلال الدین صاحب اشک	...	۳۴۶
جشن یوم کلیہ جامعہ عثمانیہ	...	...	...	۳۶۲
مجلس علمیہ ...	...	...	...	۳۶۴

جلد چہارم

شمارہ اول

سخنہائی گفتنی ...	...	غلام دستگیر صاحب رشید	...	الف
شاہنامے کا جنم بھوم ...	...	محی الدین بادشاہ صاحب	...	۱
روح عمل کی نذر (نظم) ...	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی	...	۱۲
باغبان (افسانہ) ...	...	عزیز احمد صاحب ...	...	۱۳
نقشے اور اسکا فلسفہ ...	...	ڈاکٹر جعفر حسن ...	...	۱۶

مقام شاعر ...	...	ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم	...	صفحہ ۹۳
سحر کی نیند (نظم)	...	ابو الکلام بدر الدین صاحب بدر	...	۱۰۳
حیدر آباد کے ذرایع آمد و رفت	...	محمد فیض الدین صاحب	...	۱۰۴
عظمت پیری (نظم)	...	محمد امیر صاحب ...	...	۱۲۳
کونیات ...	...	ڈاکٹر میر ولی الدین	...	۱۲۴
کاوش حیات (نظم)	...	بدر الدین خان صاحب شکیب	...	۱۳۰
بہار درش ...	...	شیخ چاند صاحب ...	...	۱۳۱
تنقید و تبصرہ	...	مدیرین	...	۱۷۱
کلیہ کی خبرین	..	جلال الدین صاحب اشک	...	۱۰۷

شمارہ دوم

عرض واجب	...	شیخ چاند صاحب ...	...	الف
شاعر (نظم)	...	ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم	...	۶
چندہ ...	...	مولوی عبد الحق صاحب	...	۱
غزل فارسی	...	علوی مرحوم ...	...	۸
مقالہ بر اصلوب تحقیق ..	...	میر حسن الدین صاحب	...	۱۰
غزل ...	..	فانی مرحوم ...	...	۲۰
مسئلہ اقتدار اعلیٰ ...	...	سید محمد مرتضیٰ صاحب	...	۲۱
افسانہ آدم (نظم) ...	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی	...	۶۳
عربی رسم الخط ...	...	نجم الغنی صاحب ...	..	۶۴
چاندنی رات (نظم) ...	...	ابو النصر فتح اللہ صاحب مرحوم	...	۸۵
رپورٹ ...	...	ڈاکٹر عبد الحق ...	...	۸۶
مایوسی (نظم) ...	...	سید محمد اکبر صاحب وفاقانی	...	۱۰۳
شادی آباد ...	...	سید وزیر حسن صاحب	...	۱۰۴
شہید الفت (نظم) ...	...	جلال الدین اشک صاحب	...	۱۱۷
سیاہ پوش (افسانہ) ...	...	سید محمد اکبر صاحب وفاقانی	...	۱۱۹
بیوی کے نام خط (نظم)	...	ابو الکلام بدر الدین صاحب بدر	...	۱۳۹
تنقید و تبصرہ	...	مدیرین و عبد الحمید خان صاحب	...	۱۴۳

سوم و چہارم

گذارش واقعی ...	...	شیخ چاند صاحب ...	...	الف
کتبات اور انکی اہمیت	...	سید غلام یزدانی صاحب	...	۱
غزل	...	علوی مرحوم ...	...	۹
مقالہ بر اصلوب تحقیق ...	...	میر حسن الدین صاحب ...	...	۱۱

آواز چمن (نظم) ...	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی ...	صفحہ ۵۳
ہمو ہوتی ...	...	رکھناتھہ راؤ صاحب بھوساری ...	۵۴
راجکماری (نظم) ...	...	ابو الکلام بدر الدین صاحب بدر ...	۶۳
آٹھویں سنہ ہجری میں مصر اور شام کی ڈاک کا انتظام ...		محمد حمید اللہ صاحب	۶۵
فطرت اور زندگی ...	...	جلال الدین اشک صاحب ...	۷۶
اردو نثر اور عظمت اللہ خان صاحب مرحوم	...	سید وزیر حسن صاحب ...	۷۷
قبرستان (نظم) ...	...	مسعود حسن صاحب ذوقی ...	۹۴
مسجد ایک تاریخی حسن کارانہ مطالعہ	...	سید محمد اکبر صاحب وفاقانی ...	۹۶
واہ رے میں (رباعیات)	...	سید احمد حسین صاحب امجد ...	۱۲۵
ایرانی ادب فتح اسلام سے پہلے (ترجمہ)	...	سید محمد صاحب لکچرار سٹی کالج	۱۲۶
نوائے فطرت (نظم) ...	...	بدر الدین صاحب شکیب ...	۱۳۷
غالب کی فارسی غزلین	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی ...	۱۳۹
اوستا (ترجمہ) ...	...	جلال الدین صاحب اشک ...	۱۵۹
پر عظمت شاعری (ترجمہ)	...	معین الدین صاحب قریشی ...	۱۷۱
تبصرہ پیام مشرق مصنفہ اقبال (ترجمہ)...		حبیب اللہ صاحب رشدی ...	۱۸۱
محروم خواب (افسانہ)	...	محمد ظہیر الدین صاحب ...	۱۹۹
نقش شباب (افسانہ) ترجمہ	...	قاضی آرام صاحب	۲۰۷
کلیہ کی خبرین ...	...	جلال الدین صاحب اشک ...	۲۱۶

جلد سوم

شمارہ اول

ہمارا تیسرا سال ...	...	جلال الدین صاحب اشک ...	الف
سال نو (نظم) ...	...	ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم ...	۱
ایرانی مثنویت (ترجمہ)	...	میر حسن الدین صاحب ...	۴
غزل	...	نواب ضیاء یار جنگ بہادر ...	۱۹
قادر نامہ غالب ...	...	سید سجاد صاحب ...	۲۰
عربی رسم الخط (ترجمہ)	...	نجم الغنی صاحب	۳۹
غزل	...	عبد القیوم خان صاحب باقی ...	۵۳
حیاتیات کے چند ابتدائی مسائل	...	سید احمد اللہ صاحب ...	۵۴
غالب کی فارسی غزلین	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی ...	۶۲
غزل	...	نواب حیدر یار جنگ بہادر نظم ...	۹۲

نوحہ سلیم	...	سید احمد حسین صاحب امجد	... صفحہ ۱۵۴
تنقید و تبصرہ ...	...	... ...	... ۱۵۷
کلیہ کی خبرین ...	...	سید محمد اکبر صاحب وفاقانی	... ۱۷۴

شمارہ دوم

موتیات	...	سید سجاد صاحب ...	... ۱
نہضت عمکسار (نظم) ...	...	شمیر حسن خان صاحب جوش ملیح ابادی	۱۰
ذات باری تصوری نقطہ نظر سے	...	میر حسن الدین صاحب ...	... ۱۲
مین اور فرار (نظم) ...	...	مرزا نظام شاہ صاحب لبیب	... ۳۰
مدائن صالح	...	علی اصغر صاحب بلگرامی	... ۳۲
غزل	...	نواب حشیاء یار جنگ بہادر	... ۴۷
غزل	...	محمد عبد القیوم خان صاحب باقی	... ۴۸
پرواز	...	ابو المکارم فیض محمد صدیقی	... ۴۹
موج مضطر (نظم) ...	...	محمد جلال الدین صاحب اشک	... ۶۳
ایک ناتمہ	...	شیخ چاند صاحب ...	... ۶۴
ریل گاڑی (نظم) ...	...	ابو الکلام بدر الدین صاحب بدر	... ۵۱
میر و سودا کے قصیدون پر ایک نظر ...		سید محمد صاحب فادری	... ۵۳
ترغیب عمل (نظم) ...	...	نبی الحسن صاحب شمیم	... ۱۰۷
مسئلہ بیکاری اور ہندوستان ...		ظہیر الدین احمد صاحب	... ۱۰۸
ساغر جہانگیر (نظم) ...	...	سید محمد اکبر صاحب وفاقانی	... ۱۲۲
حاسد (افسانہ) ...	...	سید وزیر حسن صاحب	... ۱۲۴
سالانہ رپورٹ کارگذاری حجلہ عثمانیہ...		سید معین الدین صاحب قریشی	... ۱۳۱
کلیہ کی خبرین ...	...	جلال الدین صاحب اشک	... ۱۳۷
نقد و تبصرہ	...	... ...	... ۱۴۷

شمارہ سوم و چہارم

موتیات	...	سید سجاد صاحب ...	... ۱
پر اسرار محرابین ...	...	شمیر حسن خان صاحب جوش	... ۷
ذات باری تصوری نقطۂ نظر سے	...	میر حسن الدین صاحب	... ۹
غزل	...	نواب ضیاء یار جنگ بہادر	... ۱۸
حالی ان کی شاعری کی پیدایش خصوصیات وغیرہ ...	...	عبد القادر صاحب سروری	... ۱۹
شہر گوہرین (نظم) ...	...	محمد حبیب اللہ صاحب رشدی	... ۳۳
انسان اور توانائی ...	...	ابو المکارم فیض محمد صاحب صدیقی ...	۳۴

غزلیات	نواب حیدر یار جنگ بہادر نظم لکھنوی		صفحہ ۱۲۰
	قمر حسن صاحب	...	۱۲۱
	نواب عزیز یار جنگ بہادر	...	۱۲۲
	غلام احمد شریف صاحب	...	۱۲۳
مکالمہ فلاطون (ترجمہ) ...	... سید محمد حسن صاحب	...	۱۲۴
پراسر پینا کا گیت (نظم)	... مہجور صاحب	...	۱۵۵
بلد الجامعہ	... ڈاکٹر نظام الدین	...	۱۵۷
طلوع افتاب (نظم) ...	... بدر الدین صاحب شکیب...	...	۱۶۶
احتساب وقت ...	... سید علی اصغر صاحب بلکرامی	...	۱۶۷
ہستی بیتاب (نظم) ...	... شبیر حسن خان صاحب جوش ملیح ابادی		۱۷۷
شاعری اور حیات انسانی	... محمد امیر صاحب ...	...	۱۷۸
لا سلکی تلغرافی ...	... ابو المکارم فیض محمد صاحب	...	۱۸۲
یاد ماضی (نظم) ...	... محمد حبیب اللہ صاحب رشدی	...	۱۹۳
مشکل طبایع (افسانہ)	... ظہیر الدین احمد صاحب ...	...	۱۹۴
عر بن (افسانہ) ...	... سید وزیر حسن صاحب ...	...	۲۰۴
نوحہ مولوی عظمت اللہ خان صاحب ...	سید احمد حسین صاحب امجد	...	۲۰۹
رپورٹ کارگذاری کلیہ جامعہ عثمانیہ ...	محمد عبد الرحمن خان صاحب مدر کلیہ	...	۲۱۲
کلیہ کی خبریں	مدیر	...	۲۲۳

جلد دوم

شمارہ اول

معنوی تفسیرات	سید سجاد صاحب ...	۱
نقش قدم (نظم)	شبیر حسن خان صاحب جوش ملیح ابادی	۱۶
حیات اجتماعی اور جبلت انسانی ...	میر حسن الدین صاحب	۱۸
فریب ہستی (نظم)	قاضی غلام احمد شریف صاحب ...	۳۹
موالی	عبد المجید صاحب مدیقی ...	۴۱
حسن کی دیوی (نظم)	سید محمد اکبر صاحب وفاقانی ...	۴۷
اردو کا رواج ٹیپو سلطان کی فوج میں	محمد حمید اللہ صاحب ...	۴۸
رات سے خطاب (نظم) ...	جلال الدین صاحب اشک ...	۶۴
رودکی کا اصلی اور فرضی کلام ...	سید محمد صاحب	۶۵
شباب (نظم)	میر حسن الدین صاحب ...	۹۳
دھریہ اور خدا	محمد ابراہیم صاحب	۹۴
سکہ جات ٹیپو سلطان ...	سید شمس اللہ صاحب قادری ...	۱۰۰
رخصت ہنیاب (نظم)	حبیب اللہ صاحب رشدی ...	۱۲۶
طلسمی دروازہ (افسانہ) ...	احمد عارف صاحب	۱۲۷
سورما (نظم)	ابو الکلام بدر الدین صاحب بدر ...	۱۴۹
وفات نامہ مولوی وحید الدین صاحب سلیم	عبد القادر صاحب سروری... ...	۱۵۱

عالم بیکسی و بے یسی ... مرزا فرحت اللہ بیگ صاحب ... صفحہ ۲۹
تخیل اور داستان امیر حمزہ ... سید وقار احمد صاحب ... ۳۷
ضبط گریہ (نظم) ... ... شبیر حسن خان صاحب جوش ملیح ابادی ۴۷
جنت نگاہ (نظم) ... ... سید محمود صاحب ۴۸
آذری اور یونان ... ... سید محمد اکبر صاحب وفاقانی ... ۴۹
فند پارسی ... ... راجہ راجایان سرکشن پرشاد مہاراجہ بہادر ۴۵
نواب ضیایار جنگ بہادر ۷۶
مسلمان اور طب ... ... سید محمد صاحب ۷۷
موج دریا (نظم) ... ... بدر الدین صاحب شکیب ... ۹۰
اردو اور حیدر اباد ... ... ضیاء الدین صاحب انصاری ... ۹۱
نمود صبح (نظم) ... ... حبیب اللہ صاحب رشدی ... ۹۷
نفسیاتی تخیل ... ... عبد الرحمن صاحب رئیس ... ۹۸
